حکیم محمد 03007444904

اصلاح واضافہ شدہ چوتھا ایڈیشن

نظریہ مفرد اعضاء اربعہ

مجربات شاکر

Mujarbat E Shakar

Writt...

Hakim Dr Pro Mohammad Ashraf Shakar

ملنے کا پتہ: 29/B وارث کالونی وحدت روڈ نزد منصورہ چوک لاہور

Mobile:03004268645.....03009492503

Princemohammad163@gmail.com



شروع اللہ کے پاک نام سے جو نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے

مجربات شاکر

مصنف

حکیم و ڈاکٹر پروفیسر محمد اشرف شاکر

ملنے کا پتہ

29/بی وارث کالونی ڈاکخانہ منصورہ وحدت روڈ

سابقہ چونگی ملتان روڈ لاہور..18

Mobile: 0300-4268645

تصنیف........................حکیم وڈاکٹر پروفیسر محمد اشرف شاکر

کمپوزنگ........................شاکر ڈیزائننگ کمپنی

نظر ثانی........................حکیم محمد عمر فاضل طب وجراحت

اشاعت........................بار چہارم

تعداد........................گیارہ سو

2016ء........................اگست

قیمت........................360 روپے

ملنے کا پتہ: 29 ربی وارث کالونی ڈاکخانہ منصورہ وحدت روڈ لاہور

Mobile:03004268645--03009492503

صرف مطب کے اوقات میں ہی رابطہ کریں۔ شکریہ

فہرست مضامین

اظہار تشکّر

اللہ تعالیٰ ﷻ کا کروڑوں اربوں بار شکر کرتا ہوں جس نے میری یہ چند الفاظ لکھنے کی سعی کو اپنے پیارے حبیب ﷺ کے وسیلے سے پورا فرمایا، اور آپ لوگوں کیلئے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ﷻ آپ کو اس کتاب سے استفادہ حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

ہمارے ہادی و رہبر، محسن انسانیت، شہنشاہ دو جہاں، تاجدار مدینہ، راحت قلب و جاں، امام الانبیاء، سید الانبیاء، شفیع المذنبین، محبوب رب العالمین، انیس الغریبین، سید الثقلین، حبیب اللہ، رحمت اللعالمین، محمد مصطفیٰ ﷺ پر کروڑوں اربوں بار درود و سلام پہنچے، اے اللہ ﷻ ہمیں توفیق دے کہ جب تک ہم زندہ رہیں آپ ﷺ پر درود و سلام بھیجتے رہیں.....آمین

برکت کیلئے آپ بھی ایک دفعہ درود پاک پڑھ لیں، جس نے آقائے دو جہاں ﷺ پر ایک دفعہ درود پاک پڑھا، اللہ تعالیٰ ﷻ اس کے دس گناہ معاف اور دس درجے بلند فرما دیتا ہے، اے تعالیٰ اللہ ﷻ ہمیں توفیق عطا فرما کہ ہم ہر وقت حضور پرنور ﷺ پر درود و سلام بھیجتے رہیں، آپ بھی کہیں آمین۔ یہ اشعار بھی شیخ سعدیؒ نے کیا خوب کہے ہیں۔

بَلَغَ اُلْعُلٰی بِکَمَالِہٖ　　کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیعُ خِصَالِہٖ　　صَلُّوْ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ

اللہ تعالیٰ جلّ شانہٗ کا کروڑوں اربوں بار شکر ادا کرتا ہوں کہ جس کے کرم سے مجربات شاکر کا پہلا، دوسرا اور تیسرا ایڈیشن نہایت ہی قلیل عرصے میں ہر خاص و عام کے ہاتھوں میں پہنچ گیا، اور یہ

اُس کے فضل کی نہایت اعلیٰ مثال ہے کہ اب آپ کے ہاتھوں میں چوتھا اصلاح واضافہ شدہ ایڈیشن ہے، اضافہ یہ کیا گیا ہے کہ اس کیمیکل دور میں جہاں ہر غذا زہر پاشی سے بھرپور ملتی ہے وہاں ادویہ کے اثرات کم ہو گئے ہیں اس لئے ان کے اوزان درست کئے گئے ہیں اور کچھ نسخہ جات کا اضافہ کیا گیا ہے۔

اس ایڈیشن میں نئے مجربات کا اضافہ کر رہا ہوں جو کہ تجربات کی کسوٹی پر پرکھے ہوئے ہیں، امید ہے پہلے کی طرح پسند فرما کر حوصلہ افزائی کریں گے۔

ہم تقریباً انہی نسخہ جات سے علاج کرتے ہیں جو اس کتاب میں لکھے ہیں، لیکن ان میں کمی بیشی کرتے رہتے ہیں تاکہ علاج کی رفتار تیز ہو جائے، نئے سے نئے کی تلاش جاری رہتی ہے، دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ جل شانہ میرے اس مشن کو کامیاب فرمائے اور اپنی بارگاہ میں حضور ﷺ کے وسیلہ پاک سے شرف قبولیت عطا فرمائے، کیونکہ میں سب اس کی رضا کیلئے ہی کرتا ہوں کہ اس کی بنائی ہوئی کائنات میں انسان کے کام آسکوں۔

میں کس قابل تھا کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے یہ سب اسی کا کرم ہے

معنون

میں اللہ تعالیٰ کا ﷻ ایک عاجز و احقر بندہ ان چند اوراق کو طبیب روحانی، محسن انسانیت، تاجدار مدینہ، راحت قلب وسینہ ﷺ جن کیلئے اللہ تعالیٰ عزّ وجل نے یہ ساری کائنات بنائی، آقائے دو جہاں جناب محمد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں نہایت عجز و انکسار سے پیش کرتا ہوں، اللہ تعالیٰ میری اس سعی کو اپنی بارگاہ میں اپنی شان کے مطابق آقائے دو جہاں ﷺ کے قدمین شریفین کے صدقے سے جو صحیح ہے اس کا نذرانہ قبول و منظور فرمائے اور جو کوئی بشری تقاضوں کے مطابق کوتاہی رہ گئی ہو اسے حضور کریم ﷺ کے وسیلے سے معاف فرمائے..آمین

مقدمہ

بسمِ اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیمO

نحمدہ ونصلّی وَنُسَلّمُ علیٰ رسولہ الکریم

خلائق کائنات کے پاک نام اور محمد مصطفیٰ ﷺ کو وسیلہ بنا کر شروع کرتا ہوں۔

حمد وصلوٰۃ کے بعد اللہ تعالیٰ ﷻ کا کروڑوں اربوں بار شکر ہے کہ اس نے ہمیں آقائے دو جہاں محمد رسول اللہ ﷺ کی امت میں پیدا فرمایا، جس کی پیغمبرانِ خدا اپنے دل میں خواہش لے کر اس دنیاء ناپائیدار سے تشریف لے گئے، آپ ﷺ کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے، اگر کوئی آپ سے کہے کہ خوبصورت ترین لفظ لکھ دو تو محمد ﷺ لکھ دینا۔

جس ہستیء پاک ﷺ کے لئے اللہ تعالیٰ ﷻ نے یہ کائنات بنائی اس کی تعریف کوئی ذی روح کر سکتا ہے؟ قطعاً ناممکن، آپ ﷺ خالق کی اتنی اعلیٰ تخلیق ہیں کہ کس کے پاس الفاظ ہیں کہ آپ ﷺ کی تعریف وتوصیف بیان کر سکے، آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ ﷻ نے رحمۃ لّلعالمین بنا کر مبعوث فرمایا، آخر کس کے لئے؟ اپنی مخلوق کے لئے، سوچئے تو سہی کہ اللہ تعالیٰ ﷻ کو اپنے بندے کے ساتھ کس قدر پیار ہے۔

آپ ﷺ نے اپنے قدوم بابرکات سے انسان کو ہمدوش ملائکہ بنایا، آپ ﷺ کی ساری حیات طیبہ حق کی سربلندی اور باطل کی نگوں ساری میں گذری، آپ ﷺ نے انسان کو عمل پیہم اور جہد مسلسل کا لافانی درس دے کر اسرار پنہاں اور رموز حیات سے آگاہ کیا۔

ہمیں اپنے گریبان میں جھانک کر دیکھنا چاہیئے کہ ہم نے اس درس سے کیا حاصل کیا، میں حضرت انسان سے مخاطب ہوں، جس نے اپنے ارد گرد، جھوٹی انا، روپیہ پیسہ کی چھنکار، جاہ وجلال اور مصنوعی جدیدیت کا خول چڑھایا ہوا ہے، اس خول سے باہر نکل اور فرمودات رسول اللہ ﷺ کے مطابق اپنی زندگی کو ڈھال لے، کیونکہ ایک نہ ایک دن اس فانی دنیا سے جانا ہے، سفر آخرت میں یہ تیرے بنگلے، کاریں، بینک بیلنس اور خدام کام نہیں آئیں گے، اس دنیا میں تو اعمال کا سکہ چلتا ہے۔

عرض مصنف

دل میں ایک خیال پیدا ہوا، سو اس پر عمل کر ڈالا۔

خیال یہ تھا کہ حکماء حضرات کے بارے میں بہت سی سچی اور لغو باتیں مشہور ہیں، خاص طور پر یہ کہ یہ کسی کو کچھ دیتے نہیں بلکہ ساتھ ہی لے کر اس دنیاء فانی سے کوچ کر جاتے ہیں، یہ چند اوراق اسی سلسلے کی کڑی ہیں، سوچا کہ ان افسانوی باتوں کو جھوٹ ثابت کر کے طب جیسے باوقار پیشے کا علم بلند کیا جائے، ہر قوم، ہر معاشرہ، ہر فن میں کچھ کالی بھیڑیں ضرور گھس آتی ہیں، جس کی وجہ سے وہ اسے بدنام کرنے کی ناکام سعی کرتی ہیں لیکن آخر کار سچ کا ہی بول بالا ہوتا ہے۔

ان حالات میں میں نے محسوس کیا کہ کیوں نہ ایک ایسا جامع طبی فارما کوپیا ترتیب دیا جائے جس سے اطباء کرام اور خاص طور پر انسانیت کی بھلائی ہو، اس میں میں نے ایسے نسخہ جات ترتیب دے کر آپ کی خدمت میں پیش کر دیئے ہیں، جن کو اللہ کریم ﷻ کی مدد سے وسیلہ بنا کر آپ کہیں سے کہیں پہنچ سکتے ہیں، جب آپ ان اوراق کو پڑھیں گے تو حکماء کو جو بخل کا طوق لوگوں نے پہنا دیا تھا وہ آپ کو ٹوٹتا ہوا محسوس ہوگا، یہ اس بات کا ایک زندہ ثبوت ہے کہ اس میں میں نے جو کچھ جمع کر دیا ہے وہ دوستوں کی دریا دلی کا بلند پایا ثبوت ہے، اس میں ایسے ایسے اسرار و رموز سے پردہ اٹھا دیا گیا ہے کہ جب آپ اس سے استفادہ حاصل کریں گے تو آپ کو اس کا اندازہ ہوگا، اس کے علاوہ واضح رہے کہ یہی نسخہ جات میرے معمول مطب ہیں، یعنی کہ اس میں میں نے اپنے مطب کے تقریباً تمام نسخہ جات درج کر دیئے ہیں کوئی بھول سے رہ گیا ہو تو کچھ کہا نہیں جا سکتا، اس سے پہلے بھی آپ کی خدمت میں چند کتب پیش کر چکا ہوں، میری تحریر کو پڑھ کر ہی آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ میں نے اللہ تعالیٰ ﷻ سے ڈرتے ہوئے اور انسانیت کی فلاح کو سامنے رکھتے ہوئے کبھی بھی بخل سے کام نہیں

لیا اور ہمیشہ ہر تصنیف کو آسان سے آسان الفاظ میں لکھنے کی کوشش کی ہے تا کہ ہر طبیب اور عام آدمی کو بھی اسے سمجھنے میں آسانی ہو، میں نے کبھی بھی کسی بات کو اسرار و رموز کی گتھی میں الجھانے کی کوشش نہیں کی، میں اپنے ان دوستوں کا تہہ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے اپنے صدری نسخہ جات سے ان اوراق کو سنوارنے میں مدد کی اور اللہ تعالیٰ ﷻ سے دعا کرتا ہوں کہ ان کی سعی ان کے لئے اور میرے لئے صدقہ جاریہ بن جائے، اور آقاءِ دوجہاں ﷺ کے وسیلہ سے اللہ تعالیٰ ﷻ کے حضور قبول منظور ہو کر آخرت میں ذریعہ نجات بن جائے۔

مجربات شاکر کے اس چوتھے ایڈیشن میں اوزان کو نئے اعشاری نظام کے تحت ترتیب دیا گیا ہے جس سے اس دور میں ادویہ کی مقدار خوراک وغیرہ کو سمجھنا آسان ہو جائے گا، اس کے علاوہ جب سے اب تک جو نسخے استعمال میں آئے یا ترتیب دئے وہ بھی درج کر دئے ہیں، جو کچھ دوستوں نے نظر کیا وہ بھی آپ کی خدمت میں پیش کر دیا گیا ہے، استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں اور مرکز کو اطلاع کریں تا کہ اس سے اگلے ایڈیشن میں تصدیق لکھ دی جائے تو دوبارہ استعمال کرنے والوں کی تسلی ہو جاتی ہے۔

میں تو ہر مرتبہ ہی لکھتا ہوں کہ کتب میں کوئی بھی غلطی خواہ لفظی ہو یا علمی و تکنیکی مجھے اس کی اطلاع دیں کہ فلاں کتاب کے صفحہ نمبر پر کس لائن میں کیا غلط لکھا گیا ہے لیکن آج تک ایک شخص کے علاوہ کسی نے بھی یہ زحمت گوارہ نہیں کی، پھر سے درخواست ہے کہ پانچ روپے کا خط لکھ کر آگاہ کر دیں گے تو بہت سوں کا بھلا ہو جائے گا اور مجھ پر احسان کہ میری اصلاح ہو جائے گی، اگر مان جائیں تو شکریہ ادا کرتا ہوں۔

ایک نصیحت

آپ سب کو مسلمان بھائی سمجھ کر ایک نصیحت کرتا ہوں کہ کسی بھی خوردنی نسخہ میں کوئی حرام دوا نہ ڈالیں کہ یہ شرعاً ممنوع ہے، کسی بھی حرام دوا کے استعمال سے صحت ممکن نہیں، بلکہ میں تو یہاں تک کہتا ہوں اور نصیحت کرتا ہوں کہ کسی بھی حرام دوا کو بیرونی اور اندرونی استعمال کے تمام نسخوں میں شامل ہی نہ کریں جبکہ بیرونی استعمال کے نسخوں میں ایسی ادویہ استعمال کی جا سکتی ہیں، مانع نہیں ہیں لیکن جہاں شدید ضرورت ہو استعمال کی جا سکتی ہیں، لیکن پھر بھی کہوں گا کہ ان کی جگہ بھی جائز ادویہ استعمال کر لیں کیونکہ ہر دوا کی جگہ دوسری دوا اس سے کم و بیش ایسے ہی خواص کی حامل ہوا کرتی ہے، بات صرف ڈھونڈنے کی ہے کہ یہ خزانہ کہاں چھپا ہوا ہے، اور یہ جان لو کہ رازق صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ﷻ کی ذات بابرکات ہے، نہ تو رزق نسخوں میں لکھا ہے، اور نہ ہی مریضوں کے آنے سے آپ کو روزی ملتی ہے، روزی تو کائنات کو بنانے سے پہلے ہی اس ﷻ نے آپ کی لکھ دی تھی، یہ نسخے، یہ مریض، یہ دوست احباب تو صرف تم تک رزق پہنچانے کی نوکری کرتے ہیں، جس کی ڈیوٹی اللہ پاک ﷻ نے ان کے ذمہ لگائی ہوئی ہے۔

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی

یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

دوستو اپنی زندگی کی ناؤ کو عمل کی لکڑی سے ترتیب دیں، پانچ وقت کی باجماعت نماز سے اس میں کیل جڑیں، اس کا سنگھار اللہ تعالیٰ ﷻ کے شکر سے کریں، حقوق العباد سے اس کو سمندر میں دھکا دیں، تو یقیناً تیز و تند لہریں اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گی، بلکہ اس کی آب و تاب میں مزید اضافہ ہوگا، اور باحفاظت کنارے جا لگے گی۔

رزق

ہرذی روح کا رازق عرش عظیم پر قائم و دائم ہے،کوئی کسی کو کچھ نہیں دیتا نہ ہی دے سکتا ہے، جان لو کہ تمہارا رزق متعین کر دیا گیا ہے،اس سے ایک دانہ زیادہ اور نہ ہی ایک دانہ کم ملے گا، چاہے جو کچھ بھی کرلو، جو ملے وہی تمہارا مقدر ہے، ہر حال میں شکر ادا کرو۔

رزق کے بارے میں قرآن کریم فرقان حمید کی سورہ ءھود، پارہ نمبر 12،آیت نمبر 6 کی تشریح کچھ علماء اکرام اس طرح کرتے ہیں کہ، وہی کفیل و ذمہ دار ہے، زمین پر چلنے والی ہر مخلوق، انسان ہوں یا جن، چرند ہوں یا پرند، چھوٹی ہو یا بڑی، بحری ہو یا برّی، ہر ایک کو اس کی نوعی یا جنسی ضروریات کے مطابق وہ خوراک مہیا کرتا ہے۔

اس آیت مبارک کا ایک مفہوم کچھ اس طرح بھی بیان کیا گیا ہے۔

چونکہ اللہ کو ہر ایک کے مستقر و مستودع کا علم ہے اس لئے وہ ہر ایک کو روزی پہنچانے پر قادر اور ذمہ دار ہے، وہ اپنی ذمہ داری کو خوب پوری کرتا ہے، ایک حدیث مبارک میں آتا ہے کہ زمین و آسمان کی تخلیق سے پچاس ہزار سال پہلے اللہ تعالیٰ ﷻ نے مخلوقات کی تقدیر لکھی، اس وقت اس کا عرش عظیم پانی پر تھا.............صحیح و مسلم شریف

دنیا میں ہر وقت اور ہر جگہ مکافات کا عمل جاری رہتا ہے، اللہ تعالیٰ ﷻ نے کم و بیش اٹھارہ ہزار مخلوق پیدا فرمائی، اس میں عالم ملائکہ، عالم جن و انس، اور عالم وحوش و طیور سب شامل ہیں، ان تمام مخلوقات کی ضروریات اپنی جنس کے مطابق قطعاً مختلف ہیں، لیکن جاننا چاہیئے کہ رب العالمین ﷻ سب کی ضروریات ان کے احوال و ظروف اور طباع و اجسام کے مطابق انہیں مہیا کرتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ﷻ نے یہ زمین و آسمان صرف چھ دن میں بنائے، اور وہ ایک دن دنیا کے پچاس ہزار سال کے برابر ہے، وہی بہتر جانتا ہے، وہ خالق کل ہے، اس کے لئے کچھ مشکل نہیں وہ

کہتا ہے ہو جا.....تو ہو جاتا ہے۔

دوستو زیادہ پیسوں کے لالچ میں اپنے رزق کو حرام مت بنائیں، یہ انسانیت پر ظلم و زیادتی ہو گی، کبھی یہ بھی سوچا کرو کہ کس پر زیادتی کر رہے ہو، اس نبی ﷺ کی امت پر جو اللہ پاک ﷻ کو سب نبیوں سے پیارا ہے، میں تو یہ کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ﷻ نے یہ دنیاوی کھیل ہی اپنے محبوب ﷺ کے لئے رچایا ہے اور یہی حقیقت ہے۔

طب جیسے مقدس پیشے کے ساتھ انصاف کرو، خدمت انس کو اپنا شعار بنالو، یاد رکھو کہ جب وہ تم سے خوش ہو جائے گا تو تمہیں رزق کی تلاش کے لئے اپنی کمین گاہ سے باہر نہیں نکلنا پڑے گا، تمہیں جو کچھ ملتا ہے، وہ تیری محنت و مشقت کی بدولت نہیں ملتا، وہ تو جو اس نے کائنات بنانے سے پچاس ہزار سال پہلے تیرے مقدر میں لکھ دیا تھا وہی تجھے دیا جاتا ہے، دوسروں کے سہارے مت ڈھونڈھ، اسی پر بھروسہ رکھ، اور اپنی زندگی کو باعمل بنالے، جو گزر چکی اس کا غم نہ کر، جو باقی ہے اس کے بارے میں سوچ، وہ بہت غفور و رحیم ہے معافی مانگ لے، تیرا دامن خالی نہیں رکھے گا، وہ تو تیری ماں سے ستر گنا زیادہ تجھ سے پیار کرتا ہے، ایک دفعہ سچے دل سے پکار کے تو دیکھ، وہ تو تیری شاہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے، ماں تو آواز دینے سے جواب دے گی لیکن اس کا تو دل میں صرف خیال کرو تو وہ اسی وقت تیرے سوچنے اور پکارنے کی رفتار سے بھی پہلے تیری سنتا ہے، اس سے ہی رحمت کی امید رکھ۔

اے اللہ تعالیٰ ﷻ میں نے جو کچھ تیری اور تیرے پیارے رسول ﷺ کی تعریف میں لکھا یہ شاید مچھر کے پر کا بھی کروڑوں اربوں حصہ ہوگا، تیری اور تیرے محبوب ﷺ کی تعریف کوئی تمام عمر بھی کرتا رہے تو یقیناً تیری رحمت کے مقابلے میں یہ عشر عشیر بھی نہیں ہے، جو کچھ لکھا گیا اسے اپنے حبیب ﷺ کے صدقے اپنی بارگاہ میں اپنی شان کے مطابق قبول و منظور فرما، اور میرے لئے آخرت میں ذریعہ نجات بنا۔ آمین

معذرت: کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ نہایت مجبوری کے عالم میں غیر ضروری صفحات کو اس کتاب میں سے اس لئے حدف کرنا پڑا کہ مہنگائی نے جہاں ایک عام آدمی کو گھریلو ضروریات پوری کرنے کے سلسلہ میں پیس ڈالا ہے وہیں پبلشرز بھی رونڈ ڈالے گئے ہیں، کاغذ اس قدر مہنگا ہو گیا ہے کہ کتاب کو پبلش کرنا نہایت دل گردے کا کام ہے، کتابت، پرنٹنگ، ڈیزائننگ، پیسٹنگ، بائینڈنگ جس شعبے کو بھی لیں سب پر اثر پڑا ضرور ہے لیکن کئی کالی بھیڑوں نے موقع سے فائدہ اٹھا کر خودساختہ مہنگائی کا رونا رو کر بینک بیلنس بڑھانے کی کوشش کی ہے۔

میں نے اس کتاب میں سے جو کچھ بھی مجبوراً حدف کیا وہ صرف اس لئے کیا تا کہ کم سے کم پیسوں میں یہ چند اوراق آپ تک پہنچ جائیں، اور آپ ان سے فائدہ حاصل کر کے غریب، مہنگائی کی ستائی ہوئی سفید پوش عوام کی صحت بحال کرنے میں حصہ ڈال کر اللہ تعالیٰ ﷻ اور اس کے محبوب ﷺ کو خوش کر سکیں۔

مصنف

حکیم و ڈاکٹر پروفیسر محمد اشرف شاکر
فاضل طب والجراحت درجہ اوّل رجسٹرڈ
نیشنل کونسل فار طب اسلام آباد پاکستان
فاضل طب سمپل آرگینو پیتھی
ھومیو ڈاکٹر آف میڈیسنز سسٹم پاکستان
ماہر علاج بالغذا ماسٹر آف میڈیسنز

حرف اوّل

جب ہم فارما کو پیا لکھنے بیٹھے ہیں تو یہ ضروری سمجھا کہ ایک نہایت پیچیدہ راز کو کھول کر بیان کر دیا جائے، کہ اس کتاب میں کچھ نسخہ جات ایسے ہیں جو دو قسم کی ادویہ (یعنی دو مزاج) کو ملا کر ترتیب دیئے گئے ہیں، اس سے پریشان ہونے کی قطعی کوئی ضرورت نہیں، کیونکہ کچھ ادویہ اپنی خاصیت سے اثر کرتی ہیں اور کچھ اپنی کیفیت اور مزاج سے اور کچھ اپنے مادے سے اثر کرتی ہیں، اس کی مثال یوں ہے کہ مثلاً معدے کے السر کے مریض کو آپ اگر نصف گرام نوشادر کھلا دیں گے تو وہ معدے میں جاتے ہی سب سے پہلے السر پر اثر انداز ہو کر اس میں درد، ورم اور خون لانے کا باعث بنے گا، حالانکہ اس کا مزاج قشری اعصابی (گرم تر) ہے اگر ہم مزاج کے حوالے سے بحث کریں تو یہ عضلاتی (ریاحی) السر کے لئے نہایت مفید و مجرب دوا ہونا چاہئے، لیکن اس السر کے مریض کو بھی سب سے پہلے یہ خون ہی لائیگا، مزاجی طور پر جو فائدہ پہنچاتا ہے وہ بہت بعد کی بات ہے، اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے کچھ نسخہ جات دو قسم کے امزجہ سے ترتیب دئے گئے ہیں جو اپنے مقام پر بہترین کام کرتے ہیں، حاصل کلام یہ کہ خواص الادویہ کا ایک طبیب کے لئے جاننا نہایت ہی ضروری ہے، جو طبیب خواص الادویہ اور مزاج الادویہ پر جتنا عبور حاصل کر لے گا وہ اتنا ہی بڑا طبیب ہوگا۔

ایک ہی دوا خون و جسم پر مختلف طریقوں سے اثر انداز ہو کر صحت کا ذریعہ بنتی ہے، نوشادر کی بحث چل رہی تھی اسے ہی لے لیں یہ نظریہ مفرد اعضاء کی تھیوری کے مطابق فعلی طور پر بہترین مخرج صفراء ہے، مخرج بلغم ہے، غدد ناقلہ کو کھولتا ہے، یہ اس کا خون میں شامل ہو کر اول اثر ہے، اس کا ثانی اثر یہ ہے کہ یہ عضلات میں تحلیل کا باعث بنتا ہے، اور دل کو کمزور سے کمزور تر کر دیتا ہے، اب دیکھیں کہ اس کے کیسے کیسے خصوصی، فعلی اور کیفیاتی اثرات معدہ، جسم اور

خون پر مرتب ہوتے ہیں، اسی طرح بچھناگ کو لے لیں اس کا مزاج تشری عضلاتی (گرم خشک) ہے، لیکن یہ اپنی خاصیت کے لحاظ سے خون میں شامل ہوتے ہی سب سے پہلے دل میں اس قدر تحلیل پیدا کر دیتا ہے کہ بوجہ تحلیل پسینہ آ کر جسم ٹھنڈا ہو جاتا ہے، نبض کی حرکات کم ہو جاتی ہیں، اکثر اوقات نبضہ مس ہونے لگتا ہے، یہ سب اس کا اول اثر تھا، اس کا ثانی اثر جگر پر ہوگا کہ اس کے فعل کو تیز کر کے صفراء پیدا کرنے کا ذریعہ بنے گا، ہر دوا کا اپنا اپنا خصوصی اثر ہوتا ہے، بچھناگ کا اول اثر اس قدر زبردست اور گہرا ہے، کہ اس کے ثانوی اثر کی معمولی حیثیت رہ جاتی ہے، اس کے اثرات کی گہرائی کو کسی نے نہ جانچا نہ پرکھا اور اسے اعصابی مخاطی (تر سرد) قرار دے دیا یہ قطعی نہیں سوچا کہ اس کا فعل کیا ہے، جسم میں پہنچتے ہی یہ کیا کرتا ہے، صرف ٹھنڈے پسینے آنے کی وجہ سے اسے ٹھنڈا قرار دے دیا، حالانکہ یہ پسینے تحلیل قلب کی وجہ سے تھے، اس بات سے ہر آدمی واقف ہے کہ پسینہ آنے کے بعد جسم ٹھنڈا ہو جایا کرتا ہے، اسی طرح ادویہ کے بہت سے اسرار و رموز ہوتے ہیں، جن سے واقف ہونا طبیب کی کامیابی کی دلیل ہے، اس کتاب میں میں نے جو بھی نسخہ جات لکھے ہیں، کسی کو تو میں نے مزاجاً استعمال کر کے فوائد حاصل کئے اور کسی کو اس کی خاصیت کے لحاظ سے تجربات کی کسوٹی پر پرکھ کر آپ دوستوں کی نظر کیا ہے، امید ہے اب آپ کسی الجھن میں نہیں پڑیں گے، یہ نسخے ہمارے سال ہا سال کے تجربات کا نچوڑ ہیں، میں نے اس میں نظریہ مفرد اعضاء کا فارما کو پیا بھی شامل کر دیا ہے، اور احباب کے عنایت کردہ مجربات کا مجموعہ بھی، اب اس سے فائدہ حاصل کرنا آپ کا کام ہے، اور یقیناً ہر آدمی اپنی عقل کے مطابق ہی ان سے فائدہ حاصل کر پائے گا، یہ یاد رکھیں کہ کوئی نسخہ بھی معمولی نہیں ہوتا، اور نہ ہی کوئی نسخہ فیل ہوتا ہے، بلکہ ہمیشہ طبیب ہی اپنی کم عقلی کی وجہ سے فیل ہوتا ہے، ایک یاد رکھنے کی بات یہ بھی ہے کہ دوا سے کبھی بھی کوئی پہلوان نہیں بنا، ہمیشہ Selected غذا سے ہی آدمی اچھی صحت کا مالک

بن سکتا ہے، دواتو مرضی مادے کارخ کسی اور مخرج کی طرف کر کے کبھی اسے جسم سے نکال کر صحت کا باعث بنتی ہے اور کبھی متضاد مادے کوخون میں شامل کر کے مرضی مادے کا قلع قمع کرتی ہے، لیکن یہ سب ایک وقتی تبدیلی ہوتی ہے، مستقل نہیں، مستقل مادہ صحت تو صرف غذا سے ہی ترکیب پاتا ہے۔

یادرہے کہ نسخہ جات میں موسم ومزاج اور امراض کے مطابق تھوڑی بہت تبدیلی کر دی جاتی ہے، اس سے اس کے اثرات کوزیادہ مفید بنانا مطمع نظر ہوتا ہے، کہ موجودہ دور کے تقاضوں کے مطابق پورے اتر سکیں، نسخہ کا معنی ہی اصل میں منسوخی ہے، یعنی پہلی ترتیب کومنسوخ کر کے مرض کے مطابق نئی ترتیب دینا، اس میں پریشان ہونے کی قطعی کوئی ضرورت نہیں ہے، یہ سب مریض کی بھلائی کے لئے کیا جاتا ہے، نسخہ کومحض اس لئے نئے سرے سے ترتیب دیا جاتا ہے کہ پہلے سے زیادہ فوائد حاصل کئے جائیں۔

ایک ضروری بات

یہ ہے کہ تندرستی نہ تو دوا میں ہے نہ مخصوص غذا میں ہے، یہ صرف اس ہستی کی رحمت کا ایک مخصوص حصہ ہے، جس نے یہ کائنات تخلیق کی، اور حضرت انسان کواشرف المخلوقات کے اعلیٰ درجہ پر فائز کر دیا، اب اس اشرف المخلوقات کا فرض ہے کہ جو بھی کرے عقل سلیم سے کام لیتے ہوئے کرے، جب طب جیسے مقدس پیشے سے منسلک ہوتو اس کے تمام اصول وقوانین کا احترام کرنا چاہیئے، اگر آپ علاج میں کامیاب ہونا چاہتے ہیں تو دو باتوں کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے۔

ماہیئت الامراض: اس سے مراد ایسا علم ہے کہ جس میں مرض، اس کی ماہیئت، اور اسباب، نیز اس کے باعث جسمانی کیفیات میں پیدا شدہ تغیرات اور تبدیلیوں پر بحث کی

جاتی ہے، یعنی کس عضو کا کیا کام تھا اور وہ اپنے کام میں کتنا کامیاب ہوا ہے، اس کی کامیابی اور ناکامیابی میں کونسے عوامل برسر پیکار تھے، پھر اس کے متعلق یہ جاننا کہ جب اس عضو نے کسی وجہ سے اپنے کام میں کوتاہی کی ہے تو اس کی اس کوتاہی کے جسم کے اندر کس کس اعضاء پر کون کون سے اثرات وارد ہوں گے، ان کو سمجھ کر ان کا تدارک کرنا علاج کہلاتا ہے، اب اس سے آگے علاج کے سلسلے میں کچھ اور نقاط پیدا ہوتے ہیں، کہ آپ جن ادویہ سے علاج کر رہے ہیں ان کے مرضی اعضاء پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں، یہ خواص الادویہ کا علم کہلاتا ہے، یعنی اگر آپ خواص الادویہ سے واقفیت رکھتے ہیں تو علاج میں کامیابی ممکن ہوگی ورنہ ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا، پھر اس سے آگے ایک اور بات ہے کہ کیا بیماری کی شدت وخفت کے مطابق استعمال کرائی گئی دوا اپنی طاقت کے لحاظ سے مطابقت رکھتی ہے یا کہ نہیں، یہاں بڑے بڑے اطباء مار کھا جاتے ہیں، علم (خواص الادویہ) جاننا علاج کے لئے نہایت اہمیت کا حامل ہے، حاصل کلام یہ کہ اگر آپ بیماری کی وجہ، کہ کہاں، کیوں، کیسے اور کس چیز کی کمی بیشی سے پیدا ہوئی ہے سے واقف ہیں تو علاج کر سکتے ہیں، اس کے لئے دوسری شرط ادویہ کے متعلق ہے کہ کونسی دوا جسم میں منہ کے ذریعے داخل کرنے سے کہاں کہاں سے گذرتی ہے اور ہر مقام سے گذرتے ہوئے اپنے کیا کیا اثرات کہاں کہاں مرتب کرتی ہوئی جسم سے خارج ہوتی ہے، اور کیا ہماری مطلوبہ ضرورت پوری کرتے ہوئے جسم کو صحت کی طرف واپس لاتی ہے کہ نہیں، میرا خیال ہے کہ اگر ایک طبیب ان باتوں کا علم جان لے تو وہ اپنے اعلیٰ ترین مقصد میں اللہ تعالیٰ ﷻ کی رحمت سے ضرور کامیاب ہوگا، لہٰذا میرا تمام طبیبوں کے نام پیغام ہے کہ اپنی تمام تر صلاحیتیں ان دونوں علوم (1-ماہیئت الامراض 2-خواص الادویہ) کو سیکھنے پر صرف کر دیں، ان دونوں علوم کے علاوہ اور علوم بھی علاج میں نہایت ضروری ومددگار ہیں، جیسے اناٹومی، فزیالوجی، خاص طور پر علم نبض اور افعال الغذا وغیرہ، علاج میں علم افعال

الغذا کی بھی نہایت اہمیت ہے، واضح ہو کہ علاج کے سلسلے میں 25٪ دوا کام کرتی ہے، 25٪ قوت مدافعت اور 50٪ غذا کا کام ہے، اس سے غذا کی اہمیت کا اندازہ کرلیں، اگر آپ دوا اور غذا ایک ہی خواص کی حامل، مریض کو تجویز کردیتے ہیں تو گویا 75٪ علاج آپ نے کر دیا، باقی کا کام اللہ تعالیٰ ﷻ کے ذمہ ہے، آپ اپنی طرف سے مطمئن رہیں کہ آپ نے اپنے علم کے مطابق صحیح کیا ہے تو اللہ پاک ﷻ ضرور شفاء دے گا، طبیب تو مرض کو صحت کی طرف لوٹانے کا ایک وسیلہ ہے، اس بات کو ہمیشہ یاد رکھیں اس کے علاوہ آپ کی کوئی حیثیت نہیں ہے، جو لوگ اس کے علاوہ سوچتے ہیں وہ ذلیل وخوار ہوتے ہیں۔

مجربات شاکر: یقیناً آپ کی آرزوؤں کے عین مطابق ہے، اس کتاب میں اپنے اور دنیائے طب کے مانے ہوئے مجربات شامل کیے گئے ہیں، اس کے علاوہ ہومیوپیتھی کے تقریباً چالیس سے بھی زائد بہترین کمبینیشنز آپ کی خدمت پیش کیے گئے ہیں، جن سے یقیناً آپ استفادہ حاصل کریں گے، میرا ذاتی خیال ہے کہ اس کتاب کے ہوتے ہوئے آپ کو کسی اور کتاب کی ضرورت نہیں رہے گی، کیونکہ اس کتاب میں چوٹی کے نسخے درج کردئے گئے ہیں، دواؤں کی ریٹ لسٹ کتاب کے آخر میں دی گئی ہے ان ادویہ میں سے جس دوا کی بھی آپ کو ضرورت ہو آپ بذریعہ ڈاک ایک سو پچاس روپے کلو ڈاکخرچ علاوہ دوا کی قیمت کا خود ہی بل بنا کر منی آڈر بھیج دیں، دوا آپ کو ارسال کردی جائے گی۔

ادویہ کو بڑی محنت سے خوب صاف ستھرا کر کے بہترین ہائی سپیڈ مشینوں پر پیسا جاتا ہے کچھ ادویہ گولی کی شکل میں بھی دستیاب ہیں جو جس شکل میں بھی ہے بھیج دیں گے۔

حکیم وڈاکٹر محمد اشرف شاکر

صحت اور جدت

صحت کے حوالے سے جدت ہمیں لے بیٹھی ہے، اس دور حاضر میں ہر شخص کسی نہ کسی بیماری میں مبتلا ہے، اور اکثر یہ کہتے سنا گیا ہے کہ جب تک دوا کھاتے رہتے ہیں افاقہ رہتا ہے جب دوا کھانا بند کر دیتے ہیں پھر مرض لوٹ کر آ جاتا ہے، اس کی چند توضیحات بیان کرتا ہوں، سب سے پہلی بات یہ ہے کہ کھانے پینے کا وقت مقرر نہیں ہے، جب وقت ملا کھا لیا، بے شک پہلا کھانا کھائے ہوئے صرف دو گھنٹے ہی کیوں نہ گذرے ہوں، کبھی یہ بھی ہوتا ہے کہ کھانے کا وقت کسی نہ کسی مصروفیت کی بھینٹ چڑھ گیا اور پہلے کھائے ہوئے کو آٹھ دس گھنٹے گذر گئے، اگر ایسے ہی ہوتا رہا تو صحت کیسے ممکن ہو سکتی ہے، یاد رکھیں ہر کھانے کا وقفہ کم از کم چھ گھنٹے ضرور ہونا چاہیئے، اگر اس مقررہ وقفے کو مدنظر رکھیں گے تو کسی قدر صحت ممکن ہے، میں نے کسی قدر کا لفظ اس لئے لکھا ہے کہ صحت کو مرض میں بدلنے کے لئے غذا کے مقررہ وقفے کے علاوہ اور بھی بہت سی وجوہات موجود ہیں، سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ہمیں جو بھی کھانے پینے کی اشیاء میسر ہیں ان میں اکثریت کیا سب ہی کیمیکلز ہیں، جس غذا، پھل یا مشروب پر بھی غور کریں اس میں کیمیکلز کی اس قدر بھر مار ہے کہ خدا کی پناہ، ایک محتاط اندازے کے مطابق ہر آدمی روزانہ 100 گرام یوریا اپنے جسم میں بذریعہ غذا منتقل کرتا ہے، یہ ہم سب کی مجبوری ہے، آخر کہاں جائیں؟ خالص صحت مند غذا کہاں سے حاصل کریں۔

اصطلاحات

1- محرک: مرضی مادے کے خلاف حرکت میں آ کر اس کا رخ کسی دوسرے عضو کی طرف کر دینے والی دوا کو محرک کہتے ہیں۔

2- شدید: اس دوا کو کہتے ہیں جو اپنی خاصیت سے فی الفور اثر انداز ہو کر مرضی مادے کے خلاف عمل کرے۔

3- ملیّن: اس کا لغوی معنی نرم کرنا ہے، طبی لغت میں ملیّن اس دوا کو کہتے ہیں جو معدہ اور آنتوں سے فضلے کو نرم کر کے نکال دے۔

4- مسہل: اس کے معنی اسہال لانے والی دوا ہے، مسہل کی مزید تعریف یہ ہے کہ معدہ، آنتوں سے لے کر جگر تک کے مرضی مواد کو بذریعہ براز خارج کر دے۔

5- اکسیر: اس دوا کو کہتے ہیں جو اپنے اثرات معدہ میں پہنچتے ہی خون میں بجلی کی طرح داخل کر کے صحت کی طرف لوٹا دے، اور اس کے اثرات خون میں دائمی رہیں، یہ دوا نہایت قلیل المقدار ہوتی ہے۔

6- تریاق: اس دوا کو کہتے ہیں جو کسی زہر کے اثر کو خون سے فوری طور پر زائل کر دے، ایسی دوا کو ہر پانچ منٹ کے وقفے سے بار بار اس وقت تک استعمال کیا جاتا ہے جب تک کہ اس زہریلے مادے کے اثرات زائل نہ ہو جائیں، اسکے بعد جیسے ہی مرضی کیفیات میں کمی آنے لگے دوا کا وقفہ بڑھاتے جانا چاہیئے، حتٰی کہ مرض ختم ہو جائے، تب طبیعت اور علامات کے مطابق دوسری دوا تجویز کریں۔

7- مقوی: اس دوا کو کہتے ہیں جو اعضاء رئیسہ کو قوت پہنچانے کا ذریعہ بنے، ایک عضو کی

مشینی تحریک کی دوا اپنے سے اگلے عضو کی مقوی دوا ہوا کرتی ہے۔

8-مفرح: اس دوا کو کہتے ہیں جو اپنی لطافت کی وجہ سے دل کی کے لئے فرحت کا باعث بنے، طبیعت کو ہشاش بشاش کر دے۔

9-طلاء: اس دوا کو کہتے ہیں جو روغن (جو معروف طریقے سے مختلف ادویہ سے نکالے گئے ہوں) قسم کی ہو، اور جس کسی حصہ جسم پر اسے مالش کیا جائے، جلد کی وساطت سے اس مخصوص حصہ جسم کی طرف دوران خون تیز کر کے مرضی علامات کو صحت کی طرف لوٹا دے، عام طور پر عضو مخصوص کیلئے استعمال کئے جانے والے روغن کو طلاء کہتے ہیں۔

10- خمیرہ: اس دوا سے مراد کچھ مرکب ادویہ کے اندر خمیر پیدا کر کے ان کی لطافت کو بڑھا کر مزیدار بنانا ہوتا ہے، تا کہ یہ اپنی لطافت کی وجہ سے فوراً خون پر اثر انداز ہو کر مرضی کیفیت کو دور کرنے کا باعث بنیں، اور لذیز بھی ہوں، ان کو خوب گھوٹا جاتا ہے۔

نظریہ کی اصطلاح	یونانی طب کی اصطلاح	عام فہم اصطلاح
1-عضلاتی مخاطی	یابس بارد	خشک سرد
2-عضلاتی قشری	یابس حار	خشک گرم
3-قشری عضلاتی	حار یابس	گرم خشک
4-قشری اعصابی	حار رطب	گرم تر
5-اعصابی قشری	رطب حار	تر گرم
6-اعصابی مخاطی	رطب بارد	تر سرد
7-مخاطی اعصابی	بارد رطب	سرد تر
8-مخاطی عضلاتی	بارد یابس	سرد خشک

نظریہ مفرد اعضاء اربعہ کی تشخیص، تجویز، علاج، ادویہ، امراض وغیرہ میں یہی اصطلاحات

استعمال ہوتی ہیں، انہیں میں نے نسخہ جات کے ساتھ ساتھ بھی لکھ دیا ہے تا کہ سمجھنے میں آسانی پیدا ہو جائے، اس کے علاوہ ضروری سمجھا کہ یہاں بھی لکھ دیا جائے، کیونکہ اس کتاب کے نسخہ جات کو سمجھنے کیلئے ان اصطلاحات کو یاد کرنا از حد ضروری ہے۔

☆☆☆☆☆

فارماکوپیا

عضلاتی مخاطی شدید: 1: (خشک سرد) آملہ 100 گرام، بلگری 50 گرام دونوں ادویہ کو الگ الگ پیس کر ملا لیں، ایک سے تین گرام کھانے کے آدھے گھنٹے بعد، سادہ پتی کے قہوے میں لیموں نچوڑ کر یا شربت انجبار سے دیں۔

افعال: عضلات کو کیمیاوی طریقے سے تحریک میں لا کر تمام اعصابی علامات کو بالضد طریقے سے دور کرتی ہے، اور تمام مخاطی علامات کو بالجذب کے طریقے پر فائدہ کرتی ہے، کیفیاتی طور پر جسم میں خشکی سردی کی علامات پیدا کرتی ہے۔

فوائد: سلسل بول، شوگر خالص، جریان، لیکوریا، خسرہ، چیچک، لاکڑا کاکڑا، دل ڈوبنے کو مفید ہے، پیچس کو بالضد طریقے سے ختم کرتی ہے، اگر آؤں آ رہی ہو تو دس گرام چھلکا اسبغول کے ساتھ دیں، اسہال کیلئے دار چینی کے قہوہ کے ساتھ دیں۔

نفع خاص: بالوں کی سیاہی کو دیر تک قائم رکھتا ہے۔

عضلاتی مخاطی ملیّن: 1: (خشک سرد) آملہ 100 گرام، ہلیلہ سیاہ 100 گرام، حب الآس 50 گرام، انجبار 50 گرام، سب ادویہ کو پیس کر ملا لیں، ایک سے تین

گرام کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد حسب اولیٰ بدرقہ سے دیں۔

افعال: حسب اولیٰ ہیں جو شدید کے ضمن میں مذکور ہوئے۔

نفع خاص: آنتوں کی قوت ماسکہ کو بڑھا کر ان میں سے لیس دار مادے کو جذب کرتی ہے، پیچس اور آؤں آنے کو بدرجہ اتم مفید ہے۔

عضلاتی مخاطی مسہل: 1: (خشک سرد) ایک ملتین میں سے دس گرام لے کر اس میں دس گرام ہریڑ جلاپہ شامل کر دیں، ایک گرام سے دو گرام تازہ پانی سے دیں۔

افعال: بلغمی مادے کو آنتوں پر سے صاف کرتی ہے اور آنتوں کی قوت ماسکہ کو بڑھاتی ہے، اگر اسے دو ملی گرام لے کر ملتین ایک گرام میں شامل کر دیں تو اس کی قوت کو دس گنا بڑھا دیتی ہے۔

عضلاتی مخاطی اکسیر: 1: (خشک سرد) از حکیم محمد شفیق صاحب (المعروف مقرح)

کشتہ شاخ مرجان در مکھن، کشتہ صدف در عرق گلاب، یشب صلابیہ، زہر مہرہ خطائی صلابیہ، کشتہ عقیق، کشتہ قلعی در بھنگ شورہ، سب دس دس گرام مغز کنول گٹہ پچاس گرام، طباشیر پچاس گرام، الائچی سفید پچاس گرام، چینی دو سو پچاس گرام، عرق گلاب ایک بوتل، تمام کشتہ جات کو عرق گلاب میں خوب کھرل کریں اور باقی ادویہ الگ الگ پیس کر اچھی طرح ملالیں، نصف گرام خلوئے معدہ دن میں دو مرتبہ چوسائیں۔

طباشیر خالص نہیں ملتی اس میں پتہ نہیں کیا ملاتے ہیں اس لئے اب میں اس میں جواہر مہرہ خطائی ڈال لیتا ہوں، جس سے اس کے افعال واثرات میں کوئی کمی نہیں آئی ہے۔

افعال: قلب وعضلات کوفوراً تحریک میں لاتی ہے، مفرح ہے، بچوں کے سوکڑے میں میں سفوف صحت کے ہمراہ باری باری دینا مفید ہے، خفقان القلب کیلئے بدرجہ اتم مفید دوا ہے، دمہ قلبی کیلئے H.67 میں پانچواں حصہ ملا کر کھلانا معمول مطب ہے۔

نفع خاص: صفراوی قے کیلئے سات عدد الائچی سفید کے قہوہ سے کھلانا بہت مفید ہے، حاملہ کی قے کے لئے جوارش الائچی، شربت بزوری بارد میں لیموں نچوڑ کر کھلانا فائدہ کرتی ہے، جو صفراوی قے کسی دوا سے نہ رکے اس کیلئے سات چھوٹی الائچی، ایک کپ پانی میں قہوہ پکا کر دینے سے اکثر ایک ہی کپ سے فائدہ ہو جاتا ہے، قوت دفاع کو مضبوط کرتی ہے۔

دیگر: کشتہ فولاد فروٹ والا دس گرام، کشتہ چاندی آب لیموں والا پندرہ گرام، ہلیلہ سیاہ دس گرام، کشتہ جات کو آب آملہ مقطر یا عرق کیوڑہ میں چار گھنٹے کھرل کریں، آخر میں لعاب بہی دانہ یا گوند ببول شامل کر کے نخود قابلی برابر گولیاں باندھ لیں، ایک گولی دن میں چار مرتبہ شربت انجبار میں لیموں نچوڑ کر استعمال کرائیں۔

افعال: فوری اثر ہے، مولد خون، محرک قلب وعضلات ہے، جریان، سرعت، لیکوریا کو مفید ہے۔

عضلاتی مخاطی تریاق: T1: (خشک سرد) آملہ دو سو پچاس گرام سفوف کر کے اس میں پچاس گرام تیزاب گندھک ولائتی تام چینی یا پلاسٹک کے برتن میں ڈال کر آہنی سلائی کی مدد سے خوب ہلائیں، دوا کالی رنگت اختیار کر جائے گی، ایک رات پڑی رہنے دیں، اگر دوا نرم ہو یعنی گولی باندھنے کے لائق نہ ہو تو اس میں آملہ کا سفوف اور ملا لیں قوام درست ہونے پر نخودی گولیاں بنائیں، ایک گولی دن میں چار بار تازہ پانی سے دیں۔

افعال: حسب سابق ادویہ ہیں۔

نفع خاص: جن لوگوں کو بس کے سفر میں قے ہو جاتی ہے ان کے لئے بہت مفید ہے مشتہی (بھوک لگانے والی) ہے، ضعف معدہ کیلئے اس میں برابر وزن سنگ دانہ مرغ ملا کر تین گرام ہر کھانے کے بعد کھانا نہایت فائدہ مند ہے۔

عضلاتی مخاطی غذائیں: 1: (خشک سرد) مٹر، لوبیا، ارہر، ہرا چھولیا، کالے چنے، کچنار، سبز مرچ، چنے پلاؤ، کوئی ترشی، باجرے کی روٹی، بوڑھ کی داڑھی کا قہوہ، انجبار کا قہوہ، لیموں کا اچار، تیھو کا اچار، مربہ آملہ، مربہ ہریڑ، مربہ بہی، مونگ پھلی، بھنی ہوئی مکئی، شربت انجبار، سکنجبین، جامن، آڑو، چکوترہ، انار قندھاری، آلوچہ، ترش پھلوں کا جوس، وغیرہ

عضلاتی قشری محرک: 2: (خشک گرم) لونگ دو گرام، جاوتری ایک گرام پیس لیں، نصف سے ایک گرام دوا لونگ، دارچینی کے قہوے سے دن میں چار مرتبہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد دیں۔

افعال: عضلات کو مشینی طور پر تحریک دیتی ہے، مقوی جگر ہے، ریاح کو پیدا کر کے خارج کرتی ہے، ملیریا بخار، ٹانگوں کی درد، کمر درد بوجہ سردی، نزلہ بارد، اسہال، عصابہ اور ہیضے کو مفید ہے، جب دل بوجہ کثرت رطوبات پھول گیا ہو اور فشار الدم ضعیف کا عارضہ لاحق ہو چکا ہو تو یہ دوا آب حیات کا کام کرتی ہے، راز کی بات یہ ہے کہ مغلظات کے بعد مقوی باہ ہے۔

نفع خاص: ہیضے کے لئے اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔

عضلاتی قشری شدید:2:(خشک گرم) ازصابر ملتانی"

دار چینی تیس گرام،لونگ بیس گرام، جاوتری دس گرام،سب ادویہ پیس کر ملالیں دو گرام دوا دن میں تین مرتبہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد قہوہ مذکورہ سے دیں۔

نفع خاص: اعصابی نزلہ اور اعصابی دردوں کو نہایت تیزی سے فائدہ کرتی ہے، ہیضہ کیلئے تیز بہدف دوا ہے، اس مقصد کیلئے اجوائن دیسی اور پودینے کے قہوہ سے دیں۔

عضلاتی قشری ملیّن:2:(خشک گرم) ازمصنف

دار چینی تیس گرام،لونگ بیس گرام، جاوتری دس گرام سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملالیں،عمر کے مطابق نصف گرام سے ایک گرام تک قہوہ مذکورہ سے دیں۔

افعال: حسب مذکورہ اولیٰ سے بہت بڑھ کر ہیں۔

نفع خاص: ضعف باہ اور ملیریا بخار ٹانگوں کے درد کو از حد مفید ہے،اس دوا میں چونکہ کچلہ شامل ہے اس لئے اسے کبھی بھی خالی معدہ استعمال نہ کیا جائے۔

عضلاتی قشری مسہل:2:(خشک گرم)

ملیّن میں سے ساٹھ گرام، مصبّر تیس گرام، شحم حنظل تیس گرام، ملا کر پیس لیں اور 0 نمبر کے کیپسول بھر لیں،رات کو سوتے وقت دو کیپسول تازہ پانی سے دیں۔

نفع خاص: مخاطی مادہ کو سفید سفید لچھوں کی شکل میں بذریعہ پاخانہ تھوڑا سا وٹ ڈال کر نکالتی ہے، ملیریا بخار کا تریاق ہے۔

عضلاتی قشری اکسیر 2: (خشک گرم) شنگرف دس گرام، مالکنگنی پچاس گرام کچلہ مدبر پچاس گرام، لونگ تیس گرام، سب ادویہ الگ الگ پیس کر مویز کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں ایک سے دو گولیاں کھانے کے بعد لونگ دارچینی کے قہوے سے دن میں تین مرتبہ دیں۔

نفع خاص: حرارت غریزی کو قائم کر کے جسم کی گرتی ہوئی قوت کو بحال کرتی ہے۔

عضلاتی قشری تریاق T2: (خشک گرم) لونگ سو گرام، جاوتری پچاس گرام، پیس لیں اور اس کے اوپر تیس گرام تیزاب گندھک ڈال کر کسی آہنی سلائی سے ہلاتے رہیں جب سب کچھ یک جان ہو جائے تیار ہے نصف گرام دوا دارچینی کے قہوے میں ایک چمچ سرکہ ملا کر دیں۔

نفع خاص: پھیکی قے جو منہ بھر کر آئے، ہیضے کی قے اور اسہال کو از حد مفید ہے، ملیریا بخار میں حفظ ماتقدم کے طور پر بھی استعمال کر سکتے ہیں، اسی گروپ کی دی ہوئی دوا کی بہت مددگار بھی ہے۔

عضلاتی قشری غذائیں 2: (خشک گرم) بڑا گوشت، مچھلی بیسن والی، حلیم، انڈے کی زردی، دال چنے، کریلے، ٹماٹر، بڑا قیمہ، بڑے گوشت کے کباب، پیاز، کڑہی پکوڑے، بیسن کی روٹی، دارچینی لونگ کا قہوہ، سرخ مرچ، چھوہارے، پستہ، بھنے ہوئے چنے، بیسن کا حلوہ، جاپانی پھل آدھا پکا ہوا، ناریل خشک، مویز منقیٰ، شربت دارچینی وغیرہ۔



قشری عضلاتی محرک: 3: (گرم خشک) از مصنف

اجوائن دیسی پیس کر رکھ لیں۔
تین گرام دن میں تین مرتبہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد اجوائن دیسی کے قہوہ سے دیں۔

افعال: جگر کو کیمیاوی طریقے سے فعلاً تیز کر کے صفراء پیدا کر کے خون کے اندر روکتی ہے، بہترین مقوی معدہ وامعاء اور ہاضم ہے، برابر وزن کالی مرچ ملا کر تین گرام، خون کو پتلا کر کے شریانوں اور وریدوں میں سے گذارتی ہے، سردی کے امراض کے لئے بالضد مفید ہے، ملیریا بخار کو نفع بخش ہے۔

نفع خاص: بہترین ہاضم اور مخرج ریاح ہے، سردی کے بخاروں کو مفید ہے۔

قشری عضلاتی شدید: 3: (گرم خشک) اجوائن دیسی سو گرام، گندھک آملہ سار پچاس گرام پیس کر ملا لیں، ایک تا تین گرام عمر کے مطابق دن میں تین دفعہ کھانے کے بعد تازہ پانی سے یا پودینہ اور ادرک کے قہوہ سے دیں۔

افعال: مذکورہ اولیٰ ہیں۔

نفع خاص: بواسیر خونی (عضلاتی) کو مفید ہے، اگر اس میں ہم وزن چھلکا ریٹھا پیس کر ملا لیا جائے تو نفع بڑھ جاتا ہے۔

قشری عضلاتی ملیّن: 3: (گرم خشک) اجوائن دیسی، گندھک آملہ سار، بانجی سب برابر وزن پیس لیں، ایک گرام سے دو گرام تک دن میں تین مرتبہ کھانے کے آدھا

گھنٹہ بعد پانی سے دیں یا اجوائن پودینے کے قہوے سے دیں۔

افعال: تمام ریاحی امراض کو مفید ہے، گلے سے اترتے ہی ریاح کا خاتمہ کر دیتی ہے، قبض سخت مواد گٹھلیوں کی شکل میں، بواسیر جس میں شوخ سرخ خون آئے، اس بواسیر میں درد جلن کچھ نہیں ہوتی، بواسیر بادی، کثرت طمث عضلاتی، پھوڑے جن میں سے سبز رنگ کا گاڑھا مواد خون آمیز خارج ہو، خشک خارش، تحجر مفاصل، ریاح شکم، پاؤں کی انگلیاں لگ جانا، غرضیکہ تمام عضلاتی اور مخاطی امراض کو مفید ہے۔

نفع خاص: مؤلد صفراء ہے، خشکی اور سردی کے تمام امراض میں مفید و مجرب ہے۔

قشری عضلاتی مسہل:3: (گرم خشک) سو گرام ملتین 3 لے کر اس میں ایک گرام مغز جمالگوٹہ پیس کر ملا لیں، 0 نمبر کا کیپسول بھر کر رکھ لیں، بوقت ضرورت ایک سے دو کیپسول تک تازہ پانی سے دیں، جمالگوٹہ کو مدبر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

نفع خاص: ایک کیپسول قوت باہ کو خوب تحریک دیتا ہے، لیکن کسے؟ جس کی قوت سردی کی وجہ سے ختم ہو گئی ہو۔

قشری عضلاتی اکسیر:3: (گرم خشک) پارہ ایک حصہ، گندھک آملہ سار سات حصہ۔

پارے کو شیشہ نمک میں کھرل کریں جب سیاہ ہو جائے تو پانی سے دھو کو نمک نکال دیں یہ عمل بار بار کریں، جب پارہ چاندی کی طرح شفاف ہو جائے تو گندھک شامل کر کے خوب کھرل کریں کہ چمک نہ رہے، اکثر طبیب اس کو کجلی کے نام سے جانتے ہیں، دو تا چار چاول دن

میں تین مرتبہ کھانے کے بعد اجوائن پودینے کے قہوے سے دیں، اس کو جس بھی دوسری دوا میں ملا دیں اس کی قوت کو کئی گنا بڑھا دیتی ہے۔

افعال: مذکورہ بالا ہی ہیں، اگر اسے ویزلین سفید میں دسواں حصہ ملا کر جو پھوڑے پکتے نہیں ہیں ان پر روزانہ لگائیں تو تین چار روز میں پک جاتے ہیں، جیسا کہ شوگر کے پھوڑے

نفع خاص: خشک خارش کے لئے روغن سرشف میں ملا کر لگانے سے نہایت فائدہ ہوتا ہے، اگر کسی کو بجلی کا جھٹکا لگ گیا ہو تو اسے دودھ کے ساتھ استعمال کرانے سے اس کی کھوئی ہوئی توانائی فوراً بحال ہو جاتی ہے، جذام تک کو مفید ہے، اس مقصد کیلئے اس میں چار حصے کلونجی ملا کر ایک تا دو گرام دوا کھانے کے بعد تازہ پانی سے دیں۔

قشری عضلاتی تریاق:T3: (گرم خشک) اجوائن دیسی دوسو گرام میں گندھک کا تیزاب چالیس گرام کسی پلاسٹک کے برتن میں ڈال کر آہنی سلائی سے ہلاتے رہیں جب دوا خوب حل ہو جائے تو اس کا رنگ کالا ہو جائے گا، تیار ہے، ایک گرام دن میں تین مرتبہ لونگ دارچینی یا اجوائن پودینے کے قہوے سے دیں۔

افعال: مذکورہ بالا ہیں لیکن ہیضہ کیلئے خصوصی طور پر مفید ہے۔

قشری عضلاتی غذائیں: انڈوں کا آملیٹ، انڈوں کا حلوہ، نان حلیم، شہد سلائس، قہوہ اجوائن، قہوہ تیزپات کلونجی چٹنیں، بکرے کا گوشت، دیسی مرغی کا گوشت، تیتر، بٹیر، تلئیر کا گوشت، کلیجی، پکوڑے، میتھی، تکے، روغن زیتون سے میتھی والا پراٹھا، کباب، شوربہ والی مچھلی، جھینگا، دیسی گھی، دال مسور، سرسوں کا ساگ، باتھو کا ساگ، پالک، چوہنگاں، بینگن،

کلیجے وغیرہ، آم دیسی، خوبانی تازہ، کھجور تازہ شیریں، اجوائن اور ادرک کا قہوہ، پودینہ کا قہوہ، شہد سے میٹھا کر کے پئیں، تیز پتی کی چائے، پشاوری قہوہ، سگریٹ، پان، لیمن گراس کا قہوہ، کافی، گرین ٹی۔

قشری اعصابی محرک :4: (گرم تر) از مصنف

زنجبیل پچاس گرام، نوشادر ٹھیکری تیس گرام، پیس کر کپڑ چھان کر لیں، ایک گرام کھانے کے بعد تازہ پانی سے یا ادرک کے قہوے میں شہد ملا کر دن میں تین مرتبہ دیں۔

افعال: جگر کو مشینی تحریک دے کر صفراء کو پیدا کر کے ساتھ ہی اس کا اخراج شروع کر دیتی ہے، بہترین ہاضم ہے، ریاح کا خاتمہ کرتی ہے، موسمی بخاروں کو مفید ہے، گاڑھی سبز بلغم کو پتلا کر کے خارج کرتی ہے، دمہ خالص کے لئے بہترین دوا ہے، TGIR (ٹرائی گلیسرائیڈ) کیلئے مفید ہے، خون کو پتلا کر کے رگوں میں سے گذرنے کے قابل بناتی ہے۔

نفع خاص: ریاح کو ختم کرتی ہے، مشتہی ہے۔

قشری اعصابی شدید :4: (گرم تر) زنجبیل پچاس گرام، نوشادر ٹھیکری تیس گرام، فلفلسیاہ دس گرام، سب ادویہ پیس کر ملا لیں، ایک تا دو گرام دوا دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد تازہ پانی سے لے کر اوپر سے ادرک اور پودینے کا قہوہ پلائیں۔

افعال: مذکورہ بالا ہی ہیں لیکن دائمی ہیں۔

نفع خاص: دمہ خالص کے لئے نہایت مفید ہے اس مقصد کے لئے دودھ میں شہد ڈال کر استعمال کرائیں، خشک کھانسی کے لئے میں اس کے ساتھ تریاق 45 ایک ایک گولی دیتا

ہوں جو کہ نہایت مفید و مجرب ہے۔

قشری اعصابی جدید:4: (گرم تر) ملٹھی، ہلدی، سونف سب برابر وزن لے کر پیس لیں ایک سے تین گرام نیم گرم دودھ سے استعمال کرائیں۔

افعال۔ تیزابیت معدہ، گلے کی قشری سوزش، بلغمی کھانسی، ناک کے غدود بڑھ جانا، وغیرہ کو از حد مفید ہے، معدے کے السر کیلئے میں اس کے ساتھ قروح معدہ نصف گرام صبح شام نہار نیم گرم دودھ کے آدھے کپ کے ساتھ دیتا ہوں، مجرب ہے۔

نفع خاص: گلے کی قشری سوزش خواہ کسی بھی درجے میں ہو نیم گرم دودھ یا دودھ میں بنفشہ، بہی دانہ ابال کر استعمال کرانے سے بہت تیزی سے سوزش دور کر کے سکون کا باعث بنتی ہے، مطب پر سب سے زیادہ چلنے والا نسخہ ہے۔

قشری اعصابی ملیّن:4: (گرم تر) زنجبیل پچاس گرام، نمک سیاہ پچیس گرام، فلفلسیاہ ایک گرام، ریوند خطائی چالیس گرام،، پودینہ خشک چالیس گرام، سب ادویہ اچھی طرح صاف کر کے پیس لیں، ایک سے تین گرام دن میں چار بار تازہ پانی یا قہوہ مذکور سے استعمال کرائیں۔

افعال: جگر کو مشینی تحریک دے کر صفراء پیدا کر کے جسم کی ضرورت کے مطابق استعمال کر کے فالتو کا اخراج کرتی ہے، مقوی دماغ ہے بہترین ہاضم ہے، بواسیری خون (عضلاتی) کو مفید ہے، ضعف اشتہا کو مفید ہے، موسمی بخاروں کے لئے اعلیٰ دوا ہے، عضلاتی احتلام کو مفید ہے، وجع المفاصل عضلاتی کو مفید ہے، مالیخولیا مراقی کے لئے نفع بخش ہے،

چہرے کے سیاہی مائل کیلوں کے لئے نہایت فائدہ مند ہے۔

نفع خاص: چہرے کے کیلوں کے لئے از حد مفید و مجرب ہے، اس مقصد کیلئے اعصابی مخاطی ملین دو حصے اس میں شامل کر کے پانچ گرام دوا دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد پانی سے دیں یا عرق مکو کاسنی سے دیں۔

قشری اعصابی مسہل :4: (گرم تر) سو گرام ملین میں دس گرام ریوند عصارہ پیس کر ملا لیں، 0 نمبر کیپسول بھر کر رکھ لیں، رات کو دو کیپسول تازہ پانی سے دیں اگر اس کے ساتھ چھلکا اسپغول ایک چمچ نیم گرم دودھ کے ساتھ دیا جائے تو پاخانے نہیں لگتے بلکہ صرف ایک ہی حاجت کھل کر ہوتی ہے۔

افعال: مذکورہ بالا میں اگر ساتھ قبض ہو تو اسے استعمال کرائیں بے ضرر مسہل ہے، یرقان اصفر میں اسے کبھی نہ بھولیں، اس سے آنتوں کے سدے کھل کر یرقان دور ہوگا۔

قشری اعصابی اکسیر :4: (گرم تر) ہڑتال ورقیہ دس گرام سرمہ ساں کر لیں، اور یہ ادویہ الگ پیس کر اس میں اچھی طرح ملا لیں، زنجبیل پچاس گرام، الائچی خرد پچیس گرام، فلفلسیاہ تیس گرام، چینی ایک سو بیس گرام، نصف گرام دوا دودھ گرم سے دیں۔

افعال: خونی پیچس (مروڑ) قشری کھانسی، مخاطی، اعصابی اور عضلاتی بخار بواسیر خونی اور کثرت طمث (جو فائبرائیڈ رسولیوں کی وجہ سے ہو) کو نہایت مفید ہے۔

نفع خاص: بواسیر خونی کے لئے ساتھ ایک ایک گولی حب بندق نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

قشری اعصابی تریاق:T4: (گرم تر) ہڑتال ورقیہ دس گرام سرمہ ساں کر کے اس میں دس تولہ پپلا مول کا کپڑ چھان کیا ہوا سفوف ملا دیں، نصف گرام دودھ میں شہد ملا کر دیں۔

افعال: دمہ خالص کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

قشری اعصابی غذائیں:4: (گرم تر) دال مونگ، شلغم زرد، چھوٹا مغز اور پائے، مونگرے، پالک، نمکین دلیہ، چقندر، آم کا اچار، گندم کی روٹی، کلیجی، جو کے ستو، کالی مرچ، مربہ آم، مربہ ادرک، حریرہ بادام، حلوہ بادام، قہوہ ادرک شہد والا، قہوہ سونف پودینہ، قہوہ زیرہ سفید، زیرہ سفید دودھ میں ابال کر، اونٹنی کا دودھ، روغن زیتون، پپیتہ، کھجور تازہ، خربوزہ، شہتوت، کشمش، انگور، آم شیریں، گلقند دودھ میں ابال کر، عرق سونف، عرق زیرہ سفید، شربت بزوری حار وغیرہ

اعصابی قشری محرک:5: (تر گرم) از صابر ملتانیؒ

ملٹھی پیس کر رکھ لیں۔

ایک گرام سے تین گرام دوا نیم گرم دودھ سے کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد دن میں تین مرتبہ دیں، اگر اس میں برابر وزن چھلکا اسبغول ملا کر چھ گرام دوا دودھ سے لی جائے تو آنتوں کی سوزش اتار کر با آسانی اجابت لانے والی ہے۔

افعال: خون کہیں سے بھی آ رہا ہو اسے بند کرتی ہے، سینہ کو نرم کرتی ہے، جلن بول، جلن فم معدہ و مری، کے لئے نہایت فائدہ مند دوا ہے، چھلکا والی دوا قشری بواسیر کیلئے مفید ہے۔

نفع خاص: خون بند کرتی ہے۔

اعصابی قشری شدید :5: (تر گرم) ملٹھی اور سہاگہ سفید برابر وزن ملا کر پیس لیں، ایک سے دو گرام دن میں چار مرتبہ دودھ گرم سے دیں۔

افعال: مذکورہ بالا علامات کے علاوہ دق وسل کو مفید ہے۔

نفع خاص: حابس دم (خون بند کرنے والی) ہے، جلن کہیں بھی ہو فی الفور مفید ہے۔

اعصابی قشری ملیّن :5: (تر گرم) سہاگہ سفید سو گرام، ملٹھی سو گرام، ریوند خطائی ایک سو تیس گرام سب ادویہ پیس لیں، ایک سے دو سے تین گرام کھانے کے بعد دن میں تین مرتبہ نیم گرم دودھ سے دیں۔

افعال: مذکورہ بالا علامات کے علاوہ چھپاکی، تقطیر البول، فم معدہ سے لے کر نیچے کی تمام قشری سوزشوں کو مفید ہے۔

نفع خاص: تقطیر البول اور السر معدہ کے لئے لاجواب دوا ہے۔

اعصابی قشری مسہل :5: (تر گرم) ملیّن میں سے پچاس گرام لے کر اس میں دس گرام ریوند عصارہ نہایت باریک پیس کر اچھی طرح ملا لیں، ایک سے ڈیڑھ گرام رات کو سوتے وقت نیم گرم دودھ سے دیں۔

افعال: مذکورہ بالا علامات کے ساتھ جب قبض ہو تو اسے ہر گز نہ بھولیں۔

نفع خاص: کم سن لڑکیوں کو جب حیض درد کے ساتھ آئے تو ایام شروع ہونے سے تین روز پہلے ایام آنے تک روزانہ شام کو ایک کیپسول گرم دودھ سے کھلانا درد کو آدھے گھنٹے میں موقوف کرتی ہے، اگر دو تین ماہ ایسا ہی کریں تو اعضاء مخصوصہ اندرونی کی سوزش اتار کر حیض کو درست کرنے والی دوا ہے، یرقان اصفر کو نہایت مفید ہے۔

دیگر: سہاگہ سفید پچاس گرام، سوڈا خوردنی پچاس گرام، ریوند عصارہ بیس گرام سب ادویہ پیس لیں، 0 نمبر کے ایک تا دو کیپسول نیم گرم دودھ سے دیں، دواؤں کے دو نمبر ہونے کی وجہ سے یہ مسہل نیا ترتیب دیا ہے اس کے بھی تذکرہ اولیٰ کے علاوہ کئی اور فوائد ہیں، بے ضرر ہے، سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس کے استعمال سے متلی نہیں ہوتی ورنہ تذکرہ اولیٰ مسہل سے کئی مریضوں کو متلی سے بڑھ کر قے بھی ہو جاتی تھی، اس کے افعال تیز کرنے کیلئے آپ ریوند عصارہ چالیس گرام کر سکتے ہیں اور مقدار خوراک ایک کیپسول ہوگی، اگر کسی مریض کو زیادہ پاخانے آنے لگیں تو اس ایک کیپسول کے ساتھ ڈیڑھ چمچ چھلکا اسبغول دے دیا کریں اس طرح صرف ایک ہی پاخانی کھل کر ہوگا۔

اعصابی قشری اکسیر :5: (تر گرم) حجر الیہود ادس گرام، نوشادر ٹھیکری دس گرام، الائچی خرد دس گرام، کہرباء شمعی دس گرام، چینی پچاس گرام، سب ادویہ کو سرمہ ساں کر کے محفوظ کر لیں، ایک گرام دن میں چار دفعہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد نیم گرم دودھ سے دیں۔

افعال: سوزش گردہ، پتھری گردہ، پتھری مثانہ، جلن بول، بواسیر خونی، کے لئے نہایت اعلیٰ دوا ہے۔

نفع خاص: گردے مثانے کی پتھریوں کیلئے بہت مفید ہے۔

اعصابی قشری تریاق: T5: (ترگرم) ریوند خطائی، ملٹھی، سہاگہ سفید ہر ایک پچاس گرام پیس کر اس میں دس گرام شیر مدار اچھی طرح ملالیں، نصف سے ایک گرام نیم گرم دودھ سے دن میں چار دفعہ کھانے کے بعد دیں۔

افعال: خون آنے کو روکتی ہے، سینے کی جلن، پیشاب کی جلن، کو مفید ہے، عورتوں میں جب حیض بہت درد کے ساتھ آئے تو مفید ہے، ایسٹروجن ہارمون بڑھاتا ہے تو رحم اور فاذفین کی قشری سوزش فوراً اتر جاتی ہے، حیض صحیح آنے لگتا ہے اور عورت صاحب اولاد ہو جاتی ہے، کئی سالوں سے بے خطا دوا کے طور اور شفاء بخش کے طور مستعمل ہے۔

نفع خاص: تپ دق کے لئے واقعی تریاق ہے۔

دیگر: ملٹین میں سے دوسو پچاس گرام لے کر اس میں دس گرام شیر مدار ملالیں، تیار ہے ایک سے دوگرام تک نیم گرم دودھ سے تین مرتبہ دن میں بعد از غذا دیں۔

افعال: تذکرہ اولیٰ کے علاوہ نزلہ حار کو، بواسیر قشری جس میں جلن اور درد بہت ہو تو اس دوا سے بڑھ کر کوئی دوا نہ ہوگی، ہمارے مطب پر یہ دوا ٹنوں کے حساب سے استعمال ہو چکی ہے، لڑکوں اور لڑکیوں میں نوجوانی کے عالم کی قشری سوزشوں کے لئے لاثانی دوا ہے۔

اعصابی قشری غذائیں: 5: (ترگرم) کدو، ٹینڈے، حلوہ کدو، گھیا توری، شلغم سفید، امرود، گرما، سردا، دودھ میٹھا، پھیکا خربوزہ، مربہ گاجر، حلوہ گاجر، انار شیریں، انار کا جوس، خمیرہ گاؤزبان سادہ عرق گاؤزبان، انجیر، قہوہ گل سرخ، بالائی، حلوہ سوجی، دودھ

گنے کا رس، پنیر، آش جو، شربت بزوری معتدل، شربت بنفشہ، شربت بادام، وغیرہ سویاں، میٹھا دلیہ، بند، رس، ڈبل روٹی، بسکٹ، دودھ جلیبی، جیلی، برفی، کھویا، گنڈیریاں،

اعصابی مخاطی محرک :6: (تر سرد) از مصنف

قلمی شورہ سو گرام، صندل سفید پچاس گرام، دونوں کو الگ الگ پیس کر ملا لیں، ایک سے تین گرام دوا، دن میں تین دفعہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد شربت بزوری بارد یا دودھ سوڈے سے دیں، ایک کپ چائے میں دو گلاس تازہ پانی ملا کر بھی لے سکتے ہیں۔

افعال: تمام قشری سوزشوں کو مفید ہے، جلن بول، چھپاکی، یرقان زرد، سوزاک سوزش گردہ و مثانہ، احتباس بول، جلن کف و پاء، کو مفید ہے۔

نفع خاص: جلن بول اور سوزاک کے پہلے درجے میں نہایت فائدہ مند ہے۔

اعصابی مخاطی شدید :6: (تر سرد)

قلمی شورہ سو گرام، سوڈا خوردنی پچاس گرام، جوکھار پچیس گرام، سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملا لیں، ایک سے تین گرام دن میں تین مرتبہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد شربت بزوری بارد یا کچی لسی سے دیں۔

افعال: حرقتہ البول (جلن بول) بندش بول، سوزاک، پتھری گردہ و مثانہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

نفع خاص: حرقتہ البول کے لئے بدرجہ اتم مفید ہے، پیشاب کھول کر لاتی ہے۔

اعصابی مخاطی ملیّن :6: (تر سرد)

تخم کاسنی ایک کلو، سوڈا خوردنی آدھا کلو،

اول الذکر دوا پیس کر ثانی الذکر کو چھان کر اس میں ملا لیں، تین گرام دوا دن میں تین مرتبہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد پانی سے دیں۔

افعال: سوزش جگر سے پیدا شدہ شدہ امراض، یرقان اصفر، جلن کف و پاء، سوزاک، سوزش گردہ و مثانہ کو بہت مفید ہے۔

نفع خاص: سوزش جگر، گردہ و مثانہ کو نہایت مفید ہے، جب قبض ہو تو یہ دوا دیں۔

دیگر: (GN) تخم کاسنی کلو، کشنیز، تخم خرفہ، تخم کاہو، گل نیلوفر، قلمی شورہ سب آدھا آدھا کلو، گل گیسو دو سو پچاس گرام، سب ادویہ پیس لیں، سب ادویہ صاف کر کے اچھی طرح پیس لیں، اور پانچ گرام دوا شربت بزوری بارد، دودھ سوڈا، کچی لسی سے تین مرتبہ دن میں کھانے کے بعد دیں۔

نفع: جگر کے جمیع حار امراض کیلئے نہایت مفید و مجرب ہے، ہیپا ٹائٹس کی خاص دوا ہے، جلن بول، چھپا کی، درد گردہ، سوزش گردہ کیلئے مخصوص دوا ہے، معمول مطب ہے۔

اعصابی مخاطی مسہل :6: (ترسرد) ملین میں سے پچاس گرام لے کر اس میں دس گرام سقمونیا و لائتی الگ پیس کر ملا لیں، ایک گرام رات کو تازہ پانی سے دیں۔

افعال: صفراء کو خارج کرنے کے لئے اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہ ہو گی۔

نفع خاص: یرقان اصفر کے مریض کو ضرور استعمال کرائیں، یہ دوا جگر سے لے کر آنتوں تک کے سدد کو خارج کر کے یرقان جیسی علامت کو درست کرتی ہے۔

اعصابی مخاطی اکسیر :6: (تر سرد) کشتہ مرجان مکھن والا، برادہ چاندی یا ورق چاندی دونوں دس دس گرام لے کر کھرل کریں جب چمک ختم ہو جائے تو اس میں آب گلھر دس تولہ کھرل کے ذریعے جذب کریں، قوام درست ہونے پر چونی برابر اتنی ہی موٹی ٹکیاں بنا کر خشک کر لیں، اب ایک کوزہ گلی میں رکھیں اور ہوا سے بچا کر ڈیڑھ کلو اپلوں کی آگ دیں، آگ سرد ہونے پر نکال لیں، ہلکے سرمئی رنگ کا کشتہ برآمد ہو گا، سرمہ ساں کر کے رکھ لیں، دو تا چار چاول سردیوں میں نیم گرم دودھ سے اور گرمیوں میں دودھ سوڈے سے دیں۔

افعال: غلبہء صفراء کو فی الفور ختم کرتی ہے، طحال و غدد جاذبہ کی مقوی دوا ہے، اس لئے طحال کو قوت دے کر اس کے ضعف یا سکون سے متعلقہ تمام امراض کا خاتمہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

نفع خاص: دل کی گھبراہٹ اور بچوں کا قد بڑھانے کو مفید ہے۔

اعصابی مخاطی تریاق :T6: (تر سرد) از ڈاکٹر محمد صدیق رہبر کلیمی

چھلکا ریٹھا پچاس گرام، کافور دس گرام، دونوں ادویہ کو عرق گلاب میں کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں باندھ لیں، بوقت ضرورت ایک تا دو گولی کچی لسی یا شربت بزوری بارد سے دیں۔

نفع خاص: سانپ اور سنکھیا کے زہروں کا تریاق ہے۔

اعصابی مخاطی غذائیں :6: (تر سرد) کدو، کھیرا، شلغم سفید، سیاہ ماش کی دال، مولی کی بھجیا، پیٹھا، ککڑی، کھچڑی، ساگودانہ، فرنی، گجریلا، گاجر کی کھیر، چاول کی کھیر، پیٹھے کی

مٹھائی، لوکاٹھ، کچی لسی، سیون اپ دودھ، مکھن، میٹھی لسی، مالٹا، میٹھا، مسمی، املی، کیلا کیلے کا ملک شیک، آئس کریم، فالودہ، عرق کاسنی، شربت صندل وغیرہ

مخاطی اعصابی محرک: 7: (سرد تر) از مصنف

تخم ریحان، موصلی سفید ہر دو برابر وزن پیس لیں۔
دو سے تین گرام نیم گرم دودھ کے ہمراہ کھانے سے ایک گھنٹہ قبل دن میں دو بار دیں۔

افعال: نہایت ہی مغلّظ ہے، جب قشری تحریک کی وجہ سے مادہ منویہ نہایت رقیق ہو گیا ہو تو یہ دوا نہایت فائدہ مند ہوتی ہے۔

نفع خاص: رقت، سرعت کو بڑے بڑے قیمتی نسخوں سے بڑھ کر نہایت مفید ہے۔

مخاطی اعصابی شدید: 7: (سرد تر)

تودری سفید پچاس گرام، موصلی سفید بیس گرام، ملا کر پیس لیں، تین سے پانچ گرام دودھ اور دہی کی لسی سے یا کیلے کے ملک شیک کے ہمراہ صبح شام قبل از غذا استعمال کرائیں۔

افعال: مادہ منویہ کثیر المقدار پیدا کرتی ہے، اعلیٰ درجہ کی مغلّظ دوا ہے۔

نفع خاص: رقت، سرعت کو بدرجہ غایت مفید ہے، اگر مزید نفع حاصل کرنا مقصود ہو تو اس میں تین ماشہ شمع (افیون) ملانے سے ممسک بھی ہو جاتی ہے۔

مخاطی اعصابی ملیّن: 7: (سرد تر) از حکیم محمد شبیر صاحب

تودری سرخ، تودری سفید، بہمن سرخ، بہمن سفید، موصلی سفید، سب ہر ایک بیس گرام، تخم کاہو،

خرفہ سیاہ پچاس پچاس گرام،کالا دانہ(عشق پیچہ) سو گرام،سب ادویہ صاف کرکے پیس لیں،دو گرام سے تین گرام دوا تازہ پانی یا نیم گرم دودھ سے دیں۔

ازحکیم فرقان احمد صابری مرحومؒ

دیگر:

تخم کاہو،تخم خرفہ سیاہ،تخم کاسنی،گلو خشک،سب برابر وزن پیس لیں تین گرام دوا تازہ پانی یا شربت بزوری بارد یا شربت گوند سے کھانے کے بعد تین مرتبہ دن میں دیں۔

افعال: رقت کی وجہ سے احتلام اور سرعت انزال کو مفید ہے،فشار الدم قوی (قشری) کو،آنتوں کی مزمن سوزش،ذکاوت حس وغیرہ کو مفید ہے،میں اسے قشری بواسیر میں بھی بے خطا استعمال کرتا ہوں لیکن اس کے ساتھ حب بندق بھی دی جاتی ہے،فوراً فائدہ کرتی ہے۔

نفع خاص: آنتوں کی پرانی قشری سوزش کے لئے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے،آنتوں پر گاڑھی لیس دار رطوبت پیدا کرکے ان کے پرانے زخموں کو ٹھیک کرتی ہے،لیکن ایک بات یاد رہے کسی بھی فشار الدم ضعیف اور ٹرائی گلیسرائیڈ کے مریض کو نہیں دینا۔

مخاطی اعصابی مسہل: 7: (سردتر) پچاس گرام دوا مذکورہ بالا میں دس گرام سقمونیا ولائتی الگ پیس کر ملا دیں،ایک گرام سے دو گرام دوا،رات کو سوتے وقت نیم گرم دودھ سے استعمال کرائیں،بعد میں دانتوں کو اچھی طرح صاف کرلیں۔

افعال: صفراوی امراض کے ساتھ جب قبض ہو تو اسے نہ بھولیں۔

نفع خاص: صفراء کو بذریعہ پاخانہ خارج کرتی ہے،بالضد طریقہ سے جگر میں تسکین پیدا کرکے صفراء کی پیدائش کو روکتی ہے،بلڈ پریشر کو لو اور بھوک بند کرتی ہے۔

مخاطی اعصابی اکسیر: 7: (سردتر) کشتہ شاخ مرجان پانچ سوملی گرام، ایک چمچ مکھن سے صبح شام خالی معدہ دیں۔

افعال: کیلشیئم کی کمی سے پیداشدہ امراض کے لئے لاثانی دوا ہے۔

نفع خاص: بچوں کے قد بڑھانے، مٹی کھانے کی عادت چھڑانے، ٹوٹے ہوئے جوڑوں کے جوڑنے کیلئے اعلیٰ قسم کی دوا ہے، یعنی جو ہڈی ٹوٹ جائے اور کسی دوا سے فائدہ نہ ہو اس دوا کے استعمال سے بفضلہٖ تعالیٰ ﷻ بہت جلد جوڑ لوہے کی طرح جڑ جاتا ہے۔

مخاطی اعصابی تریاق: T7: (سردتر) از ڈاکٹر محمد صدیق رہبر کلیمی

لوبان کوڑیا دس گرام، چینی دس گرام، شمع (افیون) ایک گرام، سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملا لیں، سات سوملی گرام دوا نیم گرم دودھ سے دن میں دو مرتبہ کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے یا ڈیڑھ گھنٹہ بعد دیں۔

افعال: اعلیٰ درجہ کی مسک دوا ہے، قشری مریضوں کے لئے کسی نعمت سے کم نہیں، سرعت، رقت، شوگر خالص، لیکوریا، جریان، سوزاک جس میں پیپ آرہی ہو کو نہایت مفید دوا ہے۔

نفع خاص: مسک بے نظیر ہے۔

مخاطی اعصابی غذائیں: 7: (سردتر) اروی، بھنڈی، ثابت ماش کی دال، کیلے کا سالن، انڈے کی سفیدی، پھلی والی لیس دار سبزیاں، سلاد کے پتے، لسوڑھے کا اچار، بگوگوشہ، ناشپاتی، سنگھاڑے تازہ، قہوہ بڑی الائچی، گوند کتیرا اور بالنگو، ساگودانہ

مخاطی عضلاتی محرک:8:(سردخشک) از مصنف

صندل سفید پچاس گرام، کافور دس گرام، الگ الگ پیس کر ملالیں، 0 نمبر کیپسول بھر لیں،
ایک کیپسول صبح ایک شام شربت بزوری بارد سے کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد دیں۔

افعال: حرقۃ البول (پیشاب کی جلن) سوزاک حاد (تازہ) حدت خون کو کم کرتی ہے اور مصفی خون ہے۔

نفع خاص: سوزاک حاد کے لئے بہت مفید ہے۔

مخاطی عضلاتی شدید:8:(سردخشک)

صندل سفید پچاس گرام، ریشہ خطمی سو گرام، دونوں ادویہ کو باریک پیس لیں، ایک گرام سے تین گرام دوا، لسی یا شربت بزوری بارد، یا شربت گوند سے دیں۔

افعال: صفراوی جنسی امراض یعنی سرعت، رقت، جریان کو مفید ہے۔

نفع خاص: جریان مذی، جریان ودی دونوں کو مفید ہے۔

مخاطی عضلاتی ملیّن:8:(سردخشک) از صابر ملتانیؒ

ریشہ خطمی دوسو گرام، زہلی سوختہ سو گرام، کا بکل سو گرام، صندل سفید پچاس گرام، اجوائن خراسانی پچاس گرام، سب ادویہ پیس لیں دو سے تین گرام دوا کھانے کے بعد قہوہ ریش برگد (بوڑھ کی داڑھی) یا چنوں کے آب زلال سے دیں۔

افعال: سرعت، رقت، اور ذکاوت حس کے لئے اعلیٰ دوا ہے۔

نفع خاص: مادہءمنویہ کی حدت کم کر کے اس کے متعلقہ امراض کا قلع قمع کرتی ہے، جو ذکاوت حس کسی دوا سے ٹھیک نہیں ہوتی وہاں یہ دوا لفضلہ تعالیٰ ﷻ بہترین کام کرتی ہے۔

مخاطی عضلاتی مسہل:8: (سرد خشک)

ملیّن اور ہریڑ جلا پا برابر وزن پیس کر رکھ لیں۔

نفع خاص: مذکورہ بالا علامات کے ساتھ اگر قبض ہو تو اس دوا کو مت بھولیں۔

مخاطی عضلاتی اکسیر:8: (سرد خشک)

کشتہ عقیق، کشتہ قلعی، کشتہ چاندی الائچی خرد سب دس دس گرام، طباشیر بانسی تیس گرام، تمام ادویہ پیس کر ملا لیں، نصف گرام صبح شام خالی معدہ مربّہ آملہ سے دیں۔

افعال: خفقان، جریان، لیکوریا، سرعت، رقت کے علاوہ، مذکورہ بالا علامات میں امدادی دوا کے طور پر دے سکتے ہیں۔

نفع خاص: خفقان (دھڑکہ) کے لئے نہایت بھروسے کی دوا ہے۔

دیگر مخاطی عضلاتی ملیّن:8: (سرد خشک) از مصنف

گیری، پھٹکڑی، سنگجراح، سب پچاس پچاس گرام، تخم دھتورہ سیاہ بیس گرام، سب ادویہ پیس کر ملا لیں، نصف سے ایک گرام کالی پتی کے قہوے یا بوڑھ کی داڑھی کے قہوے سے دیں۔

افعال: قشری خون آنے کو روکتی ہے، سوزاک کے ساتھ پیپ آنے کو روکتی ہے، اندمالی

کے طور پر کام کرتی ہے،اندرونی زخموں کو خشک کرتی ہے یہ دیسی ایما کسل ہے، جس کا کوئی آفٹر ایفیکٹ نہیں، جریان لیکوریا کو مفید ہے۔

نفع خاص: سوزاک کی پیپ کو درست کرتی ہے لیکن پہلے اعصابی ادویہ سے مادے کا اخراج کر لیں بعد میں یہ دوا دیں، کب؟ جب شفاف پانی آ رہا ہو۔

مخاطی عضلاتی تریاق:T8: کشتہ چاندی، کشتہ گئودنتی برابر وزن ملا لیں، نصف گرام بوقت ضرورت شربت انجبار سے دیں، سرعت، رقت، جریان میں مفید ہے۔

مخاطی عضلاتی غذائیں:8: (سرد خشک) آلو گوبھی، خرفہ کا ساگ، کدو کا رائتہ، بند گوبھی اور سلاد کے پتے، دہی بھلے ٹماٹر پیاز کے بغیر، آلو چھولے، مکئی کی روٹی، مٹر پلاؤ، چنے پلاؤ، مربہ سیب، مربہ بہی، خمیرہ مروارید، سبز بیر، بھنے ہوئے آلو، شکرقندی، فالسہ، سنگترہ، اناناس، رس بھری، سکنجبین، وغیرہ

مجھے بھی پڑھیں

نظریہ مفرد اعضاء اربعہ کی آٹھ تحریکات کے مطابق فارما کوپیا مکمل ہوا، اللہ تعالیٰ عزوجل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ عزوجل ان ادویہ کو انسانیت کی صحت کا ذریعہ بنائے اور جن دوستوں، اور استادان فن نے ان نسخہ جات کو ترتیب دینے میں حصہ لیا اللہ تعالیٰ عزوجل ان کی اس محنت کو اور صدقہ جاریہ کو اپنی بارگاہ میں حضور کریم ﷺ کے وسیلے سے اپنی شان کے مطابق قبول و منظور فرمائے اور آخرت میں ذریعہ نجات بنائے......آمین

شروع شروع میں جب مطب کا آغاز کیا تو میں ان ہی نسخہ جات کی مدد سے مطب کیا کرتا تھا، لیکن جیسے جیسے وقت گذرتا گیا مجھے ان میں ایک کمی کا احساس ہوا کہ امراض کے حوالے

سے ان کی رفتار کچھ سست ہے، میں نے اپنے اساتذہ اکرام سے اس بات کا ذکر کیا، اس وقت میرا موقف یہ تھا کہ استاد جی ہمیں کچھ ایسا فارما کوپیا ترتیب دینا چاہیئے کہ مطلوبہ خلط بڑی تیزی سے معدہ میں دوا کے جاتے ہی اپنا کام کرنا شروع کردے اگر ہم ایسا کرنے میں کامیاب ہو گئے تو ہمارے علاج کی رفتار بہت تیز ہو جائے گی جس سے ہم موجودہ کیمیکلز بیماریوں کا نہایت کامیابی سے علاج کرسکیں گے، شاید میں اپنے مدعا کو صحیح انداز میں استاد صاحب کے گوش گذار نہ کرسکا کہ انہوں نے کچھ توجہ نہ دی یا ممکن ہے کوئی اور وجہ ہو یہ میری سمجھ میں نہیں آیا، لیکن ایک دن جب میں ان کی خدمت میں اپنی فنی پیاس بجھانے کے لئے حاضر ہوا تو اچانک موسم خراب ہو گیا، میرے دماغ میں پھر تیز رفتاری کا سودا سمایا استاد صاحب جب مطب میں تشریف لائے تو میں نے دبے لفظوں میں پھر اپنی اسی خواہش کا اظہار کیا کہ استاد جی ہمارے نسخے بہترین کام کرتے ہیں لیکن آنے والے وقت کے لحاظ سے ان کی کارکردگی مشکوک ہے کہنے لگے کیا چاہتا ہے میں نے کہا کہ آج ہم فارغ ہیں کیوں نہ کچھ نئے نسخے ترتیب دے دئے جائیں، کہنے لگے کیا یہ نسخے کام نہیں کرتے میں نے کہا جناب یہ نسخے بہترین کام کرتے ہیں لیکن میں یہ چاہتا ہوں کہ نسخہ ایسا ترتیب دیا جائے جو ہاضم قسم کا ہو اور معدے میں پہنچتے ہی اپنا کام شروع کردے اللہ تعالیٰ عزوجل استاد صاحب کا بھلا کرے اللہ تعالیٰ عزوجل ان کی عمر صحت کے ساتھ دراز کرے اور وہ اپنے دست شفاء سے اور اللہ تعالیٰ عزوجل کی مدد سے انسانیت کی فلاح کے لئے ایسے ہی کوشاں رہیں کہنے لگے مفردات لے کر آؤ، میں بھاگ کر گیا کیونکہ میری دیرینہ خواہش پوری ہو رہی تھی، آپ نے فرمایا کہ اس میں سے جتنی بھی ہاضم ادویہ ہیں ان کو ایک کاغذ پر لکھو پھر میں دیکھتا ہوں، میں نے کوئی ایک گھنٹے کی محنت سے اپنے علم کے مطابق سب ہاضم ادویہ ایک کاغذ پر لکھ دیں اب فرمانے لگے کہ دواؤں کو بولتے جاؤ اور میں بتاتا ہوں ان کے ساتھ ان کے مزاج لکھتے جاؤ، سو ہم نے

کوئی آدھے گھنٹے میں تمام ادویہ کے مزاج لکھ لئے اور پھر ایک مزاج کی ادویہ الگ کر کے ان کے وزن ترتیب دے دئے یوں ہماری اس کوشش کے نتیجے میں چاروں ہاضم سامنے آئے جو میں مجربات کے پہلے حصے میں لکھ رہا ہوں، اسی طرح پھر گا ہے بگا ہے حاضری کے نتیجے میں مختلف نسخہ جات ترتیب دئے گئے جن سے علاج کی رفتار کافی تیز ہوگئی، اکثر ذہنوں میں ایک سوال پیدا ہوگا بلکہ بہت سے دوستوں نے اس کا مجھ سے اظہار بھی کیا ہے کہ آپ کے قول کے مطابق نظریہ ایک ایسا علاج ہے جو گھر کے باورچی خانے کی مدد سے بھی کامیاب علاج کرتا ہے پھر آپ نسخوں کے پیچھے کیوں بھاگتے ہیں آپ کو تو کسی نسخے کی محتاجی نہیں ہونی چاہیئے، بلکہ میں ایک دفعہ لاہور کے نامی گرامی حکیم صاحبؒ.....جواب وفات پا چکے ہیں اللہ تعالیٰ ﷻ ان کی مغفرت فرمائے.....آمین.....کے پاس استاد صاحب کا ماہانہ رسالہ ان کی خدمت میں پیش کرنے گیا تو وہ میری شکل دیکھتے ہی مریض چھوڑ کر میری طرف متوجہ ہوئے اور کچھ تلخی سے کہنے لگے کہ کیا صابر کے نسخے کام نہیں کرتے جو تو نے اپنی کتاب کلید مطب میں اور نسخوں کا ڈھیر لگا دیا ہے میں نے کہا آپ کو کس نے کہا ہے کہ صابر صاحب کے نسخے کام نہیں کرتے فرمانے لگے پھر تو نے نظریہ میں نئے نسخے کیوں ٹھونسے، میں بحث کے موڈ میں نہیں تھا ان کی ڈانٹ خاموشی اور ہوں ہاں سے سنتا رہا، اب کیا ہے کہ مریض دور سے مجھے اشارے کر رہے ہیں کہ خدا کا واسطہ اٹھ جاؤ ہم پہلے ہی بہت لیٹ ہو چکے ہیں، مریض ہاتھ جوڑ رہے تھے، لیکن یہ عاجز بندہ حکیم صاحب کی ڈانٹ سن رہا تھا کہ حکیم صاحب مجھے کہیں اب جاؤ تو پھر ہی اٹھوں لیکن حکیم صاحب تو ایسے بھرے بیٹھے تھے کہ میرے استاد ان گرامی کے خلاف زہر اگلنے لگے کہ جاؤ اس سے جا کے پوچھو اس کا مطب میں نے چلایا ہے، ان کی عمر کا لحاظ کرتے ہوئے میں نے دبے لفظوں میں کہا کہ کوئی کسی کو کیا دے سکتا ہے دینے والی ذات تو فقط اللہ تعالیٰ ﷻ ہے قصہ مختصر مجھے بہت سے دوستوں کے ایسے ہی

سوالات کے جوابات دینے پڑے لیکن آخر کار میں اپنے مقصد میں کامیاب ہوا اور مجربات نادر کی شکل میں میری محنت کا ثمر آپ کے ہاتھوں کی زینت بنا ہوا ہے، اور یہ آپ کی فن کے ساتھ محبت کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ قلیل عرصہ میں یہ اس کتاب کا چوتھا اصلاح اور اضافہ شدہ ایڈیشن ہے، میری درخواست ہے کہ اگر آپ کو میری یہ سعی اچھی لگے آپ کے معیار پر پورا اتروں تو میرے لئے دعاء خیر ضرور کرتے رہا کریں، میں نے جتنی اس کتاب پر محنت کی ہے صرف میں ہی جانتا ہوں، لیکن جب آپ اپنے ایک ہم پیشہ بھائی کے حق میں دعا کردیں گے تو یقینا میری محنت کا صلہ مجھے مل جائے گا۔

پہلے دو ایڈیشنز میں میں نے کچھ غذاؤں، پھلوں، سبزیوں اور ادویات کے بارے میں لکھا تھا کہ وہ ہمیں کتنی خالص ملتی ہیں، یہ ابھی میں نے نہایت ہی اختصار کے ساتھ لکھا تھا کہ آپ کو حقیقت کا کچھ نہ کچھ اندازہ ہو جائے کہ صحت کے حوالے سے ہم کتنے بحران سے گذر رہے ہیں، اگر ان کی تفصیل لکھنے بیٹھ جاتا تو ایک پوری کتاب اس ضمن میں چھاپی جا سکتی تھی، لیکن اس ایڈیشن سے انہیں اس لئے حذف کرنا پڑا ہے کہ ہم پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں، گھر اور معاشرتی مسائل کا چلانا مشکل ہو رہا ہے، یہ کتاب کم سے کم قیمت میں آپ تک پہنچ سکے، اس خواہش کو حاصل کرنے کیلئے نسخہ جات کی ترتیب اس طریقہ سے بدلی ہے کہ کم سے کم لائنوں میں مقصد بیان کرسکوں، نسخہ جات کے افعال و منافع کو مزید تشریحاً بیان کیا ہے تاکہ آپ ان سے زیادہ سے زیادہ استفادہ حاصل کرسکیں، حصہ چہارم میں جو نئے نسخے آئے یا ہم نے خود تجویز کر کے ان سے فائدہ حاصل کیا ہے شامل کر دیئے ہیں تاکہ شائقین فن کی علمی پیاس بجھ سکے۔

مجربات کے سلسلے میں ایک بار پھر عرض کرتا چلوں کہ نظریہ مفرد اعضاء اربعہ ایک ایسا مکمل علم ہے جس کو کسی نسخہ کی کوئی ضرورت نہیں یہ واقعی گھر کے باورچی خانے کی چیزوں سے علاج کر

لیتا ہے، لیکن جس رفتار سے کیمیکلز غذائیں ہم پر تھوپی جارہی ہیں اس حوالے سے یہ ضروری تھا کہ ہم نسخہ جات میں بھی تبدیلی لائیں تاکہ یہ وقت کا ساتھ دے سکیں۔

اس کی ایک مثال یہ بھی ہے کہ کچھ نسخے اپنی خاصیت کے لحاظ سے اور کچھ نسخے اپنی کیفیت کے لحاظ سے کام کرتے ہیں، جیسے اگر ہم دماغ کو قوت دینے کے لئے کوئی نسخہ مریض کو دیں تو وہ قشری اعصابی نسخہ ہوگا اب یہاں پر کام تو قشری اعصابی ملین بھی کرے گا لیکن اگر ہم یہاں اس مریض کو مغزیات کا ایک ایسا مرکب تجویز کردیں جو معدے کی بجائے زیادہ دماغ پر اثر کرے اور اس کا مزاج بھی قشری اعصابی ہی رہے تو کیا یہ مناسب نہ ہوگا، بس اسی خیال نے مجھے نسخہ جات لکھنے کی ترغیب دلائی، اس کی ایک اور بھی مثال ہے کہ اگر ہم نظریہ کی آٹھ دواؤں میں سے کسی مریض کو مغلظ نسخہ استعمال کرانا چاہیں تو ہم اسے مخاطی اعصابی نسخہ استعمال کرائیں گے، اس نسخہ کو مریض اگر ایک ماہ استعمال کرتا ہے تو اگر اس کی بجائے میں سفوف ثعلب استعمال کرادوں تو مقصد جلد حل ہو جائے گا، یعنی مجربات کے پیچھے اس لئے جانا پڑا کہ جلد مقصد براری ہو، اور ٹائم کی بچت ہو، حالانکہ مخاطی اعصابی دوا بھی مغلظ ہے اور سفوف ثعلب بھی مغلظ ہے ان میں فرق صرف رفتار کا ہے جو کہ مریض کی ڈیمانڈ ہے، ہمیں مریض کی ڈیمانڈ پوری کرنی ہے خواہ نظریہ کے فارما کو پیاسے کریں خواہ مجربات سے، لیکن کرنا سب نظریہ کے قانون اور تھیوری کے مطابق ہے، میرا خیال ہے اب بات آپ کی سمجھ میں آگئی ہوگی، اس کے علاوہ ایک بات اور آپ کے گوش گذار کرنا چاہتا ہوں کہ مجربات کے حصہ اوّل میں وہ نسخے لکھے گئے ہیں جو تقریباً ایک عرصہ دراز سے معمول مطب ہیں، اور حصہ دوم اور حصہ سوم و چہارم میں میں نے وہ نسخے بھی درج کردئے ہیں جو خود تجویز اور استعمال کردہ ہیں وہ بھی درج کئے ہیں جو میں نے نہایت ہی محنت سے دوست احباب سے حاصل کئے ہیں، اور کسی بھی دوست نے بخل سے کام نہیں لیا اور دریا دلی کا ثبوت دیتے

ہوئے بڑی محبت سے یہ خزانہ آپ تک پہنچانے کے لئے ان اوراق کی زینت کیا ہے، اللہ تعالیٰ ﷻ ان کو اس کار خیر کا اجر عظیم عطا فرمائے اور ان کے لئے صدقہ، جاریہ کرے اور آخرت میں ذریعہ نجات بنائے۔ آمین

میں اتنا مصروف آدمی ہوں اس کا شاید آپ کو اندازہ نہ ہو لیکن جیسے بھی ہوا میں نے اس نیک کام کے لئے وقت نکالا، آپ میری اس سعی کو جب قدر کی نظر سے دیکھیں گے اور اس سے انسانیت کی فلاح کے لئے کوشاں رہیں گے تو میری محنت کا پھل یقینا مجھے مل جائے گا، انسان کسی کو کیا دے سکتا ہے، لیکن اللہ تعالیٰ ﷻ تو غفور ورحیم ہے، وہ کسی کا قرض نہیں رکھتا کئی گنا اضافے کے ساتھ لوٹا دیتا ہے، لہٰذا اسی سے توقع رکھنی چاہیئے، اگر میری اس محنت سے انسانیت کی بھلائی ہو جائے اور میرا یہ عمل اس کے ہاں مقبول ہو جائے جس کی مجھے قوی امید ہے کیونکہ میں نے نہ تو اس میں کسی بخل سے کام لیا ہے اور نہ ہی اپنے علم کے مطابق کوئی غلط بیانی کی ہے پھر بھی اگر کچھ خامی رہ گئی ہو تو بشری تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ ﷻ سے اور آپ بھائیوں، دوستوں، اور بزرگوں اور علماء فن طب سے ہاتھ باندھ کر معافی کا خواستگار ہوں جو نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے......آمین

حکیم و ڈاکٹر پروفیسر محمد اشرف شاکرؔ

درجہ اوّل رجسٹرڈ

نیشنل کونسل فار طب حکومت پاکستان

فاضل سمپل آرگینو پیتھی

ھومیو ڈاکٹر آف میڈیسنز سسٹم پاکستان

ماہر علاج بالغذا

چاروں ہاضم

اب جو کچھ بیان کر رہا ہوں ان میں سہولت کیلئے مخفف نام بھی لکھ دئے ہیں تا کہ کام کرنے میں آسانی رہے، جب آپ عملی طور پر کام کریں گے تو ان کی افادیت سامنے آ جائے گی۔

ہاضم ۸۱-H.81 مزاج (عضلاتی مخاطی، مخاطی عضلاتی) از حکیم محمد شبیر

ہلیلہ زرد، بلیلہ، نارنج، اجوائن خراسانی سب سوسو گرام، اچور، انار دانہ دو دو سو گرام، ٹاٹری پچاس گرام سب ادویہ پیس کر ملا لیں ایک سے دو گرام دن میں تین دفعہ کھانے کے بعد پانی استعمال کرائیں، یہ نسخہ اتنا ہی بنائیں جتنا ہفتہ عشرہ میں ختم ہو جائے کیونکہ ٹاٹری کی وجہ سے یہ اپنا رنگ اور ذائقہ تبدیل کر لیتا ہے۔

افعال: مقوی و محرک عضلات ہے خصوصی طور پر جسے یونانی طب سنگرہنی کہتی ہے کو نہایت مفید و مجرب ہے لیکن عارضی طور پر کیونکہ جسے طب قدیم سنگرہنی کہتی ہے وہ آنتوں کی سوزش اور ورم ہے اس کا مستقل علاج کہیں اور ہے وہ کرنا پڑے گا۔

ہاضم ۲۳-H.23 مزاج (قشری عضلاتی، عضلاتی قشری)

سوئے، میتھرے، رائی، اجوائن دیسی، پودینہ خشک دو دو سو گرام، نوشادر ٹھیکری، اسارون تیز پات سوسو گرام، سب ادویہ پیس کر ملا لیں ایک سے تین گرام عمر کے مطابق کھانے کے بعد تازہ پانی یا اجوائن دیسی اور پودینے کے قہوے سے دن میں تین سے چار مرتبہ استعمال کرائیں

افعال: اعلیٰ درجہ کا ہاضم، مقوی معدہ و جگر اور مولد صفراء ہے۔

ہاضم ۴۵:H.45 مزاج (قشری اعصابی، اعصابی قشری)

نمک سیاہ، پیپتہ، زنجبیل، بادیان، سب ڈھائی ڈھائی سو گرام، فلفل دراز، فلفل سیاہ، سوڈا خوردنی انجیر، زرنباد، سب سوسوگرام، الائچی خرد بیس گرام، سب ادویہ کو باریک پیس لیں، ایک سے تین گرام دوا، تازہ پانی سے دن میں تین مرتبہ دیں۔

افعال: اعصابی قشری، قشری اعصابی ہے، اعلیٰ درجہ کا ہاضم، مقوی ومحرک دماغ، اور مقوی معدہ ہے، ہیپاٹائیٹس سی میں جب بھوک نہ لگے تو دیں مجرب ہے۔

ہاضم ۶۷: H.67

مزاج (اعصابی مخاطی، مخاطی اعصابی)

زیرہ سفید، تخم کاسنی، سوڈا خوردنی، ایک ایک کلو، گل نیلوفر، گل گلاب ایرانی ڈنڈی دور کردہ آدھا آدھا کلو، کشنیز چار سوگرام، قلمی شورہ ڈھائی سو گرام، جوکھار ڈھائی سو گرام سب ادویہ کو اچھی طرح صاف کر کے پیس لیں، تین سے پانچ گرام دن میں تین مرتبہ تازہ پانی، کچی لسی، دودھ سوڈا، شربت بزوری بارد سے استعمال کرائیں۔

افعال: مقوی ومحرک غدد جاذبہ ہے، اعلیٰ درجہ کا ہاضم ہے، جگر میں سکون پیدا کر کے تمام صفراوی امراض کے لئے کسی اکسیر سے کم نہیں، معمول مطب ہے نہایت ہی مفید و مجرب ہے، اب تک میٹرک ٹنوں کے حساب سے استعمال کر چکے ہیں۔

چاروں آر

آر سے مراد سرخ رنگ کی دوا کے ہیں، اس کے علاوہ اور کچھ نہیں۔

آر:ا: R.1

از حکیم محمد شبیر صاحب

گیری انڈیا، کشنیز، صندل سفید، سورنجاں شیریں، کیفین، فناسٹین، اسپرین، چینی سب ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں، ایک گرام دن میں تین مرتبہ تازہ پانی یا چائے سے استعمال کرائیں۔

افعال: سر درد، باری کا بخار، جسم درد، نزلہ، زکام، گلا درد، اور وجع الفاصل کو مفید ہے، السر اور ضعف قلب کے مریض کو استعمال نہ کرائیں۔

آر:۲: R.2

از پروفیسر حکیم انور علی بھٹی صاحب

زنجبیل، گیری، نوشادر ٹھیکری سو سو گرام، فلفل سیاہ، دھتورہ سیاہ بیس بیس گرام، سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملا لیں، نصف گرام دوا تازہ پانی سے کھانے کے بعد دیں۔

افعال: مزاج کے اعتبار سے قشری اعصابی ہے، تعفن معدہ، تیزابیت معدہ، ضعف معدہ اور تمام ریاحی امراض کو مفید ہے، داڑھ یا دانت میں جب کھوڑ بنی ہو تو مقام کو ماچس کی تیلی سے کھرچ کر اس میں چٹکی بھر دوا بھر دیں درد فوراً دور ہو جائے گا۔

آر:۳: R.3

از حکیم محمد شفیق صاحبؒ

ہیرا کسیس، قلمی شورہ، پھٹکوی سفید، سب آدھا آدھا کلو لے کر جوکوب کر لیں ایک کوزہ گلی میں رکھ کر سر پوش دے کر سات کلو اپلے تول کر آگ دیں، ہوا نہ لگے، ٹھنڈا ہونے

پر نکال لیں یہ اوپر سے کبھی زرد، کبھی سرخی مائل زرد، دوا نکلتی ہے اور نیچے سے نہایت سرخ ہوتی ہے سب کو پیس کر رکھ لیں یہ گہری سرخ رنگ کی دوا ہوگی، ایک گرام دوا دودھ اور دہی کی لسی سے خلوئے معدہ صبح شام دیں، اگر اس کے ساتھ برابر وزن مفرح ملا لیں تو مزید بہتر۔

افعال: کثرت بھوک، جریان، لیکوریا، کمئی خون کو مفید ہے، مزاج اس کا مخاطی عضلاتی ہے، دل کی مقوی دوا ہے۔

آر:۴: R.4 مزاج اس کا عضلاتی مخاطی از مصنف

پھٹکڑی سفید، گیری انڈیا، سنگ جراح تینوں ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں، ایک سے تین گرام دوا دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے استعمال کرائیں۔

افعال: تشری تحریک کی وجہ سے الرجی، جریان، لیکوریا، اور نکسیر کیلئے شربت انجبار سے استعمال کرائیں۔

چاروں ڈبلیو

سفید رنگ کی دوا ہونے کی وجہ ڈبلیو (وائٹ) کا نام دیا گیا ہے۔

ڈبلیو:۱: W.1 از مصنف

صرف سوڈا خوردنی ہے چھان کر رکھ لیں، یہ ہمیشہ ICI کمپنی کراچی کا ہی لیں۔
اعصابی قشری ہے، بہترین ہاضم ہے، دافع تیزابیت، سوزش معدہ، سوزش مری، سوزش فم معدہ قشری سوزش کی وجہ سے گیس اور السر کو مفید ہے۔

ہٹیلے امراض حصہ دوم میں آنتوں اور شوگر کے بارہ میں سیر حاصل بحث کی گئی ہے

ڈبلیو:۲: W.2
ازمصنف

چینی سوگرام، ست پودینہ دس گرام پیس کر ملا لیں، ایک گرام دوا تازہ پانی سے کھانے کے بعد دن میں تین مرتبہ استعمال کرائیں۔
ضعف ہضم، ضعف اشتہاء، موسمی بخار، پیٹ درد، باؤ گولہ کو نہایت مفید ہے۔

ڈبلیو:۳: W.3
ازحکیم سعید احمد مرحوم (اوکاڑہ)

تخم دھتورہ سیاہ، نک چھکنی، تخم بھنگ سب ڈھائی ڈھائی سوگرام جوکوب کر کے دوکلو پانی ڈال کر دو تین جوش دے دیں اور رات پڑا رہنے دیں، صبح مل چھان کر اس کا آب زلال لے لیں اور اس میں ایک کلو گئو دنتی کشتہ ڈال کر ہلکی ہلکی آگ پر پانی کو خشک کرلیں، جلا نہ بیٹھیں، جب قوام ذرا گاڑھا ہو جائے آگ سے الگ کر کے دھوپ میں خشک کرلیں، پیس کر رکھ لیں، ایک گرام دوا پانی کے ہمراہ دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد استعمال کرائیں۔
مزاجاً عضلاتی مخاطی ہے، کیرہ، نزلہ حار، جریان، لیکوریا کو مفید ہے، کیرہ قشری علامت ہے اس لئے یہ دوا دو حصے اور ایچ ۶۷ چار حصے ملا کر دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد پانی سے دیں، صرف نزلہ ہو تو چائے کے ساتھ ایک بڑا کیپسول صبح شام دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے، سب سے بڑی بات یہ ہے کہ نزلے کو یہ دوا ایک دم نہیں بند کرتی، بلکہ قدرتی طریقے پر جتنی ضرورت ہوتی ہے، اتنا ہی خشک کرتی ہے، تکلیف کا باعث نہیں بنتی، کیرے کیلئے استعمال کریں تو جب کیرہ بند ہو جائے چار ملتین تین گرام، دن میں تین مرتبہ یا کم از کم دو مرتبہ ضرور مکھن بادام سے دیں، اس طریقہ سے کیرہ ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتا ہے، اگر ابھی کچھ کسر باقی رہے تو سفوف مقوی دماغ چوسائیں۔

☆☆☆☆☆

سفوف مقوی دماغ: برنج بادیان، برنج کشنیز، مغز بادام مقشر، کوزہ مصری سب برابر وزن، مغز بادام چھیل لیں، سونف اور دھنیا کے چاول نکال لیں (برنج چاول نکالنے کو کہتے ہیں) سب ادویہ جوکوب کرلیں تیار ہے۔

دس گرام سفوف دن میں چار مرتبہ منہ میں ڈال کر پان کی طرح چبائیں رس نگلتے رہیں پھوگ پھینک دیا کریں، ایک ماہ کریں اور قدرت کاملہ کی عنایات کا نظارہ کریں، دماغ کو اس قدر طاقت آجاتی ہے کہ دونمبر کی عینک اتر جاتی ہے۔ دماغ کی تھکاوٹ دور ہو جاتی ہے، پٹھوں کی درد دور ہو جاتی ہے، ہاضمہ درست ہو جاتا ہے، گویا نہایت مفید دوا ہے، بادام گڑ بندی کہہ کر لیں اور ان کے مغز خود نکالنے ہیں، نکالے ہوئے مغز نہیں لینے۔

ڈبلیو۔W.4 حسب ضرورت گونددنی لے کر دوگنے برگ بھنگ تازہ کو کچل کر دس کلو کی آگ دے دیں، پیس کر رکھ لیں، تیار ہے، چار سے چھ رتی تازہ پانی، ٹھنڈا دودھ یا دہی کی لسی سے صبح شام کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے دیں، مزاج کے لحاظ سے یہ دوا مخاطی عضلاتی ہے

افعال: اس دوا سے لیکوریا، جریان، نزلہ حار، بخار حار، کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔

چاروں ملیّنات

ملیّن :45: از حکیم محمد شبیر صاحب

زنجبیل، فلفل سیاہ، نمک سیاہ، نوشادر ٹھیکری، اسطوخودوس، پپلا مول دس دس گرام، سہاگہ سفید، سورنجاں شیریں، سورنجاں تلخ، بیس بیس گرام، برگ مدار، سوڈا خوردنی تیس تیس گرام، ہلدی، ریوند خطائی، ساٹھ ساٹھ گرام، سونف، زیرہ سفید، پودینہ تیس تیس گرام، سب ادویہ

صاف کر کے پیس لیں، دو سے تین گرام دوا دن میں تین مرتبہ نیم گرم دودھ سے کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد دیں۔

مزاج کے اعتبار سے قشری اعصابی، اعصابی قشری ہے، محرک و مقوی دماغ ہے، کان بہنا، نزلہ، سردرد، پٹھے درد، قشری کھانسی، اور خاص الخاص جنسی طور پر عین وقت پر رابطہ ٹوٹ جانے کے لئے نہایت اعلیٰ دوا ہے۔

ملیّن :23:

از صابر ملتانی

بابچی، اجوائن دیسی، گندھک آملہ سار سب پچاس پچاس گرام، دارچینی تیس گرام، جاوتری بیس گرام، لونگ دس گرام، سب ادویہ کو صاف کر کے پیس لیں، ایک سے دو گرام دن میں تین مرتبہ عرق اجوائن یا قہوہ اجوائن سے کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد دیں۔

قشری عضلاتی، عضلاتی قشری ہے، محرک و مقوی جگر ہے، سردی اور خشکی کے امراض کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے، بہترین ہاضم اور مصفی خون ہے۔

ملیّن :81:

از حکیم محمد شبیر صاحب

مغز کرنجوا، اجوائن خراسانی، تخم دھتورہ سیاہ، پتری فولاد، کشتہ صدف، بلگری، تج سک، موصلی سنبھل، سب دس دس گرام، پھٹکڑی سرخ سوختہ، تخم حرمل، گڑمار، بیس بیس گرام، ہلیلہ سیاہ، آملہ، اذراقی ساٹھ ساٹھ گرام سب ادویہ پیس لیں، ایک سے تین گرام دوا تازہ پانی سے تین مرتبہ دن میں دیں، اس دوا میں پہلے خراطین ڈالے گئے تھے جو شرعاً ممنوع ہونے کی وجہ سے نکال دئے گئے ہیں، اس کی جگہ آملے کا وزن بڑھا دیا گیا ہے، اور اذراقی اضافہ کر دیا ہے، اس سے دوائی کے اثرات میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی۔

مزاج کے لحاظ سے مخاطی عضلاتی، عضلاتی مخاطی ہے، محرک و مقوی عضلات ہے۔

ٹانگوں کی درد،ضعف (تحلیل) قلب،دل کا پھول جانا،تحلیل کی وجہ سے ضعف باہ،سلسل بول،ذیابیطس شکری،جریان،لیکوریا،اور عام کمزوری کے لئے بہت مفید ہے،جب سفر سے تھک کر آئے ہوں تو اس کی دو گولیاں چائے کے ساتھ کھانے سے آدھے گھنٹے میں طبیعت خوش وخرم ہو جاتی ہے۔

ملین :67:

از حکیم محمد شبیر صاحب

تخم ریحاں،تخم بھنگ،کشنیز،جوکھار،گل کیسو،گل نیلوفر،تخم کاسنی،شکر تیغال،تخم کاہو،تخم خرفہ سیاہ،سب دس دس گرام،قلمی شورہ تیس گرام،بہمنین،تودرین،پھلکوی سفید،بیس بیس گرام، کالا دانہ (عشق پیچہ) ساٹھ گرام،آخر الذکر کو اچھی طرح سے صاف کر لیں کیونکہ اس میں بہت بڑے بڑے پتھر ہوتے ہیں،اور سب ادویہ پیس لیں ایک سے تین گرام دوا،دن میں تین مرتبہ پانی یا شربت بزوری یا دودھ سوڈے سے دیں۔

اعصابی مخاطی،مخاطی اعصابی ہے،محرک ومقوی طحال ہے،تمام قشری امراض خصوصاً رقت کی وجہ سے پیدا شدہ امراض کو بہت مفید ہے۔

چاروں تریاق

تریاق ۴۵:T.45

از حکیم محمد شبیر صاحب

ہلدی دوسو گرام،برگ مدار دوسو گرام،سہاگہ سفید سو گرام،سوڈا خوردنی سو گرام،سب ادویہ پیس لیں،ایک گرام سے دو گرام دوا نیم گرم دودھ کے ساتھ دن میں تین سے چار مرتبہ کھانے کے بعد استعمال کرائیں۔

مقوی ومحرک دماغ ہے،قشری مادے کی پیدائش کے ساتھ ساتھ اس کا اخراج بھی ہونے لگتا

ہے، گاڑھی زرد رنگ کی بلغم پتلی ہو کر خارج ہونے لگتی ہے، پٹھوں کی درد، آنکھوں کی درد جلن، کان بجنا، کان بہنا، کھانسی، نزلہ زرد بلغم والا، ان سب امراض میں مفید ہے، ہمارے مطب پر منوں کے حساب سے استعمال ہونے والا نسخہ ہے۔

برگ مدار خود پودے سے سبز رنگ کے توڑلیں اور دھو کر خشک کر لیجئے، یہی نسخہ میں شامل کریں

تریاق ۲۳:T.23

از صابر ملتانیؒ

اجوائن دیسی دوسو گرام، تیزاب گندھک پچاس گرام، کسی چینی کے پیالے میں ڈال کر ڈال کر آہنی سلائی سے ہلاتے رہیں، جب دوا سیاہ ہو جائے تو تیار ہے، ایک سے دو گرام تک اجوائن دیسی اور پودینے کے قہوے سے ہر پانچ منٹ بعد دیں، علامات میں کمی آنے پر دوا کا وقفہ بڑھاتے جائیں، حتٰی کہ صرف تین مرتبہ استعمال کرنے کا وقت آجائے، پھر علامات کے مطابق اکسیر و ملینین دیں، ہیضہ کے لئے ابھی تک اس سے بڑھ کر کوئی دوا ایجاد نہیں ہوئی، ہیضے کے درجات کو دیکھ کر کبھی کبھی میں اس کے ساتھ برابر وزن عضلاتی قشری ملین شامل کر دیتا ہوں، اس کے علاوہ مخاطی عوارضات کا بڑی تیزی سے قلع قمع کرتی ہے۔

نفع: بھوک بڑھاتی ہے، ہضم کو بہتر کرتی ہے، مزاج کے لحاظ سے قشری عضلاتی ہے۔

تریاق ۸۱:T.81

از حکیم محمد شبیر صاحب

پسا ہوا ترپھلہ دوسو گرام لے کر اس پر کسی چینی کے پیالے میں رکھ کر پچاس گرام تیزاب گندھک ڈالیں، کسی آہنی سلائی سے ہلاتے رہیں، جب دوا کا رنگ سیاہ ہو جائے سنبھال کر رکھ لیں، نصف گرام دوا دن میں چار مرتبہ پانی کے ساتھ کھانے کے بعد کھلائیں۔

بس کے سفر میں قے آنے کو روکتی ہے، مقوی معدہ ہے، رطوبات کی زیادتی کی وجہ سے

ضعف ہضم کو بہتر کر کے اشتہاء کو بڑھاتی ہے، مزاج کے لحاظ سے عضلاتی مخاطی ہے۔

تریاق ٦٧: T.67 ‏ ‏ ‏ ازحکیم محمد شبیر صاحب

اسرول دس گرام، فلفل سیاہ بیس گرام، ریوند چینی چالیس گرام، زیرہ سفید، صندل سفید، کشنیز، بیس بیس گرام، مٹھا تیلیہ نصف گرام، ورق چاندی بڑی دفتری، مٹھا تیلیہ الگ اچھی طرح سے پیس کر سرمہ ساں کرلیں، باقی کی ادویہ الگ پیس کر آخر میں ورق چاندی چینی بیس گرام میں کھرل کر کے اچھی طرح ملالیں۔

تخم کاسنی ایک کلو پیس لیں، اور اس میں مذکورہ دوا ایک سو بیس گرام ملالیں بس تریاق تیار ہے، اس سے پہلے اس میں تخم کاسنی کی جگہ گلقند ڈالا کرتے تھے جو موسم کے سرد وگرم کی وجہ سے کیڑے کی نظر ہو جایا کرتی تھی، اس جگہ اب یہ نیا نسخہ زیادہ قوی و موثر ہے، اور کیڑا لگنے سے بھی محفوظ، ایک سے دو گرام دوا تازہ پانی کے ہمراہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد دن میں تین سے چار مرتبہ استعمال کرائیں۔

نفع خاص: قشری بلڈ پریشر (اس میں شریانیں گرمی کی زیادتی کیوجہ سے سکڑ جاتی ہیں) کو نہایت مفید ہے، دائمی کیرے نزلے کو مفید و موثر ہے، قشری تحریک توڑنے کو واقعی تریاق ہے۔

قشری اعصابی ہاضم ‏ ‏ ‏ ازمصنف

نمک نلی، نوشادر ٹھیکری، گندھک آملہ سار سب برابر وزن پیس لیں، ایک سے دو گرام دن میں تین دفعہ کھانے کے بعد پانی سے کھلائیں۔

انتہائی سریع الاثر ہاضم ہے، اعصابی اور مخاطی امراض کیلئے بہت مفید ہے، موسم تبدیل ہوتے

وقت حفظ ماتقدم استعمال کرنے سے بہت سی موسمی علامات سے بچا جا سکتا ہے لیکن یاد رہے ہائی بلڈ پریشر کے مریض کو نہیں دیں گے، اور یہ بھی یاد رہے کہ اس کے ساتھ غذائیں بھی قشری اعصابی ہی استعمال میں لائی جائیں گی۔

بخارین

از حکیم محمد شبیر صاحب

نمک سیاہ، فلفل سیاہ، سوڈا خوردنی سب برابر وزن لے کر پیس لیں، نصف گرام دن میں تین مرتبہ پانی سے کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد دیں۔

انگریزی دواؤں سے بگڑے ہوئے بخاروں کے لئے نہایت مفید ہے، زیادہ سے زیادہ تین دنوں میں مریض صحت مند ہو جاتا ہے، اس کے علاوہ ضعف اشتہا، اور تیزابیت معدہ کو بھی بدرجہ اتم مفید ہے، اگر حفظ ماتقدم بچوں کو چٹاتے رہیں تو بچے موسمی بخاروں سے بچے رہتے ہیں، بچے اس کے چٹ پٹے ذائقے کی وجہ سے بخوشی کھا لیتے ہیں اور یوں موسمی امراض سے بڑی حد تک بچے رہتے ہیں، اس کے ساتھ قشری اعصابی غذائیں استعمال کی جائیں گی۔

مغلّظ

از مصنف

لاجونتی ایک کلو، تخم اونٹکن آدھا کلو، گل بنفشہ پاؤ، الائچی سفید دو تولہ، چینی یا کوزہ مصری ایک کلو پیس لیں، تین سے سات گرام دوا نیم گرم دودھ یا لسی سے کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے دن میں دو بار استعمال کرائیں۔

مزاج کے لحاظ سے مخاطی اعصابی (سرد تر) ہے، جگر میں تسکین پیدا کر کے صفراء کی پیدائش کو یکسر روک کر سرعت ورقت کے لئے نہایت مفید ہے، ملیّن ہے، دائمی قبض کو مفید ہے، قشری تحریک کو توڑنے کے لئے لاثانی دوا ہے۔

اس کے ساتھ غذائیں چھ نمبر سے لے کر آٹھ نمبر تک استعمال میں لائی جائیں گی۔

محافظ اطفال:MHA

از چوہدری محمد طفیل مرحوم

یہ نسخہ ہمارے ایک حکیم صاحب ہیں ان کے والد صاحب نے کمال مہربانی سے عنایت فرمایا اور کہا کہ یہ مجھے ایک فقیر نے دیا تھا، اتنی کمال کی چیز ہے کہ جب آپ اسے بنائیں گے تو پھر آپ کو اس کی افادیت کا پتہ چلے گا۔

موچرس اور پوست کو کنار برابر وزن پیس لیں اور ایک سے تین گرام دہی میں ملا کر یا شربت انجبار سے استعمال کرائیں۔

تجربات سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ گرمیوں میں تو اس کو اسی وزن سے بنایا جائے اور سردیوں میں اس میں موچرس دوگنا کرنا پڑتا ہے اس طریقے سے اس کی افادیت سارا سال ایک جیسی رہتی ہے اور افعال میں کسی طرح کی کوئی کمی نہیں آتی۔

عضلاتی مخاطی ہے، پیچس اور آؤں کے لئے لاثانی دوا ہے، اگر اس کے ساتھ چھلکا اسپغول ایک چیچ اضافہ کر کے دہی دوسوگرام کے ساتھ دیا جائے تو پیچس، آؤں، مروڑ سب کو پہلی خوراک سے ہی فائدہ ہوتا ہے، دہی کے بغیر آنتوں کی قوت ماسکہ کو بڑھاتی ہے، مغلّظ کے ساتھ ملا کر دینے سے جریان اور لیکوریا کو بھی فائدہ مند ہے، سرعت ورقت کو مفید ہے، آنتوں کی مزمن سوزش کیلئے نیم گرم دودھ سے دینا مفید ہے، اسکے ساتھ غذائیں چھ نمبر سے ایک نمبر تک دی جائیں گی۔

یاقوتی

از حکیم محمد اسحاق قادری

کشتہ مروارید، کشتہ یشب، کشتہ چاندی، کشتہ صدف مروارید، کشتہ قلعی، کشتہ مرجان در مکھن، جواہر مہرہ خطائی سب دس دس گرام، کشتہ زمرد، کشتہ یاقوت پانچ پانچ گرام، سب کشتہ جات کو

روح گلاب ایک بوتل، روح بید مشک ایک بوتل میں کھرل کرلیں، شربت انجبار ۵۰۰ گرام میں عرق بید مشک پچاس گرام ملاکر، اس سے دو سوملی گرام یا قوتی صبح شام خلو سے معدہ دیں۔

افعال: مزاج کے اعتبار سے عضلاتی غدی (خشک سرد) ہے، دل کو فوراً تحریک میں لاکر حرارت غریزی کو برانگیختہ کرتی ہے، حرکت قلب متواتر ہوکر مریض موت کے منہ میں جانے سے بچ جاتا ہے، اگر خون کا دباؤ کم ہو تو قہوہ دار چینی میں لیموں نچوڑ کر دیں، تقویت قلب کے لئے مربہ آملہ یا مربہ ہی سے دیں، اس کے ساتھ غذائیں آٹھ اور ایک نمبر دیں گے۔

کشتہ جات کی ترکیب آنے والے صفحات میں لکھی جائے گی۔

اعصابی تریاق..1/20

از حکیم محمد شبیر صاحب

سہاگہ سفید سو گرام، پھٹکڑی سفید سو گرام

دونوں الگ الگ پیس کر رکھ لیں، اب ان میں بارہ گرام شیر مدار (دودھ آک) ملا کر جلدی جلدی کسی ڈنڈے سے رگڑتے جائیں، گاڑھی سی لئی کی شکل اختیار کر جائے گا، جب ڈنڈا چلنا مشکل ہو جائے دھوپ میں رکھ کر خشک کرلیں، اچھی طرح خشک ہونے پر پیس کر رکھ لیں، پانچ سو ملی گرام (O نمبر کیپسول کے برابر) نیم گرم دودھ سے دن میں تین مرتبہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد دیں، اس دوران غذائیں صرف پانچ نمبر دیں گے۔

افعال: قشری اعصابی، اعصابی قشری ہیں، گاڑھی بلغم کو ضرورت کے مطابق پتلا کر کے اس کا اخراج کرتی ہے، دمہ خالص کے لئے بھروسہ کی دوا ہے، سوزش معدہ و امعاء و دماغ کی قشری سوزش کے لئے نہایت اعلیٰ دوا ہے، قشری بواسیر اور کثرت طمث کو بھی فائدہ مند ہے، اگر کبھی بواسیر قشری قابو نہ آئے تو اس کے ساتھ سات ملیّن ملا کر دیں۔

دمہ کا علاج کرتے وقت ایک موقعہ ایسا آتا ہے جب مریض متلی کی شکایت کرتا ہے، اس وقت گھبرانا بالکل نہیں چاہیئے صرف دوا کی مقدار کم کر دیں پہلے اگر نصف گرام دے رہے تھے تو اب اس سے بھی نصف کر دیں، ایک وقت پھر ایسا ہی موقع آتا ہے، اس وقت دوا کی مقدار اس سے بھی کم کر دینی ہے، اسی طرح کرتے کرتے دوا کی مقدار ایک چاول تک رہ جاتی ہے، اس وقت تک دمہ ٹھیک ہو چکا ہوتا ہے، بس اس کا اتنا ہی علاج ہے، زرد رنگ کی بلغم میں یہ دوا دینی چاہیئے، شروع سے آخر تک غذائیں صرف پانچ نمبر دیں گے۔

اعصابی تریاق..1/40 — از مصنف

سہاگہ سفید دو سو گرام، پھٹکڑی سفید دو سو گرام، شیر مدار بارہ گرام

جس طرح اعصابی تریاق 1/20 بنایا تھا بالکل اسی طرح اس کا بھی طریقہ ہے، خشک ہونے پر اچھی طرح سنبھال کر رکھ لیں۔

نصف گرام دوا، ایک گولی حب بندق، ملا کر دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے استعمال کرائیں۔

افعال: ہر قسم کے خون آنے کو بند کرتی ہے، کثرت طمث، بواسیر خونی، نکسیر وغیرہ کا خون فوراً بند کرتی ہے، بنائیں اور خلق خدا کی خدمت کریں، غذائیں چھ سے ایک نمبر تک دیں۔

اعصابی مقوّی سفوف

از حکیم محمد شبیر صاحب

مغز بادام مقشر دو سو گرام، چہار مغز سو گرام، خشخاش سو گرام، کشنیز سو گرام، الائچی خرد دس گرام، طباشیر بانسی پچاس گرام، فلفل سیاہ دس گرام، ورق نقرہ تین گرام

طباشیر میں ایک ایک ورق ڈال کر کھرل کرتے جائیں سب ورق ختم ہو جائیں تو مزید آدھا گھنٹہ کھرل کر لیں اب باقی کی ادویہ بھی اس میں شامل کر لیں دوا تیار ہے، دس گرام یہ دوا پچاس گرام مکھن کے ساتھ کھلائیں، بعد میں نیم گرم دودھ حسب منشا پلائیں، دوا صبح شام خلوئے معدہ کھلانا ہے۔

افعال: نہایت مقوی دماغ ہے، دمہ قلبی کے لئے مفید ہے، قشری تحریک کے مریضوں کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے، اس کے ساتھ غذائیں چار اور پانچ نمبر دیں گے۔

ضماد مفاصل

از محمد رفیق پہلوان

زنجبیل، مصبر، اجوائن دیسی، سب برابر وزن پیس کر رکھ لیں

بوقت ضرورت ایک انڈے کی سفیدی میں حسب ضرورت دوا ملا لیں گاڑھی سی لئی بن جائے گی، مقام ماؤف پر لیپ کر دیں، اوپر روئی رکھ کر باندھ دیں، صبح کھول دیں، دوا سمیت روئی اتر جائے گی، دو تین روز ایسا کرنے سے دردیں ختم ہو جاتی ہیں۔

افعال: اگر ریاحی یا مخاطی مادہ جوڑوں میں تکلیف کا باعث بن رہا ہو یا زیر جلد کسی چوٹ

کے نتیجے میں جلد نیلی (خون جم گیا ہو) ہوگئی ہو تو نہایت ہی مفید و مجرب ہے، انگریزی ونٹو جینو سے لاکھ درجہ بہتر دوا ہے، اس دوران غذائیں صرف چار نمبر دیں۔

اذراقی مدبّر

ازحکیم محمد شریف دنیاپوری (مرحوم)

کچلہ حسب ضرورت لے کر ریت میں اس قدر بھون لیں کہ جلنے نہ پائے، طریقہ اس طرح ہے کہ جب ریت خوب گرم ہو جائے تو کچلہ اس میں ڈال دیں اور کسی بڑے کڑچھے وغیرہ سے متواتر ہلاتے رہیں، سب سے پہلے جب کچلے کو Heat پہنچے گی تو وہ پھولنا شروع ہو جائے گا، اس کے بعد اس کا رنگ بدلنا شروع ہو جاتا ہے اور تڑ تڑ کی آوازیں آنے لگتی ہیں، اس پر اچھی طرح غور کرتے رہیں، پہلے ہلکا خاکی رنگ کا ہو جائے گا پھر رنگ گہرا ہوتا چلا جائے گا، اس کے بعد جل جانے کا خدشہ ہوتا ہے فوراً اتار لیں، پیس لیں تیار ہے، پانچ سو ملی گرام کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے دن میں دو مرتبہ دیں، دودھ میں انڈا بھی ڈال سکتے ہیں، اگر اس کے ساتھ قشری اعصابی ملیّن دو گرام دے دیا جائے تو کسی قسم کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ ہونے کا خطرہ نہیں رہتا، اس طریقے سے اسے بلاخوف وخطر استعمال کرایا جا سکتا ہے، میں اسے اسی طریقے سے استعمال کراتا ہوں، اس کے ساتھ غذائیں آٹھ اور ایک ہیں.

افعال: مزاج کے اعتبار سے عضلاتی قشری مقوّی و محرک ہے، حرکی نخاعی اعصاب کو حرکت میں لا کر قوت باہ کو اٹھاتا ہے، عام جسمانی کمزوری کو بھی نہایت مفید ہے۔

دارالشفاء

ازوائس پرنسپل حکیم حاجی محمد رفیق دیپالپور

چارے نمک کلو، اجوائن دیسی آدھا کلو، پودینہ خشک آدھا کلو، دانہ ہیل کلاں، فلفل سیاہ 1/4 1/4 کلو، نوشادر ڈنڈا، 1/8 کلو، زنجبیل 1/4 کلو، اضافات سوڈا خوردنی ایک کلو شامل کر

یں سب ادویہ صاف کر کے پیس لیں، ایک سے دو گرام کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد تازہ پانی سے دن میں تین مرتبہ استعمال کرائیں، اب ہم نے مریضوں کی خواہش پر کہ اس نمک بہت ہے سوڈا خوردنی نکال دیا وہ الگ سے جب ضرورت پڑتی ہے شامل کر لیتے ہیں۔

افعال: مزاج کے اعتبار سے قشری اعصابی ہے، نہایت مقوّی معدہ، دافع ریاح، اور ضعف اشتہا کو مفید ہے، ٹرائی گلیسرائیڈ بڑھنے سے دل کے درد کیلئے بھی فائدہ مند دوا ہے، اس کے ساتھ غذائیں قشری اعصابی دیں گے۔

عضلاتی قشری مقوّی

از مصنف

کچلہ مدّبر، لونگ، دارچینی، جلوتری، مغز جائفل، افسنتین، سنگ دانہ مرغ، سب ادویہ برابر وزن پیس لیں، مشین سے پانچ سو ملی گرام کی گولیاں بنوالیں، یا خود شہد کی مدد سے نخود قابلی برابر گولیاں باندھ لیں، ایک ایک گولی دن میں تین مرتبہ لونگ دارچینی کے قہوے سے استعمال کرائیں۔

افعال: اعصابی اور مخاطی علامات کو فی الفور ختم کر کے حرارت غریزی کو برانگیختہ کرتی ہے، اعصابی قشری عورتوں کے لئے مقوّی رحم ہے، اعصابی قشری مردوں کے لئے مقوّی باہ ہے، نزلہ بارد کے لئے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے، پنڈلیاں درد کرتی ہوں تو دو گولیاں دودھ پتی سے دیں، کرشمہ دکھاتی ہیں، مستقل استعمال سے سردی کے امراض کا قلع قمع کرتی ہے، نہایت ہی مفید و مجرب دوا ہے، اس کے ساتھ غذائیں ایک اور دو نمبر دیں گے۔

دماغی: اسطوخودوس دو حصہ، کشنیز ایک حصہ، فلفل سیاہ 1/2 حصہ، سب ادویہ صاف کر کے پیس لیں، ایک گرام ایک کپ پانی میں ایک جوش دے کر نیم گرم پلائیں۔

افعال: جب گاڑھی سبزی مائل بلغم دماغ میں جم کر دردِ سر کا باعث بن گئی ہو تو اس کا استعمال نہایت مفید رہتا ہے، دردِ شقیقہ کے لئے دس عدد مغز بادام کی سردائی کے ساتھ استعمال کرانے سے اس مرض سے ہمیشہ کے لئے چھٹکارا مل جاتا ہے، اس کے ساتھ غذائیں قشری اعصابی دیں گے۔

تو ر تھروٹ: گل بنفشہ، بہی دانہ، کوزہ مصری برابر وزن پیس کر رکھ لیں، بوقت ضرورت تین گرام ایک کپڑے میں پوٹلی باندھ کر ایک پیالی پانی میں رکھ دیں، پانچ منٹ بعد پوٹلی اٹھا کر چوسائیں، پھر اسی پیالی میں رکھ دیں اور صرف ایک منٹ بعد چوسائیں، اسی طرح پیالی کا سارا پانی چوس چوس کر ختم کرا دیں، دو دو گھنٹے بعد پوٹلی چوسائیں، چار پانچ پوٹلیاں چوس لینے کے بعد گلے کی سوزش مکمل طور پر اتر جاتی ہے۔

افعال: مزاج اعصابی قشری (تر گرم) ہے، گلے کی قشری سوزش کے لئے اس سے بڑھ کر شاید ہی کوئی دوا ہو، نہایت ہی مفید و مجرب ہے، بارہا دفعہ کی آزمودہ ہیاس کے ساتح غذائیں صرف پانچ نمبر دیں گے برف والے ٹھنڈے مشروبات سے خصوصی پرہیز کی جائے اس نسخے کا نام اس سے پہلے بمب تھا، لیکن اب بدل دیا گیا ہے۔

شفاء راحت

از مصنف

حب شفاء اور حب راحت کا سفوف برابر وزن لے کر آب زلال صمغ عربی (گوند کیکر) سے نخود قابلی برابر گولیاں باندھ لیں، ایک ایک گولی دن میں تین مرتبہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد تازہ پانی یا دودھ خالص سے استعمال کرائیں، اس کے ساتح غذائیں چھ سے ایک نمبر تک دی جائیں گی۔

افعال: ذکاوت حس کے لئے کسی اکسیر سے کم نہیں، ایک ہفتہ ایک ایک گولی صبح شام دینے کے بعد اسی کے ساتھ سفوف ثعلب اس کے دستور کے مطابق استعمال کرائیں، سرعت ورقت کا خاتمہ ہو کر قوت مردی کا سمندر ٹھاٹھیں مارنے لگتا ہے، مزاج اس کا عضلاتی مخاطی تسلیم کیا جائے گا، کیونکہ تخم دھتورہ اس کا عامل جزو ہے، اور وہ چوتھے درجے کی عضلاتی مخاطی دوا ہے۔

فیلڈ مارشل

از مصنف

کچلہ مدبر، کچلی (گندھک 7 حصہ، پارہ مصفیٰ 1 حصہ) دار چینی، لونگ، عقر قرحا، جلوتری، زنجبیل، زعفران، شمع (افیون) سب ادویہ برابر وزن پیس کر ملا لیں، اور شہد کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنا لیں، ایک گولی جماع سے ڈیڑھ گھنٹہ قبل نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں، مستقل قوت کے لئے سفوف ثعلب کے ہمراہ صبح ایک گولی استعمال کرائیں شام کو صرف سفوف ثعلب ہی استعمال کرایا جائے، ایک ماہ کافی ہے، اس کے ساتھ غذائیں چار نمبر اور ایک نمبر اور دو نمبر کی دی جائیں گی۔

افعال: محرک و ممسک ہے، مجرب و آزمودہ ہے۔

حب عنبری

از مسٹر لندنؒ مرحوم

سم الفار ایک گرام، شنگرف دو گرام، عقر قرحا، زعفران، کاپھل، جائفل، جاوتری، کچلی سب دس دس گرام، شمع (افیون) پندرہ گرام، عنبر تین گرام، نک چھکنی بیس گرام، سب ادویہ الگ الگ پیس کر شہد کی مدد سے نخود قابلی برابر گولیاں بنالیں، ایک گولی وقت خاص سے ایک گھنٹہ پہلے نیم گرم دودھ سے کھلائیں، اس دن شام کو کھانا کم کھانا ہے۔

افعال: عضلاتی قشری مقوی، محرک، ممسک ہے، مستقل قوت کے لئے سفوف ثعلب کے ہمراہ ایک گولی صبح کے وقت دیں، جس دن پروگرام ہو اس دن شام کو بھی ایک گولی دیں، اچھی چیز ہے، اس کے ساتھ دودھ میں شہد ڈال کر دیں گے اور حفظ ماتقدم چار نمبر اور ایک اور دو نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

رتن

از مصنف

دار چینی دو سو گرام، کچلہ مدّبر ساٹھ گرام، شمع (افیون) تیس گرام

سب ادویہ کو الگ الگ پیس کر ملا لیں اور 0 نمبر کے کیپسول بھر کر رکھ لیں، مستقل قوت کے لئے ایک کیپسول 0 نمبر صبح ایک کیپسول شام کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے استعمال کرائیں، وقتی ضرورت کے لئے وقت خاص سے ایک گھنٹہ پہلے دودھ میں انڈا ڈال کر استعمال کرائیں، یہ دوا چونکہ وقتی استعمال کیلئے ہے اسلئے اسکا طریقہ اوپر لکھ دیا گیا ہے ویسے مرد کو پانچ نمبر سے لے کر ایک نمبر تک سب غذائیں کھانی چاہئیں۔

افعال: یہ واحد دوا ہے جو ضرورت پوری ہونے کے بعد کمزوری پیدا نہیں ہونے دیتی، عضلاتی قشری مقوی، محرک وممسک ہے وقتی اور مستقل دونوں کے معیار پر پوری اترنے والی دوا ہے۔

اس دوا کے افعال کی گارنٹی شمع کے خالص ہونے پر منحصر ہے، اگر آپ کو شمع خالص مل جاتی ہے تو آپ کو اس کے علاوہ کوئی اور نسخہ بنانے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

اکثر ممسک نسخہ جات ایسے ہوتے ہیں کہ استعمال کرنے کے بعد نہایت ضعف پیدا کر دیتے ہیں لیکن اس نسخہ کی یہ صفت ہے کی بے شک روزانہ استعمال کرایا جائے کسی قسم کی کمزوری پیدا

نہیں ہوتی۔

از محمد رفیع سنیاسی

سپر پاور:S.P

دو سال تک کے درخت سنبھل کی جڑ سائے میں خشک شدہ ایک کلو، خولنجاں (جڑ پان) بنگلہ دیش کی لیں، موٹی والی بنگلہ دیش کی ہے، جو پتلی پتلی ملتی ہے وہ چائنا کی ہے، چائنا والی نہیں لینی ،اس کے مزاج میں فرق ہے اس لئے نتائج اچھے نہیں ملیں گے، اجزاء کا خالص ہونا ہی نسخہ کی کامیابی کی دلیل ہوتا ہے، دونوں ادویہ الگ الگ پیس لیں، O نمبر کیپسول بھر کر نیم گرم دودھ سے صبح شام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ دودھ کی کثرت کرنی ہے۔ اگر کولیسٹرول نہیں ہے، بلڈ پریشر بھی نہیں ہے تو مکھن، ملائی بھی کھائیں.

افعال: عضلاتی تشری (خشک گرم) ہے، سفوف ثعلب کے ہمراہ کھلانے سے اس کے افعال زیادہ بہتر ہو جاتے ہیں، اس کے ساتھ مکھن، بالائی اور دودھ کا استعمال زیادہ رکھیں، نہایت مقوی باہ ہے، صرف چودہ روز کا استعمال کافی رہتا ہے، ہائی بلڈ پریشر اور بواسیر کے مریض کو استعمال نہیں کروانی ہے۔

از مصنف

حبّ ایارج

ترپھلہ، شحم حنظل، دونوں ادویہ برابر وزن الگ الگ پیس کر ملا لیں اور زیرو نمبر کے کیپسول بھر کر رکھ لیں، بوقت ضرورت دو کیپسول تازہ پانی سے دیں، جب پیٹ صاف ہو چکے تو نیم گرم دودھ ضرور پئیں اور ریشہ دار سبزیوں کا استعمال قبض سے ہمیشہ کیلئے پیچھا چھڑا دیتا ہے۔

افعال: بلغمی رطوبات کے اخراج کے لئے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے، بلغمی مواد کو پاخانے کے رستے سے نکالتی ہے۔

حب شفاء
ازقراباد ین

ریوند چینی، مرمکی دو دو سو گرام، تخم دھتورہ، صمغ عربی سو سو گرام، سب ادویہ ملا کر پیس لیں، پانی کی مدد سے چنے برابر گولیاں باندھ لیں، ایک گولی دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد تازہ پانی سے استعمال کرائیں، یاد رہے یہ دوا بلڈ پریشر کو بھی کم کرتی ہے، اگر ایسا ہو تو کالی چی اور دار چینی کا قہوہ دیں۔

افعال: سردی اور خشکی کے امراض کے علاوہ تمام دردوں کو مفید ہے قشری اور اعصابی نزلے کو مفید ہے، جریان، لیکوریا جس کے ساتھ بدہضمی کی شکایت ہو، گرمی کے بخاروں کو مفید ہے، مثلا ر الدم قوی قشری کو مفید ہے، غرضیکہ نہایت ہی مفید دوا ہے اپنی عقل سے مختلف بدرقات سے اس کو کئی امراض میں استعمال کیا جاتا ہے۔

حب سیلان
ازحکیم عطا محمد شاہدرہ

مازو سبز، سنگ جراحت، صمغ عربی

برابر وزن پیس کر پانچ سو ملی گرام کی گولیاں بنالیں دو دو گولیاں تین مرتبہ دن میں کھانے سے پہلے شربت فولاد یا شربت انجبار سے دیں، اس دوا کے ساتھ چھ نمبر سے ایک نمبت تک کی غذائیں استعمال کرائیں۔

افعال: لیکوریا اور جریان کے لئے نہایت ہی مفید و مجرب ہے۔

حب افسنتین
ازمیاں منظور علی سجادہ نشین حضرت داتا گنج بخش

افسنتین دو سو گرام، نوشادر ٹھیکری تیس گرام

دونوں ادویہ پیس کر شہد کی مدد سے پانچ سو ملی گرام کی گولیاں باندھ لیں، ایک گولی کھانے کے
آدھا گھنٹہ بعد تازہ پانی سے دن میں تین مرتبہ استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ غذائیں
چار نمبر کی دی جائیں گی لیکن اگر جسم پر ورم ہو تو ساتھ ہی پانچ اور چھ نمبر کی غذا بھی شامل کر دیں۔
افعال: مزاج کے لحاظ سے قشری اعصابی (گرم تر) ہے، جگر کی خشکی اور اس کی وجہ سے پیدا
شدہ سدوں کو دور کر کے اس کے افعال کو درست کرتی ہے۔

از حکیم وائس پرنسپل محمد رفیق دیپالپور

حبّ مدر

زعفران، ہیرا کسیس (کائی سبز) مصبّر
تینوں ادویہ ہم وزن لے کر الگ الگ پیس لیں اور شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں بوقت
ضرورت دو گولیاں گرم دودھ سے دن میں تین مرتبہ استعمال کرائیں، اس دوا کے دوران
غذائیں چار اور پانچ نمبر کی دی جائیں گی۔

افعال: رطوبات کی زیادتی کی وجہ سے بندش حیض کے لئے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے، اکثر
ایک ہی خوراک سے حیض کھل جاتا ہے، تشخیص کامل ہونا شرط ہے، اگر قشری مریضہ کو دیں گے
تو قطعاً کوئی فرق نہیں پڑے گا، مجھے یا صاحب نسخہ کو کوسنے کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔
جو لوگ اسقاط کے لئے استعمال کریں گے، گناہ کے خود ذمہ دار ہوں گے، کیونکہ حمل گرانا
نہایت ہی کبیرہ گناہ ہے، قتل کے برابر ہے، اور اس کے ہاں قتل کی سزا قتل ہے، اس نسخہ کو لکھنے
کو دل نہیں چاہتا تھا کہ لالچی لوگ اسے غلط راہ پر استعمال نہ کرنے لگ جائیں، لیکن لکھ اس
لئے دیا ہے کہ شاید کسی کی زندگی بچانے کے کام آجائے، اگر اب بھی آپ اسے غلط راستے پر
استعمال کریں گے تو پھر خدا اور آپ کا معاملہ ہوگا میں نے اپنی طرف سے تمام بات صاف لکھ
دی ہے، میں بری الذمہ ہوں۔

حبّ اذراقی جدید

از حکیم محمد شبیر صاحب

اذراقی (کچلہ) مدبّر، تخم حنظل، مصبّر، پچاس پچاس گرام، دارچینی سو گرام

سب ادویہ پیس کر ملالیں، پانچ سو ملی گرام (چار رتی) کی گولیاں باندھ لیں دن میں تین مرتبہ ایک ایک گولی اجوائن کے قہوے سے بعد از غذا استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ غذائیں چار، ایک اور دو نمبر کی دیں گے۔

افعال: مزاج اس کا عضلاتی قشری (خشک گرم) ہے، بلغمی امراض کو بہت مفید ہے، شوگر خالص جب ضعف ہو اور فشار الدم ضعیف کے لئے بھروسہ کی دوا ہے۔

حبّ سعالی

از مصنف

شکر تیغال، نشاستہ، کتیرا، خشخاش، ست ملٹھی، گوند ببول سب پچاس پچاس گرام، بہی دانہ، چینی ساٹھ ساٹھ گرام، مغز بادام دو سو گرام۔

مغز بادام کے علاوہ سب ادویہ پیس لیں، مغز بادام الگ پیس کر آخر میں ملالیں، بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں اور گھنٹے گھنٹے بعد چوسائیں، اس دوا کے ساتھ غذائیں صرف پانچ نمبر۔

افعال: قشری (گرم) کھانسی، گلے کی قشری سوزش، جلن مری، گلے کی خشکی کے لئے نہایت ہی مفید و مجرب ہیں، خاص طور پر حفاظ کرام کے گلے کو صاف رکھتی ہے۔

حبّ راحت

از حکیم وائس پرنسپل محمد رفیق

تخم خرفہ سیاہ، نو گرام، اجوائن خراسانی، تخم کاہو، مغز خیار، شمع (افیون) چھ چھ گرام سب ادویہ پیس کر شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں، ایک سے دو گولیاں نیم گرم دودھ سے یا چائے

سے کھلائیں۔

افعال: مخاطی عضلاتی مسکن و مخدر ہے، کسی بھی قشری (گرم) درد کو فوراً روکتی ہے، درد کو صرف عارضی طور پر ہی روکتی ہے اس کے ساتھ ساتھ اصولی علاج بھی جاری رکھیں، اعلیٰ درجہ کی ممسک بھی ہیں، اگر سفوف ثعلب کے ساتھ صبح شام ایک ایک گولی استعمال کرادی جائے تو سرعت ورقت سرے سے ختم ہو جاتی ہے۔

حب بندق
از مصنف

چھلکار۔تھ لے کر مشین سے ایک ایک گرام کی گولیاں بنوالیں۔۔ایک گولی دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد دیں، چار گولیاں تے آور ہیں، اس دوا کے ساتھ چار، پانچ نمبر کی غذا دیں۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) ہیں، عضلاتی اور قشری بواسیر، احتلام، گیس، قبض، سوزش و درد گردہ، کو مفید ہیں، اعصابی تریاق 1/40 کے ساتھ دینے سے ہر قسم کا خون بند کرتی ہیں، غرضیکہ فم معدہ سے نیچے نیچے تمام قشری سوزشوں کے لئے اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہ ہوگی، بواسیر (قشری) کی حتمی دوا ہے تین چار ماہ کے استعمال سے مو کے تک ختم ہو کر ہمیشہ کیلئے صحت ہو جاتی ہے۔

حب لوزہ
از مصنف

مغز بادام ساٹھ گرام، اذراقی مدبر پچاس گرام، زنجبیل پچاس گرام فلفل سیاہ بیس گرام سب ادویہ پیس کر شہد کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، بوقت ضرورت ایک گولی کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے دیں، اس دوا کے ساتھ غذائیں قشری اعصابی دیں گے اور دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں گے۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) مقوّی ہیں، پٹھوں کی درد، عام جسمانی، کمزوری، اور قوت باہ کو نہایت فائدہ مند ہے، جتنا لکھا ہے اس سے بڑھ کر مفید ہے بنا کر آزمائیں اور مصنّف کے حق میں دعاء خیر کریں، ہمارے مطب کا ریگولر استعمال ہونے والا نسخہ ہے۔

حبّ سورنجاں

ازقرابادین

پوست ہلیلہ زرد، مصبّر، سورنجاں شیریں

تینوں ادویہ برابر وزن پیس کر شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں، ایک سے دو گولیاں صبح شام تازہ پانی سے استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ غذائیں چار اور پانچ نمبر دیں۔

افعال: دائمی قبض، وجع المفاصل (جس میں کھچاؤ پایا جائے)، کو مفید ہیں، سوء القینہ میں 167 ایچ کے ہمراہ دینا مفید ہے، میں نے اس دوا کو بہق پر بھی مفید پایا ہے۔

حبّ فولادی

ازصابرملتانی

ترپھلہ ساٹھ گرام، کشتہ فولاد ساٹھ گرام، اذراقی مدّ بر تیس گرام، کشتہ چار دھاتہ بیس گرام

سب ادویہ پیس کر گوند کیکر کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں باندھ لیں، دو سے چار گولیاں دن میں تین مرتبہ لسی یا شربت فولاد یا شربت بزوری بارد سے کھلائیں، اس دوا کے ساتھ غذائیں چھ نمبر سے ایک تک دیں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہیں، جریان، لیکوریا، اور بھس کو مفید ہیں۔

مغلّظ ومقوّی

ازمصنّف

اسگندھ ناگوری، بداری قند، تخم کونچ، مویز منقیٰ برابر وزن

سب ادویہ پیس کر محفوظ کر لیں، دس گرام صبح شام کھانے سے پہلے گرم دودھ سے دیں، اس دوا کے ساتھ غذائیں پانچ نمبر سے ایک نمبر تک دیجئے۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) مقوی ہے، اگر عضلاتی تحریک کی وجہ سے مادہ خشک ہو کر کمی واقع ہو گئی ہو تو اس کے استعمال سے کثیر مقدار میں صالح مادہ پیدا ہو کر مرد کامل بن جاتا ہے، میں نے اسے کئی مرتبہ بنایا لیکن کثیر الغذا ہونے کی وجہ سے متروک کیا، اور دوسری ایک بات اور ہے کہ پنساری بداری قند کی بجائے بدھارا دے دیتے ہیں اس وجہ سے بھی متروک کر دیا ہے اگر خالص اجزاء مل جائیں تو ایسی دوا کوئی اور نہ ہو گی جو نفع کے لحاظ سے کئی مہنگی ادویہ سے بہت آگے ہے۔

اکسیر خناق

از حکیم سعید احمد مرحوم (اوکاڑہ)

ہلدی، گندھک آملہ سار، کشتہ گاؤدنتی سادہ، اسپرین، کشتہ سنکھ

سب ادویہ برابر وزن پیس کر 0 نمبر کیپسول بھر لیں یہ دوا بغیر کیپسول کے استعمال نہ کرائیں کیونکہ کشتہ سنکھ زبان پھاڑ دیتا ہے، اگر دار الشفاء تین گرام میں نصف گرام ملا کر دیں تب بھی کوئی مابعد اثرات پیدا نہیں ہوتے، اگر صرف یہی دوا دینا ہو تو کھانے کے فوراً بعد ایک کیپسول تین مرتبہ دن میں تازہ پانی سے دیں، اس دوا کے ساتھ غذائیں چار نمبر دیں گے۔

نوٹ: اس سے پہلے کشتہ سنکھ تمام ادویہ کے برابر تھا، لیکن اس کے مابعد اثرات کی وجہ سے میں نے اسے ہم وزن ادویہ بنا کر استعمال کیا ہے جس سے اس کے مابعد کوئی اثرات نہیں ہوئے، کشتہ سنکھ خود بنائیں کسی پر کوئی بھروسہ نہیں۔

افعال: قشری عضلاتی معرق (گرم خشک) ہیں، خناق اور موسمی بخار اور مرکب بخاروں

کے لئے نہایت اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔

جنگجو

از حکیم محمد شفیق صاحب

اذ راقی مدّ بردرآب دھتورہ، بلادر بریان درروغن کنجد، شمع (افیون)

سب ادویہ برابر وزن پیس کرشہد کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، وقت خاص سے دو گھنٹہ قبل گرم دودھ سے کھلائیں اور............

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) محرک ہے، بارہا دفعہ بنا چکے ہیں نہایت مقوی و ممسک ہیں، اپنے مریض کے علاوہ عیاشی کے لئے استعمال نہ کرائیں، ورنہ گناہ آپکا...

اس کے نام سے عام شخص تو ایک طرف کئی طبیب بھی چونک جاتے ہیں اور مجھ سے سوال کرتے ہیں کہ اس کا نام جنگجو کیوں رکھا ہے تو حقیقت سے پردہ اٹھارہا ہوں کہ اس کا نام مریضوں نے خود ہی تجویز کیا ہے لیکن یہ اس وقت کی بات ہے جب شمع (افیون) خالص ملتی تھی اب تو تیس فیصد شمع اور اس میں ستر فیصد گڑ شامل کر کے پوست کے پتوں میں لپیٹی ہوئی ملتی ہے، فائدہ کیسے ہوگا جبکہ شمع ہی خالص نہیں ملتی۔

اکسیر جگر

از مصنف

ریوند خطائی، قلمی شورہ

دونوں ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں، نصف سے ایک گرام دن میں تین مرتبہ تازہ پانی سے، شربت بزوری بارد سے، عرق کاسنی سے بعد از غذا دیں، لیکن اب ریوند خطائی خالص تو دیکھنے کو بھی نہیں ملتی اس لئے اب مقدار خوراک ڈیڑھ گرام کر لینی چاہئے۔

خالص ریوند خطائی کو جب ہم ہاتھ سے پکڑ کر توڑتے تھے تو اس میں سے بالکل ہلدی کی طرح

اس سے کچھ کم زرد رنگ نظر آتا تھا لیکن اب جو ملتی ہے یہ ریوند خطائی کی گھٹیا قسم ہے اس کو توڑیں تو عجیب خاکی سا رنگ نکلتا ہے لیکن کیا کریں جو ملتی ہے وہی استعمال کریں گے، اس دوا کے ساتھ غذائیں پانچ اور چھ نمبر کی دیں گے، شربت بزوری بارد عرق کاسنی میں ملا کر ضرور دیا جائے اس طرح فاصلے سمٹ جائیں گے۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) مدر ہے، جگر، گردے، آلات بول، اور رحم کی سوزش اتارنے کے لئے بہت مفید ہے۔

کرشمہ: ریوند خطائی، سوڈا خوردنی — از مصنف

دونوں ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں، ایک گرام دن میں تین مرتبہ نیم گرم دودھ سے کھانے کے گھنٹہ بعد استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ غذائیں پانچ اور چھ نمبر دیں گے۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) ہے اکسیر جگر والے ہی فوائد ہیں، بلکہ اس سے بڑھ کر ہیں، جسم میں جہاں کہیں بھی قشری سوزش ہو اس کیلئے نہایت نفع بخش دوا ہے۔

خارشی

از حکیم محمد شفیق صاحب

رسونت مصفیٰ، گندھک آملہ سار، بابچی، کمیلہ، مردہ سنگ، ہر ایک دس گرام، نیلا تھوتھا، سہاگہ سفید، تین تین گرام

سب ادویہ باریک سفوف کرلیں، روغن سرشف (سرسوں کا تیل) میں ملا کر جہاں جہاں خارش ہے رات کو سوتے وقت لگائیں، صبح نہالیں، اسی طرح تین روز کریں۔

افعال: ہر قسم کی تر و خشک خارش کے لئے نہایت مفید دوا ہے، بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔

سندھوری

از حکیم سعید احمدؒ (مرحوم) اوکاڑہ

سندھور آدھا کلو، پھٹکڑی آدھا کلو

دونوں ادویہ کو جوکوب کر کے کسی ایسے کوزہ گلی میں ڈالیں جس میں ادویہ ڈالنے کے بعد تین حصے جگہ خالی رہے، اسے ایک کپڑ وٹی کر کے خشک کرلیں اور تیس کلو کی ہوا بند آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں، سفید براق کشتہ برآمد ہوگا، ایک تا دو چاول کھانے سے پہلے مکھن یا بالائی میں رکھ کر صبح شام کھلائیں، بعض مریضوں میں ٹھنڈک بڑھا دیتی ہے ان کیلئے اس میں سے پھٹکڑی کو دھو کر نکال دیں، اب کچھ نہیں کہے گی۔

افعال: یہ کشتہ، کشتہ جست کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے، جریان اور لیکوریا کے لئے بہت اعلیٰ دوا ہے، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

کافوری

از حکیم محمد شبیر صاحب

قلمی شورہ کلو، گندھک کا تیزاب دوسو پچاس گرام، کافور دوسو گرام

ایک روغنی ہانڈی لے کر اس میں قلمی شورہ ڈال دیں اور اس کے اوپر تیزاب گندھک ڈال دیں، اس میں سے بسنتی رنگ کا دھواں نکلنا شروع ہو جائے گا، اسے کسی لکڑی کے ٹکڑے سے ہلاتے رہیں جب بھی ہلائیں گے دھواں بڑی تیزی سے نکلے گا، کوئی ایک گھنٹے کے قریب وقت خرچ ہوگا، ہلاتے ہلاتے جب دھواں نکلنا بند ہو جائے تو اب اسے ہلکی ہلکی آگ پر گرم کریں، قلمی شورہ پگھلنا شروع ہو جائے گا، جب قلمی شورہ پگھل جائے تو پسے ہوئے کافور کی چٹکی دیں، اس عمل سے اس میں سے پھر دھواں نکلے گا، جب دھواں ختم ہو جائے پھر کافور کی چٹکی دیں اسی طرح تمام کافور ختم کر دیں، اس بات کا خیال رہے کہ اس عمل میں اگر آگ تیز

ہوتو دوائی کے اندر آگ لگ جایا کرتی ہے آگ نرم رکھیں، اگر پھر بھی اس میں آگ لگ جائے تو فوراً اوپر ڈھکنا دے دیں تو بجھ جائے گی، دوبارہ پھر جہاں سے کام چھوڑا تھا وہیں سے شروع کریں، جب تمام کافور ختم ہو جائے تو اسی طرح نرم آگ پر رکھا رہنے دیں جب دھواں نکلنا بند ہو جائے تو اسے آگ سے اتار لیں، سفید رنگ کا بہترین کشتہ تیار ہو جائے گا، پیس کر محفوظ کر لیں، بوقت ضرورت پانچ سو ملی گرام (چار رتی) کچی لسی یا شربت بزوری بارد سے دیں، اس دوا کے ساتھ غذائیں پانچ اور چھ نمبر دیں گے۔

افعال: سوزاک کے ابتدائی درجہ کے لئے اکسیر بے نظیر ہے، جلن کا فی الفور خاتمہ ہو جاتا ہے، حرکتہ البول (پیشاب کی جلن) میں حفظ ما تقدم کے طور پر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

اموڈیم

از حکیم سعید احمدؒ (مرحوم)

اذراقی مدبر، فلفل سیاہ، گلِ ارمنی، شمع (افیون)

سب ادویہ برابر وزن الگ الگ پیس کر دو سو ملی گرام والے کیپسول بھر لیں، بوقت ضرورت ایک کیپسول تازہ پانی سے استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ غذائیں آٹھ اور ایک دیں۔

افعال: مزاج کے لحاظ سے عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، جو پیچس کسی دوا سے بند نہ ہوتے ہوں، اس کی ایک خوراک سے بند ہو جاتے ہیں، لیکن خیال رہے کہ ایک تو اٹھارہ سال سے کم عمر کے مریض کو استعمال نہ کرائیں، دوسرا اس دوا کو اس وقت استعمال کرنا ہے جب مریض انتہائی کمزور ہو چکا ہو (یعنی پیچس کر کر کے بالکل ضعیف ہو گیا ہو) اور اس میں ہلنے جلنے کی قطعی طاقت نہ رہ گئی ہو، ممسک بھی ہے، کبھی کبھی پیٹ میں بل ڈالتی ہے، اگر گرم دودھ سے دیں تو یہ ضرر دور ہو جائے گا۔

قشری اعصابی مصفیٰ :1:
ازحکیم محمد شبیر صاحب

چھلکاریٹھہ،گندھک آملہ سار،ہلدی

سب ادویہ برابروزن پیس کررکھ لیں،ایک گرام دوا،تازہ پانی سے دن میں تین مرتبہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد دیں،اس دوا کے ساتھ غذائیں چاراور پانچ نمبر دیں گے۔

افعال: قشری اعصابی(گرم تر) مصفیٰ ہے،خشکی اور سردی سے پیدا شدہ جلدی امراض کے لئے اکسیر ہے،گاڑھی سبزاور خون آمیز پیپ والے پھوڑوں کے لئے بہت مفید ہے۔

قشری عضلاتی مصفی::
ازمصنف

گندھک آملہ سار،بابچی،کالی زیری

سب ادویہ برابروزن پیس لیں،ایک گرام دوا،دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد تازہ پانی سے استعمال کرائیں،اس دوا کے ساتھ غذائیں چارنمبر دیں گے۔

افعال: قشری عضلاتی(گرم خشک) مصفیٰ ہے،خون میں سے غلیظ مادوں کوصاف کرتی ہے،خشک خارش کے لئے دہی میں ملا کر جسم پر لگائیں اور آدھا گھنٹہ دھوپ میں بیٹھیں،اس کے بعد جسم ٹھنڈا ہونے پر نہالیں،نہانے کے درمیان جسم پر روغن سرشف لگائیں،اب بغیر صابن اور تولیہ استعمال کئے باقی کا نہالیں،نہانے کے بعد کپڑے پہن لیں،دوتین مرتبہ ایسا کرنے سے خارش جڑ سے ختم ہو جاتی ہے۔

عضلاتی مخاطی مصفیٰ ::مصفّی 3
ازحکیم محمد شبیر صاحب

مغزتخم نیم،رسونت،گوندببول

سب ادویہ برابر وزن پیس کر بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، دو دو گولیاں دن میں تین سے چار مرتبہ تیس باداموں کی پھیکی سردائی سے یا فقط پانی سے دیں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) مصفی ہے، قشری (گرم) امراض خبیثہ، پت، زرد پیپ والے پھوڑے، اٹھرا، اور موسمی پھوڑے پھنسیوں کے لئے مفید ہے، شوگر میں جب پھنسیاں نکلیں تو بھی مفید ہے، رسونت کا خالص ہونا اور مغز نیم کا تازہ ہونا شرط ہے۔

قروح معدہ...Qm

از حکیم محمد شفیق صاحب

کشتہ سنگ جراح سو گرام، پھٹکڑی سفید خام پچاس گرام

دونوں ادویہ کو الگ الگ پیس کر ملالیں اور مضبوط کارک والی شیشی میں سنبھال کر رکھ لیں، بوقت ضرورت نصف گرام صبح نہار منہ آدھا کپ نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں، پون گھنٹہ بعد ناشتہ کرائیں، اگر مریض کی حالت زیادہ خراب ہو تو دن میں تین مرتبہ بھی استعمال کرائی جا سکتی ہے لیکن ہر مرتبہ خلوئے معدہ ہی استعمال کرانی ہے، اتنی کمال کی دوا ہے جس کا کوئی ثانی نہیں، اسے آپ ماخورہ میں منجن کے طور پر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

افعال: دوا کے اندر جاتے ہی دودھ پھٹ جاتا ہے، اور زخموں پر پلستر کی طرح ایک تہہ چڑھا دیتا ہے، اگر ذرا غور کیا جائے تو یہ دونوں ادویہ ہی اندرونی زخموں کے لئے اکسیر ہیں، اس لئے خصوصاً معدے کے زخموں کے لئے اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہ ہوگی، یہ دوا انگریزی دوا میوکین سے لاکھ درجہ بہتر ہے۔

ایک بات تجربے میں آئی ہے کہ اس دوا کو جتنا باریک پاؤڈر کیا جائے اتنا ہی بہتر طور پر کام کرتی ہے، اس لئے ضروری ہے کہ اسے کپڑ چھان کر کے استعمال کریں۔

طوفان باہ

از حکیم محمد شبیر صاحب

مشک خالص، عنبر، کلاہ قرنفل، کچلی، زعفران، دس دس گرام، ورق سونا ایک گرام

عرق گلاب میں ورق سونا کھرل کریں، اس کے بعد باقی ادویہ الگ الگ کھرل کر کے ایک گھنٹہ خوب زوردار ہاتھوں سے رگڑائی کریں، ایک سے دو چاول مویز میں رکھ کر صبح شام کھانے کے بعد کھلائیں، اس دوا کے ساتھ غذائیں ایک اور دو نمبر دی جائیں گی۔

افعال:: قشری عضلاتی (گرم خشک) ہے، عضلاتی مریضوں کے لئے بہت مفید ہے، اگر قشری مریض کو کھلانا مقصود ہو تو دس گرام شمع (افیون) اور تین گرام ورق نقرہ شامل کریں، اس دوا کو استعمال کرنے سے پہلے سفوف ثعلب ایک ماہ ضرور استعمال کرا دیں تاکہ مادہ منویہ میں غلظت پیدا ہو جائے، سرد مزاجوں کو بغیر سفوف ثعلب استعمال کرائے کھلا سکتے ہیں، اگر گرم مزاج پر کام نہ کرے تو یہ آپ کی تشخیص کی غلطی ہے کیونکہ اس دوا کا مزاج بھی قشری ہے۔

اکسیر نسواں

از مسٹر لندنؒ

ایک کلو دال ماش، پچاس گرام ماز و بے سوراخ، پچاس گرام پھٹکڑی سفید

ایک کھلا سا برتن لے کر اس میں دال ماش چھلکے والی ایک کلو اور چھ کلو پانی ڈال دیں، ماز و اور پھٹکڑی ایک کپڑے کی پوٹلی میں ڈھیلا سا کر کے باندھ دیں، اسے بھی برتن میں چھوڑ دیں، نو گھنٹے ہلکی ہلکی آگ پر پکنے دیں، اس کے بعد آگ سے اتار لیں، ٹھنڈا ہونے پر پوٹلی نکال کر اس میں سے ماز و نکال لیں یہ بالکل نرم ہو چکے ہوں گے، ان کو سایہ میں خشک کر لیں، پیس کر رکھ لیں، نصف گرام صبح شام شربت انجبار سے خالی معدے دیں۔

افعال:: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) شدید ہے، لیکوریا کے لئے تیر بہدف ہے، دو ہفتے کا استعمال کافی ہے، اس کے علاوہ اس کے برابر وزن شمع ملا کر پانچ سو ملی گرام دوالعاب دہن میں ملا کر فریق ثانی کے اعضاء مخصوصہ کے اندر لگوا دیں اور دس منٹ بعد مشغول ہوں، چالیس سال کی عورت بھی باکرہ ہو جائے گی۔

لیلیٰ

از مسٹر لندنؒ

چھلکار یٹھہ سوختہ، مغزر یٹھہ

دونوں ہم وزن ملا کے پیس لیں، ایک گرام، دن میں تین مرتبہ تازہ پانی یا شربت بزوری بارد سے دیں، اس دوا کے ساتھ پانچ اور چھ نمبر غذائیں استعمال کرائیں گے۔

افعال:: اعصابی قشری اعصابی (تر گرم تر) ہے پیشاب کی جملہ امراض، سوزش گردہ کو دور کر کے قوت باہ کو نہایت فائدہ پہنچانے والی دوا ہے۔

سعال بلغمی (حب کاکڑا سینگی)

از حکیم حافظ حبیب اللہ

کاکڑا سینگی حسب ضرورت لے کر اس کے اندر سے جالا صاف کر لیں اور پیس کر شہد کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنا لیں، بوقت ضرورت ایک سے دو گولی دن میں تین مرتبہ تازہ پانی سے یا نیم گرم دودھ سے استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ پانچ اور چار نمبر بترتیب غذا کا استعمال کیا جائے گا، یاد رہے غذا اور دوا کا جو نمبر پہلے لکھا ہو وہ دو حصے ہوتی ہے اور جو نمبر بعد میں لکھا جائے وہ ایک حصہ ملا کر دی جاتی ہے اس قاعدہ کلیہ کو کبھی بھی نہیں بھولنا۔

افعال:: مزاج کے لحاظ سے قشری اعصابی (گرم تر) ہے، بلغمی کھانسی جس میں منہ بھر کر

بلغم آ رہی ہو نہایت مفید و مجرب ہے، ایک ہی دن میں مسیحائی دکھاتی ہے۔

معجون مخرج

از حکیم حافظ حبیب اللہ

شکر تیغال، بہی دانہ، قشری اعصابی شدید، پچاس پچاس گرام، سہاگہ سفید تیس گرام سب ادویہ پیس کر سو سو گرام شہد اور بادام روغن ملا کر محفوظ کر لیں، بادام روغن کا خالص ہونا ضروری ہے، ڈیڑھ گرام دوا گرم دودھ سے صبح شام کھانے سے قبل استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ پانچ اور چار نمبر غذائیں استعمال میں لائی جائیں گی۔

افعال: مزاج اس کا قشری اعصابی (گرم تر) ہے، دمہ خالص کو مجرب و آزمودہ ہے، برسوں کی رکی ہوئی بلغم کو چند گھڑیوں میں صاف کر کے سانس بحال کر دینے والی دوا ہے، خشک کھانسی کے لئے نیم گرم پانی میں شہد ملا کر اس سے کھلائیں، بنا کر استعمال کرنے پر ہی اس کی افادیت کا پتہ چلے گا۔

محافظ اسقاط

از حکیم پیر بخش پرداداجی مرحوم

دار چینی، سنگ جراح، کشتہ بیضہ مرغ

سب ادویہ برابر وزن پیس کر باہم آمیز کر لیں، دو گرام دوا نیم گرم دودھ سے صبح شام کھلائیں، اس دوا کے ساتھ سات نمبر سے لے کر ایک نمبر تک غذائیں دی جائیں گی۔

افعال: مزاج کے اعتبار سے عضلاتی مخاطی (خشک سرد) حابس ہے، کثرت طمث کی وجہ سے جب قوتیں کمزور ہو چکی ہوں تو اس کی ایک ہی خوراک اپنا اثر دکھاتی ہے، کثیر مقدار میں بھی اگر خون بہہ رہا ہو تو بہت ہی مفید دوا ہے لیکن خون کا بکثرت آنا رحم کی رسولیوں سے تشخیص کر لیں، اس خون کے ساتھ سیاہی مائل لوتھڑے آیا کرتے ہیں۔

لینٹر

از حکیم محمد رفیق پیر محل

نیلا تھوتھا، جست

دونوں پچاس پچاس گرام لے کر ایک شربت والی شیشے کی بوتل میں ڈال کر اسے پانی سے بھر دیں، کچھ روز دھوپ میں رکھ دیں، روزانہ ہلاتے رہا کریں دونوں ادویہ حل ہونا شروع ہو جائیں گی، جب ادویہ کا نام ونشان مٹ جائے تو دیکھیں کہ سفید رنگ کا پانی بچے گا، اسے نتھار لیں اور ہلکی آگ پر خشک کر لیں، بالکل سفید رنگ کی دوا تیار ہوگی اسے پیس کر محفوظ کر لیں، اب اس میں سے دس گرام دوا لے کر نوے گرام سنگ جراح نہایت باریک پیس کر ملا لیں، بہترین منجن تیار ہے، اس منجن کا استعمال ضرور کریں لیکن معدے کے فعل کو ضرور درست کیا جائے کیونکہ دانتوں کے اکثر امراض معدے کی خرابی سے شروع ہوتے ہیں، غذائیں زود ہضم اور بھوک رکھ کر کھلائی جائیں، کھانے کے ساتھ پانی کم مقدار میں استعمال کیا جائے۔

افعال: ہلتے دانتوں کو چند ہی روز میں اس طرح جما دیتا ہے کہ ایسے گمان ہوتا ہے جیسے کبھی ہلے ہی نہ ہوں، لیکوریا کے لئے چار رتی صبح شام دینا مفید ہے، خونی بواسیر جس میں زردی مائل رقیق خون آ رہا ہو اور ساتھ جلن درد بھی ہو، ان ہی علامات کے ساتھ کثرت طمث کو بھی مفید و مجرب ہے۔

پائیوریں

از نصیر احمد بھٹی گوالمنڈی

لونگ دو سو گرام، نیلا تھوتھا سو گرام

دونوں ادویہ کو جو کوب کر کے ایک کوزہ گلی میں بند کر کے سات کلو کی ہوا بند آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر نکال کر پیس لیں، سیاہ رنگ کا منجن حاصل ہوگا۔

اس منجن کا استعمال ضرور کریں لیکن معدے کے فعل کو ضرور درست کیا جائے کیونکہ دانتوں کے اکثر امراض معدے کی خرابی سے شروع ہوتے ہیں، غذائیں زود ہضم اور بھوک رکھ کر کھلائی جائیں، کھانے کے ساتھ پانی کم مقدار میں استعمال کیا جائے۔

افعال: انگلی کی مدد سے مسوڑھوں پر لگائیں اور منہ کو ڈھیلا چھوڑ دیں، کافی فاسد مادہ خارج ہوگا، آدھے گھنٹے بعد کلی کریں، چند روز استعمال کرنے سے دانتوں میں سے خون آنا بند ہو جائے گا، دانت کافی مضبوط ہو جاتے ہیں۔

اکسیر قلب

از حکیم لال دین قصور پورہ

چاروں اجوائن، نمک سیاہ، پچاس پچاس گرام، ہیرا ہینگ دس گرام

درج اولی ادویہ پیس کر حسب ضرورت آب گھیکوار میں کھرل کریں کہ گولیاں باندھنے کے قابل ہو جائے، بڑے چنے برابر گولیاں بنا کر خشک کر لیں، ایک سے دو گولیاں کھانے کے بعد تازہ پانی یا ماء العسل (شہد ملا پانی) سے تین مرتبہ دن میں دیں، اس دوا کے ساتھ صرف تشری اعصابی غذائیں استعمال میں لائی جائیں گی۔

افعال: تشری عضلاتی (گرم خشک) ہے، کولیسٹرول (TGIR) کی زیادتی سے بند کیواڑیوں کو کھولنے میں لاثانی دوا ہے (صرف عضلاتی اور مخاطی مریضوں کیلئے) ہے، اس کے ساتھ اگر C/4 دو گرام ہر خوراک کے ساتھ دیں تو مابعد اثرات بالکل ختم ہو جاتے ہیں۔

معجون قلب

از غلام محی الدینؒ جوگی مرحوم

طباشیر، بہمن سفید، گل سرخ، پچاس پچاس گرام، صندل سفید، کشنیز، گاؤزبان، ستر ستر گرام، مغز خیار دو سو گرام، مغز کدو شیریں دو سو پچاس گرام، زرشک تین سو گرام، تخم خرفہ سیاہ چھ

سوگرام،عرق کیوڑہ،عرق گلاب ایک ایک بوتل، پانی ایک بوتل (بوتل کا معیار 750ml)

تیاری: مغزیات اور زرشک کے علاوہ تمام ادویہ پیس لیں،مغزیات کو الگ کھرل میں جو کوب کر لیں،تمام ادویہ مغزیات سمیت وزن کر لیں اس وزن سے تین گنا چینی میں عرقیات ڈال کر قوام تیار کر لیں،اس میں نیم گرم ہونے پر دس گرام ست لوبان ڈال کر اچھی طرح ملا دیں،اس کے بعد تمام ادویہ اچھی طرح ملا لیں بہترین معجون تیار ہو جائے گی۔

افعال: اعصابی مخاطی (تر سرد) ہے،دل کی قشری بافت کی سوزش اتار کر دمہ قلبی اور خفقان القلب کو مفید ہے،اگر اس کی ایک خوراک (چائے والا چمچ) کے ساتھ چار چاول کشتہ چاندی آملہ والا شامل کر لیں تو اس کے فوائد اور بہتر ہو جاتے ہیں مجرب و آزمودہ ہے،اتنی مفید دوا ہے کہ بعید از بیان ہے اس کے ساتھ پانچ نمبر سے لے کر ایک نمبر تک غذائیں استعمال میں لائی جائیں گی۔

معجون شاکر

از مصنف

طباشیر بانسی، بہمن سفید،گل سرخ پچاس پچاس گرام،صندل سفید، کشنیز،گاؤزبان ستر ستر گرام،مغز خیارین دوسو گرام،مغز کدو شیریں،مغز تربوز دوسو پچاس پچاس گرام،زرشک شیریں تین سو گرام،خرفہ سیاہ تین سو پچاس گرام،الائچی دانہ خرد پچاس گرام،اسرول دس گرام،گلقند دو کلو،شیرہ سیب چار کلو

تیاری: اسرول اور زرشک الگ الگ پیس لیں،باقی ادویہ اکٹھی پیس کر ملا لیں اور آخر میں گلقند اور شیرہ مربہ سیب ملا کر تمام دوائیں اچھی طرح ملا لیں بس تیار،صرف آدھا چمچ کھانے والا صبح شام خالی معدے لیں،شیرہ سیب سنگھ کر لیں کہیں فنکس والا نہ ہو۔

افعال: پچھلے صفحے پر معجون قلب لکھا گیا ہے وہ اپنی جگہ لیکن یہ اس سے بہت ہی بہتر ثابت ہوا ہے، جن لوگوں کا بلڈ پریشر ہمیشہ ہائی ہی رہتا ہو(بوجہ Stenosis) ان کے لئے اکسیر سے کم نہیں ہے، کچھ مریض میرے پاس ایسے تھے جن کا انگریزی دوا کے بغیر گذارا ہی نہیں ہوتا تھا انہیں ایک سے دو ہفتہ استعمال کرانے سے وہ بالکل تندرست ہو گئے کئی ماہ سے دوبارہ ان کا بلڈ پریشر نہیں بڑھا بلکہ وہ اب بالکل نامل ہو گئے، اس دوا کے ساتھ غذائیں پانچ نمبر سے لے کر ایک نمبر تک استعمال میں لائی جائیں گی، بنائیں اور صاحب نسخہ کو اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھیں، بڑی بڑی یاقوتیوں سے بہت آگے کی دوا ہے۔

پائیوریں:2: از مصنف

لونگ، پھٹکڑی سرخ سوسو گرام

دونوں ادویہ توے پر رکھ کر اوپر کوئی برتن اوندھا کر کے رکھ دیں، تیز آگ سے سب کچھ جلا دیں، جب پھٹکڑی پگھل رہی ہو تب اس پر ایک لیموں کا رس بھی نچوڑ دیں ٹھنڈا ہونے پر پیس کر رکھ لیں، اس میں چار گنا سنگجراح پیس کر ملا دیں بہترین منجن تیار ہے۔

اس منجن کا استعمال ضرور کریں لیکن معدے کے فعل کو ضرور درست کیا جائے کیونکہ دانتوں کے اکثر امراض معدے کی خرابی سے شروع ہوتے ہیں، غذائیں زود ہضم اور بھوک رکھ کر کھلائی جائیں، کھانے کے ساتھ پانی کم مقدار میں استعمال کیا جائے۔

افعال: دانتوں کی درد، مسوڑھوں کی سوجن، دانتوں سے خون آنا، دانتوں کا ہلنا، سب بچوں اور بڑوں کے لئے مفید و مجرب ہے، سستا بھی ہے اور نہایت مؤثر بھی ہے، یہ ہمیں ایک درویش نے تحفتاً دیا تھا اللہ تعالیٰ ﷻ ان کے درجات بلند فرمائے....آمین۔

اکسیر ذکاوت

از مسٹر لندن

موصلی سفید انڈیا، کشتہ بسد در دھتورہ، پچاس پچاس گرام، کافور، لوبان کوڑیا ہر ایک پچیس گرام، سب ادویہ پیس لیں نصف گرام صبح شام نیم گرم دودھ سے استعمال کرائیں۔

افعال: مزاج اس کا مخاطی عضلاتی (سرد خشک) ہے، ذکاوت حس کا خاتمہ کر کے قوت باہ کو بحال کرتی ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک کی غذائیں دیں گے۔

معجون نرینہ

از حکیم محمد اسحاق قادری

ابریشم، کہرباء شمعی، صندل سفید، صندل سرخ، کشتہ شاخ مرجان در مکھن، جدوار، درونج عقربی، عود ہندی، گل ارمنی، طباشیر، الائچی سبز، سب پچاس پچاس گرام، چینی دو کلو، شہد آدھا کلو، حسب دستور معجون بنالیں چھ گرام صبح شام نیم گرم دودھ سے کھلائیں، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک کی غذائیں دیں گے۔

افعال: مزاج اس کا مخاطی عضلاتی (سرد خشک) ہے، مرض اٹھرا کا خاتمہ کر کے اولاد نرینہ پیدا کرنے کا ذریعہ ہے، لیکن اول ایام درست کر لیجئے، بنائیں تو سہی۔

معجون دبید الورد

از مصنف

بالچھڑ، مصطگی رومی، طباشیر، دار چینی، اذخر مکی، اسارون، قسط شیریں، گل غافث، تخم کشوث، مجیٹھ، لک مغسول، تخم کرفس، زراوند طویل، حب بلسان، عود غرقی، قرنفل، دانہ الائچی سفید، سب تین تین گرام، گل گلاب ڈنڈی دور کردہ پچاس گرام

سب ادویہ کوٹ چھان کر تین گنا شہد میں ملالیں، چھ گرام دوا صبح شام عرق سونف سے دیں۔ اس دوا کے ساتھ تین نمبر غذائیں استعمال کریں گے لیکن اول تشخیص مکمل کر کے دوا دیں۔

افعال: مزاج کے لحاظ سے قشری عضلاتی (گرم خشک) ہے، جگر کے سوداوی اور یابس سدوں کو کھول کر اس کے مخاطی اور عضلاتی ورم کو تحلیل کرتا ہے، اس کے علاوہ تمام سرد اور ریاحی امراض کے لئے بہت ہی خوش ذائقہ اور مفید دوا ہے۔

معجون ماسکتہ البول: ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ قابلی، نونو گرام دیسی گھی میں بریاں کریں، کتھہ سفید نو گرام، جفت بلوط، کندر، دو دو گرام، ثعلب مصری چار گرام، کہرباء شمعی چھ گرام، تخم بھنگ، حب الآس، ڈیڑھ ڈیڑھ گرام، سب ادویہ پیس لیں، مویز منقیٰ ڈھائی سو گرام، اور ڈھائی سو گرام شہد ملا کر حسب دستور معجون بنا لیں، چھ گرام صبح شام شربت انجبار سے دیں، اس دوا کے ساتھ ایک اور دو نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: بول فی الفراش، سلسل بول، جریان مذی اور جریان ودی کو نہایت مفید ہے، مزاج اس کا عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے۔

از مصنف

معجون سورنجاں

اسارون، زنجبیل، زیرہ سیاہ، دار فلفل سات سات گرام، ثناء مکی پندرہ گرام، سورنجاں شیریں تیس گرام

سب ادویہ پیس کر ڈھائی سو گرام شہد کا قوام کر کے اس میں ملا لیں، چھ گرام معجون، سو گرام عرق سونف سے صبح شام دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: مزاج اس کا قشری اعصابی (گرم تر) ہے، عرق النساء، نقرس، گنٹھیاوی دردیں، اور وجع القاصل عضلاتی (جوڑ پتھرا جانا) کو مفید ہے۔

شربت فولاد

از حافظ عبدالرحمٰن

ہریڑ سبز، آملہ، تخم کاسنی، مکو دانہ، نارنج، سوسو گرام، مجیٹھ پچاس گرام، ہیرا کسیس، پتری فولاد، پچیس پچیس گرام، چینی چھ کلو، پانی تین کلو، حسب دستور شربت پکالیں تیس گرام شربت پانی میں ملا کر دن میں دو تین بار پلائیں، دودھ میں چینی کی جگہ ملا کر پی لیں، اس کے بعد دانتوں کو ضرور صاف کرنا چاہئے ورنہ دانتوں پر فولاد کا رنگ چڑھ جاتا ہے، اس شربت کے ساتھ چھ نمبر سے ایک نمبر تک کی غذائیں استعمال میں لائی جائیں گی۔

افعال: مزاج مخاطی عضلاتی (سرد خشک) ہے، ملیّن ہے، پیاس بجھاتا ہے، کمئی خون کو پورا کرتا ہے، مشتہی (بھوک لگانے والا) ہے، سال ہا سال سے معمول مطب ہے۔

شربت بارد

از حکیم محمد شفیق صاحب مرحوم

زیرہ سفید، تخم کاسنی، گل نیلوفر، پاؤ پاؤ، گل گڑھل سوسو گرام، چینی ساڑھے چار کلو، پانی ڈھائی کلو، حسب دستور شربت پکالیں اور تیس گرام شربت، پانی میں ملا کر صبح شام پلائیں، اس شربت کے ساتھ پانچ اور چھ نمبر غذائیں استعمال میں لائی جائیں گی۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) ہے، جگر معدہ اور آنتوں کی سوزش اتار کر نظام ہضم کی از سر نو مرمت کرتا ہے، صفراوی امراض کے لئے ایک بیش قیمت تحفہ ہے۔

شربت بزوری جدید

از مصنف

مغز تربوز دوسو پچاس گرام، تخم کاسنی پچاس گرام، الائچی سفید پچاس گرام، گل نیلوفر تیس گرام، چینی تین کلو، پانی ڈیڑھ کلو

حسب دستور شربت بنائیں اور بیس گرام شربت، ساٹھ گرام عرق گلاب میں ملا کر پلائیں، اس شربت کے ساتھ پانچ اور چھ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) ہے، صفراوی امراض میں بالخاصہ مفید ہے، پیاس ختم کر کے دل کو تسکین دیتا ہے، پیشاب کی جلن دور کرتا ہے، سوزاک کے ابتدائی درجہ میں ضرور دینا چاہئے دماغ کے لئے محرک ہے، دمہ قلبی اور خفقان القلب کو نہایت نفع بخش ہے۔

شربت بزوری بارد

از مصنف

تخم کاسنی، جڑ کاسنی، گل بنفشہ، گل نیلوفر، الائچی سفید، پچاس پچاس گرام، مغز تربوز سو گرام، چینی پانچ کلو، پانی تین کلو

حسب دستور شربت تیار کریں اور بوقت ضرورت بیس گرام شربت، عرق کاسنی ساٹھ گرام یا دودھ دو سو پچاس گرام میں ملا کر پلائیں اس شربت کے ساتھ پانچ اور چھ نمبر کی غذائیں دیں گے، اس شربت کی تعریف ممکن نہیں یہ استعمال کرنے والا ہی بتائے گا۔

افعال: تمام قشری (حار) امراض کے لئے اکسیر صفت ہے، مثلاً، سوزاک، خفقان القلب، جریان، لیکوریا، دمہ قلبی، سینے کی جلن، پیشاب کی جلن وغیرہ کے لئے نہایت ہی مفید و مجرب ہے، سالوں سے معمول مطب ہے۔

کف سیرپ

از حکیم محمد شفیقؒ صاحب مرحوم

برگ بانسہ دو کلو، لسوڑیاں آدھا کلو، بہی دانہ، گل بنفشہ، اصل السوس، خطمی، خبازی، گل نیلوفر، زوفا، شکر تیغال، سب دو دو سو گرام، چینی سولہ کلو، پانی آٹھ کلو، حسب دستور شربت تیار کر لیں اور نیم گرم پانی کے ایک کپ میں بیس گرام شربت ڈال کر چائے کی طرح چسکی سے پلائیں۔

افعال: اعصابی غدی (تر گرم) ہے غدی (حار) کھانسی، گلے کی جلن، معدی کی جلن اور سوزش کو مفید و مجرب ہے اس شربت کے ساتھ پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

نوٹ: اس شربت کو اسی وزن سے کئی بار بنایا، لیکن زیادہ عرصہ پڑا رہنے سے خراب ہو گیا لہٰذا تجربہ میں یہ بات آئی کہ اسے صرف دس بوتل سے زیادہ نہ بنایا جائے، یہ جو وزن ترتیب دیئے گئے ہیں اس کے مطابق یہ بیس بوتل کا نسخہ ہے، اگر اس سے آدھا بنایا جائے تو ٹھیک رہے گا، یا اگر اس سے بھی آدھا بنایا جائے تب بھی بہتر ہے، فیصلہ آپ کریں گے، میرے خیال کے مطابق بہی دانہ کی لیس کی وجہ سے اس پر فنگس (پھپھوندی) آتی ہے، اگر بہی دانہ نکال دیا جائے تو زیادہ دیر تک درست رہ سکتا ہے۔

شربت انار

از مصنف

انار دانہ دو سو گرام لے کر کلو پانی میں ڈال کر ابال لیں، اور نیم گرم ہونے پر اس کی رگڑائی کریں، اس کے بعد موٹے کپڑے سے چھان لیں، اب تین کلو چینی اور ڈیڑھ کلو پانی کا اضافہ کر کے حسب دستور شربت پکا لیں، انار کا رنگ بازار سے مل جاتا ہے، حسب ضرورت ڈال لیں، اگر مناسب سمجھیں تو انار کی خوشبو بھی ڈال لیں، اس شربت کے ساتھ پانچ اور چھ نمبر اور ایک نمبر کی غذائیں دیں گے۔

افعال: اعصابی غدی (تر گرم) ہے، پیاس بجھاتا ہے، نہایت ہی مفرح ہے۔

جو شربت انار بازار میں ملتا ہے یہی ہے، لیکن اگر زیادہ فوائد حاصل کرنا چاہیں تو انار کے موسم میں انار کا رس نکال کر بنائیں اصل شربت انار کہلانے کا حق دار یہی ہے۔

شربت گوند

از مصنف

حسب ضرورت چینی لے کراس کا قوام پکالیں اور فی بوتل کے حساب سے دس گرام چہار گوند پیس کر ملادیں بس تیار ہے، ایک بات یادرکھئے کہ جو چہار گوند کے نام سے بازار میں آمیزہ ملتا ہے وہ فقط آلو بخارے کی گوند ہوتا ہے اور یہی کتیرا گوند کے نام سے فروخت ہوتا ہے، اس شربت کے ساتھ پانچ سے سات نمبر کی غذائیں دیں گے۔۔

افعال: مخاطی اعصابی (سردتر) ہے تمام صفراوی امراض کے لئے اکسیر صفت ہے، خصوصاً مادہ منویہ کے نقائص دور کر کے غلظت پیدا کرتا ہے۔

شربت گلہر

از مصنف

گلہر کے ایک سو تازہ پھول لے کران کی ڈنڈیاں الگ کریں، تین پاؤ پانی ڈال کر ایک جوش دیں، مل کر چھان لیں، گاڑھا سا پانی حاصل ہوگا، اس میں ڈیڑھ کلو چینی، دو گرام ست لیموں ڈال کر شربت پکالیں، گلابی رنگ کا خوبصورت شربت تیار ہوگا، عرق بید مشک ساٹھ گرام میں بیس گرام شربت ملا کر پلائیں، اس شربت کے ساتھ پانچ سے ایک نمبر تک کی غذائیں دیں گے۔

افعال: دل کی تقویت کے لئے بہت اعلیٰ ہے، اس کے علاوہ اس میں قدرتی طور پر فولاد پایا جاتا ہے، اس وجہ سے رنگ سرخ کرتا ہے، مغلظ ہے، منی کے تمام صفراوی امراض کے لئے مفید و مجرب ہے۔

شربت کوڑ

از مصنف

کوڑ پاؤ، پت پاپڑا، منڈی، چرائتہ، عناب سو سو گرام، دو کلو پانی میں جوش دے کر رات پڑا

رہنے دیں، صبح مل چھان کر چار کلو چینی ڈال کر حسب دستور شربت تیار کر لیں تیس گرام شربت صبح شام پانی میں ملا کر پلائیں، اس شربت کے ساتھ چار نمبر کی غذائیں دیں گے۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) ہے، مصفی خون ہے، محلل ریاح ہے، پیٹ، گرمی دانے اور عضلاتی (پھڑ) پھوڑوں کو مفید ہے۔

شربت دارچینی

از مصنف

دارچینی دو سو پچاس گرام لے کر جوکوب کریں، دو کلو پانی ڈال کر چار پانچ جوش دے لیں، رات پڑا رہنے دیں، صبح رگڑ کر چھان لیں، اس میں تین کلو چینی ڈال کر حسب دستور شربت پکا لیں، بیس گرام شربت پانی میں ملا کر دیں، بچوں کو چمچ سے چٹا دیں، اس شربت کے ساتھ دو نمبر کی غذائیں دیں گے۔

افعال: عضلاتی قشری (خشک گرم) ہے، اعصابی امراض کے لئے تحفہ ہے، نزلہ بارد، سردی سے چھینکیں آنا، دل کے لئے محرک ہے، جگر کے لئے مقوی ہے، سردی کے موسم میں بچوں کی کھانسی میں مفید ہے۔

شربت بزوری حار

از مصنف

جڑ کاسنی نو تولہ، تخم کاسنی، جڑ سونف، ستر ستر گرام، تخم کرفس، پوست بیخ کرفس، تیس تیس گرام، تخم کشوث (پوٹلی میں بندھا ہوا) پندرہ گرام، دو کلو پانی میں جوش دے کر رات پڑا رہنے دیں، صبح مل چھان کر ڈیڑھ کلو چینی ڈال کر حسب دستور شربت پکا لیں، بیس گرام شربت عرق بادیان ساٹھ گرام میں ملا کر پلائیں۔

اس شربت کے ساتھ چار نمبر کی غذائیں دیں گے۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) ہے، عضلاتی امراض گردہ و مثانہ کو مفید ہے۔

شربت بنفشہ

از مصنف

ڈھائی سو گرام گل بنفشہ جو کوب کر کے ڈیڑھ کلو پانی میں جوش دے کر رات پڑا رہنے دیں، صبح مل چھان کر تین کلو چینی شامل کر کے شربت پکا لیں، شربت پکاتے وقت تین گرام ست لوبان اور تین گرام ٹاٹری انڈیا ڈلی والی ڈالنا نہ بھولیں، بلکہ یہ یاد رکھئے کہ ہر شربت میں ایک بوتل کے حساب سے ایک ایک گرام دونوں دوائیں ڈالنی ہوتی ہیں یوں پھپھوندی نہیں لگتی اور شربت عرصہ تک خراب نہیں ہوتا، شربت بنفشہ بوقت ضرورت نیم گرم پانی میں ملا کر پلائیں یا ویسے ہی چٹائیں، اس شربت کے ساتھ پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) ہے، قشری کھانسی سوزش گلا، سوزش مری، سوزش فم معدہ، قلاع الفم (منہ کے چھالے) کو مفید ہے، جو گرمی سے ہوں، گرمی سے پیدا شدہ منہ کے چھالے سرخ اور تیکھے ہوتے ہیں جبکہ معدہ کی خرابی کے باعث پیدا ہونے والے منہ کے چھالے سفید ہوتے ہیں۔

شربت سپستاں

از مصنف

آدھا کلو لسوڑیاں جو کوب کر کے، دو کلو پانی ڈال کر دو تین جوش دیں، رات پڑا رہنے دیں، صبح مل چھان کر تین کلو چینی ڈال کر شربت پکا لیں، اس شربت کے ساتھ صرف پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

افعال: مذکورہ بالا (شربت بنفشہ کی طرح) کے علاوہ گلے کے ورم کے لئے بہت مفید ہے۔

شربت آہک
از مصنف

چونا پچاس گرام لے کر، رات کو آدھا کلو پانی میں بھگو دیں، صبح اس کا نتھرا ہوا پانی الگ کر لیں اور کچھ دیر پڑا رہنے دیں تا کہ مزید ضرر رساں اجزاء تہہ نشیں ہو جائیں، اب پھر سے نتھرا ہوا پانی الگ کر لیں اور اسمیں آٹھ سو گرام چینی ڈال کر قوام تیار کر لیں، بچوں کو دن میں تین بار ایک چائے کا چمچ دیں، اس شربت کے ساتھ پانچ، چھ اور سات نمبر کی غذائیں دیں گے۔

افعال: بچوں میں کیلشیئم کی کمی کے لئے اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہ ہوگی۔

شوگرین مصفّی
از حکیم محمد شفیق صاحب

پت پاپڑا، حرمل کلو کلو لے کر اس پر آب نیم اس قدر ڈالیں کہ پانی دو انگلی اونچا رہے، جب خشک ہو جائے تو دوبارہ، سہ بارہ یہی عمل کریں، خشک ہونے پر پیس کر رکھ لیں، سات سو پچاس ملی گرام (چھ رتی) سے ڈیڑھ گرام تک دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد پانی سے دیں، اس کا مزاج عضلاتی مخاطی تسلیم کیا جائے گا اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دی جائیں گی۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے شوگر خالص اور سلسل بول کو مفید ہے۔

شوگرین مقوّی
از حکیم حافظ حبیب اللہ

کچلہ سوختہ، پوست کو کنار برابر وزن

پیس کر ملا لیں، سات سو پچاس ملی گرام (چھ رتی) دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد تازہ پانی سے دیں، یا دودھ نیم گرم سے دیں، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذا دیں گے۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، شوگر خالص کو مفید ہے، مشتہی ہے، قوت باہ کو بر انگیختہ کرتی ہے، پٹھوں کو نہایت طاقت دیتی ہے، کھانے والا پھر سے جوان ہو جاتا ہے۔

سفوف ثعلب

از حکیم شبیر صاحب

ثعلب مصری، ثعلب پنجہ، موصلی سفید انڈیا پچاس پچاس گرام، الائچی سفید ایک گرام، چھلکا اسپغول دو سو گرام ۔

چھلکے کے علاوہ سب ادویہ پیس کر ملا لیں اور چھلکا ثابت ہی ملا لیں (اسے پیسنا نہیں چاہئے) دس گرام سفوف، آدھا کلو دودھ میں ابال لیں کھیر سی بن جائے گی، صبح شام کھانے سے ایک گھنٹہ قبل کھلائیں، اگر کھیر گاڑھی ہو جائے تو نیم گرم دودھ اور ملا لیں، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال: مخاطی اعصابی (سرد تر) ہے، ہمارے مطب کا مایہ ناز نسخہ ہے، نہایت مئولد منی ہے، جب کرم منی کم ہونے کے باعث اولاد نہ ہوتی ہو تو یہ دوا نہایت فائدہ مند ثابت ہوتی ہے، بارہا دفعہ کا تجربات کی کسوٹی پر پرکھا ہوا نسخہ ہے، قشری مریضوں کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے، اگر قوت باہ کے لئے استعمال کرانا ہو تو اس کے ساتھ کشتہ چاندی چار چاول صبح شام استعمال کرائیں، یہ صرف قشری مریضوں کو ہی فائدہ کرتا ہے اور کسی کیلئے نہیں ہے۔

کشتہ سم الفار (سوڈے سہاگے والا)

از حکیم محمد شبیر صاحب

ایک تابہ آہنی میں سو گرام سوڈا خوردنی کی تہہ بچھائیں، اس کے اوپر سو گرام سہاگہ سفید بریاں پسا ہوا کی تہہ بچھائیں، اس کے درمیان سنکھیا سفید دس گرام کی ڈلی رکھ کر اوپر پھر سو گرام سہاگہ سفید بریاں ڈال دیں اس کے اوپر پھر سو گرام سوڈا خوردنی کی تہہ بچھائیں، اوپر سے

اسے آرام سے دبائیں، تیز آگ پر رکھیں، جہاں کہیں بھی دراڑ پڑے سوڈا خوردنی سے بند کر دیں، جب سنکھیا چرخ کھا جائے آگ بند کر دیں، ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں، دابو کو زمین میں دفن کر دیں، اب سہاگہ خام، سوڈا خوردنی چھ چھ سو گرام لے کر پیس لیں اور سنکھیا الگ سرمہ ساں کر کے سب ادویہ اچھی طرح ملا لیں دوا تیار ہے، 0 نمبر کیپسول، آدھا کلو دودھ میں دیسی گھی کے دو چمچ ڈال کر صرف رات کو ایک خوراک بعداز غذا دیں، ایک دن کے ناغے کے ساتھ کل اکیس خوراکیں استعمال کرائیں۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) شدید ہے، عضلاتی (بوجہ خشکی) خون کسی بھی طرح کا ہو اس کی پہلی خوراک ہی بند کرتی ہے، یعنی بواسیر عضلاتی، کثرت طمث عضلاتی، نکسیر عضلاتی، اس کے علاوہ جو گوبھی کے پھول کی مانند موہکے ہوں ان کو آہستہ آہستہ تحلیل کرتی ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر تک غذائیں دیں گے۔

نوٹ۔ ایک دن ایک صاحب سرگودھا سے تشریف لائے اور کہنے لگے کہ آپ کا یہ نسخہ کام نہیں کرتا ہے، بقول ان کے انہوں نے تین چار مریضوں کو استعمال کرایا ہے لیکن کسی کا بھی بواسیری خون بند نہیں ہوا، میں نے ان کی بات تحمل سے سنی، اور کہا کہ کیا آپ کو پورا یقین ہے کہ وہ مریض عضلاتی ہی تھے جن کو آپ نے یہ نسخہ استعمال کرایا ہے، یہاں آ کر وہ کچھ گڑ بڑا گئے، میں نے کہا حکیم صاحب سب سے پہلے آپ اپنی تشخیص یقینی بنائیں پھر نسخہ کو غلط ثابت کریں۔

یہ یاد رکھیں کہ نسخہ کبھی بھی کوئی غلط نہیں ہوتا، ہمیشہ آپ کی تشخیص اور تجویز غلط ہوا کرتی ہے اس کو یقینی بنائیں، پھر آپ کے علاج میں کوئی رکاوٹ پیدا نہیں ہو سکتی، لہٰذا یہ نسخہ صرف اور صرف عضلاتی مریض کے لئے ہے، قشری مریض کے خون آنے کو اور بڑھا دے گا، قشری مریض کا

خون بند کرنے کے لئے اعصابی تریاق 1/40،اور حبّ بندق سے کام لیں،انشاء اللہ تعالیٰ کبھی ناکامی نہیں ہوگی۔

کشتہ شاخ مرجان

از حکیم محمد شبیر صاحب

شاخ مرجان خالص سوگرام کو آب زلال تمرہندی میں دو گھنٹے خوب پکا کر دھولیں،ایک روغنی کوزہ گلی میں ڈھائی سوگرام خالص مکھن ڈال کر اوپر شاخ مرجان ڈال دیں،ڈھکنا رکھ کر معمولی کپڑ وٹی کریں،خشک ہونے پر ہوا سے بچا کر تیس کلو کی ہوابند آگ دیں،ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں،سفید براق کشتہ برآمد ہوگا،کبھی کبھی شاخ مرجان نہیں ملتی،صرف اس کی کھڑ ملا کرتی ہے،اس کو ایک من کی آگ دینی پڑے گی،کبھی کبھار یہ بھی سیاہی مائل کشتہ نکلا کرتا ہے،پیس کر رکھ لیں،ڈھائی سوملی گرام (دورتی) مکھن دو چمچ میں رکھ کر کھلائیں۔صبح شام، صرف دو وقت کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے استعمال کرائیں،اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال۔ مخاطی اعصابی (سردتر) ہے،ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑنے کے لئے لاثانی دوا ہے، اگر پندرہ سال کی عمر سے پہلے دیں تو بچوں کے قد بڑھانے کے لئے عمدہ دوا ہے،مفرح اور یاقوتی میں بھی یہی کشتہ استعمال کیا جاتا ہے۔

کشتہ عقیق

از مصنف

عقیق حسب ضرورت لیں،ایک کوئلوں کی انگیٹھی میں کوئلے سلگھائیں،اب اس پر ایک لوہے کی جالی رکھیں،اس جالی کے اوپر عقیق چن دیں،جب خوب گرم ہوکر سرخ ہو جائیں تو کسی لمبی چمٹی سے پکڑ کا فوراً عرق گلاب میں بجھاؤ دیں،اسی طرح سات بار کریں،عقیق نرم

ہو کر ٹوٹنے شروع ہو جائیں گے، اب اسے پیس کر پانی کی مدد سے بیر برابر گولیاں سی بنا لیں، اور گیلی گیلی ذرا دبا دیں یہ بیضوی شکل کی ہو جائیں گی، دھوپ میں خشک کر لیں، مغز بادام اور مغز کنول گٹہ پچاس پچاس گرام پیس لیں، اس کے دو حصے کر لیں، ایک حصہ ایک کوزہ گلی میں بچھائیں، اس کے اوپر عقیق کی ٹکیاں دس گرام رکھ کر اوپر باقی کے بچے ہوئے مغزیات ڈال کر ذرا دبا دیں، کوزہ گلی کو معمولی گل حکمت کر کے سوکھا لیں، تیس کلو کی ہوا بند آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں، سفید براق کشتہ برآمد ہوگا، اس کشتہ کی پھر سے پانی کی مدد سے ٹکیاں بنا کر سوکھا لیں، اب انہیں پھر سے کسی بھی دابو کے بغیر تیس کلو کی بند آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر نکال کر پیس لیں۔

اوّل الذکر، سوکھے کی بیماری کو، دل کی قوت کے لئے ڈھائی سو ملی گرام (دو رتی) اور دماغ کی قوت کے لئے مفید ہے، ثانی الذکر فالج اسفل کے لئے ملتین 45 ایک گرام کے ساتھ مجرب و آزمودہ ہے، عقیق صبح شام خالی معدہ مکھن سے اور ملتین 45 دوپہر اور رات کھانے کے بعد پانی سے دیں گے، اس کے ساتھ دودھ کا استعمال زیادہ کریں گے، اور اس دوا کے ساتھ چار سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

کشتہ یاقوت

از مصنف

یاقوت رومانی حسب ضرورت لے کر عقیق کے طریقہ پر روح کیوڑہ میں سات بجھا دے لیں، اب انہیں سرمہ ساں باریک پیس لیں، یہ یاقوت صلایہ کہلائے گا، یہ یاقوتی میں استعمال ہوتا ہے، اگر کشتہ کرنا ہو تو ایک دس کے حساب سے گل نیلوفر کا پانی کی مدد سے نغدہ بنا کر پچاس پچاس گرام کا فرش و لحاف دے کر تیس کلو کی آگ دیں، ہلکا گلابی رنگ کا کشتہ ہو گا، مفرح قلب کے لئے ڈھائی سو ملی گرام، خمیرہ گاؤزبان سادہ ایک چمچ میں رکھ کر صبح شام نہار کھلائیں، بہت مفید و مجرب ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں

گے۔

کشتہ مروارید

ازمصنف

مروارید حسب ضرورت لے کر ایک چینی کی پیالی میں ڈال کر ان میں آب لیموں دیسی مقطر اس قدر ڈالیں کہ دو انگل اوپر رہے، چند ہی روز میں موتی پھول جائیں گے، انہیں انگلیوں سے مسل کر دیکھ لیں، اگر ان میں کچھ رڑک باقی ہو تو ایک دفعہ پھر یہی عمل دہرائیں، جب رڑک ختم ہو جائے تو مروارید کو پانی سے دھو کر لیموں کی ترشی دور کر دیں، اور خشک کر کے پیس لیں، یہ بھی یاقوتی میں استعمال ہوگا لیکن اس کے علاوہ مربہ آملہ کے ہمراہ ڈھائی سو ملی گرام (دورتی) دینا خفقان القلب کے لئے بہت مفید ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

لیموں کی کئی اقسام بازار میں ملتی ہیں یہ کشتہ صرف دیسی لیموں کے رس میں ہی تیار ہوگا، اگر دیسی لیموں نہ ملیں تو آٹے کی دو موٹی موٹی ٹکیاں بنا کر ان کے درمیان موتی رکھ کر لب پیوست کر کے توے پر روٹی کو پکائیں، جلنی نہیں چاہیے، ٹھنڈی ہونے پر نکال لیں موتی نہایت آسانی سے پس جائیں گے، مثل غبار کر کے کام میں لائیں۔

یاد رکھیں موتی کو اگر آگ دے دی جائے تو اس کی قوت کمزور ہو جاتی ہے اس لئے اسے صلایہ ہی استعمال کریں، صرف اس کی رگڑائی مبالغہ کی حد تک کرنی چاہیے۔

صلایہ زہر مہرہ

ازمصنف

حسب ضرورت زہر مہرہ خطائی (سبز رنگ) لے کر سرمہ ساں کر لیں، یہ بھی یاقوتی میں استعمال ہوتا ہے اس کے علاوہ ڈھائی سو ملی گرام (دورتی) پانی سے کھلانا زنبور کاٹے کے لئے بھی مجرب و آزمودہ ہے، معمول مطب ہے، اکثر زہروں کا تریاق ہے، ڈھائی سو ملی گرام

(دورتی) یہ صلایہ پانی سے ہر پانچ منٹ بعد دیں، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

کشتہ قلعی

از مصنف

قلعی پترہ سو گرام، ایک کلو تمر ہندی کا آب زلال لے کر اس کے تین حصے کر لیں، اب ایک کوزہ گلی لیں اس کے اوپر سوراخ والا ڈھکن رکھیں، اس کوزہ گلی میں تیسرا حصہ آب زلال تمر ہندی ڈال لیں، قلعی کو پگھلا کر سوراخ میں سے آرام آرام سے کوزہ گلی میں انڈیل دیں، اگر جلد بازی کی جائے تو یہ قلعی منہ پہ بھی اچھل کر پڑ جایا کرتی ہے، اسے پھر نکالیں اور دوبارہ پھر یہی عمل کریں، اسی طرح بار بار کریں، ہر تین بار یہ عمل کرنے کے بعد پہلا آب زلال گرا کر نیا ڈال لیا کریں، اس طرح یہ عمل کل نو بار کرنا ہے، قلعی بالکل چاندی کی طرح صاف شفاف ہو جائے گی، یہ تو ایک مرحلہ تھا، اب دوسرے مرحلے کی طرف آئیں، اس کا وزن ستر گرام رہ جائے گا۔

دو سو گرام قلمی شورہ، اور دو سو گرام برگ بھنگ کا سفوف کر لیں، الگ الگ رکھ لیں، قلعی کو ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر پگھلائیں، جب خوب پگھل جائے تو اس پر ایک چٹکی بھر قلمی شورہ ڈالیں، جب یہ جل جائے تو ایک چٹکی بھر سفوف بھنگ ڈالیں، خوب دھواں ہوگا، چنگاریاں نکلیں گی، اگر قلمی شورہ خالص ہوا تو!! پھر سے قلمی شورہ کی چٹکی ڈالیں، اس کے جل جانے پر سفوف بھنگ کی چٹکی ڈالیں، اسی طرح باری باری دونوں ادویہ کی چٹکی دیتے رہیں، اس دوران برگد کا تازہ ڈنڈا اس میں پھیرتے رہیں، حتٰی کہ چٹکی دینے سے دونوں ادویہ ختم ہو جائیں، اب آگ کو تیز کر دیں، کم از کم دو گھنٹے خوب تیز آگ دیں، اس کے بعد اوپر سے کسی ڈھکنے وغیرہ سے ڈھک دیں، ٹھنڈا ہونے پر ایک کوزہ گلی میں ڈال کر پندرہ سیر اپلوں کی ہوا سے بچا کر آگ دیں، صبح نکال کر ایک پلاسٹک کے ٹب میں کشتہ ڈال کر کھلا پانی ڈال دیں،

تھوڑی دیر بعد اسے ہاتھوں سے خوب مل دیں اور پڑا رہنے دیں، گھنٹے بعد ہاتھ سے ہلائیں، اب اس ٹب کو اٹھا کر اس کا کشتہ ملا پانی کسی دوسری بالٹی وغیرہ میں آرام سے گراتے جائیں، یہ خیال رہے کہ نیچے کے تہہ نشیں اجزاء اس دوسرے برتن میں نہ جائیں، نیچے تہہ نشیں اجزاء ضرور بچیں گے، اب دوبارہ پھر اس میں پانی ڈال دیں، پھر اسی طرح ہلا کر دوسرے برتن میں پانی ڈالتے جائیں، حتیٰ کہ تمام قلعی جو کشتہ ہو چکی تھی اس دوسرے برتن میں آ جائے، نیچے تہہ میں جو کچھ بھی بچا ہے وہ خام قلعی ہے اسے سنبھال کر رکھ لیں، دوبارہ جب بھی کشتہ کریں گے، اسے اس میں شامل کر لیں، یہ دوبارہ کشتہ ہو جائے گی۔

یہ جو ہم نے پانی میں حل شدہ قلعی دوسرے برتن میں انڈیلی تھی اب اسے کم از کم ایک گھنٹے کے لئے پڑا رہنے دیں، اس میں کشتہ تہہ نشیں ہو جائے گا، اس کا اوپر والا پانی آرام آرام سے گرا دیں، جب نیچے صرف کشتہ بچ جائے اسے دھوپ میں رکھ کر خشک کر لیں، خشک کرنے کے بعد آٹھ دن کے لئے کسی بند ڈھکن والی شیشی میں ڈال کر فریج میں رکھ دیں، اس کے بعد یہ کشتہ قابل استعمال ہے، ڈھائی سو ملی گرام (دورتی) مکھن یا بالائی سے صبح شام کھانے سے قبل دیں، اگر ہو سکے تو ساتھ شربت بزوری پلائیں، اس طرح فائدہ دوگنا ہو جائے گا، یہ کشتہ ہم کئی سالوں سے استعمال کر رہے ہیں، کبھی بھی ناکامی نہیں ہوئی، بہترین کام کرتا ہے۔

افعال: مخاطی عضلاتی (سرد خشک) ہے، جریان، لیکوریا، اور رقت، سرعت کے لئے اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہ ہوگی، خواہ مخواہ بڑ ہانکنے کی میری عادت نہیں ہے، لیکن اس کشتہ نے اپنی تعریف کرانے پر مجبور کر دیا ہے، اگر آپ محنت سے ایک دفعہ بنا لیں تو جب اس کے اچھے نتیجے برآمد ہوں گے تو آپ کی ساری کسلمندی دور ہو جائے گی، اس دوا کے ساتھ چھ نمبر سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

کشتہ چاندی

از مصنف

چاندی دیکھنے کو تو بڑی نرم و نازک دھات ہے لیکن کشتہ کرنے میں بڑی دشواریوں سے گذرنا پڑتا ہے، ایک عرصہ تک ہم اسے کشتہ کرنے کی کوششوں میں سرگرداں رہے لیکن کوئی امید افزا بات سامنے نہ آسکی، پھر ایک دن کسی وسیلے سے ایک اللہ تعالیٰ عزوجل کے بندے سے ملاقات ہو گئی، ملاقات کیا ہوئی کہ اب ہم کئی مختلف طریقوں سے چاندی کا کشتہ کر لیتے ہیں، اور ان کشتہ جات کا کریڈٹ ان صاحب کو جاتا ہے جن سے میری اچانک راہ و رسم کا سبب ایک مریض بن گیا تھا، اس ہستی کا تعارف فارما کوپیا کے حصہ دوم میں کراؤں گا، اس کے علاوہ ان کے بہت سارے نسخے آپ کی خدمت میں پیش کروں گا، ان کو آپ یقیناً مسٹر لندن کے نام سے اس کتاب میں پہچان لیں گے، دوستو یہ دنیا فانی ہے مسٹر لندن" اب اس دنیا میں نہیں رہے ہیں، کوئی بھی نہیں رہے گا نہ میں نہ آپ، آپ سے عرض ہے کہ مسٹر لندن" جن کا اصل نام اکرام الٰہی تھا، مانے ہوئے پہلوان رہے ہیں، اکرام پہلوان کے نام سے ایک عالم ان کو جانتا تھا، اللہ تعالیٰ عزوجل اپنے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ جلیلہ سے ان کی لغزشیں معاف کرتے ہوئے عالم برزخ میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے..... آمین..... اتنے نفیس انسان تھے کہ جب میں لکھ رہا ہوں تو آنکھوں میں بے اختیار نمی آ گئی ہے..... اللہ تعالیٰ عزوجل ان کی مغفرت فرمائے..... آمین۔

نسخہ: برادہ چاندی (پھور) دوگنے نمک کے ساتھ کھرل کر کے دو تین بار پانی سے اچھی طرح دھولیں تاکہ نمکیات دور ہو جائیں، اسے خشک کر لیں اب ایک اور پانچ کی نسبت سے اس میں آب لیموں مقطر کھرل کر کے چونّی برابر ٹکیاں بنالیں، ان کو دھوپ میں خشک کر لیں، چھوٹی سی کوزہ گلی میں ڈال کر ہوا سے بچا کر صرف ڈیڑھ کلو کی آگ دے دیں، ٹھنڈا ہونے پر

نکال لیں، یہ کشتہ ہلکا زردی مائل ہوگا، باریک پیس کر محفوظ کر لیں، دو سے چار چاول مکھن، بالائی سے صبح شام کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے دیں، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال: مکھن، بالائی اور مربہ گاجر کے ساتھ کھلانا دماغ کے لئے بے نظیر ہے، مربہ آملہ کے ساتھ کھلانا دل کے لئے تقویت کا باعث ہے، اسی طرح مختلف بدرقات کے ساتھ جسم کے مختلف حصوں کے لئے اکسیر بے نظیر ہے، بھوک بھی بڑھاتا ہے، بنائیں اور مزے لوٹیں، جب کھائیں یا کھلائیں تو مکھن خالص ہونا چاہئے۔

کشتہ سنکھ

از مصنف

حسب ضرورت سنکھ لے کر کوئلوں کی آگ میں جلا لیں، اس کے بعد ایک کوزہ گلی میں رکھ کر اس کو کپڑ دٹی کریں خشک ہونے کے بعد ایک من کی آگ یں، سفید براق کشتہ ملے گا پیس کر سنبھال لیں، دو سے چار چاول کسی کیپسول میں بند کر کے صبح شام کھانے کے بعد دیں۔

افعال: عضلاتی تشری (خشک گرم) ہے، سردی کے بخاروں کے لئے نہایت ہی مجرب دوا ہے، اسے لونگ دارچینی کے قہوے کے ساتھ دینا چاہیئے، اکسیر خناق میں بھی یہی کشتہ استعمال ہوگا، پسینہ لا کر بخاروں کو اتارتا ہے، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

کشتہ صدف

از مصنف

کوڑہ سیپ (دیوا سیپ) یہ سیپ آج کل تو آتا نہیں ہے، لیکن شاید کسی وقت آ جائے اس لئے ضروری سمجھا کہ اس کی ترکیب بھی لکھ دی جائے، ایک سیپ (صدف صادق) کے نام سے بازار میں ملتا ہے، اس کا اور دیوا سیپ کا کشتہ کرنے کا طریقہ تقریباً ایک ہی ہے، اس کے

کشتہ میں آج تک جو مشکل پیش آتی تھی وہ اس کی کھال کو صاف کرنے کے متعلق تھی، لیکن اب مشکل نہیں رہی، جنہوں نے بتایا ہے اللہ تعالیٰ ﷻ انکو جزاء دے حسب ضرورت سیپ لے کر انہیں ایک پلاسٹک کے برتن میں ڈال دیں، اس کے بعد ان پر نمک کا تیزاب اس قدر ڈالیں کہ تمام سیپ چھپ جائیں کسی آہنی سلائی سے انہیں ہلاتے جائیں، آپ غور کریں کہ ان کی اوپر والی کھال آہستہ آہستہ تیزاب میں تحلیل ہونا شروع ہو جائے گی، ایک وقت ایسا آئے گا جب یہ ساری تحلیل ہو جائے گی اور اندر سے صدف بالکل صاف ستھرا نکل آئے گا۔ اس صاف شدہ صدف کو پانی سے دھولیں اور خشک کر کے ایک کوزہ گلی میں رکھ کر پچیس کلو کی ہوا بند آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر پیس لیں، یہ کشتہ سفید براق ہوگا، یہ کشتہ یاقوتی میں استعمال ہوگا اور اس کے علاوہ استحاضہ اور خفقان کے لئے بھی مفید و مجرب ہے، قشری تحریک کا مریض اور مریضہ جو اولا نہ ہونے کا کہیں ان کو زیرو نمبر کیپسول بھر کر کھلانا شروع کر دیں، مرد کی منی کی گرمی دور ہو کر مادہ گاڑھا ہو کر اولاد پیدا کرنے کے قابل ہو جاتا ہے اور عورت کا رحم اس کے استعمال سے قوت پکڑ لیتا ہے کیونکہ گرمی کی زیادتی سے ہی رحم میں تحلیل (ضعف) ہوتی ہے اور یہ کشتہ اس کیلئے پیغام شفاء ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

کشتہ یشب

از مصنف

یشب کو لوہے کی بھٹی میں سرخ کر کے عرق گلاب میں بار بار بجھاؤ دیں، جب خستہ ہو جائے پیس کر پانی کی مدد سے دس دس گرام کی ٹکیاں بنا کر خشک کر لیں اور ایک کوزہ گلی میں بند کر کے تین کپڑ وٹی کر کے گڑھے میں ایک من کی آگ دیں، سفید کشتہ ہوگا، اگر سفید نہیں ہوا سیاہی مائل نکلا ہے تو تب بھی کوئی پریشانی نہیں ہے دوبارہ پھر سے تیس کلو کی ہوا بند آگ دے دیں، یہ کشتہ یاقوتی میں استعمال ہوگا اس کے علاوہ تقویت قلب کے لئے مربہ آملہ یا مربہ سیب سے

صبح شام کھانے سے پہلے ڈھائی سو ملی گرام (دورتی) خلوئے معدہ دیں، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

کشتہ نیلا

از حکیم سعیدؒ (مرحوم) اوکاڑہ

پانچ تولہ نیلا تھوتھا ایک تابہ آہنی میں ڈال کر اس کے اوپر ایک سو بیس گرام ٹنکچر سٹیل ڈال دیں، نرم آگ پر رکھیں نیلا پگھلنا شروع ہو جائے گا، اور آہستہ آہستہ ٹنکچر خشک ہونے لگے گا اور آخر میں ایک بلبلے کی شکل اختیار کر جائے گا، جب یہ بلبلہ خشک ہونے لگے آگ سے اتار لیں، نیم گرم ہونے پر اس میں ایک سو بیس گرام ٹنکچر سٹیل اور ڈال دیں، اب اسے دوبارہ آگ پر رکھیں، پھر وہی عمل ہوگا، بلبلہ بنے گا اس دفعہ اسے آگ کے اوپر ہی خشک کر دینا ہے، لیکن خیال رہے کہ جلنے نہ پائے، بسنتی رنگ کا کشتہ تیار ہوگا، معمولی زنگ دے گا، اس سے گھبرانے کی ضرورت نہیں کیونکہ اسے ہم نے جس مقدار سے استعمال کرنا ہے، اس کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں رہتا، دس گرام یہ کشتہ اور نوے گرام کشتہ بیضہ باریک پیس کر اس میں اچھی طرح آمیز کر لیں، پانچ سو ملی گرام (دورتی) صبح شام تازہ پانی سے یا نیم گرم دودھ سے کھانے کے بعد دیں، ایک شرط ہے کہ نیلا تھوتھا خالص ہونا چاہئے کیونکہ بازار میں تین قسم کا ملتا ہے۔

افعال: عضلاتی حرارتی (خشک سرد) ہے اسے ہم نے نہایت مشقی خون، ہوزاک، لیکوریا، جریان، اور قروح خبیثہ میں بہت مفید پایا، اس دوا کے ساتھ چار سے چھ نمبر تک غذائیں دیں گے

کشتہ سنگ یہود

از حکیم حافظ حبیب اللہ

سنگ یہود پاؤ بھر ثابت الگ ایک کلو

ڈھائی سوگرام جمالگوٹہ جو کوب کر کے اس میں سنگ یہود کو ایک کوزہ گلی میں فرش ولحاف کریں، اور گل حکمت کر کے پچیس کلو کی ہوا سے بچا کر آگ دیں، یہی عمل چار بار کریں ہر دفعہ جمالگوٹہ پاؤ شامل کرتے جائیں، پیس کر رکھ لیں ڈھائی سو ملی گرام (دورتی) مندرجہ ذیل جوشاندے سے دیں، اس دوا کے ساتھ چار سے چھ نمبر تک غذائیں دیں گے۔

جوشاندہ: پوست وتخم خربوزہ، خارخسک، کلتھی، سوڈا خوردنی سب دس دس گرام، اس کو جو کوب کر کے تین حصے کر لیں، ایک حصہ آدھا کلو پانی میں ڈال کر آگ پر رکھیں، ابلنے دیں جب آدھا پانی رہ جائے اس کے ساتھ مذکورہ بالا کشتہ کھلائیں۔

افعال: گردے، مثانے، حالبین کی پتھریوں کو ریت بنا کر نکالتا ہے، اگر پتھری حوض گردہ میں ہو تو ہفتہ عشرہ میں ہی خارج ہو جاتی ہے، اس کے علاوہ باقی پتھریاں بیس تیس روز میں ریت بن کر خارج ہو جاتی ہیں۔

کشتہ چاندی

از مصنف

پچاس گرام چاندی میں تین سوگرام آب ثمر آملہ ڈال کر کھرل کریں، قوام درست ہونے پر چوتی برابر ٹکیاں بنالیں، خشک ہونے پر ایک کوزہ گلی چھوٹی میں رکھ کر ڈیڑھ کلو کی ہوا بند آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں، سیاہی مائل کشتہ نکلے گا، دو سے چار چاول تک حسب عمر، دل کے لئے مربہ بہی یا سیب میں رکھ کر کھلائیں بہت مفید ہے، قوتوں کا محافظ ہے، قوت باہ کیلئے لاثانی ٹانک ہے، قوت باہ کیلئے ساتھ تج ایک گرام صبح شام دیں، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

☆☆☆☆☆

کشتہ گاؤدنتی

از پروفیسر حکیم حافظ محمد انور بھٹی

گئودنتی ایک کلو، برگ نیم تازہ دوکلو، ایک ڈالڈا گھی والا خالی ڈبہ

برگ نیم کچل کر ڈبے میں ایک کلو کے قریب ڈال کر اس کے اوپر گاؤدنتی رکھ کر اس کے اوپر باقی کے برگ نیم ڈال کر ذرا سا دبا دیں، ڈبے کو اوپر سے ڈھک دیں، کسی ہوٹل والے کے پاس روٹی لگانے والے تندور میں رات رکھا دیں، صبح نکال لیں، گاؤدنتی کشتہ ہوگی، ڈھائی سو ملی گرام (دورتی)، بخاروں کے لئے، جریان، لیکوریا، اور جو زخم خشک نہ ہوتے ہوں ان کے لئے نہایت ہی مفید ہے، یہ نسخہ میں نے بنایا ہے لیکن جب ایک حکیم اس کے اجزاء پر غور کرتا ہے تو یہ نسخہ خود بخود اپنی افادیت کی گواہی دیتا ہے، اس لئے اس کو بنانے میں سوچنے کی کوئی ضرورت نہیں، بغیر سوچے سمجھے بنا کر فائدہ حاصل کریں، اس کے علاوہ صاحب نسخہ نہایت دیانتدار انسان ہیں، اس دوا کے ساتھ چار سے چھ نمبر تک غذائیں دیں گے۔

شربتوں کے بارے میں ضروری نوٹ

جب کسی بھی قسم کا شربت پکانا ہو تو، جب اسے پکنا رکھیں اس میں فی بوتل کے حساب سے ایک ماشہ ٹاٹری چائنا ڈلی والی ڈال دیں، یہ میل کو کاٹتی ہے، میل اتارتے جائیں، جب شربت پک جائے آگ سے نیچے اتار لیں، جب نیم گرم ہو جائے تو اس میں سے اندازاً ایک کلو لے کر اس میں فی بوتل کے حساب سے پانچ سو ملی گرام ست لوبان (سوڈیم بنزوئیک ایسڈ) ڈال کر اچھی طرح پھینٹ دیں، جب اچھی طرح مل جائے تو اس شربت کو باقی کے شربت میں ملا دیں، ٹھنڈا ہونے پر اس میں جو بھی خوشبو ملانا چاہیں ملا دیں، خوشبو پانچ سے دس قطرے فی بوتل کے حساب سے ملائی جاتی ہے، اور اب بوتلوں میں بھرنے کی باری ہے، اس کے بعد شربت کے مطابق لیبل لگا لیں۔

جل نم

جل نم ایک بوٹی ہے جو نہروں کے کنارے اگتی ہے،اور یہ پنسار سٹور سے بھی مل جاتی ہے، اس کو ہم بواسیر،اور ملین،اور مصفی خون کے طور پر استعمال کرتے تھے۔

لیکن ایک ماہانہ اجلاس پر ڈاکٹر خالد محمود نے حافظ محمد بلالؒ کی ایک مرض دیکھ کر انہیں تجویز کی،چند روزہ استعمال کے بعد جب ہم نے دیکھا تو حافظ صاحب کے مرض کو آرام آ چکا تھا،اور وہ مرض تھی چنبل،جی ہاں اسے ہم نے چنبل کیلئے بہت سے مریضوں کو استعمال کرایا ہے،کئی ایک جن کی حرارت کم ہوان کو تو یہ مفرد طور پر ہی بہترین کام کرتی ہے،جن کی حرارت زیادہ ہوان کو ساتھ 67 ایچ برابر وزن استعمال کرانے سے بہت اچھے نتائج سامنے آئے ہیں،آپ بھی استعمال کر کے آگاہ کریں۔


حلال اور حرام

رزق ہمیشہ حلال ہی کمائیں،حرام میں برکت نہیں ہوتی،بلکہ اس سے پالی گئی اولاد بھی نا فرمان ہوتی ہے،غور فرمائیں کہ جن کے لئے آپ روزی کماتے ہو اگر وہ ہی آپ کے تابع نہیں تو آپ کی دولت کس کام کی؟ آپ مر جائیں گے اللہ تعالیٰ ﷻ کے ہاں حلال وحرام کا حساب ہوگا،جن کیلئے آپ نے حرام کمایا وہ دنیا میں عیش کر رہے ہوں گے اور آپ اللہ تعالیٰ ﷻ کے ہاں شرمندہ کھڑے ہوں گے۔

زیر نظر کتاب میں کافی ممسک نسخے لکھے گئے ہیں،واضح رہے کہ انہیں اس مریض کو استعمال کرائیں جو آپ کے زیر علاج ہو،اور اس کی جائز ضرورت کی بھی تسلی کر لینی چاہیئے،اگر آپ سو پچاس روپوں کے لالچ میں دوا کسی بھی ایرے غیرے کو دے دیتے ہیں،وہ جا کر زنا کا مرتکب ہو جاتا ہے،اس کے اس گناہ میں آپ بھی اتنے ہی حصہ دار ہیں جتنا کہ وہ خود، گناہ

آپ کو بھی ہوگا کیونکہ آپ اس کے اس فعل کا وسیلہ بنے ہیں، اب دیکھئے کہ صرف چند روپوں کے لئے آپ نے اپنی عاقبت برباد کرڈالی، اگر آپ پھر بھی اس نصیحت پر عمل نہیں کریں گے تو اس گناہ کے آپ اکیلے ہی مالک ہوں گے میں نہیں، کیونکہ میں نے تو یہ نسخے انسانیت کی بھلائی کے لئے لکھے ہیں، کہ جو لوگ واقعی مستحق ہیں ان کا گھر برباد نہ ہو۔

آپ کبھی بھی ایسے لالچ میں نہ آئیں کیونکہ خالق کل نے آپ کا جو رزق ہے وہ کائنات کے بننے سے پچاس ہزار سال پہلے ہی لکھ دیا تھا، جو ملنا ہے وہ لکھا جا چکا ہے تو پھر اپنی آخرت کیوں خراب کریں، اپنے رزق کو حرام نہ کریں، حرام کمانے والے کی دعا قبول نہیں ہوتی، یہ حدیث پاک کا مفہوم ہے میں کوئی اپنی طرف سے نہیں لکھ رہا ہوں، اسی طرح حمل گرانے کی ادویہ بھی نہیں دینی، کیونکہ حمل گرانا یا اس کے گرانے میں وسیلہ بننا یہ بھی اسی کیٹیگری میں لکھا جائے گا، حمل گرانا قتل کرنے کے برابر ہے اور اس کے ہاں قتل کا بدلہ قتل ہی ہے، کوئی بھی مدر حیض دوا استعمال کرنے کی ضرورت پڑ جائے تو صرف اس صورت میں کریں جب مریضہ کی زندگی کو خدانخواستہ کوئی خطرہ لاحق ہو، حتٰی الوسع کوشش کریں کہ مدر حیض دوا کے بغیر ہی زندگی بچ جائے، ایک عرصہ گذرا ہے کی میں کوئی بھی مدر حیض دوا بناتا ہی نہیں ہوں، جب استعمال ہی نہیں کرنی تو بنانے کا کیا فائدہ، موت اور زندگی تو اس کائنات کے مالک کے اختیار میں ہے، ارے تمہارے اختیار میں تو یہ بھی نہیں کہ ایک قدم اٹھا چکے ہو اور دوسرا اٹھا سکو، مجھے دوسرا قدم اٹھا کے تو دکھاؤ، تجربہ کرو، ایک پاؤں کو اوپر اٹھاؤ، اب اسے زمین پر لگائے بغیر دوسرا اٹھاؤ، نہیں اٹھا سکتے نا، ہاں اگر اٹھانے کی کوشش کی تو منہ کے بل گرو گے، تو سمجھ میں نہیں آتا کہ پھر حرام کیوں کمانا، اگر اب بھی آپ کی سمجھ میں میری بات نہ آئی ہو تو بھاڑ میں جاؤ جو مرضی کرو اپنے افعال کے ذمہ دار خود ہو گے میں نہیں۔



پیچون

از حکیم محمد شفیق صاحب

موچرس، بلگری، انجبار، گل دھاوا، حب الآس، کتھ

سب ادویہ برابر وزن پیس لیں، ایک گرام سے تین گرام دہی میں ملا کر کھلائیں، یہ نسخہ حکیم صاحب کے صدری رازوں میں سے ایک ہے، بہت ہی مفید دوا ہے۔


افعال: پیچس کے لئے لاجواب ہے، اگر مروڑ آ رہے ہوں تو اس میں برابر وزن ہلدی ملا کر دیں، چاولوں کی پیچھ کھلائیں، دہی میں کیلے پھینٹ کر کھلائیں، مزاج اس کا عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

سفوف صحت: SS

از مصنف

زرد چوب (ہلدی) زیرہ سفید، سوڈا خوردنی کلوکلو، زنجبیل، نمک سیاہ ڈھائی ڈھائی سو گرام، فلفل سیاہ سو گرام، سب ادویہ پیس لیں، ایک سے تین گرام دن میں تین مرتبہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد تازہ پانی یا نیم گرم دودھ سے دیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے.

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) ہے، معدہ و آنتوں کی سوزش و ورم کے لئے نہایت مفید ہے ایک عرصہ دراز سے زیر استعمال ہے، جہاں بھی عضلاتی نبض ملے اس نسخہ کو رسائن سمجھ کر استعمال کریں، ایک اسی سال کے مریض کو میں نے استعمال کرایا تو تین ماہ میں ان کے بال دوبارہ اگنے لگے تھے گو کچھ باریک اگے، ضعف بصر دور ہو گیا لیکن مریض کی نبض جب بھی دیکھی عضلاتی مخاطی سے عضلاتی قشری تک ہی رہی، جی یہ میری امی جان مرحوم و مغفور تھیں، اس نسخہ کو میں انہی کے نام کرتا ہوں۔



ہیئر ٹانک

از ڈاکٹر جہانگیر شہزاد

تخم کاہو، خشخاش، برگ حناء، سکا کائی، پچاس پچاس گرام، پوست ریٹھہ، آملہ سوسوگرام، سعد کوفی، حب الآس، بالچھڑ، چھڑیلہ تیس تیس گرام، تخم بھنگ بیس گرام، تیزپات دس گرام، روغن کنجد (تیل تل) ایک کلو، روغن ناریل، آدھا کلو

سب دوائیں جوکوب کرکے دوکلو پانی ڈال کر دو تین جوش دیں، رات پڑا رہنے دیں، صبح مل چھان کر اس میں روغنیات ملا کر نرم آگ پر رکھیں، جب پانی جل جائے صرف تیل رہ جائے، تو اسے پن کر سنبھال لیں، مرد حضرات بال منڈا کر سر کی چوٹی پر روزانہ رات کو خوب مالش کریں، ہم دونوں روغن خود نکلواتے ہیں کیونکہ بازار سے ملنے والے میں وائٹ آئل ملایا جاتا ہے تاکہ حرام خوروں کا نفع بڑھ جائے۔

افعال: بال اگانے کو نہایت مفید و مجرب ہے، اس کے ساتھ اگر کھانے کے لئے ملیّن 45 تین مرتبہ دن میں کھانے کے بعد دودھ سے استعمال کرایا جائے تو جن لوگوں کو عینک لگی ہو وہ بھی اتر جاتی ہے، اور بصارت ٹھیک ہو جاتی ہے، بصارت کے لئے کوئی تین سے چار ماہ تک علاج جاری رکھنا پڑے گا، اگر مقصد صرف بال اگانا ہی ہو تو تین ماہ کا علاج ہوگا، اس تیل سے بال گرنا تو فوراً ایک شیشی سے ہی بند ہو جاتے ہیں اس مقصد کے لئے ایک ماہ کا علاج کرنا ہوگا، تین شیشیاں استعمال کرنا ہوں گی لیکن باپرہیز، تمام قشری غذاؤں سے پرہیز کرنا از حد ضروری ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر تک غذائیں دیں گے۔

نوٹ: یہ تیل اتنا بہترین کام کرتا ہے کہ ہما سے ایک عرصہ دراز سے بنا رہے ہیں، اب حکیم محبوب عالم نے اسے کمرشلائز کیا ہوا ہے، ملک کے طول وعرض میں جاتا ہے، اس سے

ہی اس کی افادیت کا اندازہ کرلیں، ایک عرصے سے ہمارے معمول مطب ہے، ہم اسے انہی اجزاء کے ساتھ بناتے ہیں، اس میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، بعض لوگوں نے کہا بھی کہ آپ اس نسخہ کو من وعن کیوں لکھ رہے ہیں، لوگ تو ایسے نسخوں کو سینے کا راز بنا کر رکھتے ہیں اور مرتے ہوئے صرف اپنی اولاد کو ہی شریک راز کرتے ہیں، میں نے کہا جب میں نے پہلے بخل نہیں کیا تو اب کیا کروں گا، اللہ تعالیٰ ﷻ صاحب نسخہ اور مجھے اس کے صدقہ ء جاریہ کرنے کا اجر دے اور آخرت سنوار دے.... مجھے اور کیا چاہئے۔

کشتہ چاندی جامن والا

از مصنف

برادہ چاندی بیس گرام، آب ثمر جامن سو گرام

برادہ چاندی کو دو گنے نمک میں کھرل کر کے پانی سے دھو کر اس کے نمکیات دھو ڈالیں، اور آب ثمر جامن اس میں کھرل کر کے خشک کر دیں، جب خشک ہونے کے قریب ہو تو اس کی چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنالیں، انہیں خشک کر کے ایک کوزہ گلی خرد میں رکھ کر ڈیڑھ کلو کی آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں، سلیٹی رنگ کا کشتہ نکلے گا پیس کر محفوظ کر لیں، ڈھائی سو ملی گرام (دو رتی) شربت انجبار سے صبح شام خلوئے معدہ استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال: سلسل بول، جریان، لیکوریا، شوگر خالص، کیرہ، نزلہ اعصابی، لمفیٹک اوڈیما کیلئے نہایت مفید و مجرب ہے، عرصہ سے معمول مطب ہے، عضلاتی مخاطی ہے۔

روغن شفاء: (امرت دھارا)

از قرابادین

ست پودینہ، ست اجوئن، ست الائچی، کافور

سب ادویہ برابر وزن لے کر ایک شیشی میں ڈال کر آدھا گھنٹہ دھوپ میں رکھیں، یہ حل ہو کر تیل کی شکل اختیار کر جائے گا، کچھ لوگ اس میں کلورل ہائیڈریٹ بھی ڈالتے ہیں۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) شدید ہے، روغن شفاء کے نام سے ویدک کا مشہور و معروف نسخہ ہے، بہت سے فوائد کا حامل ہے، سر درد، نزلہ، ضربہ (چوٹ لگنا) پیٹ درد عضلاتی اور مخاطی کو مفید ہے، پیٹ درد اگر قشری ہو تو ایک گرام سوڈا خوردنی پر چار قطرے ٹپکا کر کھلائیں اور یاد رہے درد کے مقام پر صرف لگانا ہے۔

تریاق زرد

از صابر ملتانیؒ

زرد چوب (ہلدی) ستر گرام، شیر مدار دس گرام

دونوں ادویہ کو باہم پندرہ بیس منٹ کھرل کریں، خشک ہونے پر محفوظ ڈھکن کی شیشی میں رکھ لیں نصف گرام، دن میں تین سے چار مرتبہ دودھ سے دیں، صابر صاحبؒ کا دق کے لئے مشہور و معروف نسخہ ہے، لیکن زمانے کی رفتار کے ساتھ چلنے کے لئے ہم نے زرد چوب کا وزن پندرہ تولہ سے کم کر کے ستر گرام کر دیا ہے، کھانے پینے کی چیزوں میں زہروں کے تناسب کو مدنظر رکھ کر اس میں وزن کی تبدیلی کی گئی ہے، اس سے اس کا فعل بہت بہتر ہو گیا ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: دق وسل کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

اکسیر مفاصل

از محمد رفیع سنیاسی

گوگل خالص، حرمل، سو سو گرام

دونوں ادویہ کو ایک کوزہ گلی میں بند و گل حکمت کر کے بارہ کلو کی آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر جو

ملے پیس کر شہد کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں۔

افعال: ایک گولی صبح ایک گولی شام نیم گرم دودھ سے کھلائیں، تجر مفاصل کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے، فائدہ خالص اجزاء پر منحصر ہے، کیونکہ آج کل گوگل خالص ملنا محال ہے مزاج اس کا قشری اعصابی (گرم تر) ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر تک غذائیں دیں گے۔

سفوف برص
از مصنف

زیرہ سفید، بانچی

دونوں ہم وزن پیس کر رکھ لیں، تین گرام دوا کا آب زلال صبح شام کھانے سے پہلے پلائیں، اور ساتھ ہی روغن برص داغوں پر لگائیں، اس دوا کے ساتھ چار سے چھ نمبر تک غذائیں دیں گے۔

روغن برص
از مصنف

زیرہ سفید، بانچی پچاس پچاس گرام، روغن کنجد دوسو گرام

دونوں ادویہ کو روغن کنجد میں بھون کر سرخ کریں، جلنے نہ پائے، چھان کر رکھ لیں، یہ روغن رات کو داغوں پر لگادیں، صبح نہالیں۔

سرطانی
از حکیم محمد شریف دنیاپوری (مرحوم)

دار چکنا، رسکپور، ہڑتال ورقیہ، پارہ دس دس گرام، گندھک آملہ سار ستر گرام، بانچی، اجوائن دیسی ڈھائی ڈھائی سو گرام، آب ترب (مولی) دیسی سوا کلو

اولذ کر چاروں سمیات کی دس گھنٹے رگڑائی کریں، اس کے بعد باقی ادویات پیس کر ان میں ملا

لیں اور کسی بڑے کھرل میں ڈال کر آب ترب ڈال کر روزانہ رگڑتے رہیں، آب ترب خشک ہونے پر نخودی گولیاں بنالیں، ایک ایک گولی دن میں تین مرتبہ پانی سے کھانے کے بعد استعمال کرائیں، آجکل دیسی مولی کم ہی ملتی ہے لیکن مل جاتی ہے وہی استعمال میں لائیں۔

افعال: قشری عضلاتی (گرم خشک) ہے، عضلاتی کینسر کو مفید ہے، نہایت مصفیٰ خون ہے، فسادخون سے پیدا ہونے والی تمام عضلاتی اور مخاطی بیماریوں کو مفید ہے، بارہا مرتبہ کی تجربہ شدہ دوا ہے ہمہ وقت مطب میں موجود ہوتی ہے، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

مفرح شاہی

ازسوانح حیات مجددطبؒ

کشنیز، الائچی سفید، صندل سفید، گل گلاب، بیس بیس گرام، زرشک شیریں پچاس گرام، سب ادویہ پیس کر ملالیں ایک تا دو گرام صبح شام کھانے سے پہلے، سیون اپ، شربت انجبار، شربت گڑھل (گلہر) سے دیں، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے

افعال: مفرح ہے، دل کی قشری (گرم) علامات کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے، خفقان القلب (دھڑکا) کو بہت مفید ہے، دمہ قلبی، اور دل کے ڈوبنے کے لئے نہایت مفید دوا ہے، دل کے ڈوبنے کیلئے اس کے ساتھ کشتہ چاندی آملہ والا دیں۔

مرہم کبریت:

ازحکیم وڈاکٹر ذوالفقار علی

ویزلین سفید سو گرام، گندھک آملہ سار پچاس گرام، نیلا تھوتھا تین گرام

دواؤں کو الگ الگ پیس کر اچھی طرح ملالیں، اور حسب ضرورت زخموں پر لگائیں۔

افعال: نئے و پرانے زخموں کو خارش کو اور سوزا کی زخموں کیلئے مفید و مجرب ہے۔

چٹنی انجیر
از مصنف

حسب ضرورت انجیر دھو کر رات بھر پانی میں بگھو دیں، صبح رگڑتے وقت اس میں معمولی نمک اور زیرہ سفید شامل کر کے روٹی کے ساتھ یا ویسے ہی کھائیں۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) ہے سانس کی نالیوں سے بلغم کو صاف کرتی ہے، ضعف ہضم کے لئے بہت اعلیٰ چیز ہے، بچوں کے ٹانسلز کیلئے مفید غذائے دوائی ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر تک غذائیں دیں گے۔

روغن داد
از حکیم وائس پرنسپل محمد رفیق آف دیپالپور

امر بیل تازہ دو سو گرام کچل کر ہم وزن روغن کنجد میں سرخ کر لیں، ٹھنڈا ہونے پر چھان لیں اور اس میں دس گرام سندھور ملا لیں اور مقام داد پر لگائیں، اچھی چیز ہے۔

روغن نیم

مغز تخم نیم نکال کر مشین سے تیل نکلوا لیں، پانچ قطرے صبح شام شوگر خالص کے لئے کھلائیں نہایت مصفیٰ خون ہے، عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، عارضی طور پر شوگر کو کم کرتا ہے۔

سیپاری پاک
از مصنف

چھوہارے ڈھائی سو گرام، سیپاری ایک سو بیس گرام، مجیٹھ ساٹھ گرام، پیس کر الگ رکھ لیں، آرد مونگ پچاس گرام، گوند ببول، نشاستہ بریاں ایک سو بیس بیس گرام، مغز بادام شیریں مقشر، خارخسک (بھکھڑا) ڈھائی ڈھائی سو گرام، چنیا گوند، ایک سو بیس گرام، ثعلب مصری، گل پستہ، الائچی سفید، گل سیپاری، پوست کچنال، پوست کیکر، پوست سنکھا ہولی، پوست جامن

سب پچیس پچیس گرام، سب ادویہ پیس کر ڈیڑھ کلو چینی کا قوام بنا کر اس میں ٹھنڈا ہونے پر ملا لیں، سیپاری پاک تیار ہے، تین سے چھ گرام نیم گرم دودھ، شربت انجبار، یا شربت بزوری بارد سے دیں، اس دوا کے ساتھ چھ نمبر سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، لیکوریا کے لئے بہت اعلیٰ درجہ کی دوا ہے لیکن اسے اس وقت استعمال کریں جب کثرت لیکوریا سے ضعف کی کیفیت پیدا ہو جائے، اگر لیکوریا شروع ہوتے ہی استعمال کرائیں گے، تو لیکوریا اور بڑھ جائے گا، اس کا طریقہ یہ ہے کہ جب لیکوریا کی وجہ سے ضعف ہو گیا ہو تو تب اسے استعمال کرانا چاہئے اور اگر اس میں کشتہ قلعی بھنگ شورے والا فی خوراک دو رتی شامل کر لیا جائے تو فائدہ کئی گنا بڑھ جاتا ہے۔

لبوب بارد

از مصنف

مغز بادام مقشر، تخم خشخاش، بیس بیس گرام، مغز کدو شیریں، شقاقل مصری پندرہ پندرہ گرام مغز تربوز، مغز ککڑی، مغز خیار، تخم خرفہ، دس دس گرام، کتیرا سات سات گرام، مغز چلغوزہ، تودری سرخ، تودری سفید، تخم گذر، تخم بلیون، چار چار گرام، سب ادویہ کو کوٹ چھان کر رکھ لیں، ایک کلو ترنجبین صاف کر کے اس میں ایک کلو پانی ڈال دیں کسی چمچے وغیرہ سے ہلائیں، جب اس کا شیرہ بن جائے تو چھلنی سے چھان لیں، اس حاصل شدہ شیرے میں ایک کلو چینی ڈال کر قوام پکا لیں، ٹھنڈا ہونے پر ادویہ کا سفوف اس میں ملا لیں، لبوب تیار ہے، چھ گرام صبح شام شربت بزوری بارد سے استعمال کرائیں۔

افعال: اگر اس کے ساتھ کشتہ قلعی ایک دوسو پچاس ملی گرام شامل کر دیا جائے تو رقت، سرعت، اور جریان کو نہایت مفید ہے، عام طور پر اسے قوت باہ کیلئے استعمال کرتے ہیں،

مزاج اس کا اعصابی قشری (تر گرم) مقوی ہے، بہترین کام کرتا ہے، بنائیں اور خلق کی خدمت کریں، تیس چالیس سال تک کے لوگوں میں مغلّظ اور مقوی باہ ہے، اس دوا کے ساتھ پانچ نمبر سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

خمیرہ بنفشہ
از مصنف

گل بنفشہ سو گرام، ایک کلو پانی میں بگھو دیں، اسے آگ پہ جوش دیں جب پانی آدھا رہ جائے تو مل کر کپڑے سے چھان لیں، ایک کلو چینی ڈال کر خمیرہ کے قوام پر اتار لیں، اور خوب گھوٹیں، اتنا کہ رنگ سفید ہو جائے، تیار ہے، چھ گرام خمیرہ پچاس گرام عرق گاؤزبان سے صبح شام کھانے سے پہلے استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ پانچ نمبر غذائیں دیں۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) ہے، دماغ کو تحریک دے کر صالح رطوبات پیدا کرتا ہے، قبض دور کرتا ہے، قشری کھانسی وزکام کو مفید ہے، سوزش گلا و مری کو مفید ہے، سینہ کو نرم کرتا ہے، مری و معدہ کی جلن دور کرتا ہے۔

جوارش املی
از حکیم محمد شریف ؒ دنیا پوری مرحوم

املی، آلو بخارا، دو دو سو گرام، انار دانہ، زرشک، مویز منقیٰ، سو سو گرام، پودینہ، سنڈھ، آملہ، ست لیموں، پچاس پچاس گرام، چینی تین کلو

املی آلو بخارے کو رات پانی میں بگھو دیں صبح مل چھان کر اس کا شیرہ نکال لیں، اس میں چینی ڈال کر قوام تیار کر لیں، اب اس میں ست لیموں (ٹاٹری) ڈال دیں، آگ سے نیچے اتار کر مویز اور زرشک صاف کر کے رگڑ کر ڈال دیں، نیم گرم ہونے پر اس میں باقی کی ادویہ کا سفوف ڈال دیں، تیار ہے، تین گرام سے چھ گرام دن میں تین مرتبہ چٹائیں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) سے قشری کی طرف مائل ہے، بالخاصہ حاملہ کی قے، بچوں کے دست، کو مفید ہے ہیضہ میں جب پیاس تنگ کرتی ہے تو نہایت مفید ہے، اور خوش ذائقہ بھی ہے، مطب میں ضرور بنا کر رکھیں، جلدی خراب بھی نہیں ہوتا، اس دوا کے ساتھ دو اور تین نمبر تک غذائیں دیں گے۔

جوارش آملہ

از مصنف

آملہ خشک پچاس گرام، دودھ گائے ڈھائی سو گرام، پوست نارنج، صندل سفید خالص دس دس گرام پوست بیرون پستہ، دانہ الائچی خرد، مصطگی رومی، چھ چھ گرام، چینی دو کلو

آملہ کو دودھ میں رات بھر تر رکھیں، صبح پانی سے دھو کر پانی میں ہی ڈال کر آگ پہ گلا لیں ٹھنڈا ہونے پر چھلنی میں خوب مل کر چھان لیں، اس میں چینی ڈال کر شربت کے قوام پر لے آئیں، اس کے بعد جب ٹھنڈا ہو جائے باقی ادویہ پیس کر اچھی طرح ملا لیں، تیار ہے، چھ گرام خلوئے معدہ دن میں دو مرتبہ دیں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، قلب و عضلات کو مشینی تحریک دے کر مخاطی اور اعصابی عوارضات کا خاتمہ کرتا ہے، دل کے ڈوبنے کے لئے نہایت فائدہ مند ہے، دل کی طاقت کیلئے کسی بھی یاقوتی سے کم نہیں ہے، معمول مطب ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ نمبر سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

دیگر

از مسٹر لندنؒ

جب آملے کا موسم آئے تازہ سبز آملہ دو کلو لے کر اس میں چار کلو پانی ڈال دیں، اس برتن کے اوپر ایک چار تہہ کا کپڑا رکھ کر اوپر ڈھکنا دے دیں، ڈھکنے کے اوپر ایک بھاری پتھر رکھ دیں

اور نرم نرم آگ جلا دیں، اندازے سے جب یہ معلوم ہو کہ اب پانی ختم ہونے کے قریب ہے تو آرام سے ڈھکنا اتار کر دیکھیں، آدھا کلو کے قریب پانی رہنے پر اتار لیں، ٹھنڈا ہونے پر اسے مل کر اس کی گٹھلیاں نکال دیں، دو کلو چینی ڈال کر اس کا قوام درست کر لیں، جوارش آملہ تیار ہے، ایک درمیانہ چمچ صبح شام کھانا نہایت تقویت قلب کا باعث ہے اسے ہم نے کئی مرتبہ بنایا ہے، ضعف قلب کے مریضوں کے لئے بڑی بڑی یاقوتیوں سے بڑھ کر ہے، ہاں اگر اس کے ساتھ یاقوتی دو سو پچاس ملی گرام کھلائی جائے تو نتائج نہایت ہی تسلی بخش ملتے ہیں، ہم نے مطب سے کبھی ختم نہیں ہونے دیا، نیز رحم کی عضلاتی کمزوری دور کر کے اسقاط نہیں ہونے دیتا، ایک مریضہ کو میں نے حمل کے تیسرے ماہ، دو ماہ تک کھلایا، اللہ تعالیٰ عزوجل نے بیٹا دیا، جس کا نام بھی میں نے ہی حمزہ رکھا، اس کی کڑواہٹ دور کرنا چاہو تو آملہ کو تین روز شبانہ روز پانی میں بھگو دیں اور روزانہ دو تین مرتبہ پانی بدل دیا کریں، جب پانی میں سے کڑواہٹ دور ہو جائے تو معجون بنا لیں لیکن اس طرح اس کی طاقت کچھ کم ہو جاتی ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

دیگر

از مسٹر لندن

یہی جوارش آملہ جو ہم نے سبز آملے والا لکھا ہے، تیار ہو جانے کے بعد اس میں ہی آملے کے وزن سے آدھا وزن زرشک شیریں صاف کر کے شامل کر دیں، تو اس کے افعال بھی بڑھ جاتے ہیں، خوش ذائقہ ہو جاتا ہے، مفرح بھی ہے، دل کی گھبراہٹ کے مریضوں کیلئے آب حیات ہے، مجرب و آزمودہ اور معمول مطب ہے۔

جوارش جالینوس

از مصنف

بالچھڑ، الائچی سفید، تج، دار چینی، قرنفل، خولنجان، ناگر موتھا، زنجبیل، فلفل سیاہ، فلفل دراز، قسط

شیریں، عود بلسان، حب الآس، چرائتہ شیریں، چینی سب سو سو گرام، شہد ڈھائی سو گرام چینی اور شہد کا قوام بنا کر آگ سے اتار لیں، تمام ادویہ پیس کر اس قوام میں ملا لیں، اچھی طرح چمچے سے ہلاتے رہیں، جب اچھی طرح مل جائیں کسی شیشے کے جار میں محفوظ کر لیں، تین سے چھ گرام، عرق سونف سے صبح شام کھانے کے بعد دیں۔

افعال: قشری عضلاتی (گرم خشک) ہے، مقوی معدہ وجگر ہے، معدہ وجگر کی قشری بافت کو تحریک میں لا کران کے فعل کو تیز کرتا ہے، بھوک بڑھ جاتی ہے، ضعف ہضم دور ہو جاتا ہے، چہرہ سرخ ہو جاتا ہے، جالینوس کہتا ہے کہ اگر اس کی مداومت کی جائے تو بڑھاپا کئی برس پیچھے بھاگ جاتا ہے، بال سیاہ کر دیتا ہے، یعنی جالینوس کے نزدیک یہ جوارش دنیا کی سب سے بڑھ کر نایاب دوا ہے، میں نے زعفران کی بجائے اس میں قرنفل ڈال دیئے ہیں جس سے نفع میں کوئی فرق نہیں پڑا، زعفران میں گھپلے ہیں، لیکن اس دور جدید میں شاید ہی کسی کو قشری دوا کی ضرورت ہو اس لئے بغیر حکیم کی تشخیص کے یہ دوا نہ کھائیں، اس دوا کے ساتھ تین سے چار نمبر تک غذائیں دیں گے۔

جوارش کمونی

از مصنف

زیرہ سیاہ مقشر سو گرام، برگ سداب، سنڈھ پچاس پچاس گرام، فلفل سیاہ تیس گرام، بورہ ارمنی دس گرام

تمام ادویہ پیس لیں، سہ چند شہد کا قوام بنا لیں، نیم گرم ہونے پر پسی ہوئی ادویہ اس میں ملا لیں، چھ گرام دوارات کو سوتے وقت عرق زیرہ پچاس گرام سے دیں۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) ہے، بدہضمی، درد شکم، نفخ شکم، اخوب بھوک لگاتی ہے،

اور سردی کے بخاروں کو مفید ہے اس دوا کے ساتھ تین سے چار نمبر تک غذائیں دیں گے۔
جوارش کمونی یونانی طب کی فائدہ پہنچانے والی ادویات کی سردار مانی جاتی ہے، یونانی طب نے اس کے بہت سے فوائد بیان کئے ہیں، آپ بھی تجربہ کریں۔

جوارش زرعونی عنبری

از مصنف

تخم گذر، تخم کرفس، تخم اسپست، اجوائن دیسی، سونف، مغز خربوزہ، مغز خیار، پوست بیخ کرفس، لونگ، فلفل سیاہ، عنبر، دس دس گرام، عقر قرحا، دارچینی، زعفران، مصطگی رومی، آٹھ آٹھ گرام تمام ادویہ کا سفوف بنالیں، ادویہ سے سہہ چند شہد کا قوام بنا کر نیم گرم میں ادویہ ملا لیں تیار ہے، تین گرام جوارش، 50 گرام عرق دارچینی سے صبح شام کھانے کے بعد دیں۔

افعال: گردوں کے لئے نہایت مقوی دوا ہے، سلسل بول، شوگر خالص کو فائدہ پہنچا کر قوت باہ کو تحریک دیتی ہے مزاج کے لحاظ سے قشری عضلاتی (گرم خشک) ہے، اس کا استعمال اس وقت کرنا جائز ہے جب گردے نہایت ضعیف ہو گئے ہوں اور سفید رنگ کا پیشاب کھل کر دن میں بار بار آتا ہو، اس دوا کے ساتھ ایک اور دو غذائیں دیں گے۔

چٹنی کھجور

از مصنف

حسب ضرورت کچی کھجوریں (ڈوکے) لے کر دوگنا پانی ڈال کر نرم آگ پر گلا لیں، ٹھنڈا ہونے پر گٹھلیاں مل کر الگ کر دیں، کھجوروں سے آدھا وزن چینی، معمولی نمک، معمولی مرچ، لیں چینی کا قوام بنا کر نمک مرچ کھجوروں کا حاصل شدہ گودہ اس میں ڈال کر پھر نرم آگ پر رکھ کر قوام درست کرلیں، تیار ہے، روٹی کے ساتھ کھائیں۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) ہے، مشتہی، مفرح، مقوی معدہ ہے، ریاح کو تحلیل

کرتی ہے، بھوک بڑھاتی ہے، قوت باہ کو برانگیختہ کرتی ہے، بہت لذیذ ہے، اس دوا کے چار نمبر غذائیں دیں گے۔

خمیرہ گاؤزبان سادہ

از مصنف

گاؤزبان تیس گرام، گل گاؤزبان، کشنیز مقشر، ابریشم مقرض، بہمن سرخ، بہمن سفید، صندل سفید، تخم بالنگو، تخم ریحان، بادرنجبویہ، سب دس دس گرام

سب ادویہ رات کو دو کلو پانی میں ڈال کر ایک جوش دے کر رکھ دیں صبح پھر آگ پر رکھیں جب پانی تیسرا حصہ رہ جائے مل چھان کر ایک کلو چینی ڈال کر اس کا قوام شربت سے ذرا گاڑھا کر کے اتار لیں، اور خوب گھوٹیں، اتنا کہ اس کا رنگ بالکل سفید ہو جائے، تیار ہے، تین گرام خمیرہ، عرق گاؤزبان سے صبح شام خلوئے معدہ استعمال کرائیں۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) ہے، نزلہ، زکام، کھانسی، گلے کی خشکی، کو دور کرتا ہے، دماغ کے لئے بھی اعلیٰ دوا ہے، بصارت کو بھی مفید ہے، خوش ذائقہ بھی ہے، بچوں بڑوں سب کے لئے ایک سا مفید ہے، اس دوا کے ساتھ پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

خمیرہ گاؤزبان عنبری

از مصنف

خمیرہ گاؤزبان سادہ والی ہی ادویہ لے کر ان میں اسطوخودوس، تودری سرخ، تودری سفید، دس دس گرام، عنبر دو گرام، عرق کیوڑہ ایک سو پچاس گرام

حسب اولیٰ طریقے پر ہی بنتا ہے، اگر اس میں ورق نقرہ چھ گرام، ورق سونا ایک گرام کا اضافہ کر دیا جائے تو منفعت اور بڑھ جاتی ہے۔

افعال: خمیرہ گاؤزبان سادہ سے زیادہ طاقت ور ہے، جگر اور دماغ کو بہت قوت دیتا

ہے،رگ و پٹھوں کوقوت دے کر نئے سرے سے حرارت غریزی کو ابھارتا ہے،اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

خمیرہ بادام

ازمصنف

مغز بادام ڈھائی سو گرام،الا ئچی سفید بیس گرام،دونوں ادویہ پیس کر ڈھائی سو گرام پانی میں چار پانچ جوش دے لیں،ٹھنڈا ہونے پر مل چھان کر شیرہ نکال لیں،اس میں چار سو گرام چینی، سو گرام شہد ڈال کر شربت سے ذرا گاڑھا قوام پکا کر خوب گھوٹیں،جب رنگ سفید ہو جائے تو تیار ہے،دس گرام،گرم دودھ سے صبح شام خلوئے معدہ کھلائیں۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) ہے،مقوی دماغ و اعصاب ہے،بینائی کو دوام بخشتا ہے،سر درد مزمن اور چھینکوں کو مفید ہے،اگر اس کے ساتھ تریاق 45 دو گرام صبح شام دیا جائے اور گرم خشک غذاؤں سے پرہیز کیا جائے تو ایک دو ہفتے میں ہی مرض دور ہو جاتا ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

خمیرہ مروارید

ازمصنف

برگ بادرنجبو یہ دو تولہ،بہمن سرخ،بہمن سفید،تودری سرخ،تودری سفید،تخم بادرنجبو یہ،سوسو گرام،گل گاؤزبان،تخم خرفہ سیاہ،دس دس گرام،مروارید کشتہ،زہر مہرہ خطائی صلایہ دس دس گرام عرق گلاب،عرق بید مشک،ایک ایک بوتل،پانی آدھا کلو

سب ادویہ جوکوب کر کے پانی اور عرقیات میں رات کو بھگو دیں،صبح جوش دے کر مل چھان لیں،اس حاصل شدہ شیرہ میں دو کلو چینی ڈال کر شربت سے گاڑھا قوام بنالیں اور خمیرے کے طریقے سے گھوٹیں،جب رنگ سفید ہو جائے تو اس میں زہر مہرہ خطائی،اور مروارید کے

کشتہ جات دس دس گرام ڈال کر خوب اچھی طرح سے ملالیں تیار ہے چار گرام خمیرہ، شربت گلہر بیس گرام میں عرق گلاب پچاس گرام ملا کر خلوئے معدہ صبح شام کھلائیں، اس دوا کے ساتھ پانچ سے آٹھ نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال: مخاطی اعصابی (سرد تر) ہے، صفراوی امراض کے لئے لاجواب تحفہ ہے، خاص الخاص خفقان القلب کے لئے بے نظیر چیز ہے۔

اطریفل زمانی

از مصنف

تربد سفید مجوف، کشنیز پچاس پچاس گرام، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ قابلی، بلیلہ، سقمونیا، گل بنفشہ، ہر ایک تیس گرام، آملہ، طباشیر، گل سرخ، گل نیلوفر، صندل سفید، کتیرا، ہر ایک دس گرام، سب ادویہ پیس لیں۔

سپستاں آدھا کلو میں کلو پانی ڈال کر ابال لیں اس کا لعاب حاصل کر کے دو کلو شہد ڈال کر شربت کے قوام پر اتار لیں، ٹھنڈا ہونے پر سفوف شدہ ادویہ اس میں ملالیں تیار ہے چھ گرام سے دس گرام، تازہ پانی یا دودھ سے رات کو سوتے وقت استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، اعصابی دردسر، قولنج، اور دائمی نزلہ کو بہت مفید ہے، مزمن قبض کے مریضوں کیلئے تحفہ نایاب ہے۔

اطریفل کشنیزی

از مصنف

پوست ہلیلہ قابلی، پوست بلیلہ، ہلیلہ سیاہ، آملہ مقشر، کشنیز، پچاس پچاس گرام سب ادویہ کا سفوف کر کے روغن بادام میں چرب کر لیں، سات سو پچاس گرام شہد کا قوام بنا

کر نیم گرم میں ادویہ کا سفوف ملا لیں، دس گرام رات کو سوتے وقت کھلائیں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، دماغ کے عضلاتی حصے کو قوت دے کر دائمی نزلے کو مفید ہے، تقویت بصر کے لئے بھی نہایت اعلیٰ دوا ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

اطریفل ملیّن

ازمصنف

ترپھلہ ساٹھ گرام، تربد مجوف دس گرام، بادیان، ریوند چینی، سقمونیا تیس تیس گرام سقمونیا کے علاوہ تمام ادویہ کا سفوف بنالیں، سقمونیا الگ پیس کر رکھ لیں، آدھا کلو شہد کا قوام بنا کر اس میں سفوف شدہ ادویہ ملا لیں، آخر میں سقمونیا بھی بڑی احتیاط سے ملا لیں، رات کو چھ گرام اطریفل نیم گرم دودھ سے استعمال کرائیں۔

افعال: قبض، سردرد مزمن، اور دائمی نزلہ کو بہت مفید ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

اطریفل اسطوخودوس

ازمصنف

ترپھلہ ساٹھ گرام، پوست بلیلہ، ثناء مکی، تربد، بسفائج، اسطوخودوس، افتیمون، کشمش، ہر ایک بیس گرام، سب ادویہ پیس کر سو گرام روغن بادام میں چرب کر کے ایک کلو چینی کے قوام میں حل کر لیں، چھ گرام دوا، عرق بادیان سے رات کو سوتے وقت استعمال کرائیں۔

افعال: سر درد مزمن کو مفید ہے، دماغ کو فضلات سے صاف کرتا ہے، بلغمی رطوبات کا سرے سے خاتمہ ہو جاتا ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

معجون آردخرما

ازمصنف

گوندببول بریاں، آردسنگھاڑا، آردچھوہارا، سب آدھا آدھا کلو، مغزبادام شیریں، مغزفندق، مغزچلغوزہ، ہرایک پچاس گرام، شہدڈھائی کلو، ترنجبین ایک کلو

ترنجبین میں دوکلوپانی ڈال کرمعمولی جوش دیں، پھراس کاشیرۃ نکال لیں، اس میں مٹی ہوتی ہے تھوڑی دیرپڑارہنے دیں، نتھارکراس میں شہدڈال کرقوام بنالیں، نیم گرم میں پسی ہوئی ادویہ ملالیں، دس گرام معجون نیم گرم دودھ سے صبح شام دیں، اس دوا کے ساتھ چاراورپانچ نمبرغذائیں دیں گے۔

افعال: رقت وسرعت کاخاتمہ کرتی ہے، مقوی باہ ہے، کشتہ قلعی دوسوملی گرام ہمراہ دینے سے جریان کومفید ہے، مزاج اس کاقشری اعصابی سے اعصابی مخاطی تک ہے۔

معجون اذراقی

ازمصنف

اذراقی مدبربیس گرام، برگ گاؤزبان پندرہ گرام، اسطوخودوس، کتیرا، ناریل، مغزچلغوزہ دس دس گرام، دانہ الائچی سفید، زرنباد، شقاقل مصری، صندل سفید، آملہ، ہلیلہ سیاہ، ہرایک دس گرام، سب ادویہ پیس کرتین گناشہد کے قوام میں معجون بنالیں، ایک سے تین گرام، گرم دودھ سے صبح شام کھانے کے بعداستعمال کرائیں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) مقوی قلب وعضلات ہے، بلغمی امراض کومفید ہے، فالج، رعشہ، قوت باہ کے لئے بدرجہ غایت مفید ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اورایک نمبر غذائیں دیں گے۔

معجون فلاسفہ
از مصنف

زنجبیل، فلفل سیاہ، دار فلفل، دار چینی، آملہ، پوست بلیلہ، شیطرج ہندی، زراوند مدحرج، مغز چلغوزہ، بیخ بابونہ، سب تیس تیس گرام، تخم بابونہ پندرہ گرام، مویز منقیٰ سو گرام، ان سب ادویہ کو پیس کر رکھ لیں اور تین گنا ادویہ سے شہد کا قوام بنا کر نیم گرم میں ادویہ ملا لیں، چھ گرام معجون، نیم گرم دودھ سے صبح شام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دیں۔

افعال: طب یونانی کی مایہ ناز دوا ہے، بوڑھوں کے لئے عصاء پیری ہے، مزاج اس کا عضلاتی قشری مقوی ماننا پڑے گا، حالانکہ اس میں قشری اعصابی ادویہ بھی ہیں، لیکن جو ادویہ قوت کے لحاظ سے اور درجہ کے لحاظ سے قوی ہوں انہی کا مزاج مانا جاتا ہے، مخاطی اور اعصابی امراض کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے، پیشاب کی زیادتی کے لئے اور ٹانگوں کی دردوں کے لئے کثرت سے استعمال ہوتا ہے، اس دوا کے ساتھ ایک اور دو نمبر غذائیں دیں گے۔

مغزیات کا حریرہ
از مصنف

حسب ضرورت مغز لیکر پانی کی مدد سے چٹنی کی طرح رگڑ لیں، ان میں ڈھائی سو گرام دودھ ڈال دیں، دو چمچ دیسی گھی کا بگھار دے کر اس کو روزانہ رات کو سوتے وقت استعمال کریں، حسب ضرورت چینی ڈال سکتے ہیں، بعد میں دانت ضرور صاف کریں۔

افعال: مغزیات کے حریرے اکثر مقوی دماغ ہوا کرتے ہیں۔

روغن منوّم
از حکیم محمد شبیر صاحب

روغن بادام بیس گرام، روغن خشخاش چالیس گرام، روغن کدو شیریں بیس گرام، روغن خرفہ سیاہ بیس گرام، سب روغنیات ایک شیشی میں ملا کر رکھ لیں بوقت ضرورت ایک گرام تالو پر مالش کریں، مالش کرتے کرتے ہی نیند آ جایا کرتی ہے، مقوی دماغ بھی ہے، بہتر طریقہ یہی ہے کہ سب دوائیں لیکر خود مشین سے تیل نکلوائیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

لعوق سپستاں

از مصنف

سپستان پچاس عدد، اصل السوس، خطمی، خبازی، بہی دانہ، گل بنفشہ، تخم خیار، دس دس گرام، کتیرا، صمغ عربی (گوند ببول) چھ چھ گرام، جوڈھائی سو گرام

سب ادویہ ایک کلو پانی میں ڈال کر اتنا پکائیں کہ گل جائیں، نیم گرم ہونے پر اچھی طرح مل کر چھان لیں، آدھا کلو چینی کا قوام بنا کر اب یہ شیرہ جو ادویہ سے حاصل کیا تھا اس میں ڈال کر نرم آگ پر اتنا پکائیں کہ شربت کے قوام سے ذرا گاڑھا ہو جائے، آگ سے اتار لیں، دس گرام ست لوبان اچھی طرح ملا لیں تیار ہے، چھ گرام لعوق عرق بنفشہ سے تین مرتبہ دن میں استعمال کرائیں یا ایک چمچ ویسے ہی چوسیں۔

افعال: نزلہ، زکام، کھانسی، گلے کی خراش، مری کی جلن وسوزش، کو مفید ہے، سینہ کی جلن اور بلغم کو دور کرتا ہے، مزاج اس کا اعصابی قشری (تر گرم) ہے، اس دوا کے ساتھ پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

دواء الممسک معتدل

از مصنف

گل سرخ، ابریشم مقرض، دارچینی، بہمن سرخ، بہمن سفید، درونج عقربی، ہر ایک ستر گرام، عود

ہندی، بادرنج بویہ ہر ایک پچاس گرام، مصطگی رومی، دانہ الائچی خرد ہر ایک چالیس گرام، طباشیر، صندل سفید، صندل سرخ، کشنیز، گل گاؤزبان، آملہ، تخم خرفہ سیاہ، ہر ایک، ایک سو پچاس گرام، زرشک دوسو گرام

سب ادویہ پیس لیں، چینی برابر ادویہ، شہد برابر ادویہ، آب سیب شیریں چار کلو میں قوام کریں، نیم گرم میں ادویہ ملا کر روح کیوڑہ سے خوشبودار کر لیں چھ گرام دوا، عرق بادیان پچاس گرام سے صبح شام کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے استعمال کرائیں۔

افعال: قشری مریضوں کیلئے نعمت غیر مترقبہ ہے، خفقان القلب کو نہایت مفید ہے، دمہ قلبی اور فشار الدم قوی (خون کا دباؤ بڑھ جانا) کیلئے بہت فائدہ مند ہے، اس دوا کے ساتھ پانچ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

دواءالمسک حار جواہر دار

از مصنف

دانہ ہیل کلاں (بڑی الائچی کے بیج) چھ گرام، ساذج ہندی، زرنباد، بالچھڑ، اُشنہ، سنڈھ، دار فلفل، تین تین گرام

سب ادویہ کوٹ چھان کر ستر گرام شہد کا قوام کر کے اس میں ملالیں، مشک خالص ڈیڑھ گرام عرق کیوڑہ میں کھرل کریں، چار گرام کشتہ مروارید بھی ساتھ ہی شامل کر لیں، تین گرام دار چینی کے قہوے کے ساتھ صبح شام کھانے سے پہلے دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور تین نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: قشری عضلاتی (گرم خشک بہ مائل گرم تر) ہے، عضلاتی اور مخاطی عوارضات کے لئے اکیر صفت ہے، قشری عضلاتی ضعف میں بھی دے سکتے ہیں۔

شہد جیسا

از حکیم سعید احمد مرحوم (اوکاڑہ)

انجیر زرد، گل گلاب تازہ پچاس پچاس گرام

دونوں ادویہ آدھا کلو پانی میں جوش دے کر رات پڑا رہنے دیں صبح مل چھان کر آٹھ سو گرام چینی ڈال کر شہد جیسا قوام کرلیں تیار ہے، اعلیٰ درجہ کا شہد جیسا ہے شہد ملیّن ہے دمہ خالص کو مفید ہے، یہ شربت بازار سے ملنے والے کیمیکل شہد سے ہزار درجہ بہتر ہے، بنائیں اور استعمال کریں اور دعاء خیر سے یاد کریں، مرحوم بھائی کے حق میں دعاء مغفرت کریں انجیر کے بارے میں حضور کریم ﷺ کی حدیث پاک کا مفہوم ہے کہ یہ سانس کی نالیوں کو کھولتی ہے اوران کی قدرتی لچک قائم رکھتی ہے، اسی طرح گلاب بھی ملیّن اور مفرح ہے، اب ہمارے اس مرکب پر غور فرمائیں، کہ جو کام شہد کرتا ہے کیا وہی کام یہ مرکب بھی کرتا ہے یا نہیں؟ یقیناً وہی کام یہ شہد جیسا بھی کرتا ہے، لیکن ہم پھر بھی اسے شہد نہ لکھ سکتے ہیں اور نہ ہی شہد کہہ سکتے ہیں، اگر ہم اسے شہد لکھیں حالانکہ یہ کم وبیش ویسے ہی اوصاف کا مالک ہے، لیکن پھر بھی اسے شہد کے نام سے نہیں لکھا جاسکتا، کیونکہ اگر خدانخواستہ یہ شہد کے معیار کے مطابق پورا نہ اترا تو نعوذ باللہ، نعوذ باللہ کہیں قرآن پاک کی نفی نہ ہو جائے، ایک مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہمارا یہ ایمان ہے کہ قرآن پاک کلام اللہ اس کے ارشادات پر کروڑوں اربوں میں سے رائی کے دانہ برابر بھی کوئی غلط گمان نہیں کرنا ایسا کرنے سے بندہ ایمان سے ہی خارج ہوسکتا ہے، اس کے علاوہ آپ ﷺ نے پوری حیات طیبہ میں کوئی لفظ بھی اللہ تعالیٰ ﷻ کی مرضی کے بغیر اپنی زبان مبارک سے نہیں نکالا، شہد کو آپ ﷺ نے پسند فرمایا اور استعمال فرمایا آپ ﷺ نے جو بھی کیا یا فرمایا ہمارے لئے گویا ایک رستہ متعین کردیا، اب ہمارا یہ فرض ہے کہ آپ کی سنتوں پر آنکھیں بند کر کے عمل کریں، یہی ہمارے لئے ذریعہ نجات ہے،، اگر ہمارا بنایا ہوا شہد جیسا اس فعل میں ایک بھی کمی کرتا ہے تو ہم گنہگار ٹھہرے، اس لئے ہم نے اس کا

نام شہد جیسا ہی مناسب سمجھا اور رکھ دیا، یہ مرکب بہت سے افعال میں شہد جیسا ہی ہے اس لئے بلا خوف وخطر ہو کر بنائیں اور فائدہ اٹھائیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

جو لوگ چینی کا گاڑھا سا قوام کر کے اسے شہد کے نام سے بیچ رہے ہیں، یہ اس سے بدرجہا بہتر ہے، استعمال کریں اور نقالوں سے بچیں، ملیّن ہے، سانس کی نالیوں کو کھولتا ہے، قاتل کرم شکم ہے، پیاس بجھاتا ہے، طبیعت میں فرحت اور تازگی لاتا ہے۔

تریاق بلڈ پریشر

از حکیم محمد شفیقؒ صاحب

الائچی سفید تیس گرام، کہرباء شمعی، اسرول، گلنار، بادیان ہر ایک بیس گرام، ورق نقرہ بڑی دفتری یا کشتہ چاندی تین گرام

ورق نقرہ کے علاوہ سب ادویہ کا سفوف بنا کر ایک ایک ورق اس میں ڈال کر کھرل کرتے جائیں جب تمام ورق کھرل ہو جائیں تو دوا تیار ہے، اگر کشتہ ڈالنا چاہیں تو سب ادویہ کے ساتھ ہی پیس لیں، ایک سے دو گرام دوا، تازہ پانی سے دن میں تین مرتبہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: ہائی بلڈ پریشر (جو کارنری آرٹریز کی تنگی کی وجہ سے ہو) کے مریضوں کیلئے ایک نعمت ہے، اگر غذا (اعصابی قشری اور اعصابی مخاطی) کا خاص خیال رکھا جائے تو یہ پورا نسخہ کھا لینے کے بعد دوبارہ ضرورت نہیں پڑتی۔

طلاء مقوّی اعصاب

از حکیم محمد شفیقؒ صاحب

روغن زرد بیس گرام، شہد خالص، شیر مدار تازہ ہر ایک دس گرام

سب ادویہ کو چار گھنٹے کھرل کریں، تیار ہے، حشفہ وسیون چھوڑ کر دورتی (ڈھائی سوملی گرام) کی صرف پانچ منٹ مالش کریں اوپر کچھ بھی باندھنے کی ضرورت نہیں ہے، صبح نیم گرم پانی سے دھوڈالیں۔

نوٹ: عضوتناسل کی جڑاور حشفہ کے گھیراؤ کے آس پاس اگر لگارہ گیا تو زخم ڈال دے گا، اس لئے اسے مالش کرنے کے بعد اچھی طرح کسی کپڑے سے صاف کردیں، کجی کیلئے جس طرف زیادہ جھکاؤ ہے اسی طرف زیادہ مالش کریں۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) مقوّی ہے کجی دور کرتا ہے، اعصاب کو قوت دے کر دوران خون درست کرتا ہے، قشری عضلاتی مریض جن کی شہوت تخدیر اعصاب کی وجہ سے زائل ہوگئی ہوان کیلئے بہت ہی مفید ومجرب ہے، سال ہا سال سے ہمارے مطب کی زینت ہے، اسے کبھی بھی ہم نے مطب سے ختم نہیں ہونے دیا، میں تو یہ کہوں گا کہ اس کے ہوتے ہوئے کسی اور طلاء کی ضرورت ہی نہیں پڑتی، لیکن پھر بھی دنیا بہت وسیع ہے، ایک سے بڑھ کر ایک، آٹھ دس روز بعد اثرات ظاہر ہوتے ہیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

مغلّظ جدید

از حکیم محمد شفیق صاحب

بیج بند، تخم کونچ، بہوپھلی، ستاور، تالمکھانہ، موچرس، سمندر سوکھ، موصلی سفید، طباشیر کبود، اندر جوشیریں، پھلی ببول، مغز تمر ہندی، سب سوسو گرام، الائچی خرد پچاس گرام، چینی ہم وزن ادویہ، کشتہ قلعی، کشتہ عقیق، کشتہ یشب، کشتہ صدف صادق، ہر ایک دس گرام

تمام ادویہ کوٹ چھان کر کشتہ جات ملالیں چھ گرام دوا، صبح شام خلوئے معدہ دودھ اور دہی کی

لسی یا موسم کے مطابق شربت بزوری بارد کا ساتھ سے استعمال کرائیں۔

افعال: مخاطی عضلاتی (سرد خشک) ہے نہایت اعلیٰ درجہ کا مغلظ ومقوی ہے، پانی جیسے پتلے مادے کو گاڑھا کر کے جریان، سرعت و رقت کا خاتمہ کرتا ہے، قوت غریزی کا محافظ ہے، اگر اس کے ساتھ (ڈھائی سو ملی گرام) کشتہ چاندی شامل کر دیا جائے تو سونے پر سہاگہ کے مصداق بڑی تیزی سے تذکرہ اولیٰ علامات کو فائدہ کرتا ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے آٹھ نمبر تک غذائیں دیں گے۔

WEIGHT LESS

از حکیم محمد صدیق سیالکوٹ

ریوند چینی، مکودانہ، تخم کاسنی، پودینہ، سونف، سوئے

سب ادویہ ڈھائی ڈھائی سو گرام لے کر چھ بوتل عرق نکال لیں، یہ عرق ساٹھ گرام، شورہ در بھنگ ایک گرام کے ساتھ صبح شام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے، لیکن پانچ نمبر میں لکھی گئی چکنائیوں سے خصوصی پرہیز کریں.

شورہ در بھنگ

از حکیم محمد شفیقؒ صاحب

قلمی شورہ ڈھائی سو گرام، برگ بھنگ تازہ ایک کلو

بھنگ کے پتے کچل کر ایک تابہ آہنی میں آدھے نیچے آدھے اوپر، درمیان میں شورہ رکھ کر نرم نرم آگ پر پکائیں، اس کے اوپر کوئی ڈھکن وغیرہ ضرور دیں جب جلنے کے قریب ہوں اتار لیں، ٹھنڈا ہونے پر پیس لیں، اس دوا کے ساتھ چار اور چھ نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: اگر صرف عرق ہی استعمال کیا جائے تو یہ جگر اور معدے کی قشری (گرم) سوزش کو اتارتا ہے، ضعف اشتہاء کو دور کرتا ہے، ہاضم ہے، گیس، ڈکاریں، سب ایسی علامات دور کر کے صالح خون پیدا کرتا ہے۔

موٹاپا: موٹاپا کم کرنے کیلئے ایک گرام شورہ در بھنگ تین مرتبہ روزانہ ساتھ دیں، عرق ضرور استعمال کرائیں اس کے بغیر موٹاپا دور نہیں ہوتا، کھانے پینے میں اعصابی مخاطی سے عضلاتی مخاطی تک غذائیں دیں، قشری غذاؤں میں چینی اور چکنائیوں سے پرہیز کریں۔

روغن قسط

از مصنف

قسط شیریں سوگرام، دوسوگرام روغن کنجد میں جلا کر سرخ کرلیں چھان کر محفوظ کرلیں۔

افعال: ریڑھ کی ہڈی پر مالش کرنے سے پٹھوں کا نظام درست و طاقتور ہو جاتا ہے، ضعف اعصاب اور تخدیر اعصاب سے پیدا ہونے والی علامات کیلئے بہت اعلیٰ ہے، ضعف باہ کے مریض کو دوا کے ساتھ ساتھ یہ روغن حرام مغز اور ریڑھ کی ہڈی پر ضرور مالش کرائیں اس عمل سے فائدہ یقینی ہو جائے گا.....انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

برین ٹانک

از مصنف

ناریل خام تازہ دو عدد، کھویا دو کلو، دودھ دو کلو، دیسی گھی آدھا کلو، مغز بادام مقشر آدھا کلو، چینی چار سو گرام

ترکیب تیاری: سب سے پہلے ناریل کو کسی ہتھوڑی کی مدد سے توڑ لیں، اس میں دراڑ پڑ کر اس کا پانی باہر نکلنا شروع ہو جائے گا، اسے کسی برتن میں سنبھال کر رکھ لیں، اب ناریل کے سب سے اوپر والے چھلکے آرام سے الگ کریں، زیادہ ٹوٹ پھوٹ نہیں ہونی چاہیئے، اس حاصل شدہ ناریل کو کدوکش سے باریک کرلیں، پھر اسے گھی میں بھون لیں،

جب سرخ ہو جائے آگ سے نیچے اتار لیں اور چھلنی سے چھان لیں، اب کھوئے میں دودھ ڈال کر نرم آگ پر رکھیں، جب دودھ کھوئے میں جذب ہو جائے آگ اور نرم کر دیں، چمچہ برابر ہلاتے رہیں، نیچے نہ لگنے پائے، آہستہ آہستہ کھویا گھی چھوڑنا شروع کر دے گا، رنگ بھی سرخ ہونے لگے گا، اب اس میں گھی جو پہلے ناریل سے چھانا تھا ڈال دیں اور بھونیں، جب اچھی طرح سرخ ہو جائے، پہچان اس کی یہ ہے کہ ایک دفعہ سب کا سب گھی جذب ہو جاتا ہے، پھر اس کے بعد دوبارہ گھی باہر نکلنا شروع ہو جائے گا، خوب تسلی کر لیں کہ کھویا بھونا گیا ہے، اگر کچا رہ جائے تو کچھ دنوں بعد خراب ہو جاتا ہے، آگ سے نیچے اتار لیں، اب ناریل سے حاصل شدہ پانی اور چینی ملا کر اس کا قوام بنا لیں، جب قوام تیار ہو جائے، آگ سے اتار لیں، بھنا ہوا کھویا، بھنا ہوا ناریل، مغز بادام جو پہلے سے نیم کوفتہ کر کے رکھ لئے گئے ہوں، سب اشیاء اس قوام میں اچھی طرح ملا لیں، ذرا نیم گرم ہونے پر پچاس پچاس گرام کے لڈو بنا لیں، ایک سے دو لڈو صبح شام گرم دودھ سے کھائیں۔

افعال: قشری اعصابی مقوی (گرم تر) ہے، پرانے سے پرانے سر درد، کیرہ اور خصوصاً گرتے بالوں کو روکنے کیلئے اعلیٰ درجہ کا ٹانک ہے، دماغی کام کرنے والوں کیلئے رسائن ہے، یہ نسخہ اگر ایک دفعہ استعمال کر لیا جائے تو دوبارہ دس سال تک بال نہیں گرتے، بشرطیکہ گرم خشک غذاؤں سے پرہیز رکھا جائے، احقر کے ذاتی اور بے شمار مریضوں کے تجربے کی چیز ہے، بے دریغ استعمال کر کے فائدہ حاصل کریں، اگر سردیوں میں استعمال کرنا ہو تو لڈو بناتے وقت سو گرام کشمش شامل کریں، ۱۹۸۲ء میں میرے بال بے شمار گرنے لگے، اسی نسخہ کا استعمال کیا، دس سال ضرورت نہیں پڑی اس کے بعد پھر استعمال کیا ہے، اللہ تعالیٰ عزوجل کا بڑا کرم ہے بال نہیں گرتے، یہ نسخہ لذیذ بھی ہے، بہت طاقت دینے والی چیز ہے، ضعف بصر کو بھی فائدہ مند ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

راز کی بات: رابطہ ختم (Sex Disconect) ہونے والے مریضوں کو ملتین 45 کے ساتھ استعمال کرایا جائے تو گارنٹی دس سال۔

پرہیز: تمام عضلاتی قشری اور قشری عضلاتی غذاؤں سے پرہیز کرنا لازم ہے۔

شوگرین .B.S

از اجلاس فیصل آباد

اندر جو شیریں، اندر جو تلخ، گڑمار بوٹی

سب ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں ایک گرام دودھ سے صبح شام استعمال کرائیں۔

افعال: اعصابی قشری (ترگرم) ہے، بلڈ شوگر لبلبہ کے غدد ناقلہ میں سوزش آ جانے کی وجہ سے ہوتی ہے، یہ دوا غدد ناقلہ کی سوزش اتار کر ان کے فعل کو از سر نو کام کرنے کے قابل کرتی ہے، اگر خون میں صفراء کی زیادتی ہو تو اس کے ساتھ ہی اچ 67 تین گرام دیں، گردوں کی سوزش بھی اتارتی ہے، حکیم سعید احمدؒ مرحوم سے تو آپ واقف ہی ہیں وہ اس کے ساتھ گیارہ نیم کے تازہ پتے، گیارہ مغز بادام اور گیارہ کالی مرچ کا خسیاندہ صبح شام خالی معدہ دیا کرتے تھے، ایک ماہ کے استعمال سے بلڈ شوگر برائے نام رہ جاتی تھی، کئی ایک مریضوں کی بلڈ شوگر بالکل ٹھیک ہوگئی، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

شوگرین .U.S

از حکیم محمد شبیر صاحب

تخم لوکاٹھ، تخم جامن، تخم آم، گڑمار، ہلیلہ سیاہ، مغز تخم نم، تخم اوٹنگن، کلونجی، تخم گندنا

سب ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں، ایک سے تین گرام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد پانی سے دیں۔

افعال: مخاطی عضلاتی (سردخشک) ہے، شوگر خالص کو بہت مفید ہے، چینی کی کوئی پرہیز نہیں ہے لیکن حد سے تجاوز بھی نہیں کرنا، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

پرہیز: تمام خشک گرم، گرم خشک، اور گرم تر غذاؤں سے پرہیز لازم ہے۔

رگڑائی بخار مزمن

از مصنف

زیرہ سفید، گل بنفشہ، گلوخشک، ہر ایک دس گرام، مغز بادام 60 عدد، طباشیر تین گرام، الائچی سبز 21 عدد

یہ تین خوراکوں کا نسخہ ہے، طباشیر پیس کر تین پڑیاں بنالیں، باقی ادویہ کے تین حصے کر لیں، ایک حصہ رگڑ کر اس میں آدھا کلو پانی ڈالیں کپڑے سے چھان کر ایک پڑیا طباشیر کی اس رگڑائی سے کھلائیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: ٹائی فائیڈ کے علاوہ پرانے سے پرانے بخاروں کے لئے نہایت ہی اکسیر ثابت ہوا ہے، عرصہ دراز سے معمول مطب ہے۔

نرینہ پلز

از مصنف

مور کے پر کی اندر والی سبز اور نیلی ٹکی تین عدد لے کر قینچی کی مدد سے باریک باریک کتر لیں، کھرل میں ڈالیں، اب اس میں نصف گرام یاقوتی، نصف گرام مفرح یا طباشیر بانسی ڈال کر خوب باریک پیس لیں، اس کے برابر چھ کیپسول بھر لیں۔

جب حمل کو آٹھ ہفتے گذر جائیں، نویں ہفتے کی صبح نماز فجر سے پہلے حاملہ دو رکعت نماز

نفل پڑھے اور اللہ تعالیٰ ﷻ سے دعا کرے کہ اے اللہ تعالیٰ ﷻ خالق کل، اپنے پیارے رسول ﷺ کے قدموں کی خیرات، مجھے اولاد نرینہ سے نواز دے، اور وہ اولاد صالح ہو، دعا سے فارغ ہو کر دو کیپسول نیم گرم دودھ سے کھالے اور شاکر رہے، اسی طرح دو کیپسول صبح، دوپہر اور دو شام کھائے، سارا دن دودھ اور پھلوں کے سوا کچھ بھی استعمال نہ کرے، گرم غذائیں چوتھے ماہ تک بند کر دے، انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ چاند سا بیٹا پیدا ہوگا، عرصہ دراز سے زیر استعمال ہے پچانوے فی صد اللہ تعالیٰ ﷻ بیٹے ہی دیتا ہے، یہ اور بہتر ہوگا کہ حمل کے پہلے دن سے ہی گرم غذاؤں سے پرہیز کرا دیا جائے، جو پانچ فی صد منفی نتائج برآمد ہوئے اس کے بارے میں بہت سوچا آخر اس نتیجہ پر پہنچے کہ غذا میں گرم اشیاء کا استعمال اس پانچ فیصد کا سبب ہے۔ واللہ اعلم

احتیاط: بسم اللہ شریف پڑھ کر اللہ تعالیٰ ﷻ سے دعا مانگ کر شروع ہوں جب جماع سے فارغ ہوں تو عورت سے بائیں طرف کو اتریں اور اسے دائیں طرف کو کروٹ دلا دیں، یہ بھی بڑے گہرے راز کی بات ہے، یہ بھی یاد رکھیں کہ لڑکا یا لڑکی پیدا ہونا اللہ تعالیٰ ﷻ کی مرضی پر منحصر ہے لیکن دنیاوی طور پر مادہ منویہ کی رقت اور غلظت پر منحصر ہے، کیونکہ مادہ منویہ میں ہی ایکس اور وائی سلیز ہوتے ہیں، یہی لڑکا یا لڑکی پیدا کرنے کے ذمہ دار ہیں، عورت اس کی ذمہ دار نہیں ہے، اس کا ذمہ دار صرف مرد ہے، کیونکہ عورت میں صرف ایکس سیلز ہوتے ہیں اور مرد میں ایکس وائی دونوں قسم کے سیلز پائے جاتے ہیں۔

مرہم سیاہ

از کنز المجربات حکیم محمد عبداللہؒ

اللہ تعالیٰ ﷻ حکیم صاحب کو جنت الفردوس میں جگہ دے، ان کے درجات بلند فرمائے، ان کی کتاب کنز المجربات کی پہلی جلد کے صفحہ نمبر 109 پر یہ نسخہ درج ہے، ہم نے اسے بنایا

استعمال کیا، ان کے بیان کردہ فوائد سے بڑھ کر ثابت ہوا، آپ بھی بنا کر فائدہ حاصل کریں.

سندھور پچاس گرام، کنجد آئیل سو گرام، نیلا تھوتھا سفوف ایک گرام

تیل کو کسی لوہے کے برتن میں ڈال کر نرم آگ پر رکھیں، اس میں سندھور ڈال دیں، دوا جوش کھا کر بار بار باہر گرنے کی کوشش کرے گی، خیال رکھیں آگ ذرا اور نرم کر دیں یا برتن کو چند لمحوں کیلئے ہٹا لیا کریں، جب تیل کا رنگ سیاہ ہو جائے تو آگ بند کر دیں، نیم گرم دوا میں نیلا تھوتھا پسا ہوا ملا دیں، ٹھنڈا ہونے پر اس کا رنگ اور سیاہ ہو جائے گا۔

افعال :اس مرہم کو کپڑے کے پھائے پر لگا کر پھوڑے یا پھنسی پر لگا دیں، اس مرہم کی خاص صفت یہ ہے کہ جتنی دیر زخم بھر نہ جائے یہ خود بخود پھوڑے سے نہیں اترتی، جب پھایہ خود بخود اتر جائے تو سمجھ لیجئے زخم ٹھیک ہو گیا ہے۔

پانچ روزہ کورس

از حکیم سعید احمد ؒ مرحوم

صمغ عربی (گوند کیکر) پچاس گرام، چینی تین گرام

صمغ عربی (گوند کیکر) دیسی گھی میں بریاں کر لیں، اس میں تیس گرام چینی ڈال کر پیس لیں، ایام سے فارغ ہو کر دو گرام صبح شام کھانے سے پہلے تازہ پانی سے دیں۔

افعال: جن عورتوں کو گرمی کی زیادتی کی وجہ سے حمل گر جاتا ہو ان کو یہ پانچ روزہ کورس، حیض سے فارغ ہونے کے بعد استعمال کرا دیں اللہ تعالیٰ ﷻ ہمیشہ ہی کرم کرتا ہے، گرم خشک غذاؤں سے پرہیز کرائیں، اس دوا کا مزاج مخاطی عضلاتی (سرد خشک) تسلیم کیا جائے گا، اس دوا کے ساتھ پانچ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

حب بواسیر

از صابر ملتانی ؒ

پوست بندق ہندی (چھلکا ریٹھہ) پانچ کلو، گندھک آملہ سار ایک کلو

دونوں ادویہ پیس کر مشین سے گیارہ نمبر (نصف گرام) کی گولیاں بنوالیں، دن میں چار مرتبہ ایک سے دو گولی گرم دودھ سے دیں۔

افعال: تشری اعصابی (گرم تر) ہے، بواسیر خونی، معمولی قبض، احتلام بوجہ زیادتی خشکی (ریاح) کو نہایت مفید ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

جنگجو ثانی

از حکیم محمد عاصم جنجوعہ

سرد چینی، عقرقرحا، قرنفل، شمع (افیون)

سب ادویہ برابر وزن پیس کر شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں، ایک سے دو گولی عصر کے وقت صرف سات روز کھلائیں، اگر مریض صفراوی طبیعت کا ہو تو ساتھ سفوف ثعلب کا استعمال کرائیں، جس روز پروگرام ہو اس روز شام کو بھی ایک گولی دودھ سے دیں، رات کا کھانا کم کھائیں، اگر بھوک نہیں ہے تو نہ کھانا بہتر ہے۔

افعال: اعلیٰ درجہ کا ممسک و محرک ہے، اس دوا کے ساتھ پانچ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

احتلامی

از حکیم سعید احمدؒ مرحوم اوکاڑہ

مصبر زرد دس گرام، کافور، شمع (افیون) آدھا آدھا گرام

سب ادویہ پیس کر درمیانے کیپسول بھر لیں، دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد ایک ایک کیپسول استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: یہ دوا حلق سے اترتے ہی احتلام کو بند کرتی ہے، اور مادہ منویہ گاڑھا ہو کر طبعی

امساک لوٹ آتا ہے۔

سفوف رینگن : (عرق النساء) ازحکیم شمس الرحمٰن صدیقیؒ مرحوم

بیخ (جڑ) حنظل، اسگندھ ناگوری، زنجبیل

سب ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں ایک گرام دوا تازہ پانی سے دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

بقول حکیم صاحب دوا کی پہلی پڑیا ہی اپنا اثر دکھاتی ہے، دو ماہ کے استعمال سے لنگڑی کا درد ہمیشہ کیلئے دور ہو جاتا ہے۔

جریانی ازحکیم سعید احمدؒ مرحوم اوکاڑہ

تخم سنبھالو، بیج بند، تخم سریالہ، تخم اوٹنگن، مغز تخم سرس، اجوائن خراسانی، تخم ورق الخیال (تخم بھنگ) پوٹاشیم برومائیڈ

سب ادویہ برابر وزن پیس لیں، ایک گرام صبح دوپہر شام شربت بزوری بارد یا لسی سے کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے دیں اگر قبض ہو جائے تو چھلکا اسبغول استعمالکریں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، مادہ منویہ کو گاڑھا کر کے رقت وسرعت کو بہت فائدہ کرتا ہے، جریان کو خاص الخاص مفید ہے، جریان مزمن کیلئے تج نصف گرام فی خوراک شامل کریں، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

کشتہ زمرد از مصنف

زمرد حسب ضرورت لے کر کوئلوں کی آگ میں دھکا کر عرق گلاب میں بجھاؤ دیں، جب ٹوٹنے لگے جوکوب کر کے تیس کلو اپلوں کی آگ دیں، شگفتہ ہوگا ٹھنڈا ہونے پر پیس لیں تیار

ہے، معمولی زردی مائل ہوگا۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، یاقوتی میں استعمال ہوگا، اس کے علاوہ بول فرشی، اور گردوں کیلئے نہایت مقوی ہے، شوگر خالص کیلئے لاثانی دوا ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

کشتہ چاندی

از حکیم محمد شفیقؒ صاحب

برادہ چاندی دس گرام میں آب گھیکوار پچاس گرام کھرل کریں، قوام درست ہونے پر چونی برابر ٹکیاں بنا کے خشک کرلیں، ایک چھوٹی کوزہ گلی میں رکھ کر ہوابند ڈیڑھ کلو کی آگ دیں، یہ عمل تین بار کریں چوتھی بار یہی عمل آب برگ بھنگ سبز میں کھرل کر کے ایک کلو کی آگ دیں، تیار ہے، اگر آب برگ بھنگ کا تکرار عمل کرلیں تو فائدہ کئی گنا!

افعال: قشری مریض کیلئے آب حیات ہے، مادہ منویہ کو خوب گاڑھا کر کے طبعی طاقت اور امساک پیدا کرتا ہے، ذکاوت حس اور جریان جیسی امراض کو بھی مفید ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

بقاء قوت ادویات

از مصنف

ہر قسم کے پھل کی قوت کم وبیش دوسال تک قائم رہتی ہے۔

پتے، گھاس اور گھی کی قوت ایک سال قائم رہتی ہے۔

پھول اور سفوف ہر قسم کی قوت کم وبیش چھ ماہ قائم رہتی ہے۔

صندلین اور گوندیں کم وبیش دس سال تک قوت قائم رکھتی ہیں۔

شربت کی قوت ایک سال تک رہتی ہے بشرطیکہ کارک مضبوطی سے بند ہو۔

افیون کی قوت پچاس سال تک قائم رہتی ہے۔

تریاق احتلام

ازحکیم محمد شفیق صاحب

تخم ورق الخیال، تخم جوز ماثل، تخم کوکنار، پوٹاشیم برومائیڈ

سب ادویہ برابر وزن لے کر اول الذکر تین ادویہ الگ پیس لیں، آخر الذکر کو الگ پیس کر باہم آمیز کریں، دو رتی (ڈھائی سو ملی گرام) تین مرتبہ دن میں پانی کے ساتھ بعد از غذا دیں یہ خاص خیال رہے کہ اس کی مقدار اس سے زیادہ نہ کھلائیں ورنہ............

افعال: مزاج اس کا عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، جو احتلام کسی بھی دوا سے ٹھیک نہ ہوتا ہو اس سے شرطیہ ٹھیک ہو جاتا ہے، ذکاوت حس اور جریان کو بھی اتنا ہی مفید ہے جتنا کہ احتلام کو، اس کا زیادہ مقدار میں کھلانا چکر چڑھا دیتا ہے اس لئے اس کی متعینہ مقدار سے تجاوز نہ کریں، میں اسے اکیلا استعمال ہی نہیں کرتا، کسی نہ کسی دوسرے سفوف میں ملا کر دیتا ہوں، مثلاً 67 ایچ، جریانول، مغلظ وغیرہ، اس کا تناسب اس طرح رکھا جائے کہ امدادی دوا پانچ حصے اور یہ تریاق ایک حصہ، اس طریقے سے اس کا استعمال کسی قسم کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں دیتا، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

سفوف سنگ دانہ (مقوی معدہ)

ازمصنف

سنگ دانہ مرغ دو حصے، زنجبیل ایک حصہ

سنگ دانہ اچھے طریقہ سے صاف کر لیں، دونوں ادویہ الگ الگ پیس کر ملا لیں، ایک گرام تین مرتبہ دن میں پانی کے ساتھ بعد از غذا استعمال کرائیں۔

افعال: عضلاتی قشری (خشک گرم) ہے، جب معدہ مختلف قسم کی ادویہ کے مسلسل کھانے

سے نہایت ضعیف ہو چکا ہو تو یہ دوا از سر نو اس کی قوت کو بحال کر کے ہضم کے فعل کو قوی کرتی ہے، اسے حال ہی میں ترتیب دے کر استعمال کیا ہے بہت ہی اچھے نتائج سامنے آئے ہیں، ابھی اس میں مزید اصلاح کی گنجائش ہے، مثلاً اس کی فعالیت کو دیکھیں گے اور ممکن ہے اس میں نمک سیاہ یا سوڈا خوردنی شامل کر کے اس کے مزید نتائج کو پرکھا جائے، بہر حال اس حالت میں بھی اس دوا نے اب تک مایوس نہیں کیا اور جب یہ ایڈیشن چھپ رہا ہے تب تک بھی اس کے ساتھ کوئی اور دوا شامل نہیں کرنی پڑی، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

قشری اعصابی ہاضم شدید

از مصنف

سوڈا خوردنی بیس گرام، افسنتین، ریوند خطائی، نوشادر ٹھیکری دس دس گرام

سب ادویہ پیس لیں، ایک گرام کھانے کے بعد تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

افعال: عضلاتی (خشکی) امراض کیلئے اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہ ہوگی، جگر کی خشکی کیلئے نہایت ہی مفید دوا ہے اس کے استعمال سے جگر کے وہ سدے جو خشکی کی زیادتی کی وجہ سے پیدا ہوئے ہوں چند ہی روز میں نکل جاتے ہیں، اور جگر اپنے افعال پھر سے درست کر کے رنگ چہرہ سرخ کر دیتا ہے، بہترین قسم کا ہاضم ہے، لکڑ ہضم پتھر ہضم کے مقولے پر پورا اترتا ہے، گیس سے کتنا بھی پیٹ تنا ہوا ہو ادھر اس دوا کو کھایا ادھر ریاح کا اخراج ہو کر طبیعت تروتازہ ہو جاتی ہے، اکثر اوقات اس کی ایک ہی خوراک اپنا جادو دکھاتی ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔



ڈاکٹر مفتی منیر الاسلام علوی

ہمارے بڑے پیارے سے دوست ہیں ،ہومیو پیتھی ڈاکٹر ہیں،ان کے حلقے میں انہیں بابائے ہومیو پیتھی کہا جاتا ہے اور ہیں بھی،کوئی اپنا ہو یا غیر اس طریقے سے ملتے ہیں کہ ملنے والا یہ سمجھنے لگتا ہے کہ جیسے ڈاکٹر صاحب سب سے زیادہ اسے ہی پیار کرتے ہیں،اللہ تعالیٰ ﷻ ان کو جزاء دے،بڑے ہی مخلص اور ملنسار آدمی ہیں،کیوں نہ ہوں آخر نسبت تو دیکھیں کہاں ہے،آپ آٹھ،دس ہومیو میڈیسنز کتب کے مصنف بھی ہیں،آپ کو بہت شوق ہے کہ طب کے ایسے طریقے ترویج پائیں جس سے انسانیت کی بھلائی ہو،میں کہتا ہوں اللہ تعالیٰ ﷻ ان کا بھلا کرے کہ اللہ تعالیٰ ﷻ نے انہیں ایسا اعلیٰ،کشادہ دل عنایت فرمایا ہے، ڈاکٹر صاحب ڈاکٹر تو ہیں ہی لیکن اس کے ساتھ ساتھ چونکا دینے والی بات یہ ہے کہ انہیں حکمت کا بھی جنون کی حد تک شوق ہے،ڈاکٹر صاحب کی کتب ملک کے طول و عرض میں اس قدر پھیلی ہوئی ہیں کہ بھلی پوچھو،ان کی اکثر کتب ایسی ہیں جن کے کئی کئی ایڈیشن چھپ چکے ہیں،جن میں مجربات ہومیو پیتھی سرفہرست ہے،اسی طرح اور بھی ان کی کئی ایسی کتب ہیں جو کئی بار چھپی ہیں،میں نے ایک دفعہ پوچھا کہ آپ کو حکمت سے اتنا لگاؤ کس طرح ہو گیا تو فرمانے لگے کہ حکیم صاحب میرے والد صاحب بہت اچھے حکیم تھے،یہ سمجھ لیں کہ وہی جراثیم مجھ میں سرایت کئے ہوئے ہیں،یہ مختصر سا تعارف اس لئے کرانا پڑا کہ ان کے حوالے سے آنے والے صفحات میں کچھ نسخہ جات پیش کرنے والا ہوں۔

جناب ڈاکٹر مفتی صاحب ہمارے ان دوستوں میں سے ہیں جو ہمارے شروع کے ماہانہ اجلاس کے ساتھی ہیں،1995ء میں ہم نے ماہانہ اجلاس شروع کئے جو الحمد للہ اب تک اپنی پوری تندہی سے اپنی خدمات جاری رکھے ہوئے ہیں۔

چند نسخہ جات آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں جو ڈاکٹر مفتی صاحب نے 1995ء کے

پہلے اجلاس میں آپ دوستوں کی نذر کیئے۔

1: دھماسہ بوٹی ایک گرام صبح شام کھانے کے بعد کھلانا قشری بلڈ پریشر کو مفید ہے،اس کے علاوہ دل کے افعال کو درست رکھتی ہے، ہماری تحقیق کے مطابق یہ بوٹی قشری کینسر کے لئے بھی بے نظیر دوا ہے،اس کا عرق نکال کر بھی استعمال کیا جاسکتا ہے،اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

2: ہڑتال ورقیہ بیس گرام خوب کھرل کریں کہ رڑک نہ رہے،اب اس میں بیس گرام فلفل سیاہ سرمہ ساں کر کے ملالیں دوا تیار ہے،(سوا سو ملی گرام) ایک رتی صبح شام کھلانا عضلاتی (یابس) کینسر کے لئے مفید و مجرب ہے،اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

3: صدف مروارید دس گرام،مغز کرنجوا بیس گرام،مروارید کا صلایہ کرلیں،مغز کرنجوا الگ باریک پیس کر اس میں شامل کرلیں،(ڈھائی سو ملی گرام) دو رتی صبح شام دینا (دق الاطفال) کیلئے بہت مفید و مجرب ہے اس دوا کے ساتھ پانچ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

4: کشتہ سنکھ شیر مدار سے تیار کیا ہوا ایک رتی (125mg) صبح شام ماء العسل سے دینا پراسٹیٹ کے بڑھ جانے کیلئے مفید و مجرب ہے،اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

5: لونگ،دارچینی،سلاجیت،سوسو گرام،حنظل،مصبّر،کشتہ شنگرف دراجوائن خراسانی دس دس گرام،سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملالیں تین رتی (تین سو پچھتر ملی گرام) صبح شام کھانے کے بعد کھلانا شوگر خالص کیلئے نہایت مفید و مجرب ہے،اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

6: مازو،موچرس،کمرکس،صدف مروارید،سب برابر وزن پیس کر ایک گرام صبح شام دینا کثرت طمث کیلئے نہایت ہی مفید و مجرب ہے،اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں

دیں گے۔

7: ہڑتال ورقیہ دس گرام خوب پاؤڈر کر کے اس میں ڈھائی سو گرام فلفل سیاہ باریک پاؤڈر کپڑ چھان کر کے ملالیں نصف گرام صبح شام کھلانا بلغمی کھانسی کیلئے مفید ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

8: اسگندھ ناگوری، بداری قند، بیخ بدھارا، ہموزن پیس لیں تین گرام، دن میں تین مرتبہ دودھ سے کھلانا کثیر مقدار میں منی پیدا کر کے مردانہ بانجھ پن کیلئے فائدہ مند ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

9: پنیر ڈوڈی، مغز تخم کریلا، تخم جرجیر، چاسکو، مغز کرنجوا، کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ زمرد، سب ادویہ برابر وزن الگ الگ پیس کر ملالیں، آلات بول کی قوت ماسکہ کو بڑھاتی ہے، شوگر خالص کو مفید و مجرب ہے، اس کی مقدار خوراک ایک سے دو گرام تک ہے، معمول مطب ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

10: اسرول (چھوٹی چندن) کلو، بچھناگ بارہ گرام، بچھناگ کو نہایت باریک پاؤڈر کر لیں، اسرول کو الگ پیس کر کپڑ چھان کر لیں، دونوں ادویہ کو ملالیں، تین رتی (تین سو پچھتر ملی گرام) صبح شام کھانے کے بعد کھلانا قشری بلڈ پریشر کو مفید ہے، اس دوا کا لمبے عرصہ تک استعمال ممنوع ہے کہ یہ شریانوں میں سختی پیدا کرتی ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

11: آملہ، کرنجوا، پھٹکڑی ہموزن پیس کر ملالیں، ایک گرام صبح، دوپہر، شام، بعد ایام بانجھ پن زنانہ کو مفید ہے، اس کے علاوہ ڈینگی بخار کو بھی فائدہ مند ہے لیکن اس کے ساتھ کالی پتی کا قہوہ لازماً استعمال کیا جائے، دو کلو پانی میں ایک چمچ کالی پتی بوائل کر لیں دوا اسی سے کھانا ہے دوا کے علاوہ بھی ایک کپ دن میں دو تین مرتبہ نیم گرم پینا ہے، مجرب و آزمودہ ہے، اس دوا

کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

12: شنگرف ایک تولہ مبالغہ کی حد تک باریک کرلیں، اس میں سو گرام اجوائن دیسی پیس کر ملالیں، کثرت بول اعصابی اور وجع القلب مخاطی (TGIR) ٹرائی گلیسرائیڈ کو نہایت مفید ہے، خون کے گاڑھے قوام کو رقیق کرکے علامات درست کرتا ہے، اس دوا کے ساتھ ادرک کا قہوہ گڑ یا شہد سے میٹھا کرکے تین چار مرتبہ پلانا ہے اگر شوگر کا مریض ہو تو پھیکا ہی پی لے، اس چار نمبر غذائیں دیں گے۔

یہ تمام نسخہ جات بنائیں اور استعمال کرکے ہمارے دوست مفتی صاحب کو دعائے خیر سے یاد کریں اور ان کی صحت کیلئے دعا کریں کچھ علیل رہتے ہیں۔

13: بابچی اور گندھک آملہ سار ہموزن پیس کر رکھ لیں، اس میں سے ایک گرام رات کو ایک گلاس پانی میں بگھو دیں صبح اس کا آب زلال لے کر نہار منہ پلا دیں، اور تہہ نشین ثفل پھلبہری کے داغوں پر لگائیں، اس طریقہ سے چالیس یوم میں پھلبہری ٹھیک ہو جاتی ہے۔

میں نے اس نسخہ کو اپنے مریضوں کو استعمال کرایا ہے اس کے استعمال سے پھلبہری کے داغوں پر چند روز بعد پھنسیاں نکل آتی ہیں، ان میں جلن بھی ہوتی ہے، لیکن تقریباً دو ماہ کے مسلسل استعمال سے مریضوں کو فائدہ ہوا، کچھ کو ایک ماہ بعد، کچھ مریضوں کو ڈیڑھ سے دو ماہ لگے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایسا اس لئے ہوا کہ ان لوگوں نے پرہیز پر کوئی خصوصی توجہ نہیں دی ہوگی، اگر اسی نسخے کے مطابق پرہیز بھی کرائی جائے تو مفتی صاحب کا نسخہ واقعی ایک یا سوا ماہ استعمال کرنے سے متوقع نتائج برآمد ہوں گے، کھانے میں صرف قشری اعصابی غذا دیں۔

14: پوست بندق ہندی اور رائی ہموزن پیس لیں، بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں ایک سے چار گولیاں عمر کے مطابق دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد پانی سے دیں، بواسیر بادی (مخاطی عضلاتی) اور بواسیر خونی (عضلاتی قشری) کو بہت ہی مفید ہے، اس دوا کے ساتھ

چار نمبر غذائیں دیں گے۔

15: کشتہ صدف صادق اور کشتہ بیضہ مرغ، ہموزن ملالیں نصف گرام صبح شام کھانے سے پہلے مکھن سے دیں، لیکوریا اور جریان کو مفید ہے، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

اگر حرارت نہایت زیادہ ہو جس کی علامت بودار اخراج ہے تو اس نسخہ کے استعمال سے پہلے اگر سات ملیّن دو ہفتے استعمال کرالیا جائے تو فائدہ یقینی ہو جاتا ہے۔

16: کشتہ چاندی، کشتہ سونا مکھی، کشتہ صدف مروارید ہم وزن ملا کر رکھ لیں سو ملی گرام صبح شام کھانے سے پہلے مکھن سے استعمال کرانا، سرعت انزال کیلئے مفید ہے، کشتہ جات خود بنائیں، خواہ کسی بھی طریقہ سے بنائیں، کم از کم یہ تسلی تو ہوگی کہ یہ واقعی چاندی کا ہی کشتہ ہے، اس کے لئے اگر کسی مدد کی ضرورت ہو تو اسی کتاب میں کشتہ جات میں ڈھونڈھ لیں مل جائیں گے، اس طریقے سے بنے ہوئے کشتہ جات اگر استعمال کریں گے تو یقیناً کامیابی ہو گی، کشتہ سونا مکھی کی بجائے کشتہ فولاد فروٹ والا داخل نسخہ کیا جائے تب بھی فوائد میں کسی قسم کی کوئی کمی نہیں ہوتی، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

17: رسونت خالص تیں گرام سات سو پچاس گرام پانی میں بھگو دیں، صبح مل چھان کر اس کے تین حصے کرلیں ایک حصہ ایک دن میں ایک ایک چمچ کر کے پلائیں، اس سے سوزاک کا صرف تین روز میں علاج ہو جاتا ہے، خون پیپ وغیرہ سب ٹھیک ہو جاتے ہیں، لیکن یہ صرف عارضی علامت دور کرنے کیلئے ہے اصول علاج 'علاج الامراض' میں پڑھیں، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

قشری اعصابی اکسیر جدید　　　　از مصنف

ایک تولہ سنکھیا بلوری لے کر اس میں سو تولہ چینی کھرل کر کے رکھ لیں، مختلف بدرقات سے

مختلف امراض میں استعمال کریں، سمجھ اپنی اپنی ہے ہم اسے اس طرح دیتے ہیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

1: ہیضہ میں لونگ دار چینی کے قہوہ سے، تریاقی صورت میں ہر دس منٹ بعد دیں جب حرارت جسم پوری ہونا شروع ہو تو اس دوا کا وقفہ بڑھاتے جائیں۔

2: ضعف ہضم اعصابی وعضلاتی میں کھانے کے درمیان ایک رتی (سو ملی گرام) دیں۔

3: ملیریا بخار میں اجوائن دیسی کے قہوہ سے دیں، ملیریا جگر کے سکون سے ہے، یہ دوا جگر میں تحریک پیدا کر کے حرارت جسم بحال اور ملیریا کا خاتمہ کرتی ہے۔

4: خشک خارش میں کھانے کے فوراً بعد ایک رتی (سو ملی گرام) پانی سے دیں۔

5: بواسیر عضلاتی میں سونف پودینے کے قہوہ سے کھانے کے فوراً بعد دیں۔

6: عضلاتی (ریاحی) اعصابی (بلغمی) مخاطی (سوداوی) امراض میں اپنی حذاقت کے مطابق استعمال کرائیں، اس کی مقدار خوراک سو تا دو سو ملی گرام ہے۔

نوٹ: سنکھیا کے بنے مرکبات اور سنکھیا کے کشتہ جات کھانے کے فوراً بعد دینے چاہئیں کیونکہ سنکھیا ایک اکال دوا ہے، خالی معدہ کھانے سے خون آنے لگے گا۔

ٹھنڈک: 1: از مصنف

گل نیلوفر، بہی دانہ، کوزہ مصری دو دو سو گرام، الائچی خرد پچاس گرام

سب ادویہ پیس کر رکھ لیں، ایک سے تین گرام شربت بزوری بارد سے دن میں چار مرتبہ دیں، اس میں کھانے کے بعد والی کوئی قید نہیں ہے، جب چاہے دے سکتے ہیں۔

افعال: اعصابی مخاطی (تر سرد) ہے، خفقان، سرعت، اور ذکاوت حس کیلئے بدرجہ اتم مفید ہے، جگر اور گردوں میں سکون پیدا کرتی ہے، اس دوا کے ساتھ چھ نمبر غذائیں دیں گے۔

اندمالی (برائے ٹائیفائیڈ)

از حکیم محمد شبیر صاحب

زیرہ سفید، سوڈا خوردنی تیس تیس گرام، چھلکا اسپغول ستر گرام، سقمونیا ولائتی دس گرام چھلکے کے علاوہ سب ادویہ پیس کر آخر میں چھلکا بھی ملا لیں، ایک گرام دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے دیں، یہ ذکر اکثر کر دیا گیا ہے کہ جس مزاج کی دوا ہو اسی کے مطابق غذائیں تجویز کیا کریں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: ٹائیفائیڈ بخار کو بہت مفید ہے، آنتوں کے زخموں کو بھرتا ہے، اعصابی قشری (تر گرم) ہے۔

شربت معدہ

از مصنف

آب پودینہ سبز، آب ادرک، آب افتیمون (امبر بیل) شہد دیسی

سب ادویہ دو دو سو گرام لے کر ایک شربت والی شیشے کی خالی بوتل میں ڈال کر اس میں مظبوط کارک لگا کر زمین میں ڈیڑھ فٹ گہرا گڑھا کھود کر سات روز کیلئے دفن کر دیں۔

آٹھویں روز نکال کر چھان لیں اور دوبارہ بوتل میں بھر کر رکھ لیں، کھانے کے بعد ایک بڑا چمچ دن میں تین بار استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) ہے، گیس، دائمی قبض، عرق النساء (لنگڑی کا درد) اور معدے کیلئے کسی ٹانک سے کم نہیں ہے۔

مربّہ ادرک

از مصنف

ادرک، چینی، کلو، کلو، دار چینی، لونگ، الائچی خرد بیس بیس گرام

ادرک کو چھیل کر ایک روز پانی میں بھیگا رہنے دیں، دوسرے روز ایک پانی ابال کر گرا دیں، یہ دیکھ لیجئے کہ ادرک گل گیا ہے یا کچھ کمی ہے اگر کمی ہو تو ایک جوش اور دے کر گلا لیں، اب چینی میں آدھا کلو پانی ڈال کر اس میں ادرک ڈال دیں، جب شربت کے قوام پر آجائے آگ سے اتار لیں نیم گرم ہونے پر دس گرام ست لوبان اچھی طرح ملا دیں ٹھنڈا ہونے پر مذکورہ پسی ہوئی ادویہ ملا کر محفوظ کر لیں، دس گرام کھانے کے بعد ایک دفعہ دن میں دیں۔

افعال: جگر کیلئے نہایت مقوی ہے، بھوک بڑھاتا ہے، سردی کے موسم میں بہت فائدہ مند رہتا ہے، جب خون میں ٹرائی گلیسرائیڈ بڑھ کر خون گاڑھا ہو گیا ہو تو کھانا اسی سے کھا لیں، اس کی مداومت خون کو اس کے قوام پر لاتی ہے، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں

فیس بیوٹی

از مصنف

سہاگہ سفید، صندل سفید برابر وزن پیس لیں

دونوں ادویہ کو پانی کی مدد سے رات کو چہرے پر لیپ کریں، صبح دیسی صابن سے دھو ڈالیں، چند روزہ استعمال سے چہرے کی چھائیاں دور ہو کر رنگ نکھر جاتا ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور چھ نمبر غذائیں دیں گے۔

شوگرین ممسک

از حکیم محمد شبیر صاحب

شنگرف پچاس گرام کی ڈلی لے کر اس کو اوپر سے تانبے کی تار سے باندھ دیں، دو کلو اجوائن خراسانی کا سفوف کریں، اس کے تین حصے کر لیں ایک حصہ ایک کڑاہی میں ڈال کر اس میں اتنا پانی ڈالیں کہ گاڑھی سی لئی بن جائے، اب شنگرف کی ڈلی اس کے درمیان رکھ کر تیز آگ جلائیں، جب سب کچھ جل جائے آگ سے اتار لیں، ٹھنڈا ہونے پر شنگرف کی ڈلی احتیاط

سے نکال لیں، دوبارہ ایک حصہ اجوائن پھر ڈال کر یہی عمل کریں، اسی طرح تیسرا حصہ اجوائن ڈال کر پھر یہی عمل کریں اور اس مرتبہ شنگرف کی ڈلی کو نہایت احتیاط سے نکالیں، کیونکہ اب اس کے ٹوٹ جانے کا خطرہ ہے، گہرے کلیجی رنگ کا کشتہ ہوگا اسے پیس کر محفوظ کر لیں اور اس میں سے دس گرام سفوف لے کر ہالوں، لوبان کوڑیا، رب گڑ مار بوٹی بیس بیس گرام، شمع (افیون) دس گرام پیس کر ملا دیں، بڑے چنے برابر گولیاں باندھ لیں، صبح شام ایک ایک گولی گرم دودھ سے کھانے کے بعد صرف پندرہ روز استعمال کرائیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں.

افعال: ممسک و مقوی ہے، شوگر خالص کیلئے مفید و مجرب ہے، ایک عرصہ سے زیر استعمال ہے، شوگر کیلئے اس وقت استعمال میں لانا ہے جب پیشاب کی کثرت ہو رات میں بھی اٹھنا پڑے، ٹانگوں میں درد رہتا ہو، نقاہت نے ڈیرا ڈال رکھا ہو تو دیں، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

بول فرشی

از مصنف

آملہ مقشر، زیرہ سیاہ برابر وزن پیس لیں

ایک سے دو گرام حسب عمر دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد دیں، بچوں کے بول فرشی کیلئے اور سرعت، رقت اور جریان کے لئے مفید ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

موہکے

از مصنف

بالصفا اعلیٰ ایک حصہ، ویزلین سفید پانچ حصہ

دونوں ادویہ ملا لیں، موہکوں پر چند بار لگانے سے یہ مرض دور ہو جاتا ہے۔

سوزاک کا سہہ روزہ علاج

از حکیم محمد شفیقؒ صاحب

جب سوزاک کے دوسرے اور تیسرے درجے میں جلن اور پیپ نے پریشان کر رکھا ہوتو 67 انچ دو گرام، دو کیپسول ٹیرا مائی سین ملا کر تین دفعہ دن میں کھانے کے بعد پانی سے دیں، انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ تین دن میں صحت کامل ہوگی، بارہا کا مجرب و آزمودہ ہے، حکیم صاحب کا صدری راز ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

نسخہ مشک

از مصنف

ایک نسخہ ہمیں نہایت جدو جہد سے حاصل ہوا تھا لیکن اس میں ایک جانور کا خون پڑتا تھا اور خون جب کسی بھی جسم سے نکل جائے خواہ وہ جانور ہو خواہ انسان ہوتو وہ حرام ہو جاتا ہے، اس لئے میں نے اسے اس کتاب سے حذف کر دیا ہے حالانکہ پہلے میں نے اسے بہت تفصیل اور نصیحت کے ساتھ لکھا تھا اور اس کے استعمال کا فیصلہ آپ پر رکھا تھا لیکن بہت کچھ سوچنے کے بعد اسے حذف کرنے میں ہی بہتری جانی، کیونکہ ہر ایک فرد کی سوچ اپنی اپنی ہے ہر ایک کو تو میں قائل نہیں کر سکتا، اس کی جگہ یہ مغلظ لکھ رہا ہوں۔

سفوف شفقت

از حکیم شفقت حیات

لاجونتی، تخم اوٹنگن، 150،150 گرام، پھلی ببول، آرد سنگھاڑا، مغز تخم تمر ہندی، تالمکھانہ، بہی دانہ 100،100 گرام، پوست کو کنار، تخم دھتورہ، تخم بھنگ، 50،50 گرام
سب ادویہ پیس لیں اور چھ گرام صبح شام خلوئے معدہ دودھ یا لسی سے استعمال کرائیں

افعال: مخاطی عضلاتی (سرد خشک) ہے، مادہ منویہ کی حدت کو چند ہی روز میں ختم کر کے جریان، سرعت، رقت، اور احتلام قشری جیسی موذی امراض کیلئے نہایت نفع بخش ثابت ہوا

ہے، بتائیں اور صاحب نسخہ کیلئے دعاء خیر کریں، اس دوا کے ساتھ پانچ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

اسہالی

از مصنف

ایلوا دس گرام، عرق گلاب نوے گرام، کسی شیشی میں ڈال کر زور زور سے دس جھٹکے دیں اور اس پر نمبر ایک لگا دیں، اس کے بعد اس میں سے دس گرام لے کر نوے گرام عرق گلاب ڈالیں اور زوردار دس جھٹکے دیں اس پر نمبر دو کا لیبل لگا دیں، اسی طرح چھ نمبر تک لے جائیں، اس نمبر چھ میں سے پانچ قطرے پانی میں ڈال کر بچے کو پلائیں، یہ قبض پیدا کرتا ہے، اس لئے اسہال کیلئے مفید و مجرب دوا ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور دو نمبر غذائیں دیں گے۔

امروسیا

از حکیم سعید احمد مرحوم اوکاڑہ

قلمی شورہ ڈھائی سو گرام کی بجائے اب ہم نے دوگنا (پانچ سو گرام) کر دیا ہے جس سے نتائج بہت بہتر ہو گئے ہیں، سہاگہ سفید، جوا کھار، نوشادر ٹھیکری، سنگ یہود، بلادر سو سو گرام۔

ترکیب تیاری: نوشادر، سہاگہ، جوا کھار، کو الگ الگ کھرل کر لیں، سنگ یہود کو اتنا کھرل کریں کہ رڑک نہ رہے، سب سے پہلے قلمی شورہ کو ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں، آگ درمیانی رکھیں، قلمی شورہ پگھل جانے پر پسی ہوئی ادویہ تھوڑی تھوڑی کر کے ڈالتے اور کسی بڑے چمچے وغیرہ سے ہلاتے جائیں، ذرا تیزی سے ہلانا ہے، یہ گاڑھی سی لئی کی شکل اختیار کرتا جائے گا، اب سنگ یہود تھوڑا تھوڑا کر کے ڈالتے جائیں، جب یہ دوائیں خشک ہو جائیں آگ سے اتار کر باریک پیس لیں، ان کا کل وزن چھ سو گرام ہو گا، اس میں سے تین سو گرام کڑاہی میں ڈال کر پھیلا لیں اور دبا کر اس کے اوپر سو گرام بلادر

(بھلانواں) اکیلے اکیلے چن کر باقی کی دوا جو تین سو گرام بچی تھی اس کے اوپر ڈال کر اچھی طرح دبا دیں اور کڑاہی کے نیچے تیز آگ جلا دیں، خیال رہے کہ اس کا دھواں نہ تو جسم کے کسی حصہ پر لگے اور نہ ہی آنکھوں میں گھسنے دیں ورنہ آنکھیں اندھی اور جسم ورم کر جائے گا، دور کھڑے ہو کر دیکھتے رہیں جب سب کچھ جل جائے اور دھواں نکلنا بند ہو جائے، احتیاط سے آگ بند کر دیں، آپ دیکھیں گے کہ جہاں جہاں بلادر پڑے تھے وہاں کالے کالے سوراخ ہو جائیں گے، اس ساری دوا کو دا ابو سمیت باریک پیس لیں نصف گرام، درج ذیل عرق سے استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ چار اور چھ نمبر غذائیں دیں گے۔

عرق: پانی آدھا کلو، سوڈا بائیکارب تیس گرام، ست لیموں چائنا تیس گرام، دونوں ادویہ پانی میں ملا لیں تیار ہے، اس کا ایک اور طریقہ بھی ہے، کہ ان دونوں ادویہ میں پانچ کلو پانی ڈال کر ان کا چار بوتل عرق نکال لیں، اگر عرق نکالا جائے تو سب سے بہتر ہے، کیونکہ عرق زیادہ عرصہ پڑا رہنے سے خراب نہیں ہوتا، جبکہ پانی میں ملائی ہوئی ادویہ کے جلد خراب ہو جانے کا احتمال ہے، اگر پانی میں ملی ہوئی ادویہ ہی استعمال کرنی ہوں تو ان میں سے تیس گرام لے کر اس میں مزید سو گرام پانی ملا کر اس سے امروسیا نصف گرام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد کھلائیں، اگر عرق تیار کر لیا جائے تو پھر ساٹھ گرام عرق کے ساتھ مذکورہ بالا وزن میں امروسیا کھلائیں۔

افعال: اس دوا سے بفضل تعالیٰ ﷻ چند ہی روز میں گردے اور مثانے کی پتھریاں ریگ بن کر خارج ہونے لگتی ہیں، اس سے پہلے ہم کشتہ سنگ یہود بنا کر استعمال کرتے تھے، جب سے امروسیا بنایا ہے کسی اور دوا کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی، نہایت ہی مفید دوا ہے، کامل بھروسے سے بنائیں اور استعمال کر کے صاحب نسخہ کے حق میں دعاء خیر کریں، کہ وہ میرے

اچھے دوستوں میں سے تھے، اللہ تعالیٰ ﷻ ان کی مغفرت کرے۔

نوٹ: ہم اسے اس طرح استعمال کرتے ہیں کہ اگر ساتھ ہی مریض کے گردوں میں سوزش بھی ہو تو قلمی شورہ نصف گرام، سوڈا خوردنی نصف گرام، ایچ 67 ایک گرام فی خوراک شامل کر دیتے ہیں، اگر سوزش یا السر معدہ وغیرہ نہ ہو تو اس میں 67 ایچ کی بجائے قشری اعصابی ملین دو گرام ڈال دیتے ہیں، اس دوا (امروسیا) کو جب بھی استعمال کریں مریض کی باقی کی امراض کو ضرور مدنظر رکھیں، اگر گردوں پر زیادہ ورم آ چکا ہو تو نصف گرام امروسیا مذکورہ عرق کی بجائے درج ذیل قہوے سے دیں، اس طرح باقی کے امراض کے بڑھ جانے کا کوئی خدشہ باقی نہیں رہتا۔

قہوہ: خارخسک (بھکھڑا) سوڈا خوردنی، پوست خربوزہ، تخم خربوزہ، کلتھی، سب پچاس پچاس گرام لے کر جوکوب (موٹا موٹا کوٹنا) کر لیں اور اس کے چودہ حصے کر لیں ایک حصہ آدھا کلو پانی میں ڈال کر جوش دیں جب پانی ڈھائی سو گرام رہ جائے تو اس کے ساتھ امروسیا استعمال کرائیں۔

اس کے علاوہ ہم نے ایک اور بھی طریقہ ایجاد کیا ہے جس سے نازک طبع مریض بھی اس دوا کو آسانی سے کھا لیتا ہے، وہ یہ ہے کہ خربوزے کے موسم میں پانچ کلو یا جتنی ضرورت ہو اس کا اس طریقے سے عرق نکال لیں جتنا خربوزہ ہو اس سے چار گنا زیادہ پانی ڈال کر اس کا حسب دستور عرق نکال لیں اور یہ عرق تیس گرام، پانی سو گرام میں ملا کر اس کے ساتھ امروسیا نصف گرام صبح شام کھلائیں، امروسیا کو آپ نصف گرام والے کیپسول میں بھی بھر سکتے ہیں، اس دوا کے ساتھ چار اور چھ نمبر غذائیں دیں گے۔

طلاء مسمّن
از حکیم سعید احمدؒ مرحوم اوکاڑہ

گل روغن دس گرام، بیش (بچھناگ) سرمہ ساں ایک گرام، شمع (افیـــون) بھی ایک گرام سرمہ ساں کرلیں، سب ادویہ آدھا گھنٹہ کھرل کرلیں تیار ہے۔

حسب دستور اعضاء خاص پر دس قطرے مالش کریں، اوپر کچھ باندھنے کی ضرورت نہیں ہے، مقوّی طلاء ہے عضو خاص کو موٹا کرتا ہے، سوزش پیدا کرتا ہے لیکن درد کی کیفیت پیدا نہیں کرتا، اس لئے گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے، چند روز بعد عارضی سوزش دور ہو جاتی ہے اور عضو مخصوص نہایت قوّی ہو جاتا ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور دو نمبر غذائیں دیں گے۔

اسرار مخفی
از صابر ملتانیؒ

مغز سلاطین (جمالگوٹہ) تین گرام، کچلہ مدّ بر نو گرام

الگ الگ پیس کر ملالیں، مغز سلاطین میں سے پتہ نکالنے کی ضرورت نہیں ہے، ایک سوملی گرام (تقریباً ایک رتی) رات کو سوتے وقت گرم دودھ سے استعمال کرائیں۔

افعال: قشری عضلاتی (گرم خشک) ہے، قوت باہ کی لاثانی دوا ہے لیکن صفراوی مریضوں کو اس کے استعمال سے پہلے مغلظات ضرور استعمال کرادینے چاہئیں، اس دوا کے ساتھ چار اور دو نمبر غذائیں دیں گے۔

طلاء جمال
از مکہ پاک

اس طلاء کا نسخہ ہمیں مکہ پاک میں ایک سندھی دوست نے از راہ محبت بتایا تھا، استعمال کرنے پر تقریباً ساٹھ فی صد نتائج برآمد ہوئے، میرے خیال کے مطابق تو یہ بھی بہت کافی ہیں۔

مغز جمالگوٹہ، مغز بادام حسب ضرورت برابر وزن لے کر بطریق معروف روغن نکال لیں یا

مشین کے ذریعے سے روغن نکلوالیں، عضو خاص کو کسی موٹے کپڑے سے رگڑ کر ایک قطرہ صرف آدھے منٹ کے لئے مالش کر دیں، فوری تیاری کیلئے اپنی مثال آپ ہے، مصلّب ہے، بہت سے طلاؤں سے اعلیٰ اور مفید ہے، اگر آبلہ ڈالنا مقصود ہو تو مقام متعینہ پر ایک قطرہ مالش کر کے اوپر برگ تنبول (پان کا پتہ) باندھ دیں، جب تکلیف محسوس ہونے لگے کھول دیں، ویسے آبلہ ڈالنے کے میں خلاف ہوں۔

نوٹ: ذیابیطس کے مریضوں کو یہ طلاء استعمال نہ کرائیں، اگر زخم ہو گیا تو مسئلہ بن جائے گا، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

دمہ خالص: دمہ خالص کیلئے طلاء جمال دو سے چار قطرے یا مریض کی مرض کے مطابق نیم گرم شہد ملے دودھ میں ملا کر پلانے سے اس کی بلغم کا اخراج ہو کر سانس کھل جاتی ہے، کبھی کبھار پتلے پاخانے بھی آنے لگتے ہیں، اس میں گھبرانے کی ضرورت نہیں، کیونکہ ان سے مریض کو کسی قسم کی کمزوری نہیں ہوتی، اور مریض کیلئے پاخانے آنے سے بڑا فائدہ ہو جاتا ہے، لیکن حتی الوسعیٰ اتنی خوراک میں استعمال ہی نہ کرائیں کہ پاخانوں کی نوبت آئے، کیونکہ ایسے مریض کثرت سوداء کی وجہ سے پہلے ہی سست ہوتے ہیں، پہلے ہی نقاہت محسوس کرتے ہیں، اسے تجربے کی بنیاد پر ہی استعمال کرایا جا سکتا ہے، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

مقوّی رحم

از مصنف

الائچی خرد، پکھان بید، سرد چینی، سنگ جراح، کچور، انجبار، پچاس پچاس گرام، طباشیر تیس گرام، صندل سفید بیس گرام، کوزہ مصری دوسو گرام، ورق نقرہ دو گرام

سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملا لیں، تین گرام صبح شام شربت انجبار سے کھانے کے بعد دیں، رحم کی قوت کو بحال کر کے عورت کو اولاد پیدا کرنے کے قابل بناتی ہے۔

سفوف ثعلب جدید

از مسٹر لندنؒ

ثعلب مصری، ثعلب پنجہ، موصلی سفید اگر بھروسے کی ملے تو، ترپھلہ، چھلکا اسپغول سب ادویہ برابر وزن لیں، چھلکا اسپغول کے علاوہ باقی ادویہ کا سفوف کر لیں بعد میں چھلکا اسپغول ملا لیں، دس گرام صبح شام نیم گرم دودھ سے استعمال کرائیں۔

افعال: نہایت ہی مغلظ منی ہے، مخاطی عضلاتی (سرد خشک) ہے، اس سے پہلے جو سفوف ثعلب ہم استعمال کرتے تھے اسے دودھ میں جوش دے کر کھلانا پڑتا تھا، اور وہ بعض کمزور معدوں میں گیس اور بوجھل پن بھی پیدا کرتا تھا، جب کہ یہ ان تمام خامیوں سے پاک ہے، اسے تجویز کرنے کی سب سے بڑی وجہ یہ بنی کہ وہ والا سفوف ثعلب اب بہت گراں ہو گیا تھا، اجزاء بھی خالص نہیں ملتے تھے، لیکن اس کے فوائد بھی اُس سے کسی طور کم نہیں ہیں، اس دوا کے ساتھ پانچ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

معجون سیلان الرحم

از حکیم محمد شفیقؒ صاحب

مازو، مائیں، گل انار، پچاس پچاس گرام، پھٹکڑی خام تیس گرام، ثنا مکی دس گرام، سیپاری پاک اڈبی

سب ادویہ کو پیس کر سیپاری پاک کی ڈبی میں ملا لیں، تین گرام صبح شام شربت انجبار یا دودھ یا ادھر ڑکا سے دیں، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، عورتوں کے مرض لیکوریا کے لئے نہایت بھروسہ کی دوا ہے، اس کے استعمال سے سیلان الرحم ٹھیک ہو جاتا ہے اور رحم کی قوت بڑھ جاتی ہے، بانجھ پن دور ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ ﷻ کے فضل و کرم سے حمل ہو جاتا ہے، نفع یہ کہ

اکثر اولاد نرینہ ہی پیدا ہوتی ہے۔

قاتل کرم شکم

از مصنف

کیسٹر آئیل دو حصے، روغن تارپین ایک حصہ ملا کر درمیانہ چمچ گرم دودھ میں ڈال کر پلانے سے پیٹ کے کیڑے مر کر خارج ہو جاتے ہیں، غذائیں زود ہضم دیں۔

سنگ گردہ مثانہ

از مصنف

میگنیشیا سالٹ پچاس گرام، روغن تارپین سو قطرہ ملا لیں اور ایک گرام، عرق خربوزہ ساٹھ گرام میں ملا کر صبح شام کھانے کے بعد دیں، پتھریوں کو توڑ کر نکالتا ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور چھ نمبر غذائیں دیں گے۔

مالش ضربہ

از مصنف

کنجد آئیل اور روغن تارپین برابر وزن ملا لیں اور چوٹ کے مقام پر مالش کر کے اوپر روئی رکھ کر باندھ دیں اور اینٹ سے سینک دیں، طلاء بھی مفید ہے۔

دیگر

از مصنف

روغن کنجد، روغن بابونہ، روغن زیتون، روغن تارپین، پچاس پچاس گرام
روغن تارپین کے علاوہ سب روغن ابال لیں، آگ سے اتار کر نیم گرم میں روغن تارپین ملا لیں، اس کے بعد قرنفل، جوز بوا، عروسک دس دس گرام پیس کر اس میں ملا لیں۔

افعال: یہ ایک اسراری نسخہ ہے، جو بڑی محنت سے حاصل ہوا ہے، درد والے مقام پر اوپر روئی رکھ کر باندھ دیں، اس کے ساتھ ساتھ ایک ایک کیپسول کارڈ لیور آئیل دن میں تین

مرتبہ دیں، اعصابی کھنچاؤ اور دردوں کو نہایت مفید ہے، طلاء تناسل بھی ہے اس کا اسرار یہی ہے اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

شربت شفاء

از مصنف

گودہ املتاس، اصل السوس، گل بنفشہ پچاس پچاس گرام، چینی ڈیڑھ کلو

حسب دستور شربت پکالیں۔

افعال: اس کے بے شمار فوائد ہیں، قبض کیلئے عرق گاؤزبان چھ ایک کی نسبت سے ملا کر نیم گرم پلائیں، ضعف ہضم صفراوی کیلئے عرق پودینہ تیس گرام، عرق سونف تیس گرام میں مزید پانی ملا کر دیں، کھانسی کیلئے ویسے ہی دس گرام بار بار چوسائیں، اخراج بلغم کیلئے عرق بنفشہ پچاس گرام یا خسیاندہ بنفشہ بہی دانہ چھ گرام دیں، زکام صفراوی کیلئے نیم گرم پانی سے دیں، اگر دماغ میں بلغم جم گئی ہو تو خسیاندہ اسطوخودوس تین گرام، فلفل سیاہ چھ عدد سے دیں، السر معدہ کیلئے دودھ میں ملا کر دیں، پیشاب کی جلن کیلئے عرق کاسنی ساٹھ گرام میں دس گرام ملا کر دیں، یرقان اصفر کیلئے بھی مفید ہے یہ شربت دس گرام، ایک گلاس گاجر کے جوس میں ملا کر پلائیں، غرضیکہ ایک سمجھ دار طبیب اس کو مختلف بدرقات کے ساتھ مختلف امراض میں استعمال کر سکتا ہے، بنائیں اور خلق خدا کی خدمت کریں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

ایس ایم

از حکیم فرقان احمدؒ صابری

حکیم صاحب کو اللہ تعالیٰ ﷻ غریق رحمت کرے ان کی قبر کو جنت کے باغوں میں سے ایک باغ بنائے، بہت ہی اعلیٰ شخصیت کے مالک تھے فوت ہو گئے ان کے دنیا سے چلے جانے

سے میں ایک بہت ہی مخلص اور اچھے ساتھی سے محروم ہو گیا ہوں، لیکن کیا کیا جائے اللہ تعالیٰ ﷻ کا فیصلہ اٹل ہے، میری طرح اور دوست بھی اس خلاء کو محسوس کرتے ہیں، حکیم صاحب تو اس نسخہ کو بطور حب یا نده، صفراوی امراض کیلئے استعمال کرتے تھے لیکن ہم نے اسے سفوفاً استعمال کر کے فوائد حاصل کئے ہیں، اس دوا کے ساتھ پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

بہی دانہ دو حصے، اصل السوس ایک حصہ

دونوں ادویہ نہایت باریک سفوف کر لیں اور کھانے کے بعد دو سے تین گرام دودھ سے استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: اعصابی مخاطی (تر سرد) ہے، تمام صفراوی امراض کیلئے تیر بہدف ہے، خاص طور پر منی کی تمام گرم امراض کو فائدہ کر کے سرعت، رقت، جریان، ذکاوت حس کے علاوہ قشری کھانسی، نزلہ حار، جلن معدہ، السر معدہ اور یرقان اصفر وغیرہ کیلئے مفید و مجرب ہے۔

طلاء مصلّب

از حکیم حاجی عبدالغفار خان پشاور

اذراقی مدّبر، عروسک، مغز جائفل، ہر ایک دس گرام، جند بدستر چھ گرام، روغن زردی بیضہ مرغ پچاس عدد

ترکیب: پچاس دیسی انڈوں کی زردیاں، سفیدیوں سے الگ کریں، ایک کڑاہی یا فرائی پین میں ڈال کر نرم آگ پر رکھیں، زردیاں جب سیاہی مائل ہو جائیں تو روغن خود بخود الگ ہونا شروع ہو جائے گا، کسی کڑچھی سے دبا کر کسی دوسرے برتن میں الگ کرتے جائیں، دوبارہ آگ پر رکھیں پھر روغن نکلنے لگے گا، پھر پہلے کی طرح دبا کر روغن الگ کر لیں، جب زردیاں جلنا شروع ہو جائیں تو یہ عمل بند کر دیں، جو روغن ہے اسے نچوڑ لیں، زردیاں جل

جانے کے بعد تک بھی روغن نکلتا رہتا ہے لیکن وہ طاقت کے لحاظ سے کمزور ہوتا ہے، اول الذکر ادویہ کا نہایت باریک سفوف کر کے روغن بیضہ میں خوب گھوٹ لیں بس طلاء مصلّب تیار ہے، حشفہ وسیون چھوڑ کر پتلی پتلی لیپ کر کے اوپر برگ پان باندھ دیں، برگ پان اچھی طرح لپیٹ کر اس کے اوپر باریک الاسٹک باندھ دیں، صبح کھول کر کپڑے سے صاف کر دیں، الاسٹک باندھنے کا فلسفہ صرف یہ ہے کہ جب شہوت آئے تو اگر دھاگہ باندھا ہوگا تو اعضاء کو تکلیف ہوگی لیکن الاسٹک بندھا ہو تو وہ بھی ساتھ ساتھ پھیلتا جائے گا اور یوں کسی قسم کی کوئی تکلیف نہیں ہوگی، کپڑے سے صاف کرنے کے بعد ایک گھنٹہ ٹھہر کر نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں، صرف دس روز کی بات ہے، اگر فوری ضرورت ہو تو ایک گھنٹہ قبل یہی عمل کریں انتشار کامل ہوگا، اور عزت رہ جائے گی، اگر مریض اندرونی طور پر بھی کمزور ہو تو زود ہضم غذا کے ساتھ پھلوں کی کثرت کریں، سلاد استعمال کرائیں، فولادی مرکبات دیں، اگر رقت ہو تو سفوف ثعلب استعمال کرائیں، اس کے ساتھ ساتھ اگر دس گرام تر پھلے کا حسیاندہ استعمال کرا دیا جائے تو نہایت ہی مفید رہتا ہے، انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ مرد......کامل بن جائے گا۔

یہ بھی یاد رکھیں کہ قوت باہ کا دارومدار خون کی قوت اور اعصاب کے ایکٹو ہونے کا نام ہے۔

عام ہاضم

از مصنف

سوڈا خوردنی سو گرام، بادیان، انیسوں، طباشیر، فلفلسیاہ، نوشادر ٹھیکری، اجوائن دیسی، نمک سیاہ، زیرہ سفید، پودینہ، تیس تیس گرام، الائچی سفید بیس گرام

سب ادویہ پیس لیں، ایک سے تین گرام تازہ پانی سے بوقت ضرورت یا دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) ہے، بہترین ہاضم ہے، تمام ریاحی اور سردی سے پیدا

شدہ امراض کیلئے مفید و مجرب ہے، یہ دوا معدہ سے ہی اپنا کام شروع کر کے نظام ہضم کے علاوہ خلطی اور کیفیاتی دونوں طریقوں سے صحت کی طرف لاتی ہے۔

جوزی

از حکیم محمد عاصم جنجوعہ

تخم جوز ماثل، (تخم دھتورہ) فلفل سیاہ، (کالی مرچ) صمغ عربی (گوند کیکر)

تینوں ادویہ برابر وزن لے کر باریک سفوف کر کے نخودی گولیاں بنالیں، ایک ایک گولی دن میں تین مرتبہ پانی یا کسی ٹھنڈے شربت کے ساتھ استعمال کرائیں۔

افعال: مسکن درد، جریان، لیکوریا، اعصابی نزلہ، فشارالدم قوی (قشری) کیلئے نہایت ہی مفید و مؤثر ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

سفوف سرخ

از سسر محترم محی الدینؒ جوگی

کہربا شمعی، سنگ جراح تیس تیس گرام، گیرو، شب یمانی سفید بریاں (پھٹکڑی سفید) بیس بیس گرام چھلکا اسپغول دس گرام

چھلکے کے علاوہ سب ادویہ کو کوٹ چھان کر ملالیں، آخر میں چھلکا شامل کرلیں، دو سے تین گرام دوا تین مرتبہ دن میں شربت انجبار سے دیں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، کثرت طمث کیلئے نہایت مفید و مجرب ہے، یاد رہے کہ کثرت خون حیض اس وقت روکنا چاہیئے، جب خون شوخ سرخ رنگ میں آرہا ہو، اگر اس کے ساتھ سیاہی مائل لوتھڑے آرہے ہوں تو یہ ورم رحم کی علامت ہے، یا رسولیاں ہو سکتی ہیں، یہ خون نہیں روکنا چاہیئے بلکہ یہاں ورم کا علاج کرنا چاہیئے، خون خود بخود رک جایا کرتا ہے، یا خدانخواستہ مریضہ کی زندگی خطرے میں ہو تو پھر کچھ دیکھے سوچے بغیر انسانی جان

بچانے کی فکر کرنی چاہیئے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

تریاق عقابی

از حکیم محمد شفیق مدظلہ مرحوم

عقاب (نوشادر ٹھیکری) سہاگہ سفید، سوڈا خوردنی، ستر ستر گرام، شیر مدار دس گرام

سب ادویہ الگ الگ باریک پیس کر آخر میں شیر مدار ملا کر ایک گھنٹہ رگڑائی کر دیں، تریاق تیار ہے نصف گرام دوا، تازہ پانی یا نیم گرم دودھ سے دیں۔

افعال: یہ دوا اس بلغمی کھانسی کیلئے مفید ہے جس میں سفید رنگ کی بلغم منہ بھر بھر کر آسانی سے خارج ہو، بہت جلد بلغم کو خارج کر کے سینہ صاف کرتی ہے، بنائیں اور خلق خدا کا بھلا کریں، اس دوا کے ساتھ پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

کھانسی کا علاج ذرا مشکل ہوتا ہے، کیونکہ مریض کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ کونسی غذا اس مرض کو فائدہ کرتی ہے اور کونسی نقصان دیتی ہے، اس لئے آپ مریض کو ہدایت کریں کہ تمام گرم اور بادی غذاؤں سے پرہیز کرے، دودھ کی بنی ہوئی غذائیں اور نیم گرم دودھ کثرت سے استعمال کرے، کیونکہ کھانسی صرف اسی صورت میں ہٹ سکتی ہے جب آپ بلغم پیدا کرنے والی دوا اور غذا دیں گے، اس سے نئی بلغم پیدا ہو کر پہلی جمی ہوئی بلغم کو اپنے ساتھ لے کر باہر خارج کرے گی، اگر آپ کوئی خشک دوا یہ سوچ کر استعمال کرائیں گے کہ کھانسی ختم ہو جائے تو یہ آپ کی بھول ہو گی، کیونکہ اس سے بلغم خشک ہو کر مریض کا سانس رک جائے گا، اس بات کو ہمیشہ کیلئے پلے باندھ لیں۔

تریاق جریان

از حکیم حافظ حبیب اللہ

کشتہ فولاد بڑھیا، کشتہ صدف صادق

دونوں کشتہ جات برابر وزن لے کر کسی نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر ایک گھنٹہ کامل رگڑائی کریں، (تین سو پچھتر ملی گرام) تین رتی صبح خلوئے معدہ مکھن یا بالائی میں رکھ کر کھلائیں، بعد میں نیم گرم دودھ یا دہی کی لسی استعمال کرائیں۔

افعال: مخاطی عضلاتی (سرد خشک) ہے، جریان اور ذکاوت حس کیلئے عمدہ دوا ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

اکسیر زرد نمبر 1

از حکیم محمد شبیر صاحب

ہڑتال ورقیہ دس گرام، سوڈا خوردنی سو گرام

پہلے ہڑتال ورقیہ کو سرمہ ساں کر لیں، اس کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے اسے کھرل میں ڈال کر خوب کوٹ لیں اس سے اس کے ورق علیحدہ علیحدہ ہو جائیں گے، پھر اسے گرینڈر مشین کے ذریعے پیس لیں، اب اس کی کھرل میں خوب رگڑائی کریں کہ معیار پر پوری اترے، اس میں کسی قسم کی چمک نہیں رہنی چاہیئے، آخر میں سوڈا ملا کر آدھا گھنٹہ کھرل کر دیں تیار ہے 250 سو ملی گرام (دو رتی) نیم گرم دودھ سے دن میں دو سے تین مرتبہ کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد کھلائیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) ہے، اس کے استعمال سے زرد رنگ کی بلغم پتلی ہو کر خارج ہو جاتی ہے، اس کے علاوہ یہ گرم بخاروں کو بھی بہت مفید ہے۔

اکسیر زرد نمبر 2

طریقہ اولیٰ کے مطابق اسے نمک خوردنی ڈلی والا سو گرام کے ساتھ کھرل کر لیں تیار ہے۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) ہے، اس کے استعمال کا موقع اس وقت ہے جب گاڑھی

سفید یا سبزی مائل سفید بلغم بمشکل آئے اور سانس رکتا ہو، یہ دوا ایسی بلغم کو آسانی سے خارج کرنے میں مدد دے کر سانس میں آسانی فراہم کرتی ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

اکسیر زرد نمبر 3

ازمسٹر لندنؒ

کچی ہلدی، گوند ببول

برابر وزن لے کر پیس لیں اور ایک گرام دوا، تین مرتبہ دن میں کھانے کے بعد استعمال کرائیں۔

سردی کے موسم میں کچی ہلدی عام ملتی ہے، پانچ دس کلو ضرورت کے مطابق لے کر اسے اچھی طرح دھولیں اس کے بعد جیسے اروی کاٹی جاتی ہے اسی طرح اسے بھی کاٹ کر دھوپ میں خشک کرلیں، پیس کر محفوظ کرلیں، اسی طرح گوند بھی خالص ہونی چاہیئے آجکل بازار میں ملنے والی گوند خالص نہیں ہوتی بلکہ اس کی جگہ سوڑان کی گوند یا آلو بخارے کی گوند، گوند ببول کے نام سے فروخت ہو رہی ہے اس کا خیال رکھیں، گوند افریقہ کے نام سے ملنے والی لیں، اگر نسخے کے اجزاء خالص ہوں تو کوئی وجہ نہیں کہ دوا کام نہ کرے، سردی کے موسم میں گوند کا وزن دوگنا کرلیا جائے تو بہترین کام کرتی ہے.

افعال: یہ اکسیر بلڈ شوگر کیلئے بہت ہی اعلیٰ دوا ہے، ایک گرام صبح شام کھانے کے بعد استعمال کرنے سے شوگر نل ہو جاتی ہے، اس کے علاوہ اوعیہ منی کے اورام میں جب پیپ آنے لگے اور منی کے کیڑے کم ہو جائیں حمل نہ ہوتا ہو تو جریانول سات گرام کے ساتھ ایک گرام یہ اکسیر زرد شامل کر کے صبح شام خالی معدہ نیم گرم دودھ سے دیں، ورم دور ہو کر پیپ آنی بند ہو جاتی ہے اور حونیات منویہ پورے ہو کر حمل ٹھہر جاتا ہے، عرصہ دراز سے معمول

مطب ہے، کسی اور نسخے کی کبھی ضرورت محسوس نہیں ہوئی ،اس دوا کے ساتھ پانچ سے آٹھ نمبر تک غذائیں دیں گے۔

تریاق قلب زعفرانی

از مصنف

زعفران خالص تین گرام، اجوائن دیسی تیس گرام، آب لہسن دوسو گرام

لہسن کا پانی نکلنا ذرا مشکل ہوتا ہے، اس لئے سو گرام لہسن میں دوسو گرام پانی ڈال کر گرینڈر سے گرینڈ کرلیں، کپڑے سے چھان لیں یہی آب لہسن ہے، یہی اس نسخہ میں استعمال ہوگا، اگر اس کا وزن کم وبیش ہو تو اس کا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔

سب سے پہلے زعفران کو دھوپ میں خشک کرلیں اور اسے ذرا سے عرق گلاب کے ساتھ کھرل کرلیں، اجوائن الگ پیس لیں، اب اس میں لہسن کا پانی ڈال کر خوب رگڑائی کرلیں، جب گولی کے قوام پر آئے کوکنی بیر برابر گولیاں باندھ لیں، ایک گولی کھانے کے بعد دن میں تین مرتبہ پانی سے دیں، غذائیں قشری اعصابی دیں۔

افعال: Bad Cholestrol (ٹرائی گلیسرائیڈ) کو شریانوں میں سے تحلیل (رقیق) کر کے خارج کر دینے والی دوا ہے، اگر اسے ماء العسل (شہد ملا پانی) کے ساتھ یا ادرک کے قہوہ کے ساتھ استعمال کیا جائے تو سونے پہ سہاگہ ہوگا، مزاج اس کا قشری عضلاتی بمائل قشری اعصابی (گرم خشک بمائل گرم تر) ہے، جب اس کے ساتھ قشری اعصابی بدرقات استعمال میں لائے جائیں گے تو ٹرائی گلیسرائیڈ بہت تیزی سے ٹھیک ہو جاتا ہے، غذائیں بھی خصوصی طور پر صرف قشری اعصابی ہی استعمال کرنی ہیں اس کے علاوہ کوئی دوسری غذا نہیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

☆☆☆☆☆

تریاق کتانی

از حافظ عبدالرحمٰن

تخم کتان (السی) سوگرام، نوشادر ٹھیکری پچاس گرام

دونوں ادویہ پیس کر ملا لیں، ایک گرام تین مرتبہ دن میں نیم گرم دودھ کے ساتھ دیں۔

افعال: تشری اعصابی (گرم تر) ہے، سینہ سے بلغم کو پتلا کر کے نکالتا ہے، اور بلغم صاف ہو کر سانس درست ہو جاتی ہے، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

سفوف کتانی: ہلدی، سوئے، زیرہ سفید، السی برابر وزن، صاف کر کے پیس لیں دو سے تین گرام کی مقدار میں یہ دوا، بریسٹ کینسر، زبان کا کینسر، ہیپاٹائٹس کے درجات کے مطابق استعمال کی جاتی ہے، عضلاتی تشری کینسر سے لے کر تشری عضلاتی کینسر تک مفید ہے صرف بدرقات ہی تحریک کے مطابق تبدیل کئے جاتے ہیں، غذائیں بھی تحریک سے اگلے عضو کی دیں، اس دوا کا مزاج تشری اعصابی درجہ دوم ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

2: آرسینک

از کنز المجربات حکیم عبداللہؒ

یہ نسخہ حکیم عبداللہؒ مرحوم کی کتاب کنز المجربات سے لیا گیا ہے کئی دفعہ بنایا، تجربات کی کسوٹی پر پورا اترا اور آپ تک پہنچا دیا، یہ نسخہ دمہ خالص کیلئے نہایت ہی مفید ہے، اس کے علاوہ سردی کے بخاروں اور ضعف ہضم، ہیضہ، اور بواسیر خونی (عضلاتی) کیلئے بھی نہایت ہی مفید ہے، اس کے علاوہ اپنی حذاقت کے مطابق کئی مواقع پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔

سنکھیا سفید بلوری ایک گرام، چینی دس گرام

دونوں ادویہ ایک نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر زوردار ہاتھوں سے کم از کم چار گھنٹے کھرل

کریں،اس پر ایک نمبر کا لیبل لگا کر رکھ لیں یہ بنیاد ہے،اس کے بعد اس دوا میں سے ایک گرام لے کر اس میں بیس گرام چینی اور اتنی ہی طباشیر ڈال کر چار گھنٹے کھرل کریں،بس دوا تیار ہے،چار سے آٹھ چاول کھانے کے فوراً بعد پانی سے دن میں تین مرتبہ دیں،اس کے بعد گرم دودھ پلائیں،اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔


شوگرنل

ازمسٹرلندنؒ

قلعی،سکہ،دس دس گرام،چوب مدار(آک کی لکڑی) تازہ

قلعی اور سکہ کو تیز آگ پر پگھلائیں،جب پگھل جائے تو اس میں آک کی تازہ لکڑی پھیرتے رہیں،سب خاک ہو جائے تو اسے اتار کر پیس لیں،اس کا نیاریہ کر لیں،جو خام بچے اسے الگ رکھ لیں،کشتہ الگ کر لیں،یہ کشتہ بیس گرام،سلاجیت،گڑمار،صندل سفید،نشاستہ، کتیرا،ہر ایک دس گرام،پھلی ببول،گلنار،ساق،شمع(افیون) ست گلو، چھ چھ گرام،سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملا لیں،دو گرام دوا،صبح شام کھانے کے بعد آب انار یا آب حب الآس یا خیساندہ ترپھلہ دیں،مجرب و آزمودہ ہے۔

افعال: عضلاتی مخاطی(خشک سرد) ہے،بالخاصہ شوگر کو مفید ہے،انسولین تک کی عادت کو چھڑا دیتی ہے،میں نے اسکا بارہا تجربہ کیا معیار پر پوری اتری،لیکن کب جب کہ شوگر پیشاب میں بھی آ رہی ہو اور ضعف اس حد تک ہو چکا ہو کہ نبض کا قرع بھی معمولی ساٹھوکر لگائے،ایک اور بات کا خیال رکھئے کہ جب ٹرائی گلیسرائیڈ اور یورک ایسڈ بڑھا ہوا ہو تب اس دوا کے استعمال کا موقع نہیں ہے،اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔



پتھر توڑ

از حکیم فرقان احمد صابریؒ

قلعی، پارہ، دارچکنا، دس دس گرام، حجرالیہود چھ گرام

قلعی اور پارے کو چھلبند کرتے ہی گرم گرم میں دارچکنا ڈال کر کھرل کر دیں، یہ تیل کی شکل اختیار کر جائے گا، اس میں حجرالیہود چھ گرام کی ڈلی لتھیڑ کر ایک چھوٹی سی کلیا میں چار کلو کی آگ دیں، یہ کشتہ ہو جائے گا، چار چاول صبح شام کھانے سے پہلے ماءالعسل سے دیں، موسم کے مطابق شربت بزوری حار سے بھی دے سکتے ہیں۔

افعال: یہ کشتہ پتے کی پتھریوں کو صفراء میں تبدیل کر کے اس کے ساتھ ہی بہا کر بذریعہ بول و براز خارج کر دیتا ہے، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

روک

از مصنف

کشتہ فولاد بیس گرام، کشتہ سہہ دھاتہ تیس گرام، کشتہ نقرہ، کشتہ قلعی ہر ایک دس گرام

پوست کوکنار ایک کلو لے کر جوکوب کر لیں اور اس میں دو کلو پانی ڈال کر دو تین جوش دیں، رات پڑا رہنے دیں، صبح مل چھان کر تمام کشتہ جات اس میں کھرل کریں، اتنا کہ گولی باندھنے لائق ہو جائے تو کوکنی بیر برابر گولیاں باندھ لیں، ایک ایک گولی صبح شام شربت انجبار سے صرف ایک ہفتہ کھلائیں اور قدرت کاملہ کی مہربانی دیکھیں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، جریان، ذکاوت حس کو مفید ہے، اگر اس کے ہمراہ جریانول پانچ گرام دے دیں تو نہایت مغلظ بھی ہے، منی کی رقت کو دور کر کے مردانہ بانجھ پن کو دور کرتا ہے، بنائیں اور فائدہ حاصل کر کے صاحب نسخہ کے حق میں دعاء خیر کریں اس دوا کے ساتھ آٹھ سے ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

رگڑائی مفید

از مصنف

اس نسخہ کیلئے ہم نے بڑے پاپڑ بیلے ہیں، اگر اس کی بازیابی لکھنے بیٹھ گیا تو بہت سے صفحے درکار ہیں، نسخہ اور فوائد لکھنے پر اکتفا کروں گا، اس کے فوائد بیان سے باہر ہیں، یہ سمجھ لیں سو علامات کی ایک ہی دوا ہے۔

مغز بادام بیس عدد، خشخاش بڑا چمچ، چہار مغز بڑا چمچ، زیرہ سفید ایک چمچ، سونف، دھنیا ہر ایک نصف چمچ، مرچ سیاہ گیارہ عدد، الائچی سفید سات عدد، چینی حسب ذائقہ

ترکیب: مغز بادام رات کو پانی میں بھگو دیں صبح چھیل لیں اور دوری ڈنڈے سے رگڑائی کریں، یہ لئی سی بن جائے گی اب باقی اجزاء ایک ایک کر کے شامل کرتے جائیں اور رگڑائی کرتے رہیں، پانی کا چھینٹا بھی دیتے رہیں، اتنا رگڑیں کہ ڈنڈے کے ساتھ چپکنا شروع ہو جائے گی، اب اس میں ایک کلو پانی ڈالیں اور موٹے کپڑے سے پن لیں، پھوگ میں پھر آدھا کلو پانی ڈالیں اور پن لیں، یہ رگڑائی ڈیڑھ کلو تیار ہوئی ہے، اسے ٹیک لگا کر جتنی پی سکتے ہیں پی لیں، باقی کو ڈھک کر رکھ دیں، تھوڑی دیر چہل قدمی کریں، اور پھر پئیں، حتیٰ کہ ساری ہی ختم ہو جائے۔

فوائد: جگر کی گرمی دور کرتی ہے، بھوک لگاتی ہے، جسم کی صفراوی دردوں کو مفید ہے، گرمی کے بخاروں کو مفید ہے، پرانے سے پرانے نزلہ کو مفید ہے، کیرے کی حتمی دوا ہے، جوانوں میں احتلام کیلئے نافع ہے، سرعت کیلئے بدرجہ اتم مفید ہے، جو جوان کہتا تھا کہ میں دو منٹ لگاتا ہوں، بیس منٹ کی گارنٹی ہے، مادہ منویہ کو غلیظ کر کے رقت، سرعت کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ کرتی ہے، قشری بلڈ پریشر کو ٹھیک کرتی ہے، گھبراہٹ دور کرتی ہے ایسے مریض کو دمہ قلبی

ہوتا ہے اس کا قلع قمع کرتی ہے، اسے ساون اور بھادوں کے دو ماہ استعمال نہیں کرنا اور عورتوں کے لئے منع ہے، یہ ایسی کثیر المنفعت رگڑائی ہے کہ لکھنے سے اس کے فوائد لکھے نہیں جاتے یہ سمجھ لیں کہ تمام صفراوی امراض کی یہ ایک ہی دوا ہے، اس دوا کے ساتھ پانچ اور چھ نمبر غذائیں دیں گے۔

اکسیر عجیب

از مصنف

ست سلاجیت، کشتہ فولاد، کشتہ قلعی ہر ایک تین گرام، خلاصہ بھنگ (چرس) ایک گرام، پوٹاشیم برومائیڈ چھ گرام

سب ادویہ اچھی طرح کھرل کر کے گوند ببول کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں، ایک سے دو گولی صبح شام شربت بزوری بارد، یا دودھ گائے سے دیں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، جریان اور سرعت، رقت کا حکمی علاج ہے، اگر اس کے ساتھ جریانول سات گرام صبح شام دے دیں تو نفع دوگنا، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

اکسیر کینسر

از حکیم فرقان احمدؒ صابری

برسوں پہلے کی بات ہے حکیم صاحب کی مزاج پرسی کیلئے ان کے گھر گیا، تو بڑی شفقت سے پیش آئے، گو زیادہ علیل تھے اس کے باوجود بھی چند لمحوں بعد اٹھ کر دیوار کے ساتھ سہارا لے کر بیٹھ گئے اور کہنے لگے کہ چند سینے کے راز آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں، اللہ تعالیٰ ﷻ مجھے صحت اور آپ کو قوم کی خدمت کرنے کا موقع دے، آمین

نسخہ۔ پوست بندق ہندی (چھلکا ریٹھہ) ڈھائی سو گرام، گندھک پسی ہوئی پچاس

گرام، رسکپور دس گرام

ایک برتن میں چار کلو پانی ڈال کر اس میں پوست بندق شامل کر دیں، پھر اس کے بعد ایک کپڑا لے کر اس میں پسی ہوئی گندھک آدھی کے قریب رکھ کر اوپر رسکپور کی ڈلی رکھ کر باقی گندھک ڈال دیں اور احتیاط سے لپیٹ کر اوپر دھاگہ سے اچھی طرح کس دیں، اب اس پوٹلی کو ڈول جنتر (ڈھکنے پر ایک سلائی کے ذریعے تار کے ساتھ پوٹلی کو لٹکانا) کر کے نیچے درمیانی آگ جلائیں، جب پانی خشک ہونے کے قریب ہو تو اتنا ہی اور ڈال دیں، جب یہ پانی بھی خشک ہونے کے قریب ہو تو اتار لیں، ٹھنڈا ہونے پر احتیاط سے رسکپور کی ڈلی نکال لیں، پیس کر محفوظ کر لیں، اس کا ایک چاول سوجی کے حلوے میں رکھ کر صبح شام خلوئے معدہ دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: ہڈیوں کے کینسر کیلئے بہت ہی اعلیٰ دوا ہے، حکیم صاحب نے فرمایا کہ میں نے اسے دماغ کی رسولیوں کیلئے بھی استعمال کرایا، اور مفید پایا، ایک سمجھ دار طبیب اسے بہت سے مخاطی اور عضلاتی امراض کیلئے استعمال کر کے قوم کی خدمت کر سکتا ہے، حکیم صاحبؒ خاندانی اور شاہی طبیب تھے، اللہ تعالیٰ ﷻ ان کی مغفرت کرے۔

سفوف حابس فرقانی

از حکیم فرقان احمدؒ صابری

پوست کوکنار سات سو پچاس گرام، تخم خشخاش دو سو پچاس گرام

دونوں ادویہ کو پیس لیں، دو گرام دوا شربت انجبار سے دیں۔

افعال: رعاف (نکسیر) کثرت طمث، بواسیر کا خون، پیچس وغیرہ کیلئے انتہائی مفید و مجرب دوا ہے، مزاج کے لحاظ سے عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، غذا بھی یہی دیں۔

ایزوسپرمیا

از حکیم فرقان احمدؒ صابریؔ

رسکپور دس گرام، بتھوا تازہ دو کلو

ایک گھی والے خالی ڈبے میں بتھوا ایک کلو کاٹ کر اوپر رسکپور کی ڈلی رکھ دیں اس کے بعد باقی ایک کلو بتھوا بھی کاٹ کر اس کے اوپر ڈال دیں، دو تین گلاس پانی ڈال دیں، نیچے نرم آگ جلائیں جب بتھوا گل جائے اور پانی خشک ہونے کے قریب ہو تو اتار لیں، احتیاط سے رسکپور کی ڈلی نکال لیں، پیس کر محفوظ کر لیں، ایک سے دو چاول بالائی پچاس گرام میں رکھ کر صبح شام کھلائیں، ساتھ دواء المسک معتدل دیں، صرف گیارہ روز کافی ہے، اس دوا کے ساتھ پانچ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال: منی کے ساتھ جو پس سیلز آرہے ہوں ان کے لئے مفید و مجرب ہے، اس کے استعمال سے پیپ آنی بند ہو جاتی ہے، اور ایزوسپرمیا کا مرض ختم ہو کر منی میں کرم منی کافی مقدار میں بڑھ جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ﷻ انسان کو اولاد پیدا کرنے کے قابل بنا دیتا ہے۔

تریاق ہیضہ

از حکیم محمد شفیق صاحبؒ

ہیضے کے بعض درجوں میں T-23 کچھ مریضوں کو ہضم نہیں ہوتا تھا، ان کو ویسے ہی اس کی قے ہو جایا کرتی تھی، ابھی ہم اس کے متعلق سوچ ہی رہے تھے کہ حکیم محمد شفیق صاحبؒ نے ہمیں یہ نسخہ بھیج دیا، ان کا کہنا ہے کہ یہ نسخہ نہایت ہی کامیاب ہوا ہے اور ان کے مطب میں پچھلے کئی ماہ سے زیر استعمال ہے، اور کبھی بھی ناکامی کا منہ نہیں دیکھنا پڑا، حکیم صاحب میرے استاد محترم تھے، اس سے پہلے بھی کئی نسخہ جات ہمارے مطب میں ان کے ہی چلتے ہیں، اس لئے اسے بھی بلا سوچے سمجھے بے فکر ہو کر بنائیں اور استعمال کریں، میں تو اسے فوراً بنانے جا رہا ہوں، کیونکہ ان کے نسخے نظریہ مفرد اعضاء اربعہ کے قانون کے عین مطابق ہوتے ہیں،

اور کبھی بھی خطا نہیں ہوئے، اس دوا کے ساتھ چار اور دو نمبر غذائیں دیں گے۔

نسخہ: T.23 پچاس گرام، قرنفل دس گرام، اجوائن دیسی دس گرام

دونوں ادویہ ملا لیں، اور زیرو نمبر کے کیپسول بھر کر 2+2+2 حسب سابق دارچینی اور لونگ یا اجوائن دیسی اور پودینہ کے قہوے کے ساتھ دیں، بے خطا اور تیر بہدف ہے۔

حبّ جریان

از مصنف

موصلی سنبھل، ست بہوپھلی، دس دس گرام، کشتہ قلعی بھنگ شورے والا، کشتہ عقیق، کشتہ نقرہ، کشتہ خبث الحدید، کشتہ مرجان، چھ چھ گرام، ست برگد، ست گلو، طباشیر، دانہ الائچی خرد دس دس گرام، شیر برگد ایک سوبیس گرام

سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملا لیں اور شیر برگد کی مدد سے مزید کھرل کریں، جب گولی باندھنے لائق ہو جائے تو کوکنی بیر برابر گولیاں بنا لیں، ایک ایک گولی دن میں تین مرتبہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں اس دوا کے ساتھ پانچ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال: برسوں پرانے جریان کو مفید ہے، مادہ منویہ کو غلیظ کر کے قدرتی امساک پیدا کرتی ہے، لیکن ادویہ کے خالص ہونے پر ہی فوائد کی توقع رکھیں، جن ادویہ کے ست لکھے ہیں یہ خود تیار کریں، مزاج اس کا مخاطی عضلاتی (سرد خشک) ہے۔

سفوف سیلان خاص

از مصنف

گل سپاری، گل پستہ، گوند چنیا، پوست کوکنار، تیلیا سپاری، سو سو گرام، اسگندھ ناگوری، اندر جو شیریں، مازو، مائیں، پھٹکڑی سفید، گل انار پچاس پچاس گرام، کوزہ مصری تین سو گرام، اضافہ کشتہ سنگ جراح تین سو گرام، کشتہ قلعی تین سو گرام بھنگ شورے والا

سب ادویہ پیس لیں، دو گرام صبح شام خلوئے معدہ دودھ گرم یا دہی کی لسی یا شربت انجبار سے استعمال کرائیں۔

نوٹ: یہ نسخہ ایک عرصہ سے زیر استعمال رہا ہے، لیکن کچھ عرصہ متروک کر دیا گیا تھا کہ اسے کھانے میں کچھ عورتیں منہ بناتی تھیں، لیکن جس جس نے کھایا اسے فائدہ ہوا اور اس نے کئی اور عورتوں کو بھیجا بلکہ ساتھ آ کر اسی سفوف کا اسرار کیا، اس لئے اسے دوبارہ زیر استعمال لانا پڑا، جب کسی نسخہ پر اس قدر اعتماد ہو جائے پھر اسے استعمال کرانے میں کوئی قباحت نہیں ہوتی، کیونکہ اس بات کا علم ہوتا ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ فائدہ ہوگا، تو مریض کو مطمئن کرنا کوئی مسئلہ نہیں ہوتا، آپ بھی اسے اتنے ہی اعتماد کے ساتھ استعمال کرا سکتے ہیں جتنے اعتماد کے ساتھ میں کراتا ہوں، بنائیں، بہت ہی مفید دوا ہے، اس کے افعال کو مزید بہتر کرنے کیلئے جو اضافہ کیا تھا وہ بھی لکھ دیا ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، لیکوریا کے لئے نہایت مفید دوا ہے، چند ہی روز میں لیکوریا ٹھیک ہو کر کمر درد، جسم درد، اعضاء شکنی، جس کی وجہ صرف لیکوریا تھی، سب درست ہو جاتے ہیں، اگر حرارت زیادہ ہو تو ساتھ 67 ایچ استعمال کرائیں۔

شربت مفرح

از حکیم فرقان احمدؒ صابری

گلہر، گل سیوتی، صندل سفید، الائچی سفید، خس، اشنہ

سب چار چار سو گرام، حسب دستور چھ بوتل عرق نکال لیں، چھ کلو چینی ڈال کر شربت پکا لیں، مناسب خوشبو ملا لیں، رنگ بھی ڈالنا چاہیں تو ڈال سکتے ہیں، تین، چار مرتبہ پئیں۔

افعال: نہایت ہی مفرح ہے، گرمی سے پیدا شدہ تمام امراض کیلئے مفید و مجرب ہے،

پیاس بجھاتا ہے، پیشاب کی جلن دور کرتا ہے، پیشاب کھول کر لاتا ہے، ہاتھ پاؤں کی جلن، اور حدت منی کے امراض کیلئے بہت ہی اعلیٰ ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

از حکیم فرقان احمدؒ صابری

ککرے

بورک ایسڈ، زنک اوکسائیڈ، تیس تیس گرام، کافور پندرہ گرام، ست پودینہ تین گرام

سب ادویہ پیس کر ملا لیں، سلائی سے آنکھوں کے پپوٹوں کے اوپر اور نیچے لگائیں۔

آئی ڈراپس: نسخہ ثانی بارہ گرام، ایکری فلیوین سو ملی گرام، عرق گلاب یا ڈسٹلڈ واٹر پانچ سو گرام

سب ادویہ ملا کر محلول بنا لیں اور صبح شام دو دو قطرے آنکھوں میں ڈالیں۔

نوٹ: دوستو ساتھیو آنکھوں کے امراض میں جو بھی ادویہ یا ڈراپس لکھے ہوں وہ خود تیار کریں اور جو ادویہ ان میں استعمال ہوں وہ بھی نہایت چھان پھٹک کر لیں کہ خالص ہوں، ہر دوا پر شک کریں کیونکہ خالص کا لفظ بدنام ہو چکا ہے، عرق گلاب کو ہی لے لو آنکھوں میں ڈالا جاتا ہے لیکن بازار سے ملنے والا پانی میں ایسینس ڈال کر نفع کما لیا جاتا ہے یہ کبھی کسی نے سوچا کہ یہ عرق آنکھ میں ڈالنے سے بینائی جا سکتی ہے کیونکہ ایسینس تو کیمیکل ہے۔

بفاء: اول الذکر نسخہ میں نصف گرام نیلا تھوتھا ملا لیں اور روغن سر شف میں ملا کر بالوں میں لگائیں، صبح نہا لیں، سر کے بالوں کی خشکی کیلئے اعلیٰ چیز ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

گینگرین

از حکیم عطا محمد

مردہ سنگ، شب یمانی (پھٹکڑی سفید)

برابر وزن لیں، الگ الگ لے کر پیس کر رکھ لیں، بوقت ضرورت دونوں ملا کر چٹکی سے انگلیوں کے درمیان زرُور کردیں، دو تین روز میں آرام آجاتا ہے۔

افعال: جب پاؤں کی انگلیاں اندر سے گل سڑ جائیں تو اس سفوف کو ان میں چھڑک دیں دو تین روز بعد ٹھیک ہو جاتی ہیں، اس مقصد کیلئے میں تین ملّین کا زرُور کراتا ہوں، یہ بھی نہایت مفید و مجرب ہے جو محنت سے بچنا چاہیں وہ تین ملّین ہی استعمال میں لائیں۔

حلوہ مقوّی اعصاب

از حکیم فرقان احمدؒ صابری

خشخاش چار سو گرام، مغز بادام، مغز کدو شیریں، مغز تربوز، ہر ایک ڈھائی سو گرام، مغز خیار، مغز فندق، سو سو گرام، الائچی خورد، دار چینی، اشنہ، پچیس پچیس گرام، چینی دو کلو، کھویا ایک کلو، دیسی گھی آدھا کلو، آب کدو ایک کلو

سب ادویہ الگ الگ پیس لیں، کھوئے کو گھی میں بھونیں، بھون کر الگ رکھ لیں، آب کدو میں چینی کا قوام بنالیں، سب کچھ ملالیں، حلوہ تیار ہے، چاندی کے ورق اگر چاہیں تو لگالیں اچھی چیز ہے، بیس گرام صبح نیم گرم دودھ کے ساتھ کھانے سے پہلے کھائیں یا کھلائیں۔

افعال: قشری اعصابی مقوّی ہے، دماغ کیلئے بہت ہی اعلیٰ چیز ہے، جو لوگ دفتروں میں دماغی کام کرتے ہیں، ان کیلئے خاص تحفہ ہے، سب سے بڑی بات یہ ہے کہ خوش ذائقہ ہے، بچے بھی بڑے شوق سے کھالیتے ہیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

از مصنف

ہیلتھ کیئر: عورتوں کیلئے

مغز بادام چار کلو، چھوہارے، سوجی، آدھا کلو، مغز چہار، اسبغول مسلّم، پھل مکھانے، گوند چہار، آردسنگھاڑا، ہرایک ڈھائی سوگرام، سپاری تیلیا، کشمش، الائچی خرد، گری، سوسوگرام، کمر کس، موصلی سفید، موصلی سرخ، بہمن سفید، بہمن سرخ، پچاس پچاس گرام، دیسی گھی کلو، کھویا کلو چینی کلو

ترکیب تیاری: سب ادویہ الگ الگ پیس کرر کھ لیں، کھوئے کو گھی میں بھون کر اتار لیں، اسی گھی میں پھل مکھانے اور گوندیں الگ الگ بھون لیں اور کوٹ کرر کھ لیں، چینی میں آدھا کلو پانی ڈال کر شربت کے قوام پر پکالیں، نیم گرم ہونے پر سب ادویہ، بھنا ہوا کھویا، گھی سمیت اس میں ملالیں اور پچاس پچاس کے لڈو بنا کرر کھ لیں، ایک لڈو صبح ایک شام گرم دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

افعال: یہ ایسا مقوی نسخہ ہے کہ اسے ہم عورتوں کو بعد از ولادت استعمال کرنے کی ہدایت کرتے ہیں، اس کے استعمال سے بعد از ولادت کی تمام بیماریاں مثلاً نفاس کا صحیح طور پر جاری نہ ہونا، کمزوری، کمر درد، سر درد، جسم درد، اور اسی قسم کی اور بہت سی امراض سے چھٹکارا مل جاتا ہے، نہایت قابل اعتماد چیز ہے، کبھی خطا نہیں گیا، اگر کوئی اس کو لڈوؤں کی شکل میں یا میٹھے کی شکل میں استعمال نہ کرنا چاہے تو صرف ادویہ کا سفوف کر کے دس گرام صبح شام نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کرلے، ہرایک زچگی کے بعد یہ پورا نسخہ کھا لینے والی عورت اگلی زچگی تک کی تمام بیماریوں سے محفوظ رہتی ہے، کمزور لڑکے اور رقت کے مریض بھی لسی یا شربت بزوری بارد کے ساتھ کامل بھروسے سے استعمال کر سکتے ہیں، قوت باہ کے شاکی بھی اسے

استعمال کر کے کسی طرح کم نہیں پائیں گے، میں کبھی کبھی گرم مزاج کے مطابق چھوہارے کم کر دیا کرتا ہوں اس دوا کے ساتھ پانچ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

جاری

از مصنف

مغز بادام بیس عدد، چینی ایک چمچ، دیسی گھی ڈیڑھ چمچ، 4 ملین ایک گرام

یہ دوا ان عورتوں کیلئے ہے جن کو زچگی کے بعد نفاس جاری نہیں ہوتا، اول الذکر تینوں چیزوں کا حریرہ بنا کر اس کے ساتھ ایک گرام 4 ملین دن میں کم از کم دو مرتبہ ضرور استعمال کرائیں، نفاس کھل کر ہوگا اور طبیعت ہشاش بشاش ہو جائے گی۔

افعال: قشری اعصابی مقوی ہے، اسے استعمال کرنے سے نفاس کھل کر جاری ہو جاتا ہے، مجرب و آزمودہ ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

قہوہ پیچس

از مصنف

پودینہ، زرشک، انار دانہ

سب برابر وزن لے کر جو کوب کر کے رکھ لیں، چائے والے دو چمچ ایک بڑے کپ پانی میں ڈال کر دو تین جوش دے کر چائے کی طرح پیئیں۔

جو پیچس کسی بھی دوا سے ٹھیک نہ ہوتے ہوں، انشاء اللہ ﷻ اس کی ایک خوراک سے ہی ٹھیک ہو جاتے ہیں، تجربہ شرط ہے، اگر پیچس کے مریض کو دوا کے ساتھ حفظ ماتقدم استعمال کرادیں گے تو پہلی پڑیا ہی آپ کی شہرت میں چار چاند لگا دے گی۔

وقفہ کیپسول

از مصنف

میں نے جان بوجھ کر یہ نسخہ اس لئے نہیں لکھا تھا کہیں اس کا غلط استعمال نہ شروع کر دیا جائے،

اللہ تعالیٰ ﷻ کو گواہ بنا کر وعدہ کیجئے کہ اس کو غلط استعمال نہیں کریں گے، اسے صرف اس وقت استعمال کریں جب کسی مریضہ کی زندگی بچہ جننے سے خطرے میں پڑنے کا اندیشہ ہو، منصوبہ بندی کے نقطہ نظر سے استعمال نہ کریں، یہ نسخہ ستر فیصد کامیاب ہے، اس سے زیادہ نہیں۔

نسخہ: تخم ارنڈ لے کر معمولی چھیل کر کیپسول میں بند کر کے حیض سے فراغت کے بعد اگلے روز نیم گرم دودھ سے دیں، ایک بیج صرف ایک ماہ تک وقفہ کا ذریعہ ہے، اگلے ماہ پھر دینا ہو گا، کہیں دوا اس سے زیادہ اکٹھے بھی نہ دیں، قے شروع ہو جائے گی۔

مولدلبن

از حکیم صاحبزادہ میاں منظور علی حضرت داتا گنج بخشؒ

اس سے پہلے ہم اس مقصد کیلئے زیرہ سفید اور سونف دس گرام کو آدھا کلو دودھ میں جوش دے کر پلانے کی ہدایت کرتے تھے، لیکن یہ نسخہ اس سے بڑھ کر ہے۔

تودری سفید دس گرام خالص پسی ہوئی آدھا کلو دودھ میں ڈال کر اچھی طرح پکا لیں، اور صبح شام خلوئے معدہ پلائیں، اگر تودری خالص نہ ملے تو تذکرہ اولیٰ نسخہ ہی استعمال کریں۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) ہے، جن عورتوں کے بچے کا دودھ پورا نہیں ہوتا ان کیلئے اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں، اس کے استعمال سے بچے کا دودھ اتنا بڑھ جاتا ہے کہ سنبھالنا مشکل ہو جاتا ہے، اعصابی قشری غذائیں بکثرت استعمال کرائیں۔

اعصابی قہوہ

از مصنف

اصل السوس، گورکھ پان، ہر ایک پچاس گرام، گل بنفشہ تیس گرام، الائچی خرد بیس گرام سب ادویہ جو کوب کر کے رکھ لیں، ایک گرام ایک کپ پانی میں جوش دے کر بطور قہوہ استعمال کریں، جو لوگ چائے کے شائق ہوں وہ اس میں دودھ بھی ڈال سکتے ہیں، ان کی

بھی چائے ہے، کالی پتی کی چائے کے بے شمار نقصانات ہیں، جب کہ اس کے نقصانات کے بجائے بے شمار فوائد ہیں۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) ہے، مولد رطوبات ہے، بلغمی امراض میں مواد کو پتلا کر کے خارج کرتا ہے، کھانسی خشک وتر دونوں کو مفید وموثر ہے، لذیز اور خوشبودار بھی ہے، چائے کی عادت کو چھوڑنے میں معین ومددگار ہے۔

گورکھ پان اصلی ہونا چاہئے، بازار میں جو ملتا ہے وہ نگند بابری ہے، خالص گورکھ پان کی شناخت یہ ہے کہ اس میں سے تھوڑا سا لے کر اس کو ایک کپ پانی میں ابال لیں اگر گلابی رنگ کا قہوہ بن جائے تو خالص ہے ورنہ ہیرا پھیری ہے اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

مخاطی قہوہ

از مصنف

بہی دانہ پچاس گرام، سپستان بیس گرام، الائچی کلاں دس گرام، الائچی خرد چھ گرام

سب ادویہ جوکوب کر کے رکھ لیں دو گرام دوا ایک کپ پانی میں جوش دیں اور چائے کی طرح پی لیں، چائے کے شائق اس میں دودھ ملا کر چائے کی طرح پی سکتے ہیں۔

افعال: مخاطی اعصابی (سردتر) ہے، مواد کو گاڑھا کرتا ہے، نتیجتاً منی کی حدت کو کم کر کے اس میں غلظت پیدا کر کے طبعی امساک پیدا کرتا ہے۔

عضلاتی قہوہ

از مصنف

بادیان خطائی پچاس گرام، دارچینی پچاس گرام، الائچی سفید دس گرام

بادیان خطائی کے بیج نکال کر وزن پچاس گرام کر لیں، باقی ادویہ ملا کر جوکوب کر کے رکھ لیں ایک گرام ایک کپ پانی میں جوش دے کر پئیں، چائے کے شائق اس میں دودھ ڈال کر

چائے بنالیں، ان کیلئے یہی چائے ہے، بادیان خطائی کے بیج قہوہ کو کڑوا کر دیتے ہیں۔

افعال: نہایت خوشبودار اور لذیز قہوہ ہے، پیتے ہی طبیعت میں فرحت و تازگی کی لہر دوڑ جاتی ہے، مشتہی بھی ہے یعنی بھوک کھولتا ہے۔

عضلاتی قشری قہوہ

از مصنف

دار چینی سو گرام، لونگ پچاس گرام، خولنجاں دس گرام، کالی پتی پانچ گرام

سب ادویہ جو کوب کر کے رکھ لیں، ایک گرام ایک کپ پانی میں پکا کر پئیں، چائے کے شائق اس میں دودھ ملا کر پئیں، ان کیلئے یہی چائے ہے۔

افعال: سردیوں میں حفظ ما تقدم اور گرمیوں میں ہیضے کے لئے استعمال ہوتا ہے، ہیضے کیلئے اس میں لیموں نچوڑ کر پئیں، بہت ہی اعلیٰ چیز ہے۔

قشری قہوہ

از مصنف

اجوائن دیسی پچاس گرام، پودینہ خشک بیس گرام، اشنہ دس گرام

سب ادویہ جو کوب کر کے رکھ لیں، ایک گرام ایک کپ پانی میں پکا کر پئیں، چائے کے شائق اس میں دودھ ملا کر بطور چائے نوش کریں۔

افعال: قشری عضلاتی (گرم خشک) ہے، مولد صفراء ہے سردی سے پیدا شدہ تمام امراض کیلئے لاجواب چیز ہے، ہیضے کے ایام میں اس میں لیموں نچوڑ کر پئیں۔

قشری اعصابی قہوہ

از مصنف

زیرہ سفید پچاس گرام، الائچی سفید دس گرام

دونوں ادویہ کو جوکوب کر کے رکھ لیں، ایک گرام ایک کپ پانی یا دودھ میں جوش دے کر پئیں، چائے کے شائقین اس میں دودھ بھی ملا سکتے ہیں۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) ہے، صفراء کو پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ اس کا اخراج بھی کرتا ہے، اعلیٰ درجہ کا ہاضم بھی ہے، نہایت خوشبودار اور مقوی معدہ ہے۔

دیگر: سونف پچاس گرام، الائچی سفید دس گرام جوکوب کر کے رکھ لیں، ایک گرام پانی یا دودھ کے ایک کپ میں جوش دے کر پئیں، افعال حسب سابق ہیں۔

اسبغول کی کھیر

از مصنف

اسبغول سالم ایک بڑا چمچ، آدھا کلو دودھ میں ہلکی ہلکی آگ پر رکھیں، جب دودھ پاؤ بھر رہ جائے، سردیوں میں نیم گرم اور گرمیوں میں فرج میں ٹھنڈا کر کے کھائیں، اگر گاڑھی ہو تو اس میں اور حسب منشا نیم گرم دودھ ملا کر پئیں۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) ہے، اس کے استعمال سے قشری قبض دور ہوتی ہے، مغلظ ہے، دماغ کو طاقت بخشتا ہے، قولون نازل کے آخری حصے کے قشری السر کیلئے نہایت ہی مفید و مجرب ہے، جب السر کا خون کسی بھی دوا سے بند نہ ہوتا ہو تو ایک بار اسے آزما کر دیکھیں، آپ اس دوا کے شفاء بخش اثرات کے شیدائی ہو جائیں گے، کسی معجزے سے کم نہیں ہے، اس دوا کے ساتھ پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

اگر اسے محرک بنانا چاہیں تو اس کو جوش دیتے وقت اس میں دو چھوہارے ڈال لیں، جب جوش آ چکے تو ایک انڈا بھی شامل کر کے آگ سے اتار لیں نیم گرم پئیں اور جوانی کے مزے لوٹیں، جن کا معدہ کمزور ہو ان کیلئے اس کے ساتھ مزاج موافق ہاضم دیں۔

مرہم سفید

از حکیم سعید احمد مرحوم اوکاڑا

ویزلین سفید ڈھائی سو گرام، گندھک پاؤڈر، زنک پاؤڈر، بورک ایسڈ، ڈیٹول، سب بیس
بیس گرام، کاربالک ایسڈ چھ گرام
سب ادویہ الگ الگ پیس کر اچھی طرح ملا لیں، مرہم سفید تیار ہے۔

افعال: پھنسی پھوڑے، چہرے کے کیل، داغ دھبے، کیلئے بہت ہی مفید ہے۔

شربت فولاد سیاہ

از حکیم سعید احمد مرحوم اوکاڑا

چینی کلو، پتری فولاد تیس گرام، ٹنکچر نکس وامیکا تین تا چھ گرام، ٹاٹری دو گرام
چینی کا قوام بنائیں ٹاٹری قوام بناتے وقت ہی ڈال دیں اور پانی میں پتری فولاد ملا کر قوام میں ڈال دیں، ٹھنڈا ہونے پر بوتلوں میں بھر کر رکھ لیں، خوشبو کیلئے روح کیوڑہ شامل کر لیں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، بھس کیلئے اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہ ہوگی جو لذیذ بھی ہو رخون بھی پیدا کرے، رنگ چہرہ سرخ کر دیتا ہے، جریان، لیکوریا کیلئے بھی نفع بخش ہے، بڑوں بچوں سب کیلئے مفید ہے، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

شوگرین جدید

از مصنف

افسنتین، برگ نیم، چرائتہ تلخ، گڑمار، اندر جو تلخ، پنیر ڈودی
سب ادویہ برابر وزن لے کر کوٹ چھان لیں، ایک گرام دوا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد پانی سے دن میں تین مرتبہ استعمال کرائیں۔

افعال: ذیابیطس شکری کیلئے مفید ہے اور ذیابیطس غیر شکری کیلئے اس وقت مفید ہے جب قویٰ میں اضمحلال واقع ہو گیا ہو، یعنی بلڈ شوگر کو ہوئے ایک عرصہ گذر گیا ہو، اور اب جسم نہایت نحیف و نزار ہو گیا ہو، اس وقت بول میں بھی کم و بیش شکر آنے لگتی ہے، اس وقت یہ نسخہ کام کرتا ہے، اگر اس کے ساتھ ساتھ گردوں میں سوزش یا ورم بھی موجود ہو تو ایک ایک گولی حب بندق بھی ساتھ دیں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

ماسکتہ البول

از مصنف

اس نسخہ کا معاملہ کچھ یوں ہے کہ بندہ عاجز کا حج کے موقع پر مدینہ پاک قیام تھا اور جن دوستوں کے ساتھ رہتا تھا ان کا کوئی رشتہ دار بھی حج کیلئے گیا ہوا تھا، ایک دن مجھے کہنے لگا کہ حکیم صاحب حج انسان کو قسمت سے نصیب ہوتا ہے، میرا کچھ کریں کہ مجھے پیشاب کی بہت زیادتی ہے بمشکل ایک نماز پڑھ سکتا ہوں، آپ کو معلوم ہے کہ رش کتنا ہے اگر ایک مرتبہ ایک صف میں سے آدمی نکل جائے تو دوبارہ اسے اس جگہ کا حاصل ہونا ناممکنات میں سے ہے، اس لئے یہ سوچ کر میں حرم پاک کے زیادہ اندر گھسنے کی کوشش نہیں کرتا، اور اسی وجہ سے نہ تو دل کو تسلی ہوتی ہے اور نہ ہی عبادت کا مزہ آتا ہے، کیرے ریشے کا بھی بڑا پرانا مریض ہوں، تو میں نے ان بزرگ صاحب سے کہا کہ میں کل آپ کو دوا بنا کر دوں گا اور انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا، میں نے وہیں بیٹھے بیٹھے یہ نسخہ تجویز کیا اور اللہ تعالیٰ ﷻ کا نام لے کر اگلے دن پنسار سٹور سے ادویہ خرید کر لے آیا اور کوٹ پیس کر باباجی کے حوالے کر دیں، مدینے پاک کا موسم ان دنوں ٹھنڈا تھا اور دن میں ایک عام آدمی بھی چار پانچ مرتبہ پیشاب کیلئے حمام میں جاتا تھا، میں نے عمروں کے حوالے سے سوچ کر اس نسخے کو دو حصوں میں بنا لیا کہ بوڑھوں اور ادھیڑ عمر کے لوگوں کیلئے الگ الگ استعمال کیا جا سکے، اب

دیکھیں کہ شاہ مدینہ ﷺ کی برکت سے نسخہ ہم نے ترتیب دیا تھا زیادتی ءبول کیلئے لیکن وطن واپسی پر اسے ہم نے بے شمار جگہ استعمال کرایا، جہاں جہاں استعمال کرایا نہایت اچھے نتائج برآمد ہوئے۔

نسخہ: ہلیلہ سیاہ سو گرام، کشنیز پچاس گرام، دار چینی پچیس گرام

یہ نسخہ ادھیڑ عمر کے لوگوں کیلئے ہے اور اسی نسخہ میں پچیس گرام خولنجاں شامل کر کے بوڑھوں کیلئے استعمال کرانے سے بہت فائدہ حاصل ہوا، موسم کو مدنظر رکھتے ہوئے میں نے بھی اسے استعمال کیا، تو اس سے یہ ہوا کہ پہلے مجھے دن میں چار مرتبہ وضو بنانا پڑتا تھا لیکن اس کے ایک روزہ استعمال سے ہی صرف دو مرتبہ وضو بنانے کی ضرورت پڑی، لیکن میں جتنے دن بھی مدینے پاک رہا دن میں ایک یا دو مرتبہ استعمال کرتا رہا، جس سے وضو کا دورانیہ بڑھ گیا اور حرم پاک میں زیادہ سے زیادہ وقت عبادت کا موقع مل گیا اللہ تعالیٰ ﷻ کا لاکھ لاکھ شکر ہے، جس نے حرمین شریفین کی حاضری نصیب فرمائی اور زیادہ سے زیادہ وقت اپنے گھر میں رہنے کا موقع دیا۔

اب ان بابا صاحب کی سنیں، ان کو میں نے دن میں چار مرتبہ دوا کھانے کی ہدایت کی جب پہلے روز ہی میں نماز عشاء کے بعد گھر لوٹا تو بابا صاحب بڑی بے قراری سے میرا انتظار کر رہے تھے، گھر میں داخل ہوتے ہی دعائیں دینے لگے کہ بیٹا اللہ تعالیٰ ﷻ آپ کا بھلا کرے کہ آپ نے مجھ پر خصوصی توجہ دی اور آج دوا کا پہلا دن ہے اور میں نے دن میں صرف دو مرتبہ وضو کیا ہے اور مزے کی بات یہ ہے کہ پیشاب کی زیادتی کے ساتھ ساتھ مجھے کیرے کو بھی بہت فائدہ ہوا ہے، اللہ تعالیٰ ﷻ آپ کو دو جہانوں میں عزت دے، گویا ایسی ہی بہت سی دعائیں ملیں۔

وطن واپس آ کر اس نسخہ کو ہم نے کثرت بول جو ضعف مثانہ کی وجہ سے ہو اس میں استعمال

کرایا، اس کے علاوہ کیرہ، نزلہ بارد، ذیابیطس خالص، عام جسمانی کمزوری، ٹانگوں کی درد وغیرہ میں نہایت کامیابی سے استعمال کیا اور عزت پائی، اس کی مقدار خوراک دو سے تین گرام دن میں تازہ پانی یا موسم کے مطابق لونگ دار چینی کے قہوے سے دیں، مزاج اس کا عضلاتی مخاطی مقوی ہے، اس دوا کے ساتھ ایک اور دو نمبر غذائیں دیں گے۔

آپ بھی اسے اپنی سمجھ کے مطابق مختلف بدرقات سے مختلف امراض میں استعمال کر سکتے ہیں، اسے پورے یقین کے ساتھ استعمال کریں کہ یہ مدینے پاک کی پاک فزاؤں میں ترتیب دیا ہوا نسخہ ہے، یہ کبھی بھی خطا نہ جانے والا نسخہ ہے، اور یہ بہت بابرکت نسخہ ہے۔

میٹھی دوا

از وائس پرنسپل حکیم محمد رفیق صاحب

چینی سو گرام، تخم جوز ماثل دس گرام

دونوں ادویہ کو الگ الگ کھرل کر کے رکھ لیں، (ڈھائی سو ملی گرام) دو رتی بوقت ضرورت تازہ پانی سے دن میں تین مرتبہ استعمال کرائیں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، گلے کے غدد جاذبہ میں سکیڑ پیدا کر کے خناق وبائی کا پیدا شدہ مواد خارج کر کے صحت بحال کرتی ہے، آزمائش شرط ہے، غذا زود ہضم دیں

مسہل ملوک

از وائس پرنسپل حکیم محمد رفیق صاحب

مغز بادام سو گرام، چینی سو گرام، مغز تخم ارنڈ پچاس گرام، مغز تخم حب الملوک دس گرام

سب ادویہ کو الگ الگ پیس کر ملا لیں، بوقت ضرورت نصف گرام تازہ پانی سے دیں

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) ہے، فوری اثر مسہل ہے، اگر گرم پانی سے دیں تو دس سے تیس منٹ میں مقصد حاصل ہو جاتا ہے، اگر اس کے ساتھ ایک چمچ چھلکا اسبغول دے

دیں تو ایک ہی پاخانہ کھل کر ہوگا، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

7مخدّر: از مصنف

خرفہ سیاہ پچاس گرام، اسبغول مسلّم پچیس گرام، کشنیز دس گرام

سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملالیں، ایک سے دوگرام دن میں تین مرتبہ تازہ پانی سے بعد از غذا دیں، گرمی کے موسم میں شربت بزوری بارد یا شربت گوند سے بھی دی جاسکتی ہے۔

افعال: مخاطی اعصابی (سردتر) مخدر ہے، ضدی سے ضدی احتلام کیلئے مفید و مجرب ہے، ایک حکیم صاحب ہیں ان کو یہ مرض تھا، ہم سے مشورہ کیا تو ہم نے یہی تجویز کیا، الحمدللہ ٹھیک ہوگئے، اللہ تعالیٰ ﷻ نے لاج رکھ لی کیونکہ حکیم صاحب نے اپنی طرف سے تو کوئی کسر نہیں چھوڑی ہوگی، اس کے علاوہ عرصہ دراز سے زیر مطب استعمال ہو رہا ہے، بہترین نتائج کا حامل ہے، اس دوا کے ساتھ چھ سے آٹھ نمبر تک غذائیں دیں گے۔

باطک از حکیم میجر عبدالغفار خان

بادیان، الائچی سفید، طباشیر، کشنیز

سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملالیں، بوقت ضرورت تین مرتبہ دن میں کھانے کے بعد پانی سے دیں۔

افعال: اعصابی مخاطی (ترسرد) ہے، مفرح اور ہاضم ہے، کھانے کے بعد پیٹ بھاری ہو گیا ہو، ڈکاریں نہ آتی ہوں تو اس کے استعمال سے فوراً ڈکاریں آ کر پیٹ ہلکا ہو جاتا ہے، لیکن عارضی ہے، اسے استعمال کرنے کے بعد 67 ایچ اور 5 ملین دوا اور ایک کی نسبت سے ملا کر استعمال کرائیں، قشری السر کو مفید و مجرب ہے، غذا پانچ اور چھ دیں گے۔

سفوف السہر

از مصنف

ریوند خطائی 3 سوگرام، ملٹھی 2 سوگرام، اسگندھ ناگوری 2 سوگرام، اسبغول مسلّم ہموزن اوّل الذکر تین ادویہ پیس کر ملالیں، اسبغول سالم حالت میں ہی ملالیں، دو سے تین گرام نیم گرم دودھ کے ساتھ دن میں تین مرتبہ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دیں۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) مسکّن ہے، قشری السہر کے مریض کیلئے تحفہ خاص ہے، السہر کے جس مریض کو بے خوابی کی شکایت ہو اس کیلئے کسی نعمت سے کم نہیں ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

اکسیر نقرہ

از مصنف

سبوس اسپغول سوگرام، کوزہ مصری، سپستاں، پوست کوکنار تینوں پچاس پچاس گرام، کشنیز، خشخاش پچیس پچیس گرام

کشتہ صدف صادق سوگرام، کشتہ قلعی بھنگ شورے والا پچاس گرام، کشتہ نقرہ چھ گرام اسپغول جہاں کہیں بھی لکھا ہوا سے پیسے بغیر ہی شامل کرنا ہوتا ہے، کشتہ جات کے علاوہ تمام ادویہ پیس کر اچھی طرح ملالیں، اس کے بعد کشتہ جات شامل کرلیں، اکسیر نقرہ تیار ہے سات گرام صبح شام کھانے سے پہلے نیم گرم دودھ سے یا موسم کے مطابق لسی سے بھی استعمال کرا سکتے ہیں، اس دوا کے نتائج نہایت ہی بہتر ہیں، بنانے کی جتنی تکلیف ہے اس کے استعمال کرنے سے سب کی سب بھول جاتی ہے، کشتہ جات خود تیار کر کے ہی شامل کریں انہی اجزاء پر اس کی کامیابی کا دارومدار ہے، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال: پرانے سے پرانے جریان، ذکاوت حس، اور سرعت رقت کا خاتمہ کر کے نامرد کو

مرد کامل بنانے والی دوا ہے، بڑی محنت سے یہ نسخہ ترتیب دیا گیا ہے، معمول مطب ہے، نہایت ہی کامیاب ثابت ہوا ہے لیکن مہنگا ہونے کی وجہ سے عام نہیں ہے۔

طساوم

از حکیم شمس الدین صدیقیؒ مرحوم

طباشر، سنگ دانہ مرغ تیس تیس گرام، الائچی سفید بیس گرام، ورق نقرہ، مصطگی رومی ہر ایک دس گرام

سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملا لیں، ایک گرام دوا تین مرتبہ دن میں کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

افعال: گردوں کے ضعف کی وجہ سے ضعف باہ کے مریضوں کی دوا ہے، اس کے علاوہ جب جریان کے باعث سارا جسم دردوں سے بھرا پڑا ہو تو اس کے استعمال سے ایک نئی قوت و توانائی پیدا ہو کر علامات کا خاتمہ ہو جاتا ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر تک غذائیں دیں گے، حفظ ماتقدم کسی ایک وقت جوارش زرعونی عنبری بھی دے سکتے ہیں۔

ٹوٹکا قلب

از حکیم شمس الدین صدیقیؒ مرحوم

پھٹکڑی سفید بریاں ایک رتی نہار منہ کھلانا مقوی قلب ہے، کر کے تو دیکھو چندا۔

دیگر:

از مصنف

دو رتی (ڈھائی سو ملی گرام) عنبر اشہب نہار منہ چوسنا دل کیلئے نہایت قوت بخش ہے، بڑی بڑی یاقوتیوں سے آگے کی چیز ہے، کھا کر تو دیکھئے۔

طلاء مصلّب

از حکیم میجر عبدالغفار خان

مغز جائفل، عروسک (بیر بہوٹی) اذراقی، ہر ایک دس گرام، جند بدستر چھ گرام، زردی بیضہ مرغ پچاس عدد

تمام ادویہ کو جوکوب کرلیں، زردی بیضہ شامل کر کے پتال جنتر کے ذریعے روغن نکال لیں، طلاء تیار ہے، روزانہ رات کو سوتے وقت پانچ قطرے عضو خاص پر اچھی طرح مالش کریں، اوپر برگ تنبول (پان) باندھ دیں، صبح کھول کر کپڑے سے اچھی طرح صاف کروا دیں، گھنٹے بھر بعد تازہ پانی اور صابن سے دھلوا دیں، ہدایت کریں کہ صابن دھیان سے استعمال کریں، کہیں صابن استعمال کرتے کرتے..................

افعال: عضلاتی قشری (خشک گرم) مقوی ہے، اس کی مالش سے مردہ رگوں میں دوبارہ روح دوڑ جاتی ہے اور پہلوان تندرست وتوانا ہو کر خوب کشتی لڑتا ہے، اس دوا کے ساتھ چار سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

اکسیر محسن

از حکیم محمد اشرفؒ مرحوم دواخانہ خاص مزنگ

کشتہ مروارید، کشتہ مرجان مکھن والا، کشتہ نقرۃ، دانہ ہیل خرد، طباشیر بانسی برابر وزن

کشتہ جات کو ایک گھنٹہ کھرل کر کے باقی کی ادویہ الگ الگ پیس کر اچھی طرح ملالیں ایک سے (ڈھائی سو ملی گرام) ایک تا دو رتی مکھن یا بالائی سے صبح شام کھانے سے ایک گھنٹہ قبل دیں۔

یہ نسخہ مجھے حکیم حاجی قاری محمد محسن الرضوی صاحب نے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے دیا تھا۔

افعال: مخاطی عضلاتی (سرد خشک) ہے، خفقان اور ضعف قلب کیلئے اس سے بڑھ کر ابھی تک کوئی دوا نہ ہوگی، رقت وسرعت کے مریضوں کیلئے بھی ایک تحفہ خاص ہے، مادہ منویہ

خوب غلیظ ہو جاتا ہے اور امساک طبعی پیدا ہو جاتا ہے، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

جریانول

از مصنف

سمندر سوکھ چار سو گرام، تالمکھانہ تین سو گرام، تخم اوٹنگن تین سو گرام

سب ادویہ پیس کر ملالیں، سات گرام دوا دن میں دو مرتبہ خلوئے معدہ دودھ نیم گرم یا لسی یا کیلے سیب کا ملک شیک، شربت بزوری، شربت انجبار سے استعمال کرائیں، بہت مفید ثابت ہوا ہے، آپ بھی بنائیں اور فائدہ حاصل کریں، سمندر سوکھ میں مٹی اور ریت وغیرہ بہت ہوتی ہے اسے اچھی طرح صاف کریں، معمول مطب ہے۔

افعال: مخاطی اعصابی (سرد تر) ہے، مادہ منویہ کی حدت کو ختم کر کے سرعت، رقت اور جریان کا خاتمہ کرتی ہے اور مادہ منویہ میں غلظت پیدا کر کے طبعی امساک پیدا کرتی ہے، اگر جریان مزمن ہو تو اس کے ساتھ ایک ایک گولی جریانی، جوزی (JJ) کی استعمال کرائیں، ذکاوت حس تک کو مفید و مجرب ہے، ایک عرصہ دراز سے زیر استعمال ہے مزے کی بات یہ ہے کہ حونیات منویہ کی کمی کو پورا کر کے مردانہ بانجھ پن کو دور کرتا ہے، اس دوا کے ساتھ پانچ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

5/8

از وائس پرنسپل محمد رفیق صاحب دیپالپور

تازہ خام ہلدی لے کر اسے باریک باریک کاٹ لیں اور سائے میں خشک کر لیں، پیس کر اس میں آٹھ حصے چنے کی کھلیں پیس کر ڈال لیں، دوا تیار ہے، کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دس گرام منہ میں ڈال کر چبائیں، اسی طرح صبح شام کھلائیں۔

افعال: شوگر ہر قسم کیلئے بہت ہی مفید ہے، اس دوا کے کھانے سے ڈایا ئل کھانے کی ضرورت نہیں رہتی، ڈایا ئل جگر اور گردوں کو نقصان پہنچاتی ہے جبکہ اس دوا کا کوئی کسی بھی قسم کا نقصان نہیں ہوتا، بلکہ اس کے استعمال سے ایک توانائی سی محسوس ہوتی ہے، شوگر کیلئے نہایت ہی مفید ہے اور بے ضرر بھی، کب؟ جب ٹانگیں درد کرتی ہوں، جسم درد کرتا ہو، صبح اٹھنے کو دل نہ چاہے لیکن اس کے استعمال سے پہلے مکمل چیک اپ کرائیں، اگر کیٹونز بڑھے ہوئے ہوں یوریا بڑھا ہوا ہو، گھٹنوں میں درد ہو تو یہ دوا استعمال نہ کریں، اس دوا کے ساتھ پانچ نمبر سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

حبّ لُدّن

از حکیم مبارک علی

برگ بھنگ، گوند ببول اور ہزار دانی آدھا آدھا کلو، کشنیز ڈھائی سو گرام، لودھ پٹھانی، پنیر ڈوڈی پچاس پچاس گرام

سب ادویہ پیس کر گیارہ نمبر (پون گرام) گولیاں بنوالیں کی گولیاں بنالیں اور ایک ایک گولی تین مرتبہ دن میں تازہ پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

افعال: ذکاوت حس اور جریان کو مفید و مجرب ہے، معمول مطب ہے، اس دوا کے ساتھ چھ نمبر سے ایک نمر تک غذائیں دیں گے۔

سفوف حابس

از مصنف

پنیر ڈوڈی، دار چینی، گڑمار، سو سو گرام، کشتہ فولاد فروٹ والا پچاس گرام، کشتہ زمرد پچیس گرام، شمع (افیون) بیس گرام

سب ادویہ باریک پاؤڈر کر کے آخر میں کشتہ جات ملالیں، ایک گرام دوا صبح شام کھانے کے

آدھا گھنٹہ بعد نیم گرم دودھ سے استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ چھ نمبر سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، اس دوا کے اتنے اچھے نتائج سامنے آئے ہیں، جس کا بیان مشکل ہے، شوگر، کمر درد مزمن، ممسک، مقوی، ذکاوت حس، اور جریان وغیرہ میں ابھی تک ہم نے اسے استعمال کر کے بہت نفع پایا ہے، ابھی مزید تجربات کی گنجائش باقی ہے، آپ بھی اپنی سمجھ کے مطابق اسے کئی امراض پر استعمال کر سکتے ہیں، اور اپنی کامیاب سعی سے ہمیں مطلع کریں، تاکہ اس قیمتی دوا سے اور بھی فوائد حاصل کئے جائیں، اس دوا کی کامیابی کی کلید صرف خالص کشتہ جات اور خالص شمع ہیں اس بات کا خیال رہے اور دوسرا اس بات کا بھی خیال رکھیں کہ جب قشری تحریک سے ضعف ہو چکا ہو تو تب اس کا استعمال فائدہ مند ہوگا، آنکھیں بند کر کے استعمال کرنا ریت پر گھی گرانے کے مترادف ہے۔

از مصنف

لیکورین

تیلیا سیپاری، پوست کوکنار سو سو گرام، کوزہ مصری، الائچی سفید تیس گرام

دونوں ادویہ پیس لیں، ایک چائے کا چمچ صبح شام خلوئے معدہ دودھ سے استعمال کرائیں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، لیکوریا کے لئے بہت مفید ثابت ہوئی ہے، اس سے پہلے سیپاری خالص نہیں ملتی تھی اس وجہ سے اس کا استعمال بند کیا ہوا تھا، اب چونکہ عام مل رہی ہے اس لئے دوبارہ زیر استعمال ہے، اچھی دوا ہے، اس دوا کے ساتھ چھ نمبر سے لے کر ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

☆☆☆☆☆

روح افزاء

از حکیم وڈاکٹر ذوالفقار علی

گل گاؤزبان، ابریشم، گل کیوڑہ، پچاس پچاس گرام، کشنیز، اشنہ، ہرایک چالیس گرام، خس تازہ، برادہ صندلسفید، الائچی خرد، برگ بادرنجبویہ، گل گڑھل، گل نیلوفر، گل سیوتی، ہرایک تیس گرام

سب ادویہ کو جوکوب کر کے چوبیس گھنٹے کیلئے بگھودیں اس کے بعد اسکا بائیس بوتل عرق نکال لیں، پندرہ کلو چینی ڈال کر شربت پکالیں، رنگ اور خوشبو حسب ضرورت ڈالیں یہ روح افزاء کا وہ نسخہ ہے جو شاہوں کیلئے تجویز کیا گیا تھا، بہت ہی نفیس چیز ہے۔

افعال: مفرح اور مقوی قلب ہے، جگر معدہ، آنتوں اور گردوں کی گرمی دور کر کے ان کے افعال کو درست کرتا ہے، روح کی تسکین کا باعث ہے، اس دوا کے ساتھ چھ نمبر سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

روح افزاء جدید

از مصنف

گل گاؤزبان، گل نیلوفر، گل سیوتی، گل گڑھل، کشنیز، تخم کاسنی، ہرایک پچاس گرام، برادہ صندلسفید، الائچی سفید ہرایک تیس گرام

سب ادویہ کو جوکوب کر کے رات پانی میں پڑا رہنے دیں صبح بیس بوتل عرق نکال لیں اور اس میں پچیس کلو چینی ڈال کر شربت پکالیں۔

افعال: روح افزاء اصل کے کچھ اجزاء کے نہ ملنے کی وجہ سے اسے میں نے اس طریقہ پر ترتیب دیا ہے کہ افعال کے لحاظ سے اس میں کسی قسم کی کوئی کمی نہیں رہی، یہ بالکل اصلی روح افزاء کی طرح ہی کام کرتا ہے اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

حب رضائی
از مسٹر لندن

تخم کرفس، دروغ عقربی ڈھائی ڈھائی سوگرام، فرفیون، جوز بوا، فلفلسیاہ، زرنباد، مصطگی رومی ،عودغرقی، بالچھڑ، عقرقرحا، قرنفل، الائچی خرد، صمغ عربی، خولنجاں، دارچینی، شمع (افیون) سب پچاس پچاس گرام، زعفران خالص بارہ گرام

سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملا لیں، ایک سو پچیس ملی گرام کی گولیاں بنالیں، ایک سے دو گولیاں بوقت ضرورت نیم گرم دودھ سے ایک گھنٹہ قبل دیں۔

افعال: عضلاتی قشری (خشک گرم) ہے، مقوی باہ دوا ہے، اگر وقتی ضرورت کے لئے استعمال کرانا ہو تو وقت خاص سے ایک گھنٹہ قبل گرم دودھ سے دیں، مستقل صحت کیلئے مغلظات کے ساتھ صرف ایک گولی صبح کے وقت دیں، گرمی کے مریض کے موافق نہیں ہے، بلا سوچے سمجھے استعمال کر کے مجھے نہ کوسیں، اس دوا کے ساتھ چار اور دو نمبر غذائیں دیں گے۔

جنگجو ثالث
از مصنف

عقرقرحا، شمع (افیون) قرنفل، اذراقی مدبر بردر آب پوست کوکنار

سب ادویہ برابر وزن پیس کر شہد کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، ایک گولی نماز عصر کے وقت دودھ نیم گرم سے صرف سات روز استعمال کرائیں۔

افعال: جنگجو ثالث کے سات روزہ استعمال سے طبعی امساک لوٹ آتا ہے، لیکن میں نے اس میں ایک اور اضافہ کیا ہے کہ صبح شام سفوف مغلظ استعمال کرایا جائے اور جنگجو ثالث روزانہ عصر کے وقت ہی دودھ سے استعمال کرایا جائے، اس طریقہ سے واقعی طبعی امساک

لوٹ آتا ہے، اسے ہم وقتی ضرورت کیلئے بھی وقت خاص سے ایک گھنٹہ پہلے استعمال کراتے ہیں، نتائج اچھے ہیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

روغن سیاہ

از مصنف

گلیسرین سفید، گلیسرین سیاہ سو سو گرام، املتاس آدھا کلو

املتاس کو موٹا موٹا کوٹ کر اس میں آدھا کلو پانی ڈالیں، دس منٹ بعد موٹے کپڑے سے چھان لیں جو پانی حاصل ہوا سے گلیسرین میں ڈال کر ہلکی ہلکی آگ پر رکھیں جب پانی خشک ہو جائے اتار لیں، ٹھنڈا ہونے پر بوتل میں بھر کر رکھ لیں۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) ہے، اس دوا سے رحم کے اورام تحلیل ہو جاتے ہیں ایک عرصہ دراز سے زیر استعمال ہے، کبھی ناکامی کا منہ نہیں دیکھنا پڑا، رات کو سوتے وقت تھوڑی سی روئی اس دوا میں لتھیڑ کر کسی دایہ سے رحم کے منہ پر رکھائیں صبح نکال دیں، اکثر تجربے میں آیا ہے کہ معمولی ورم تین روز میں اور مزمن ورم سات روز میں ٹھیک ہو جاتے ہیں، لیکن اس کے استعمال سے گندہ مواد کافی بہنا شروع ہو جاتا ہے اور درد بھی کچھ بڑھ جاتا ہے جو چار پانچ روز میں ٹھیک ہو جاتا ہے اور ورم کا تو نام و نشان مٹ جاتا ہے اور عورت صاحب اولاد ہو جاتی ہے اکثر اولاد نرینہ ہی پیدا ہوتی ہے، یہی دوا رحم کا بد گوشت جو اس کا منہ بند کئے رہتا ہے اور اولاد نہیں ہوتی اسے بھی بغیر اپریشن کے دور ہو جاتا ہے، طریقہ اوپر درج کر دیا گیا ہے۔

اورام رحم

از سسر محترم غلام محی الدینؒ جوگی

گل روغن خالص بیس گرام، مغز املتاس بیس گرام، شہد دس گرام، کف دریا چار گرام

سب ادویہ کو مکو کے پانی میں ایک جوش دے کر ٹھنڈا کر لیں اور روئی کا پھایہ تر کر کے کسی دایہ

سے اندر رکھوائیں، دایہ کوئی پڑھی لکھی ہونی چاہیئے، جسے اندرونی اعضاء کی مہارت ہو۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) ہے، رحم کے اورام کو تحلیل کر کے عورت کو اولاد پیدا کرنے کے قابل بناتا ہے، فائبرائیڈ (عضلاتی) رسولیوں کی خاص دوا ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

از مسٹر لندن"

سپرمی

خصیہ بکرا، کوزہ مصری، آدھا آدھا کلو، کشتہ فولاد، کشتہ صدف مروارید دس دس گرام

خصیہ بکرا کی اوپر کی جھلی اتار لیں اور کوزہ مصری کے سفوف میں مل لیں یہ پانی کی طرح ہو جائے گا، اس میں کشتہ جات ملا لیں، اگر موسم گرمی کا ہو تو دھوپ میں رکھ کر خشک کر لیں اس بات کا خیال رہے کہ اسے بلیاں وغیرہ کھا جاتی ہیں، اپنی نگرانی میں خشک کریں، اگر موسم سردی کا ہو تو ایک دیگچی کو پانی سے بھر کر اس کے اوپر کوئی اتنا بڑا ڈھکن رکھیں جس میں یہ آمیزہ آجائے، اب اس کے نیچے ہلکی ہلکی آگ روشن کریں اس پانی سے اٹھنے والی بھاپ سے یہ دوا دو تین گھنٹوں میں خشک ہو جائے گی، یہ دوا تین گرام صبح شام نیم گرم دودھ سے دیں، بیس روز میں کرم منی کافی مقدار میں بڑھ جاتے ہیں اور فرد اولاد پیدا کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔

نوٹ: خصیہ بکرا مکروہ تحریمی ہیں، اس لئے ہمارے مذہب میں انہیں استعمال کی اجازت نہیں ہے، لیکن اگر کسی طرح بھی کوئی چارہ کارگر ثابت نہ ہو تو مجبوری کی حالت میں اس کا استعمال کرنا جائز ہے، کیونکہ پوری ایک فیملی کی زندگی کا دارومدار اسی بات پر ہے کہ بیٹا اور بہو بچہ پیدا کریں، اگر آپ صرف دولت اور شہرت کی خاطر اس دوا کا استعمال کریں گے تو گناہ کے مرتکب بھی آپ ہی ہوں گے میں نہیں، کیونکہ میں نے اس کی شرعی پوزیشن آپ کے

سامنے واضح کر دی ہے، اول تو مجھے یہ نسخہ لکھنا ہی نہیں چاہیئے تھا، لیکن بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ سب دوائیں استعمال کر کر کے تھک جاتے ہیں مقصد براری نہیں ہوتی، اس وقت ہی اس دوا کے استعمال کا وقت ہے، میرے خیال کے مطابق تو ایسا ہی ہے لیکن اگر آپ ایسے وقت کسی عالم دین سے مشورہ کر کے استعمال کرائیں تو مجھ پہ احسان ہوگا، علاج کرتے وقت حرام چیزوں کو استعمال نہ کرایا کریں، کیونکہ ایک حدیث پاک کا مفہوم ہے کہ حرام چیزوں میں شفاء نہیں ہے، جب آقا سرکار ﷺ نے فرما دیا تو اس پر عمل ہی ہمارے ایمان کامل کا دارومدار ہے، لیکن انسانی جان بچانے کیلئے کسی عالم دین سے مشورہ کر کے فرض ادا کیا جاسکتا ہے، یہ نسخہ صرف دو خاندانوں کو بربادی سے بچانے کیلئے ہی لکھا گیا ہے، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

چٹکی اطفال

ازایک مریضہ

زہر مہرہ خطائی، ریوند چینی، کچور، مازو سبز، پوست ہلیلہ زرد

سب ادویہ برابر وزن پیس لیں، (ڈھائی سے پانچ سو ملی گرام) دو سے چار رتی حسب عمر استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

بچوں کے دانت نکلنے کے زمانے کی بہترین دوا ہے اس کے علاوہ بچوں کے ہرے پیلے دستوں کیلئے بھی نہایت مفید دوا ہے، اگر اس میں چوتھا حصہ مفرح شامل کر دی جائے تو نتائج پہلے سے بھی بڑھ جاتے ہیں تجربہ کر لیجئے۔

جریانول ثانی

ازمسٹرلندنؒ

تخم توری تلخ پچیس گرام، مغز تخم تمر ہندی بریاں پندرہ گرام، شمع (افیون) دس گرام

سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملالیں، نصف گرام روزانہ صبح شام خلوئے معدہ دودھ یا لسی سے

استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، معدہ میں جاتے ہی اپنا فائدہ دکھاتی ہے، اعلیٰ درجہ کی ممسک بھی ہے، جریان، احتلام قشری اور سرعت کیلئے بدرجہ غایت مفید ہے، اگر اس میں کشتہ چاندی شامل کرلیا جائے تو کمال ہے۔

مغلّظ مفید

از مسٹر لندن"

برگ دھتورہ دو کلو، بسد آدھا کلو، لوبان کوڑیا، کافور تیس تیس گرام

برگ دھتورہ کا نغدہ بنا کر ایک کوزہ گلی میں بسد کو اس سے فرش ولحاف کر کے دس کلو کی ہوا بند آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر نکال کر اس میں باقی کی ادویہ پیس کر ملالیں، ایک گرام دوا صبح شام دودھ یا لسی سے دیں، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، پانی جیسے پتلے مادہء منویہ کو خوب گاڑھا کر کے طبعی امساک پیدا کرتا ہے، اور مرد کامل بنا دینے والی دوا ہے۔

مولد لبن

از مصنف

زیرہ سفید، تودری سفید خالص دس دس گرام، آدھا کلو دودھ میں ڈال کر ہلکی آگ پر رکھیں، جب دودھ آدھا رہ جائے تو صبح شام کھانے سے قبل پلائیں، دو تین روز میں ہی نتائج برآمد ہوتے ہیں لیکن اس کے پندرہ روزہ استعمال سے دودھ میں کافی کثرت ہو جاتی ہے، اور بچہ بھوکا نہیں رہتا۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) ہے، جن عورتوں کو زچگی کے زمانے میں بچے کیلئے دودھ

کی کمی ہوتی ہے، ان کیلئے بہت مفید ہے، دودھ کثرت سے پیدا ہونے لگتا ہے اور بچے کی بھوک پوری ہونے لگتی ہے اس دوا کے ساتھ چار، پانچ اور چھ نمبر غذائیں دیں گے۔

سفوف مسرت

ازلالہ مسرت علی

پوست کیکر خراشیدہ، پوست جامن خراشیدہ

دونوں ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں، ایک چائے کا چمچ صبح، شام خلوئے معدہ دودھ یا لسی سے دینے سے چند ہی روز میں مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، لیکوریا کیلئے بہت ہی مفید ٹوٹکا ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

حسیانده لقوه

ازلالہ مسرت

گل بنفشہ، افتیموں ولائتی

دونوں ادویہ برابر وزن جوکوب کر کے رکھ لیں، دس گرام کا حسیانده صبح شام کھانے سے پہلے پلائیں، منہ پر روغن زیتون مل کر کپڑے سے ٹھاٹھا بندھوا دیں، صبح نہار منہ نیم گرم پانی سے دھلوادیں، ایئر کنڈیشن، گرم اور بادی اشیاء سے پرہیز کرائیں، انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ ہفتہ عشرہ کے استعمال سے لقوہ ٹھیک ہو جاتا ہے، بشرطیکہ مرض نیا نیا ہو، اگر پرانا ہو گیا ہو تو یہ دوا کام نہیں دیتی، اس دوا کے ساتھ پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

سپرما

از مسٹر لندنؒ

برادہ نقرہ، برادہ جست، پارہ سب چھ چھ گرام

ان ادویہ میں ایک بوتل آب ترشک مقطر کھرل کریں، جب قوام سخت ہو جائے اس کی ایک

ہی گولی بنالیں یہ اخروٹ کی طرح بنتی ہے،اسے خوب اچھی طرح خشک کرلیں،اب اس پرآدھا کلووزن (پیلو) کے پتوں کا نغدہ لپیٹ کرسات سوگرام سوتی کپڑا خوب کس کر لپیٹ دیں اور ایک کڑاہی میں تین کنکریاں رکھ کراوپراسے رکھ دیں کہ کڑاہی کے ساتھ مس نہ ہو، اب اس کے اوپرایک سلگتا ہوا کوئلہ رکھ دیں،ہوا سے محفوظ جگہ پر رکھیں ٹھنڈا ہونے پراحتیاط سے نکال لیں،باوزن کشتہ ہوگا،ایک چاول سے دو چاول تک ہمراہ مسکہ صبح شام خلوئے معدہ استعمال کرائیں ساتھ کوئی بھی اچھا سا سفوف مغلّظ دیں ،انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ مراد بر آئے گی،اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال: مادہ منویہ کی پس دور کرنے کے بعد اس کا استعمال کرائیں،چند ہی یوم میں کمیء کرم منی پوری ہوجاتی ہے اور آدمی اولاد پیدا کرنے کے قابل ہو جاتا ہے انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ

نقرہ مقوی قلب

از مسٹر لندنؒ

صدف مروارید سوگرام، برادہ نقرہ پچاس گرام،آب انار دیسی ڈھائی سوگرام

صدف کا کشتہ کرلیں،اس میں برادہ نقرہ ملا کر آب انار کی مدد سے کھرل کریں،جب قوام خوب گاڑھا ہوجائے تو اس کی چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بقدر چونّی بنا کر خشک کرلیں اور ایک چھوٹی سی کلیا میں رکھ کر معمولی کپڑ وٹی کر کے خشک کرلیں اور دس کلو کی ہوابند آگ دیں،ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں سیاہی مائل کشتہ برآمد ہوگا،خوب باریک پیس کر رکھ لیں ایک رتی (ایک سو پچیس ملی گرام) صبح شام خلوئے معدہ مکھن سے استعمال کرائیں۔

افعال: مخاطی عضلاتی (سرد خشک) ہے خفقان القلب کیلئے ایک تحفہ ہے،اس کے علاوہ دل کو نہایت قوت دینے والی دوا ہے اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے

کشتہ نقرہ مقوّی و مغلّظ

از مسٹر لندنؒ

کشتہ صدف سو گرام، کشتہ مرجان پچاس گرام، برادہ نقرہ تیس گرام، پارہ بیس گرام
ادویہ مذکورہ کو دو کلو آب کیلا درمیانی (کیلے کا تنا) لے کر اس کا پانی نکال کر مقطر کر لیں یا آب انار قندھاری مقطر میں کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر خشک کر لیں، ایک کوزہ گلی میں رکھ کر معمولی کپڑ وٹی کر کے بیس کلو کی ہوا سے بچا کر آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں اور پیس کر رکھ لیں سو ملی گرام دوا، مکھن یا بالائی سے صبح شام خلوئے معدہ دیں۔

افعال: مخاطی عضلاتی (سرد خشک) ہے نہایت ہی مقوّی اور مغلّظ ہے، مادہ ءمنویہ کی رقت سے پیدا شدہ امراض کیلئے کسی اکسیر سے کم نہیں ہے، صرف بنانے کی محنت ہے، جب ایک دفعہ بن جائے تو ساری محنت بھول جاتی ہے، میں نے قندھاری انار کے پانی میں بنا کر فوائد حاصل کئے ہیں اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

باکرہ

از مسٹر لندنؒ

اس سے پہلے اکسیر نسواں کا نسخہ لکھا جا چکا ہے، وہ سو ملی گرام اور اسکے ساتھ سو ملی گرام شمع (افیون) کا سفوف ملا لیں، عورت کے اندرونی اعضاء میں انگلی سے لگوا دیں، باکرہ ہوگی، دخول نہایت ہی مشکل ہو جائے گا، اور ذرا بھی کمزور آدمی ہوا تو اس کے بس کی بات نہیں، اکثر اوقات شادی شدہ بھی اس فعل میں ناکام ہو جاتا ہے، تجربہ شرط ہے۔

پیچس اطفال

از حکیم عطا محمد شاہدرہ

بل گری بیس گرام، کتھہ، گیرو، گئو دنتی کشتہ، سب دس دس گرام
سب ادویہ پیس کر ملا لیں، دو گرام دوا ایک کپ پانی میں ملا کر رکھ لیں اور ایک ایک چیچ دن

میں متعدد بار ہلا کردیں، جیسے ہی علامات میں کمی ہو دوا کا وقفہ بڑھاتے جائیں۔

از مسٹر لندن

قمر قندھاری

براده قمر، کشتہ شاخ مرجان، پارہ پچاس پچاس گرام، آب انار ترش قندھاری تیس گرام سب ادویہ کو آب انار مقطر میں کھرل کریں، جب ٹکیہ بنانے کے لائق ہو جائے تو پرانے روپے برابر ٹکیاں بنا کر خشک کر لیں، صدف مروارید چار سو گرام پیس کر اس میں فرش ولحاف دے کر پندرہ کلو کی ہوا بند آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں، سیاہی مائل کشتہ ہوگا، دو رتی (ڈھائی سو ملی گرام) شربت انجبار یا جوارش آملہ سے دیں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، دل کی تقویت کا باعث ہے، دل کو قوت دے کر تمام مسکولر ٹشوز کی مرمت اور طاقت دے کر قوت باہ کو بحال کرتا ہے، مغلّظ اور محرک بھی ہے، اپنی سمجھ کے مطابق اسے بہت سے امراض میں بطور مقوّی دوا استعمال کیا جا سکتا ہے، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

اکسیر حمل

از مصنّف

لال سیپاری، مازو، ہلیلہ سیاہ، گل پستہ، پھل مکھانہ بریاں، لودھ پٹھانی، کمر کس، تج سک، پوست بلیلہ

سب ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں دس گرام دوا، دودھ سے صبح شام کھانے کے بعد دیں جب عورت حیض سے فارغ ہو تو اس کا استعمال شروع کر دیں، اور میاں صاحب تین روز لگا تار محنت لگائیں، اللہ تعالیٰ عزّ وجل کسی کی محنت نہیں رکھتا۔

افعال: عضلاتی مخاطی ہے، حمل نہ ہونے کی وجہ اگر لیکوریا، یا ضعف رحم ہو تو اس دوا کے

استعمال سے مراد بر آتی ہے اور اکثر اولاد نرینہ ہی پیدا ہوتی ہے، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

سفوف وجع القطن (درد کمر)

از مصنف

اسگندھ ناگوری، سورنجاں شیریں، زنجبیل

سب ادویہ کا سفوف بنالیں اور چار گرام نیم گرم دودھ سے تین مرتبہ دن میں بعد از غذا استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) ہے، یہ دوا اس کمر درد کے لئے مفید ہے جو تحذیر دماغ کی وجہ سے ہو، اگر اسے بیس عدد مغز بادام کی سردائی سے دیں تو مزید نفع ہوتا ہے۔

جرناٹ

از سسر محترمؒ مرحوم

بہمنین، تالمکھانہ، بیج بند، ستاور، کمرکس، تخم اوٹنگن، تودری سفید، ست بیروزہ، کشتہ قلعی، ہر ایک دس گرام، ثعلب مصری، آرد سنگھاڑا، موصلی سفید انڈیا، ہر ایک بیس گرام، طباشیر، ست گلو، چھ چھ گرام، مصری ہموزن ادویہ

سب ادویہ پیس کر اس میں مصری الگ پیس کر ملالیں، چھ چھ گرام صبح شام دودھ یا لسی سے قبل از غذا دیں، اگر دودھ میں پکا کر دیں تو فائدہ دوگنا ہو جاتا ہے، جو ست لکھے ہیں یہ خالص ہونے چاہئیں ورنہ فائدہ میں کمی آجائے گی۔

افعال: مخاطی اعصابی (سرد تر) ہے، مادہ منویہ کی حدت کو ختم کر کے اس میں غلظت پیدا کرتی ہے، جریان، جریان مذی، جریان ودی، سرعت، رقت، کو مفید ہے، کم خرچ اور بالا نشیں بھی ہے، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

سفوف جوگی
از سسر محترمؒ مرحوم

پوست خشخاش، تخم خشخاش، کشنیز، کوزہ مصری

سب ادویہ برابر وزن پیس لیں، چھ گرام صبح شام شیر بز یا کچی لسی سے استعمال کرائیں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، منی کی رقت کی وجہ سے ہونے والے احتلام کیلئے اکسیر ہے، مادہ منویہ کو خوب گاڑھا کرتی ہے، طبعی امساک پیدا کرتی ہے، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

سفوف جوگی -2-
از سسر محترمؒ مرحوم

گوند کتیرا پندرہ گرام، موصلی سفید، ثعلب مصری، مازو سبز، مصطگی رومی خالص، تخم ریحان، کشتہ قلعی، ہر ایک دس گرام، آرد سنگھاڑا بیس گرام، کوزہ مصری سو گرام، سبوس اسپغول پچاس گرام

سبوس اسپغول کے علاوہ سب ادویہ پیس کر ملا لیں آخر میں چھلکا اسبغول بھی ملا لیں چھ گرام دوا صبح شام کھانے سے آدھا گھنٹہ پہلے دودھ سے یا ادھرڑکے سے کھلائیں۔

افعال: مخاطی اعصابی (سردتر) ہے، مادہ منویہ کی حدت کو ختم کر کے اس میں غلظت پیدا کرتی ہے، جریان، احتلام، سرعت، رقت، کا خاتمہ کرتی ہے، بہترین مغلظ دوا ہے، ہفتہ عشرہ میں ہی اپنے نتائج سے آگاہ کرتی ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

دگاب (ممسک)
از حکیم سعید احمدؒ مرحوم اوکاڑا

دھتورہ سیاہ، گوند ببول، افیون، بھنگ کے بیج

سب ادویہ برابر وزن پیس کر رکھ لیں، گوند ببول کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں ایک گولی بوقت ضرورت نیم گرم دودھ سے وقت خاص سے گھنٹہ بھر قبل دیں۔

افعال: بہترین ممسک دوا ہے، عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، مادہ منویہ کو خوب گاڑھا بھی کرتی ہے، اس کا طریقہ یہ ہے کہ اس کے ساتھ دس گرام چھلکا اسپغول صبح کے وقت دودھ سے استعمال کرائیں، روزانہ صرف ایک ہی خوراک دینی ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

قق

ازحکیم سعید احمدؒ مرحوم اوکاڑا

قرنفل دس گرام، قند سفید سو گرام، قرنفل کو نہایت باریک سفوف کرلیں، قند سفید کا الگ باریک سفوف کر کے ملالیں، ایک گرام تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) ہے، فم معدہ کے درد کو فوری طور پر دور کرتی ہے، یعنی جادو اثر ہے، اس کے بعد مناسب علاج کریں، یہ صرف عارضی طور پر ہی کام کرتی ہے، اس وقت درد سے تڑپتے ہوئے مریض کو فوراً سکون دیتی ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

اکسیر مذی

ازرضا حسین پنساری

رال سفید بیس گرام، مغز بندق ہندی، کشتہ نقرہ، دانہ ہیل خرد، پوٹاشیم برومائیڈ، دس دس گرام سب ادویہ کو باریک پیس لیں، ایک گرام دوا تین مرتبہ دن میں شربت بزوری بارد، شربت انجبار، یا ادھرڑ کے سے دیں۔

افعال: مخاطی اعصابی (سرد تر) ہے، جریان مذی کیلئے بے نظیر دوا ہے، جریان مذی کا

علاج خاصا مشکل ہوتا ہے، لیکن اس دوا کی وجہ سے کوئی مشکل نہیں، اللہ تعالیٰ عزوجل نے اس کے اجزاء میں خاصی شفاء بخشی ہے، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

امسا کی

از حافظ عبدالرحمٰن

شنگرف، کافور، شمع (افیون) تخم اوٹنگن

سب ادویہ دس دس گرام لے لیں، شنگرف کو مبالغہ کی حد تک کھرل کریں، اس کے بعد باقی کی ادویہ کھرل کر کے ان میں ڈھائی سو گرام لیموں کا پانی مقطر کر کے کھرل کریں، جب پانی خشک ہونے کے قریب ہو تو اس کی چنے برابر گولیاں بنا لیں، ایک گولی وقت خاص سے دو گھنٹے قبل دودھ سے استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: عضلاتی قشری (خشک گرم) مقوی و محرک ہے، صاحب نسخہ کے مطابق اس دوا کے ہوتے ہوئے اسے کبھی بھی کسی اور دوا بنانے کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی، تجربہ سے یہ ثابت ہوا کہ اسے استعمال کرانے سے پہلے اگر کوئی بھی اچھا سا سفوف مغلظ تین ہفتے استعمال کرا دیا جائے تو واقعی اس کے ہوتے ہوئے کسی اور ممسک دوا کی ضرورت نہیں ہوگی۔

تصدیق: کئی برس پہلے کی بات ہے کہ میں مسٹر لندن کے پاس کسی کام سے گیا تھا بیٹھتے ہی فرمانے لگے کہ کیا بات ہے (تکیہ کلام) ایک بڑا نایاب نسخہ آیا ہوا ہے، نسخہ اپنی مثال آپ ہے، میں نے تو اسے بڑا پسند کیا ہے آپ بھی اپنی رائے دیں، میں نے سنا تو من و عن یہی نسخہ تھا، میں نے کہا پہلوان جی نسخہ واقعی اپنی مثال آپ ہے، اسے ضرور بنائیں، اس سے بھی اس کی تصدیق ہو جاتی ہے کہ واقعی کام کی چیز ہے۔

امسا کی شیریں

از حافظ عبدالرحمٰن

چینی سوگرام، تخم ریحاں پچاس گرام، عقرقرحا، لوبان کوڑیا، دس دس گرام، شمع (افیون) چھ گرام

سب ادویہ پیس کر اچھی طرح ملالیں، ایک گرام دوا وقت خاص سے دو گھنٹے قبل دودھ سے دیں، اور قدرت کاملہ کے نظارے کریں، بنائیں تو سہی۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، کم خرچ بالانشیں کے مصداق پر پورا اترتا ہے، بہترین ممسک ہے اس کے استعمال سے قبض بھی نہیں ہوتی، اور اکثر ایسا بھی ہوا کہ بغیر ترشی انزال نہ ہوا، احتیاطاً مریض کو بتادیا جاتا کہ اگر کوئی مسئلہ ہو تو لیموں چوس لیں۔

ضماد ممسک

از حافظ عبدالرحمٰن

کاپھل بیس گرام، بیش دس گرام، جندبدستر چھ گرام، آب لیموں دو کلو

سب ادویہ پیس کر آب لیموں میں کھرل کر دیں، قوام درست ہونے پر بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، بوقت ضرورت ایک گولی لعاب دہن میں گھس کر عضو تناسل پر لگائیں، جب ذرا حدت سی محسوس ہو گرم پانی سے دھو کر مشغول ہوں۔

افعال: عضلاتی قشری (خشک گرم) ہے، اعضاء خاص پر لگاتے ہی ایکشن شروع ہو جاتا ہے، زیادہ سے زیادہ بیس منٹ بعد آدمی مجبور ہو جاتا ہے، کہ..............................

اسہالی-2-

از حافظ عبدالرحمٰن

زنجبیل، پوست کوکنار، اناردانہ ترش، جنگ ہرڑ، سب برابر وزن

ہرڑ کو روغن کنجد میں بریاں کرلیں، باقی کی ادویہ بھی پیس کر ملالیں، تین گرام سفوف تازہ پانی یا شربت انجبار سے دیں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، گرمی کے شروع موسم میں اس کی خاص ضرورت پڑتی ہے، جب لوگ پانی پی پی کر اپنے معدے ٹھنڈے کر لیتے ہیں، اور کچھ کھاتے ہی پیٹ میں درد ہونے لگتی ہے، اس کے استعمال سے یہ ساری کیفیات ختم ہو کر مریض صحت مند ہو جاتا ہے، حافظ صاحب کے مطب کے چوٹی کے نسخوں میں سے ایک ہے، میں نے اس نسخہ کی مسیحائی دیکھی ہوئی ہے، آپ بھی بنا کر دیکھیں پھر کسی اور طرف دھیان دینے کی ضرورت نہیں رہے گی، انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ ، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

اوجاع۔2-   از حکیم سعید احمدؒ مرحوم اوکاڑا

اسپرین پاؤڈر چالیس گرام، سورنجاں شیریں، کشنیز، چینی تیس تیس گرام، سوڈا اسیلی سلاس دس گرام، سوڈا منٹ، ڈیکسامیتھازون بیالیس بیالیس گولیاں

سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملالیں، دو گرام تین مرتبہ دن میں کھانے کے بعد تازہ پانی سے استعمال کرا کے دودھ پتی کا ایک کپ پلائیں۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) ہے، ہر قسم کی دردوں میں بدرجہ غایت مفید ہے، مرحوم کے مطب کا سب سے زیادہ چلنے والا نسخہ تھا، ہر ماہ کوئی دو سے تین من تک کی لاگت تھی، لیکن افسوس کہ حکیم صاحب کی فوتگی کے بعد سب کچھ ہی ختم ہو گیا کیونکہ ان کے بچے ابھی بہت ہی چھوٹے ہیں، ملک کے طول وعرض میں ان کا یہ نسخہ بہت چلتا تھا، میں نے ایک دفعہ حکیم صاحب سے پوچھا کہ آپ طبیب ہو کر ولائتی ادویہ کیوں استعمال کرتے ہیں تو کہنے لگے کہ اول بات تو یہ ہے کہ ہم نے ولائتی ادویہ کی مضرت دور کرنے کیلئے اس میں دیسی ادویہ ڈال دی ہیں، جس کی وجہ سے اس کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں رہا، میں نے اپنے مطب کے شروع

ایام میں یہ نسخہ بنایا ضرور تھا لیکن ضمیر نے اجازت نہیں دی کہ طبیب کہلاتے ہوئے ولائتی ادویہ استعمال کروں، آپ کے ذہن میں یہ سوال ضرور پیدا ہوا ہوگا کہ جب آپ کا ضمیر اجازت نہیں دیتا تھا تو آپکو کتاب میں لکھنے کی کیا ضرورت تھی، نہ لکھتے! تو دوستو بعض اوقات ایسی ایمرجینسی بن جاتی ہے جب اس کی ضرورت پڑ جاتی ہے، تب استعمال کیا جا سکتا ہے، لیکن میں اسے استعمال نہیں کرتا، اللہ تعالیٰ ﷻ کے فضل سے میرے پاس دیسی نسخے ہی ایسے ہیں جن کی موجودگی میں مجھے اس کی ضرورت نہیں پڑتی، یہ سب میں نے آپ کے لئے لکھا ہے کہ شاید یہی دوا کسی کی زندگی بچانے کے کام آ جائے، اگر ایسا ہو گیا تو سوچو ہمارا مشن پورا نہ ہو جائیگا، بعض اوقات انسان کو نہ چاہتے ہوئے بھی ایسے کام کرنے پڑتے ہیں جن کو وہ کسی بھی قیمت پر کرنا گوارا نہیں کرتا، اس لئے ہر کام سوچ سمجھ کر ہی کرنا چاہیئے، اگر یہ دوا بنائیں تو، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

اکسیر ماسکہ

از حکیم سعید احمدؒ مرحوم اوکاڑا

سولہ دیسی انڈوں کا پوست لیکر صاف کر کے پیس لیں، دس گرام شنگرف اتنا پیسیں کہ چمک ختم ہو جائے، اب ایک انڈے کی سفیدی میں پوست بیضہ اور شنگرف ملا کر ٹکیا بنا لیں، کڑاہی میں رکھ کر تیز آگ دیں کہ کشتہ ہو جائے، اس کشتے میں اقاقیا دس گرام، کشتہ فولاد، طباشیر خالص، تخم حماض، چھ چھ گرام پیس کر شامل کریں، (ڈھائی سو ملی گرام) دو رتی دوا دن میں تین سے چار مرتبہ حسب ضرورت دودھ پتی سے دیں، اول و آخر سات عدد مغز بادام کھلائیں یا سوجی کا حلوہ دیسی گھی ڈال کر دودھ میں پکایا ہوا کھلائیں۔

افعال: عضلاتی قشری (خشک گرم) مقوی ہے، سلسل بول، شوگر خالص، بول فی الفراش، ٹانگوں کی درد، کمر درد کیلئے مفید و مجرب ہے، اس دوا کے ساتھ دو نمبر غذائیں دیں گے۔

سدابہار

از مصنف

سمندر سوکھ، بہی دانہ، ثعلب مصری، موصلی سفید، ہرایک بیس گرام، تخم اوٹنگن، کشتہ قلعی، کشتہ مثلث دس دس گرام

سب ادویہ پیس کر ملالیں، تین گرام صبح شام ادھرڑ کے سے کھلائیں۔

افعال: جریان مذی کیلئے اس سے بڑھ کر اور کوئی دوا شاید ہی ہو، نہایت نایاب نسخہ ہے، اس کی کامیابی کا دارو مدار کشتہ جات کے خالص ہونے پر ہے، میری ایک درخواست ہے کہ کشتہ جات کے معاملے میں کسی پر بھروسہ نہ کریں، جیسے تیسے ہو خود ہی بنایا کریں، یہی آپ کی کامیابی کا راز ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

ممسک عجیب

از مصنف

پوست کوکنار 500 گرام، شیر برگد 60 گرام، شنگرف 10 گرام

اول شنگرف کو خوب باریک کریں، اس کے بعد پوست کوکنار میں کلو پانی ڈال کر خوب پکائیں جب پانی آدھارہ جائے چھان لیں اور اس چھنے ہوئے پانی کو پھر آگ پر رکھیں جب قوام ذرا گاڑھا ہو جائے تو اس میں شنگرف ڈال کر خوب رگڑائی کریں، جب خشک ہونے کے قریب ہو تو شیر برگد ڈال کر رگڑائی کریں، گولی باندھنے کے قوام پر آئے تو نخودی گولیاں بنالیں، بوقت ضرورت ایک گولی گرم دودھ سے دو گھنٹہ قبل دیں، اس سے پہلے کوئی مقوی غذا اگر کھا لی جائے تو بعد میں کمزوری محسوس نہیں ہوتی، اس دوا کے ساتھ ایک اور دو نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: عضلاتی قشری (خشک گرم) ہے، باہ میں تیزی لاتی ہے اور طبعی امساک پیدا

کرتی ہے، نسخہ ذرا محنت طلب ہے لیکن بڑے کام کا ہے۔

حب ہزارہ

از وائس پرنسپل محمد رفیق صاحب

شنگرف پچاس گرام، ہڑتال ورقیہ تیس گرام، گندھک آملہ سار بیس گرام، پارہ دس گرام

ان چاروں ادویہ کو خوب باریک کھرل کریں، اس کے بعد درج ذیل ادویہ کا سفوف شامل کر کے بارہ گھنٹے گودہ گھیکوار سو گرام میں کھرل کریں جب گولی بنانے کے لائق ہو تو فلفلی گولیاں بنا لیں۔

جائفل، فلفلسیاہ، زنجبیل، فلفل دراز (مگھاں)، ایلوا زرد (مصبر زرد)، قرنفل، مٹھا تیلیہ (بیش) سہاگہ سفید، شمع (افیوں) سب دس دس گرام

افعال: اعصابی امراض کیلئے ٹانک ہے، فالج، لقوہ، وغیرہ اور سردی کے موسم میں دردوں کیلئے بڑی کامیابی سے استعمال کر رہے ہیں، دافع الم بھی ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

جوارش بارد

از حکیم محمد شفیق صاحب

گل سرخ، گل نیلوفر، مغز کنول گٹہ، ہر ایک سو گرام، گاؤزبان، تخم کاہو، تخم کاسنی، تخم خرفہ سیاہ، ہر ایک پچاس گرام، طباشیر تیس گرام، گل گاؤزبان پچیس گرام، صندل سفید، الائچی سفید ہر ایک بیس گرام

سب ادویہ پیس لیں، حسب ضرورت شیرہ مربہ بھی ملا کر جوارش کے قوام پر لے آئیں چار گرام صبح شام دودھ یا دودھ سوڈے سے کھلائیں۔

افعال: مخاطی اعصابی (سرد تر) ہے، صفراوی مریضوں کیلئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے،

خصوصی طور پر خفقان کے مریضوں کیلئے بہت مفید ہے، دمہ قلبی کیلئے بھی کسی نعمت سے کم نہیں ہے، صفراوی مریض حفظ ماتقدم کے طور پر بھی استعمال کر سکتے ہیں، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

ایسینس روح افزاء

از پروفیسر انور علی بھٹی صاحب

زعفران، الائچی، گلاب، کیوڑہ، بادام

یہ سب قسم کے سینس ایک ایک ڈرام کسی شیشی میں ملا کر رکھ لیں، چینی کا قوام بمطابق شربت پکا کر ایک بوتل میں دس قطرے کے حساب سے یہ مرکب سینس ڈال دیں، کوئی پہچان نہیں سکتا کہ یہ روح افزاء خود تیار شدہ ہے، یا کہ ہمدرد کمپنی کا ہے۔

عرق ہاضم

از حکیم سعید احمدؒ مرحوم ادکاڑا

سونف پچاس گرام، سہاگہ سفید بیس گرام، پھٹکڑی سفید، قلمی شورہ، نمک سیاہ، دس دس گرام نوشادر ٹھیکری چھ گرام

سب ادویہ پیس لیں، چار بوتل پانی میں پندرہ منٹ پکائیں، ٹھنڈا ہونے پر چھان کر رکھ لیں تیار ہے، دو چمچ کھانے کے بعد پی لیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) ہے، ریاح شکم کیلئے بہترین چیز ہے معدے میں اترتے ہی ڈکاریں لا کر ریاح کا اخراج کر دیتا ہے، سخت سے سخت کھائے پیئے کو منٹوں میں ہضم کرتا ہے، ریاحی اور سوداوی امراض معدہ کیلئے بہت اعلیٰ چیز ہے۔

کشتہ سماش

از وائس پرنسپل محمد رفیق صاحب

قلعی، پارہ ہر ایک بیس گرام، قلمی شورہ سو گرام

قلعی پارہ کو چھلبند کر کے گرم گرم پیس لیں، سیاہ رنگ کی دوا تیار ہوگی، اس میں سو گرام قلمی شورہ ملا دیں، ایک ایسی کوزہ گلی میں ڈالیں جس میں دوا ڈالنے کے بعد تین حصے جگہ خالی بچ جائے، کوزہ گلی روغنی ہونی چاہیئے، دس کلو کی ہوابند آگ دیں، کشتہ سفید براق نکلے گا پیس کر محفوظ کر لیں، (ڈھائی سو ملی گرام) تک مکھن میں رکھ کر صبح شام خلوئے معدہ کھلائیں۔

افعال: مخاطی اعصابی (سرد تر) مدر ہے، ہر قسم کے جریان کیلئے مفید دوا ہے، اس کے علاوہ سوزاک کے پرانے مریضوں کیلئے بھی مفید ہے، پیپ آنے کو پہلی خوراک سے ہی فائدہ ہوتا ہے، پیشاب کی جلن کیلئے شربت بزوری بارد سے دیں تو بہت فائدہ ہوتا ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

اکسیر بے نظیر

از پیر پاک پتن والے

قلعی 125 گرام، پارہ 50 گرام، چینی 50 گرام، کشتہ بیضہ 20 گرام، کشتہ مرجان، کشتہ چاندی، کشتہ عقیق، 10+10 گرام، الائچی سفید 25 گرام، طباشیر 35 گرام، ورق چاندی کشتہ مروارید5+5 گرام

قلعی اور پارے کی گرہ بنا کر پیس لیں، اور پیس کر آب ترشک میں کھرل کر کے چونی برابر ٹکیاں بنا کر خشک کر لیں اور دس کلو کی ہوابند آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں اور نیار یہ کر کے کشتہ خشک کر کے پیس لیں، باقی کی ادویہ الگ اچھی طرح پیس کر ملا لیں اور مزید ایک گھنٹہ زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں، (ڈھائی سو ملی گرام) دوا مکھن، بالائی میں رکھ کر صبح شام کھلائیں، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال: مخاطی اعصابی (سرد تر) ہے، جریان، سرعت، رقت کیلئے اکسیر اعظم ہے، بنائیں

اور خلق خدا کی خدمت کریں۔

فواق (ہچکی) از پروفیسر محمد انور علی خاں لودھی

صبح شام جوارش الا ئچی دیں، اگر جوارش کا بندوبست نہ ہو سکے تو سات دانہ الا ئچی ایک ایک کر کے چبانے کی ہدایت کریں، فار ماکوپیا کی دواؤں میں مفرح کو نہ بھولیں، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

عرق یرقان از حکیم سعید احمدؒ مرحوم اوکاڑا

عرق سونف یا عرق پودینہ ایک بوتل، چینی 50 گرام، ٹاٹرک ایسڈ 3 گرام، تیزاب گندھک نو قطرے، سب کچھ باہم ملا دیں، ساٹھ گرام صبح شام پلائیں۔

افعال: یرقان کی کوئی بھی دوائی دیں اگر اس کے ساتھ یہ عرق استعمال کرا دیا جائے تو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے، تجربہ شرط ہے، آپ یقیناً مایوس نہیں ہوں گے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

یرقان کا چار روزہ کورس: آلو بخارا، املی، زرشک شیریں، گل نیلوفر، زیرہ سفید، بیخ کاسنی سب دس دس گرام، سب ادویہ پیس کر اس کی چار پڑیاں بنا دیں، روزانہ رات کو ایک پڑیا کا جوشاندہ بنائیں اور صبح خلوئے معدہ پلائیں۔

افعال: یہ دوا بھی یرقان کیلئے نہایت مفید ہے صرف چار روز کے استعمال سے ہی یرقان بیخ و بن سے اکھڑ جاتا ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

سیلانی: آٹا سریش چار حصہ، سندھوری ایک حصہ

دونوں ادویہ کو ملالیں، نصف گرام صبح شام خلوئے معدہ دودھ یا لسی سے دیں۔

افعال: مخاطی اعصابی (سردتر) ہے، لیکوریا کیلئے ایک فقیری ٹوٹکہ ہے، استعمال کرنے پر ہی اس کی افادیت کا پتہ چلے گا، یہ دوا اس وقت بہترین کام کرتی ہے جب مرض کی شروعات ہی ہوں، یعنی قشری تحریک زوروں پر ہو، اگر مرض مزمن ہو گیا ہو تو پھر اس کے ساتھ ہی معجون سیپاری پاک استعمال کرائیں تو بہت مفید پڑتا ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

خارش دور

از حکیم سعید احمدؒ مرحوم

باؤچی، گندھک آملہ سار، 500+500 گرام، کاربالک ایسڈ 20 گرام

اول الذکر دونوں ادویہ پیس کا اس میں کاربالک ایسڈ ملالیں، روغن سرشف میں ملا کر جسم پر لگائیں اور دو گھنٹے بعد نہانے کی ہدایت کریں۔

افعال: قشری عضلاتی (گرم خشک) ہے، خشک خارش کیلئے اس سے بڑھ کر کوئی نسخہ نہ ہو گا، بنائیں اور فائدہ حاصل کریں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

حابس الدم

از حافظ عبدالرحمٰن

گیرو، سنگ جراح، انجبار، 50+50 گرام، خون سیاؤشاں، کہرباء شمعی، بیخ مرجان سوختہ، سرطان سوختہ 30+30 گرام، شمع (افیون) 5 گرام

سب ادویہ پیس کر ملالیں، دو گرام دوا نیم گرم دودھ سے دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد شربت بزوری بارد سے استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، کثرت طمث، رعاف (نکسیر) بواسیر، کا خون روکنے کیلئے بہت ہی مفید دوا ہے، ممسک بھی ہے، بنائیں اور صاحب نسخہ کو اچھے لفظوں سے یاد کریں۔

بہشتی

از مصنف

فلفل سفید پچاس گرام، قلعی، کشتہ بیضہ، ہر ایک دس گرام، پارہ، بیش، چھ چھ گرام

قلعی پارہ کی گرہ کریں، اس کی گرم گرم کی ٹکلی بنالیں، نہایت ہی باریک پیسیں، بیش الگ سرمہ ساں کرلیں، اس کے بعد باقی کی ادویہ باریک پاؤڈر کرکے سب کچھ اچھی طرح ملا لیں، (ڈھائی سو ملی گرام) دوا مکھن سے صبح شام خلوئے معدہ دیں۔

افعال: جریان کی ہر قسم میں مفید ہے، بارہا دفعہ کی آزمائش شدہ ہے، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

چٹنی کھانسی

از مصنف

سپستاں آدھا کلو، خطمی، خبازی، ملٹھی، سوما کلپا لتا، زوفا، تخم کتان، بہی دانہ، ہر ایک پچاس گرام چینی ڈھائی کلو

سب ادویہ رات کو جوکوب کرکے دو کلو پانی میں تین چار جوش دے کر رکھ دیں صبح مل چھان کر اس کا شیرہ حاصل کریں اور چینی ڈال کر اس کا قوام شربت سے ذرا گاڑھا کرکے اتار لیں، جیسے شربت پکاتے وقت ٹاٹری اور ست لوبان ڈالا جاتا ہے اسی طرح اس میں بھی چھ گرام ٹاٹری اور دس گرام ست لوبان ڈالنا نہ بھولیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) ہے، کھانسی کیلئے بہت ہی مفید چٹنی ہے، اس کے استعمال کے علاوہ اگر گلا خراب ہو، سوزش کے باعث گلے میں درد ہو رہا ہو تب بھی مفید ثابت ہوتی ہے، ایک چمچ منہ میں ڈال کر چوسیں۔

مصفّی ومقوّی

از حافظ عبدالرحمٰن

پوست ہلیلہ زرد، ہلیلہ قابلی، مغز تخم نم، رسونت، چاکسو، سب سو سو گرام، نربسی، ہلیلہ سیاہ، تخم مولی، آملہ، ریوند چینی، تخم سرس سب پچاس پچاس گرام

رسونت کو آب مولی 250 گرام میں رات بگھو کر چھان لیں باقی ادویہ پیس کر ملا لیں، رسونت والے پانی کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں دو دو گولیاں تین مرتبہ دن میں تازہ پانی سے دیں، اگر تیس مغز بادام کی پھیکی سردائی سے دیں تو فائدہ یقینی ہے۔

افعال: مخاطی عضلاتی (سرد خشک) مصفّی ومقوّی دوا ہے، خون میں صفراء کی زیادتی کی وجہ سے پیدا شدہ امراض کیلئے بہت اعلیٰ دوا ہے، اس کے علاوہ گرمی کے موسم میں جو پھوڑے پھنسیاں نکلتی ہیں ان کو بھی بہت فائدہ کرتی ہے، اس کا خاص فائدہ یہ ہے کہ مقوّی رحم ہے، رحم کو قوت دے کر اولاد پیدا کرنے کے قابل بناتی ہے، اٹھرا کی خاص دوا ہے، اگر میں اس کا نام حب اٹھرا بھی رکھ دوں تو ٹھیک ہوگا، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

عضلاتی مقوّی

از مصنف

اذراقی مدبر، حرمل ہر ایک بیس گرام، سلاجیت، کشتہ فولاد، گوند ببول ہر ایک دس گرام سب ادویہ پیس کر ملا لیں ایک گرام دوا، تین مرتبہ دن میں تازہ پانی سے کھلا کر اوپر سے نیم گرم دودھ پلائیں۔

افعال: بڑھاپے میں جب قوتیں جواب دے جائیں تو یہ ایک بہت بڑا سہارا ثابت ہوتا ہے، مزاج اس کا خشک سرد ہے، روح غریزی کو بڑھاتی ہے، اس دوا کے ساتھ ایک اور دو نمبر غذائیں دیں گے۔

افکاز

از حکیم محمد شبیر صاحب

اجوائن دیسی، فلفل سیاہ، کالی زیری، کوڑ، زنجبیل

سب ادویہ برابر وزن پیس کر ملا لیں، دو گرام دوا تین مرتبہ دن میں پانی سے کھلائیں۔

افعال: غدی عضلاتی (گرم خشک) ہے، گاڑھے قسم کی سبز یا سبزی مائل سفید بلغم کا خاتمہ کرتی ہے، خاص الخاص مخاطی کیرے کی دوا ہے، ناک بلغم کی وجہ سے بند ہو تو بھی اسے ضرور آزمائیں، مصفی خون بھی ہے، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

اطفالی

از حکیم سعید احمدؒ مرحوم

استخوان کھوا سو گرام، طباشیر پچاس گرام، الائچی خرد بیس گرام

سب ادویہ پیس کر ملا لیں (ڈھائی سو تا پانچ سو ملی گرام) دو سے چار رتی تازہ پانی میں گھول کر تین مرتبہ دن میں بچے کو استعمال کرائیں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے جب بچے کو سوکھے کا مرض لاحق ہو تو اس کے استعمال کرنے سے چند ہی روز میں بچہ صحت مند ہونا شروع ہو جاتا ہے، بہت ہی مفید دوا ہے، اس مرض کیلئے میں مفرح نہار اور سفوف صحت بھی استعمال کرتا ہوں، اس دوا کے ساتھ ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

مخاطی عضلاتی مقوّی

از مصنف

اذراقی مدبر بیس گرام، کشتہ فولاد، کشتہ قلعی، کشتہ یشب، کشتہ صدف، کشتہ عقیق، کشتہ مرجان، گوند ببول ہرایک دس گرام

سب کشتہ جات کوملا کر ایک گھنٹہ کھرل کر کے باقی کی ادویہ پیس کران میں ملالیں، (ڈھائی سوملی گرام) دوا نیم گرم دودھ سے دن میں دو مرتبہ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: مخاطی عضلاتی (سرد خشک) ہے، بہت ہی اعلیٰ دوا ہے، پانی جیسے پتلے مادہ منویہ کو گاڑھا کر کے قوت دیتی ہے اور طبعی امساک پیدا کرتی ہے، لہٰذا سرعت رقت کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

بوتل جگر

از حکیم سعید احمدؒ مرحوم

مگنیشیا سالٹ ڈھائی سوگرام، پتری فولاد، قلمی شورہ، 50+50 گرام، جوا کھار، سبز کونین، ہیرا کسیس 25+25 گرام، ٹنکچر سٹیل 100 گرام

ٹنکچر کے علاوہ سب ادویہ پیس کر رکھ لیں، دس گرام یہ سفوف اور تین گرام ٹنکچر سٹیل لے کر ایک بوتل عرق سونف میں ڈال کر اچھی طرح ہلا دیں، ایک کھانے والا چمچ صبح شام کھانے کے گھنٹہ بعد پلائیں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: صفراء کی زیادتی سے جب جگر معدہ اور آنتیں اپنے افعال پوری طرح ادا نہیں کرتیں، مریض کا رنگ زرد ہو جاتا ہے، قبض رہنے لگتی ہے، بھوک پیاس ختم ہو جاتی ہے، سستی اور کاہلی ڈیرے ڈال لیتی ہے، ہر وقت فراش رہنے کو دل چاہتا ہے، اس وقت اس کے

استعمال کا وقت ہے،ان سب علامات کا خاتمہ کر کے نظام جسم کو پھر سے کام کرنے کے قابل بنا کر رنگ سرخ کر دیتی ہے،بھوک کھل کر لگنے لگتی ہے،یعنی سب نظام جسم ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

روغن اوجاع

از حافظ عبدالرحمٰن میتھلیڈ

سپرٹ 750 گرام،ست اجوائین ،ست پودینہ،یوکلپٹس آئیل،12+12 گرام،کافور 30 گرام،روغن تارپین 60 گرام،کلوروفارم 30 گرام،ایتھر چار ڈرام،ونٹی گرین آئل 20 گرام

روغن تارپین کے علاوہ پیسنے والی ادویہ پیس کر سپرٹ اور روغنیات میں ملالیں آخر میں روغن تارپین بھی ملالیں اور کسی ایئر ٹائٹ بوتل میں ڈال کر سنبھال لیں،بوقت ضرورت مقام ماؤف پر مالش کر کے اوپر روئی رکھ کر باندھ دیں،صبح کھول دیں اسی طرح تین روز کریں، انشاءاللہ تعالیٰ ﷻ ہر قسم کی درد دور ہو جاتی ہے۔

منجن:اوپر مذکورہ روغن پچاس گرام لے کر اس میں ایک کلو ٹالکم پاؤڈر اور ایک کلو چاک پاؤڈر ملالیں اور منجن کے طریقے پر استعمال کریں،بہترین منجن ہے،دانتوں کو صاف کرنے کے علاوہ ان کو کیریز لگنے سے بچاتا ہے،دانت درد کے لئے بھی ایمرجینسی کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں،یعنی دانتوں کی جملہ امراض میں مفید ہے۔

تریاق حُمی

از حکیم محمد شفیق صاحب

کشتہ گئودنتی در برگ نیم،افسنتین ،کالی زیری،ہر ایک پچاس گرام،نوشادر ٹھیکری تیس گرام سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملالیں اور ایک سے دو گرام تازہ پانی سے تین مرتبہ دن میں

کھانے کے بعد استعمال کرائیں۔

افعال: عضلاتی قشری (خشک گرم) ہے، سردی اور تری کے تمام بخاروں کیلئے نہایت ہی مفید ومجرب ہے برسہا برس کے تجربات کا نچوڑ ہے، کچھ سوچنے سمجھنے کی ضرورت نہیں ہے، جہاں بھی یہ محسوس کریں کہ یہ سردی کا بخار ہے اکسیر حمیٰ دیں کبھی بھی مایوس نہیں ہوں گے انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ، اس دوا کے ساتھ چار سے چھ نمبر تک غذائیں دیں گے۔

مرہم عجیب

از حکیم سعید احمدؒ مرحوم

روغن سرشف، کونپل نیم تازہ، ہرایک بیس گرام، رتن جوت دس گرام، نیلا تھوتھا (ڈھائی سوملی گرام)، بلادر چھ عدد

روغن سرشف (سرسوں کا تیل) میں بلادر جلالیں، پھر باقی کی ادویہ ڈال کر اچھی طرح گھوٹ لیں علاوہ نیلا تھوتھا کے، نیلا تھوتھا الگ پیس کر آخر میں پھر اچھی طرح گھوٹیں، تیار ہے بوقت ضرورت کپڑے کے پھایہ پر لگا کر مقام ماؤف پر لگادیں۔

افعال: گہرے زخم جو بھرتے نہ ہوں ان پر لگانے سے وہ بڑی تیزی سے بھر جاتے ہیں، کبھی خطا نہ ہونے والی دوا ہے، کامل بھروسے سے استعمال کریں۔

نزلین

از پرنسپل حکیم خواجہ عبدالقیوم نوشاہیؒ مرحوم

ریوند چینی سو گرام، اسطوخودوس پچاس گرام، شحم حنظل بیس گرام

سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملالیں ایک گرام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد تازہ پانی سے استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: اس دوا کے استعمال سے بند نزلہ فوراً کھل جاتا ہے، ابھی جو مریض ناک میں بول رہا تھا اب بالکل صحیح ہو گیا ہے، یعنی فوری اثر دوا ہے اور اس کے مسلسل استعمال سے برسوں کا بند نزلہ ٹھیک ہو جاتا ہے، ایک نایاب مرکب ہے۔

ذکاوتی: ترپھلہ مصفیٰ 150 گرام، کافور 10 گرام،

دونوں ادویہ باریک سفوف کر کے باہم ملالیں ایک گرام تک تین مرتبہ دن میں تازہ پانی سے استعمال کرائیں اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، مخدر دوا ہے، اس کے استعمال سے ذکاوت حس کو بہت فائدہ ہوتا ہے، اس کا چند روزہ استعمال ہی اس موذی مرض سے نجات دلا دیتا ہے، دیکھنے کو تو یہ معمولی نسخہ لگتا ہے لیکن کام اس کا لاجواب ہے۔

ضماد ذکاوت حس

از مصنف

شمع (افیون) کافور، عرق گلاب، الکحل

ادویہ الگ الگ پیس کر عرق اور الکحل میں ملا کر گاڑھا سا ضماد بنالیں، ہر مرتبہ ضرورت کے وقت نیا بنائیں، اور حشفہ پر لیپ کریں، جلد ہی خشک ہو جائے گا، کپڑے سے صاف کر دیں، صرف سات روز میں مرض بیخ و بن سے اکھڑ جائے گا، انشاء اللہ تعالیٰ عزوجل

شربت ملیّن

از مصنف

املتاس، گل گلاب سو سو گرام، گل بنفشہ، انجیر، زیرہ سفید ہر ایک پچاس گرام، کتیرا، سقمونیا ولائتی دس گرام، چینی ڈیڑھ کلو

حسب دستور شربت پکالیں اور رات کو سوتے وقت ایک سے دو کھانے والے چمچ بعد از غذا استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: اعصابی قشری (تر گرم) ہے، قبض کے پرانے مریضوں کیلئے بہت مفید ہے، اس کے ایک دو چمچ پینے سے صبح کھل کر اجابت ہو جاتی ہے اور طبیعت ہشاش بشاش ہو جاتی ہے اسے کبھی کبھی ہی استعمال کرانا چاہیئے کیونکہ اس طرح کی مسہل دوا کو معمول بنانے سے وہ آنتوں کو دن بدن کمزور سے کمزور کرتی چلی جاتی ہے، اس لئے ایسی دوا کو نہایت ضرورت کے وقت ہی استعمال کرنا چاہیئے۔

طلاء عروسک

از حکیم عطا محمد

ریگماہی، عروسک دس دس گرام، روغن سرشف سو گرام

دونوں ادویہ تیل میں جلالیں اور رگڑ ڈالیں تیار ہے، بوقت ضرورت دورتی حشفہ وسیون چھوڑ کر مالش کرائیں اوپر برگ پان باندھ دیں، سات سے دس روز کافی ہے۔

افعال: نوجوانی کی غلط کاریوں کے باعث پیدا شدہ خرابیوں کیلئے اعلیٰ طلاء ہے، کجی، سستی، اور ضعف شہوت کو مفید ہے۔

حبّ مقوّی

از حافظ عبدالرحمٰن

کچلہ بیس عدد، آب ادرک ڈھائی سو گرام، کشتہ فولاد دس گرام، سم الفار نصف گرام

کچلے کو آب ادرک میں بیس روز بھیگا رہنے دیں اس کے بعد چھیل کر پتہ دور کر دیں اور پیس لیں، یاد رہے کہ اسے خشک نہیں ہونے دینا اگر خشک ہو گیا تو پھر اس کا پیسنا مشکل ہو جاتا ہے، اسے پیس کر خشک کر لیں، اس کے بعد فولاد اور سم الفار باریک سفوف کر کے اس کو ایک گھنٹہ

مزید رگڑ دیں، اب کچلہ ملا دیں تیار ہے، مویز کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں ایک گولی صبح ایک شام کھانے کے فوراً بعد کھلائیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

حبّ مقوّی خاص

از مسٹر لندنؒ

ست سلاجیت، اذراقی مدبر، مگھاں، مرچ دکنی، پتری فولاد، شمع، دس دس گرام

سب ادویہ پیس کر مویز کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں، بوقت ضرورت ایک گولی گرم دودھ یا چائے سے دیں اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال: یہ گولیاں ہر قسم کے دردوں کو وقتی طور پر چار چھ گھنٹوں کیلئے رفع کر دیتی ہیں، اس کے علاوہ ممسک بھی ہے، مقوی بھی ہے اس کا مستقل استعمال قوت باہ کے لئے فائدہ مند ہے۔

حاجی بابا

از مسٹر لندن

شمع بیس گرام، پارہ دس گرام

دونوں ادویہ کو اتنا کھرل کریں کہ چمک نہ رہے، اب اس میں آب ثمر دھتورہ ایک کلو کھرل کریں، یہ رب کی شکل اختیار کر جائے گا۔

تخم بھنگ تیس گرام، مغز بادام، خرما، ہر ایک بیس گرام، زنجبیل، برگ بھنگ، پوست کوکنار، اجوائن خراسانی، شمع فرار مذکورہ ہر ایک دس گرام، تخم دھتورہ سیاہ چھ گرام

سب ادویہ پیس کر باہم ملالیں اور 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں، بوقت ضرورت رات کو ایک کیپسول نیم گرم دودھ سے کھلائیں اور قدرت کاملہ کی مسیحائی دیکھیں۔

افعال: مسٹر لندنؒ کے اسما کی نسخوں میں سے سرفہرست یہی نسخہ ہے اور وہ اسے سو روپے کا ایک کیپسول، بیچتے تھے، میں نے بھی بنایا ہے کام کے مقابلے میں دام زیادہ نہیں۔

دماغی مقوی

از مصنف

رب برہمی دماغی، کشتہ چاندی، کشتہ عقیق درمغز بادام، کشتہ مرجان در مکھن، دس دس گرام کشتہ جات کو روح بید مشک میں ایک گھنٹہ کھرل کرلیں اس کے بعد اس میں رب برہمی ملاکر نخودی گولیاں بنالیں یا ویسے ہی ڈھائی سو ملی گرام تک صبح شام خلوئے معدہ استعمال کرائیں۔

افعال: دماغی کام کرنے والوں کیلئے بہترین ٹانک ہے، اس کے استعمال سے نسیان کی کیفیت ختم ہوکر دوبارہ دماغ کی مرمت ہو جاتی ہے، اور حافظہ بہترین ہو جاتا ہے، بال دیر تک سیاہ رہتے ہیں، بصارت دیر تک قائم رہتی ہے، دانت دیر تک صحیح سلامت کام کرتے رہتے ہیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

فولاد مقوّی

از مصنف

کشتہ فولاد فروٹ والا بیس گرام

فولاد کو آب آملہ پچاس گرام میں کھرل کر کے دو کلو اپلوں کا تشویہ دیں، اسی طرح سات بار کریں، آخر میں مکھن سو گرام میں کھرل کر کے بیس کلو کی آگ دیں، بہترین کشتہ تیار ہوگا چار چاول سے ایک رتی تک مکھن کے ہمراہ صبح شام خلوئے معدہ دیں۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، جریان، لیکوریا، سرعت، رقت کیلئے نایاب تحفہ ہے، رنگ چہرہ سرخ کرتا ہے، عام جسمانی کمزوری دور کرتا ہے، منی کی رقت ختم کر کے کامل مرد بناتا ہے، اس دوا کے ساتھ چھ تا ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

سفوف جریان-1-

از مسٹر لندنؒ

کشتہ جست، جڑ بھنڈی، ہر ایک ڈھائی سو گرام، مغز کنول گٹہ آدھا کلو، الائچی سفید، ورق

نقرہ پچاس پچاس گرام، شیشم کے پتے بیس گرام

ورق نقرہ کو تیس گرام چینی کے ساتھ کھرل کریں، باقی کی ادویہ الگ پیس کر ملا لیں، نصف گرام دوا صبح شام کھانے سے پہلے ادھرڑ کے سے دیں، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال: مخاطی عضلاتی (سرد خشک) ہے، مادہ منویہ کی حدت کو ختم کر کے اسے غلیظ کرتی ہے، رقت سے پیدا شدہ تمام امراض کیلئے اکسیر بے نظیر ہے۔

حبّ ہیضہ

از حکیم لال دین جموں والا کھوہ

ایک دفعہ مسٹر لندنؒ کے ہمراہ حکیم صاحب کے پاس جانے کا اتفاق ہوا، باتیں ہوتی رہیں، حکیم صاحب کہنے لگے کہ ہیضے کا کوئی نسخہ ہو تو بتائیں، میں نے بڑے اطمینان سے ٹی 23 کا نسخہ بیان کر دیا، فرمانے لگے کہ آپ کے نسخے سے میرا نسخہ زیادہ بہتر ہے، میں چونک سا گیا کیونکہ آج تک ہیضے کے معاملے میں ہمیں کبھی بھی کسی نسخے کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی، میں نے کہا کہ ہم تو بڑے اعتماد سے یہی نسخہ استعمال کرتے ہیں، کہنے لگے کہ ایک عرصہ ہم نے بھی یہی نسخہ جو آپ استعمال کرتے ہیں کیا ہے، بڑے کام کی چیز ہے لیکن میرا نسخہ سنو گے تو مان جاؤ گے، کہنے لگے کہ اگر آپ جنگل میں جا رہے ہوں اور آپ کو ہیضہ ہو جائے تو کیا کرو گے میرے پاس اس کا کوئی جواب اس وقت ذہن میں نہیں تھا، ایک دفعہ تو واقعی میں پریشان ہو گیا، کہنے لگے میرا نسخہ ایسے ہی وقت کام آتا ہے، نسخہ یہ ہے۔

زنجبیل، فلفل سیاہ، مگھاں، ہر ایک پچاس گرام، زعفران دس گرام، دار چکنا، سم الفار، رسکپور ڈیڑھ ڈیڑھ ڈیڑھ گرام

سب ادویہ علاوہ سمیات کے پیس لیں اور سمیات کو الگ دو گھنٹے کھرل کر کے ادویہ میں ملا لیں

اور شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں اور بوقت ضرورت ایک گولی پانی کے ایک گھونٹ سے کھالیں، ہیضہ فوراً نو دو گیارہ ہو جائے گا، بات ماننے والی تھی ماننی پڑی۔

افعال: قشری عضلاتی (گرم خشک) شدید ہے، جسم کی گرتی ہوئی حرارت کو فوراً بحال کر کے ہیضے کا قلع قمع کرتا ہے، لیکن یہ بھی یاد رہے کہ سم الفار جیسے نسخے کبھی بھی خالی معدہ نہیں دیتے کہ یہ معدہ کی بافتوں کو ادھیڑ ڈالتے ہیں، لیکن یہ بات میں نے حکیم صاحب سے نہیں کی تھی، کیونکہ ان کے تجربات مجھ سے زیادہ ہوں گے، میں آج تک اپنا ہی نسخہ استعمال کرتا ہوں، اگر ماحول میسر ہو تو اجوائن پودینہ کا قہوہ دیں۔

کڈنی کیئر

از مسٹر لندنؒ

پھٹکڑی سفید، سہاگہ سفید سو سو گرام، کافور تیس گرام

پہلی دونوں ادویہ کو الگ الگ پیس کر ملالیں، اور آب ترب تلخ ایک کلو اس میں اس طریقہ پر جذب کریں، ایک کڑاہی میں دوا ڈال کر آگ روشن کریں جب دوا پھول جائے تو اس پر پچاس گرام کے قریب اندازاً آب ترب دیسی ڈالیں جب یہ جل جائے اور دوا پھر پھول جائے تو پھر اسی طرح کریں، یہی عمل بار بار دہرانے سے سارا آب ترب ختم ہو جائے گا، آخر میں جب دوا نیم سوختہ ہو تو کافور شامل کر کے آگ سے اتارلیں، اب ایک کوزہ گلی مضبوط سا لے کر اس میں سب ادویہ ڈال دیں اس کوزہ میں دوا ڈالنے کے بعد تین حصہ جگہ خالی بچنی چاہیئے، اسے پانچ کلو کی ہوا بند آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر دوا نکال لیں کوزہ پھٹا ہوا ملے گا احتیاط سے دوا نکالیں، پیس کر ایئر ٹائٹ شیشی میں رکھیں، نصف گرام دوا صبح شام کھانے کے بعد پانی سے استعمال کرائیں۔

افعال: گردوں کی سوزش کو اتارنے میں لاثانی دوا ہے، گردوں کے فعل کو درست کر کے

نامرد کو مرد بناتی ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

سی، ایم ممسک
از مصنف

تخم ریحاں 60Gm، دانہ ہیل کلاں 40Gm، مصطگی رومی 20Gm، عقر قرحا، مازو 10Gm

سب ادویہ کو پیس کر ملالیں اور پانچ سو ملی گرام کے کیپسول بھر لیں، بوقت ضرورت ایک کیپسول وقت خاص سے تین گھنٹے پہلے نیم گرم دودھ سے کھلائیں۔

افعال: بغیر کسی نشے کے اعلیٰ درجہ کی ممسک دوا ہے، رقت کے مریضوں کیلئے ضروری ہے کہ پہلے کچھ روز کوئی اچھا سا مغلظ نسخہ استعمال کرلیں، ایک عرصہ سے زیر استعمال ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

سہولت

اس ایڈیشن میں یہ سہولت پیدا کردی گئی ہے کہ ہر نسخہ کے ساتھ اس کا استعمال کس طریقہ سے کریں اور خصوصی طور پر اس کے ساتھ غذائیں کیسی استعمال کرنی چاہئیں جو کہ دوا کی معاونت کرتے ہوئے مزید فائدہ مند ہوجائے اور حضرت انسان کو سکھ حاصل ہوجائے۔

ذیابیطس کا باب

ذیابیطس کے باب میں چند مجربات پیش کرتا ہوں جن میں سے اکثر معمول مطب ہیں اور اپنی اپنی علامات کے لحاظ سے اپنے اپنے مقام پر بہترین کام کرتے ہیں، جن نسخہ جات پر معمول مطب لکھا ہوگا وہ زیر استعمال ہیں اور جن پر یہ نہ لکھا ہو وہ ابھی میں نے بنائے نہیں لیکن دل گواہی دیتا ہے کہ یہ کام کریں گے، ایک تو جن دوستوں کی بدولت یہ نسخہ جات میسر ہوئے وہ مخلص ہیں میرا ذاتی خیال یہ ہے کہ اس سے بڑھ کر اور کیا دلیل ہوگی کہ یہ نسخہ جات کام کریں گے یا نہیں، اس سے پہلے کچھ نسخہ جات اس مرض کے متعلق پچھلے اوراق میں لکھ چکا ہوں وہ اپنے اپنے مقام پر بہترین کام کرتے ہیں، تشخیص مکمل ہونی چاہیے۔

1- پنیر ڈوڈی، کشنیز، پرسیاؤشاں

سب ادویہ برابر وزن پیس لیں اور دو سے تین گرام دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد تازہ پانی سے استعمال کرائیں، مجرب ہے

افعال ومواقع استعمال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، اس دوا کے استعمال کا موقع اس وقت ہے جب مریض کو پیشاب کی کثرت ہو اور رات میں بھی کئی کئی بار اٹھنا پڑتا ہو، تو تیں اس کی جواب دے چکی ہوں، اور اپنے آپ سے مایوس ہو چکا ہو، بھلے انسولین بھی لگ رہی ہو تو اس دوا کے استعمال سے بہت فائدہ ہوتا ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

2- تخم اوٹنگن، تالمکھانہ، سمندر سوکھ برابر وزن، تج سک آدھا وزن مجرب وآزمودہ

سب ادویہ پیس کا ملا لیں اور دو سے تین گرام دن میں کھانے کے ایک گھنٹہ بعد تازہ پانی سے استعمال کرائیں، مجرب ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افعال ومواقع استعمال: مخاطی عضلاتی (سرد خشک) ہے، اس دوا کے استعمال کا موقع اس وقت ہے، جب شروع مرض میں ڈاکٹروں نے ڈایانل پر لگا دیا ہو، کیونکہ جو کچھ ڈایانل کرتی ہے شاید ہی کسی کو معلوم ہو، اکثر لوگ اس کی تباہ کاریوں سے واقف ہیں کہ اس کا مستقل استعمال دل اور گردوں کے امراض بہت جلد پیدا کر دیتا ہے، نیز دماغی امراض بھی اسی دوا کی مرہون منت ہیں، لیکن جو لوگ دوا کو استعمال کر رہے ہیں وہ اگر ہماری یہ دوا استعمال کریں گے تو سب سے پہلے ان کو اس بات کا احساس نہیں ہوگا کہ وہ ڈایانل چھوڑ کر کوئی اور دوا استعمال کرنے لگے ہیں، کیونکہ ہماری اس دوا کو استعمال کرنے سے کسی قسم کی کمزوری کا احساس نہیں ہوتا اور اس کے علاوہ دن بدن ذیابیطس کم سے کم تر ہونے لگتی ہے اور آخر کار ایک دن ٹل ہو کر صحت مند بنا دیتی ہے انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ

اس دوا کے استعمال کرنے کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ ذیابیطس کے مریض کی قوت باہ پھر سے بحال ہونے لگتی ہے، گو جوانی کے مزے تو حاصل نہیں ہوتے لیکن پھر بھی آدمی گاڑی چلانے کے قابل ہو جاتا ہے، اور گھر میں پھر سے قہقہے گونجنے کی صدا آنے لگتی ہے، ایک بات یاد رکھیں کہ شوگر کے مریض کی ہر علامت ٹھیک ہونے میں کم از کم چار گنا وقت لیتی ہے۔

3-ہلدی خام، صمغ عربی

تازہ سبز ہلدی لے کر اسے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ لیں اور خشک کر لیں، اس میں دو حصے گوند ببول افریقہ خالص شامل کر کے پیس لیں، نصف گرام یہ دوا دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد استعمال کریں۔

افعال اور مواقع استعمال: اعصابی قشری اعصابی مخاطی (تر گرم تر سرد) کیفیت کی حامل دوا ہے، اس کو استعمال کرنے کا موقع اس وقت ہے جب مریض کو بلڈ شوگر کے ساتھ ساتھ

بلڈ پریشر کا عارضہ بھی لاحق ہوتو یہ بہترین کام کرتی ہے، یہ علامات مرض کی شروعات میں پائی جاتی ہیں، اس دوا کے استعمال سے اللہ تعالیٰ ﷻ اپنا کرم فرماتا ہے اور شوگر کا عارضہ اکثر ہمیشہ کیلئے دور ہو کر صحت جیسی نعمت حاصل ہو جاتی ہے، کئی مریضوں کی قوت باہ بھی بحال ہو گئی، مجرب اور معمول مطب ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

4- برگ پھلائی، برگ ببول، برگ جامن، برگ شیشم، برگ برگد

سب برابر وزن پیس لیں، دو گرام دوا دن میں تین مرتبہ اسی دوا کے ایک گرام قہوے کے ساتھ بعد از غذا استعمال کرائیں، یہ نسخہ میرے استعمال میں تو ابھی تک نہیں آیا لیکن ہمارے ایک پیر بھائی نے میرے چھوٹے بھائی کے ہاتھ بھیجا ہے اور کہلا بھیجا ہے کہ اس کے دو ماہ کے استعمال کرنے سے بلڈ شوگر ہمیشہ کیلئے ختم ہو جاتی ہے، اور جو شوگر کی وجہ سے جسم سوکھ گیا ہو وہ بھی پھر سے تر و تازہ ہو جاتا ہے، اور یہ پیر بھائی خود بھی مانوالہ میں ایلوپیتھی پریکٹس کرتے ہیں، ان کا کہنا ہے کہ وہ اس نسخہ کی مدد سے سینکڑوں مریضوں کو شفاء سے ہمکنار کر بیٹھے ہیں، میرا خیال ہے کہ اب یقین نہ کرنے گنجائش باقی نہیں رہ جاتی، میں نے اس کے اجزاء منگوا کر رکھے ہیں انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ اب جلد ہی اس دوا کو بناؤں گا، اور پھر اس سے بھرپور فائدہ اٹھاؤں گا اللہ تعالیٰ ﷻ کے فضل و کرم کے ساتھ، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

5- تخم لوکاٹھ، تخم جامن، تخم آم، گڑمار، ہلیلہ سیاہ، مغز تخم نیم، تخم اوٹنگن، کلونجی، تخم گندنا، تخم حنظل پھلی کیکر، گوند کیکر، سب برابر وزن، مجرب و آزمودہ ہے۔

یہ نسخہ استاد محترم کا ہے، اس میں میں نے لاہور کے مزاج یا یہ سمجھ لیں کہ یہاں کے شہریوں کی علامات کو مد نظر رکھتے ہوئے پھلی کیکر، گوند کیکر اور شحم حنظل کا اضافہ کیا ہے، کیونکہ یہ لوگ سارا سارا دن دوکانوں پر بیٹھے رہتے ہیں اور ان میں سے اکثریت قبض کی مریض ہے، رات کا

کھانا بارہ ایک بجے کھانا اور کھاتے ہی لیٹ جانا ان کا معمول ہے اسی طرح اور بھی بہت سی ایسی ہی وجوہات تھیں جن کی وجہ سے اس نسخہ میں ان ادویہ کا برابر وزن اضافہ کرنا پڑا، کبھی اس کے ساتھ چھلکا اسبغول بھی استعمال کرنا پڑتا ہے۔

افعال و مواقع استعمال: اس دوا میں استاد گرامی کا فیض شامل ہے اس لئے اسے آپ جس طرح بھی استعمال کریں گے فائدہ ہی حاصل ہوگا، ہم نے اس سے بہت فائدے حاصل کئے ہیں مجرب و آزمودہ ہے، اس دوا کو بلڈ شوگر اور خالص شوگر دونوں پر استعمال کر سکتے ہیں، دونوں کو یکساں مفید ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

6- تخم کاسنی، 200 گرام، برگ نیم 100 گرام، مغز بادام 100 گرام، فلفل سیاہ 30 گرام، شروع مرض میں استعمال کرنے سے فائدہ ہوگا۔

سب ادویہ پیس لیں اور ایک چائے کا چمچ دن میں تین مرتبہ تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

افعال و مواقع استعمال: اس دوا کو اسوقت استعمال کریں گے جب یہ مرض لگے ہوئے ابھی پانچ چھ برس ہوئے ہوں، اس دوا کے چند ہی روز کے استعمال سے شوگر نارمل ہو جاتی ہے، اس دوا کے استعمال کے دوران تنبیہ یہ ہے کہ دودھ اور دودھ کی بنی ہوئی اشیاء زیادہ استعمال کرائی جائیں اور سیر روزانہ کی جائے، معمول مطب ہے، مجرب و آزمودہ ہے، اس دوا کے ساتھ چار، پانچ اور چھ نمبر غذائیں دیں گے۔

7- صدف صادق پچاس گرام، مغز کنول گٹہ دو سو پچاس گرام، مکھن دو سو پچاس گرام برادہ نقرہ دس گرام

سب سے پہلے صدف کو مغز کنول گٹہ اور مکھن میں رکھ کر بیس کلو کی آگ دیں، اس کے بعد جو ملے اس کے ساتھ برادہ نقرہ کھرل کر کے سات کلو کی آگ دیں، ہلکے سیاہی مائل رنگ میں

کشتہ ہوگا، خوب باریک پیس کرر کھ لیں، (ایک سوپچیس ملی گرام) ایک رتی کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے صبح شام استعمال کرائیں۔

افعال ومواقع استعمال: مخاطی عضلاتی (سرد خشک) ہے، شوگر خالص کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے، شوگر کے عارضے کوختم کر کے قوت مردمی بحال کرتا ہے، شوگر کے مریض کے بلڈ پریشر (قشری عضلاتی) کیلئے مفید ہے، اس کے علاوہ اسے آپ اپنی سمجھ کے مطابق بہت سی امراض میں استعمال کر سکتے ہیں، مثلاً جریان، لیکوریا، رقت، سرعت، خفقان القلب، دمہ قلبی وغیرہ اس دوا کے ساتھ غذائیں سات نمبر سے ایک نمبر تک دیں گے۔

8- چو ہنگاں کلو، کچور، چاکسو ہر ایک ڈھائی سو گرام

سب ادویہ پیس کر رکھ لیں ایک چائے کا چمچ صبح شام کھانے کے درمیان کھلائیں، ایک ہفتے کے استعمال کے بعد شوگر چیک کرالیں، آپ یقیناً خوش ہوں گے، جب شوگر نل ہو جائے اس کے بعد بھی ایک ماہ استعمال ضرور کریں کہ دوبارہ یہ مرض لاحق نہ ہو، یہ نسخہ شوگر خالص کیلئے ہے یا بلڈ شوگر میں اس وقت استعمال کر سکتے ہیں جب خون سے بڑھ کر پیشاب میں بھی شوگر آنے لگے اور نہایت کمزوری محسوس ہوتی ہو، اس دوا کے ساتھ غذائیں سات نمبر سے ایک نمبر تک دیں گے۔

9- شوگر فری آٹا — از حکیم شفقت حیات

گندم، جو، چنے، پانچ پانچ کلو، باجرہ تین کلو، مکئی دو کلو، ثمر جامن خشک کلو، برگ نیم سو گرام سب چیزوں کو پسوالیں اور دن میں تین مرتبہ اس کی روٹی پکوا کر کھائیں، اگر کولیسٹرول زیادہ نہ ہو تو مکھن سے چپڑ کر کھائیں، صبح باجماعت نماز پڑھ کر کم از کم تین کلومیٹر روزانہ سیر کریں انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ آرام آجائے گا، اس دوا کے ساتھ غذائیں سات نمبر سے ایک نمبر تک دیں گے۔

کف سیرپ نمبر-2-برگ بانسہ، ملٹھی، ہرایک ڈھائی سو گرام، سپستاں سو گرام،
بنفشہ، بہی دانہ، خطمی، خبازی ہرایک پچاس گرام
سب ادویہ جوکوب کر کے تین کلو پانی ڈال کر ایک جوش دیں رات پڑا رہنے دیں صبح مل چھان
کر چار کلو چینی ڈال کر شربت کے قوام پر اتار لیں، دس گرام شربت تازہ یا نیم گرم پانی میں
ڈال کر پلائیں۔
افعال: اعصابی غدی (تر گرم) ہے، کھانسی ہمہ اقسام کیلئے مفید ہے، گلے کی خراش کو مفید ہے۔

مجربات شاکر

حصہ دوم

حکیم وڈاکٹر پروفیسر محمد اشرف شاکر

ابتدائیہ

اللہ تعالیٰ ﷻ کے پاک نام سے شروع کرتا ہوں جو نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے

جتنی محنت اور لگن سے میں نے اس کتاب کا حصہ اول لکھا ہے کچھ میں ہی جانتا ہوں، اسی طرح پوری ایمانداری سے کوشش کروں گا کہ حصہ دوم بھی آپ کے معیار پر پورا اتر سکے، جیسا کہ حصہ اول کے شروع میں ہی آپ پر واضح کر دیا تھا کہ حصہ اول میں وہ نسخہ جات ہوں گے جو ہمارے مطب پر چلتے ہیں اور ہم انہی سے علاج کرتے ہیں، اور حصہ دوم میں وہ نسخہ جات لکھوں گا جو میرے دوستوں اور ملنے والے حکماء حضرات کے معمول و مجربات ہیں، اب حصہ سوم اور چہارم و پنجم بھی لکھا جا چکا اس میں میرے اور دوست احباب کے معمول مطب نسخہ جات ہیں، اللہ تعالیٰ ﷻ کے فضل و کرم سے اب اس کتاب کا چوتھا اصلاح و اضافہ شدہ ایڈیشن آپ کے ہاتھوں میں ہے اور اس میں حصہ پنجم لکھا گیا ہے اس میں وہ نسخہ جات ہیں جو میرے اور دوست احباب کے نئے تخلیق ہوئے۔

حصہ اول کے لکھنے میں اکثر اوقات دوستوں کے رویے سے مایوس بھی ہونا پڑتا تھا، جتنی کٹھنائیوں سے مجھے یہ حصہ لکھنے کیلئے گذرنا پڑا ہے کچھ میں ہی جانتا ہوں، لیکن اللہ تعالیٰ ﷻ کی اس دنیا میں ہر طرح کے لوگ بستے ہیں، اچھے برے بھی، اللہ تعالیٰ ﷻ کی قدرت کہ جب بھی میں مایوس ہو کر اس حصہ کو لکھنے کا ارادہ کینسل کرتا کوئی نہ کوئی اللہ تعالیٰ ﷻ کا بندہ یہ ثابت کرنے آجاتا کہ ابھی دنیا اچھے لوگوں سے خالی نہیں ہوئی ہے، طوالت کے خوف سے زیادہ تفصیل نہیں لکھوں گا لیکن پھر بھی دو چار باتیں عرض کرتا چلوں، ایک حکیم صاحب کے پاس اسی غرض سے حاضر ہوا کہ مجربات لکھنے کا ارادہ ہے کیا آپ اپنی عاقبت کیلئے اپنے خاص الخاص نسخہ جات صدقہ جاریہ کریں گے تا کہ جو عام ٹرینڈ بنا ہوا ہے کہ حکیم کسی کو کچھ بتاتے نہیں ایک تو یہ ختم ہو جائیگا دوسرے نظریہ مفرد اعضاء اربعہ ترقی کے اتنے منازل طے کر

جائے کہ لوگ جو طب کی طرف سے مایوس ہو چکے ہیں پھر سے طب کی طرف راغب ہوں اور یوں لمحہ لمحہ دم توڑتی ہوئی طب پھر سے زندہ ہو جائے، یہ صرف اسی صورت میں ہو سکتا ہے جب طبیب کچھ کر کے دکھائیں، گو نظریہ مفرد اعضا ایک ایسا مکمل طریقہ علاج ہے جس کے قوانین کی روشنی میں مجربات کی قطعاً کوئی حیثیت نہیں ہے، لیکن ہر طبیب کے کچھ نہ کچھ ذاتی نوعیت کے تجربات ضرور ہوتے ہیں جن کی مدد سے وہ اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بڑے فخر سے خود ہی اٹھائے کھڑا ہوتا ہے، میں نے سوچا کہ اگر ایسے کچھ اطباء کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کر دوں تو مجھے قوی امید ہے کہ نتیجہ اچھا ہی نکلے گا۔

میرے اتنی تقریر کرنے کے نتیجے میں وہ صاحب فرمانے لگے کہ ہمارے پاس کیا ہے ہم تو پہلے ہی آپ کے نسخہ جات کو سہارا بنا کر کام کر رہے ہیں، میں نے پھر کوئی بات نہیں کی خاموشی سے اٹھ کر چلا آیا، حالانکہ ہر ایک کے پاس کچھ نہ کچھ ضرور ہوتا ہے، خیر اللہ تعالیٰ ﷻ مسبب الاسباب ہے، دل میں سوچا کہ مایوس ہونے سے کوئی فائدہ نہیں، تم تو ایک مشن لے کر اس پر عمل کرنے کی کوشش کر رہے ہو، اس کی راہ میں طرح طرح کی رکاوٹیں کھڑی ہوں گی گھبرانا نہیں چاہیئے، اللہ تعالیٰ ﷻ کوئی نہ کوئی سبب بنا دے گا، میرا یقین کامل تھا اس نے سبب بنا دیا، جس پر میں اس کا لاکھوں کروڑوں بار شکر ادا کرتا ہوں، قصہ یوں ہے کہ میں ایک اپنے اور دوست حکیم صاحب کے پاس اسی غرض سے گیا اور اپنا مدعا بیان کیا، انہوں نے جھٹ سے اپنی قلمی بیاض نکالی اور میرے حوالے کر دی، میں تو صاحب قدرت کی کاریگری پہ حیران رہ گیا کہ اس نے کیسی کیسی تصویریں بنائی ہیں، حکیم صاحب کہنے لگے اس میں سے آپ کو جو چاہیئے مجھے بتائیں اگر سمجھ میں آ جائے تو ٹھیک ہے ورنہ میں سمجھا دیتا ہوں، بڑا دل خوش ہوا اور دل میں اللہ تعالیٰ ﷻ کے حضور شکرانہ ادا کیا، پہلے سب غم بھول گئے، ایک نئی امنگ دل میں پیدا ہو گئی اور وہ پلندا اٹھا کر گھر لے آیا، وہ سارے کا سارا اگر لکھنے بیٹھوں تو اس

کیلئے بہت سے صفحات درکار ہوں گے، لہٰذا ان حکیم صاحب کے مشورہ سے وہی نسخہ جات درج کروں گا جو ان کے مطب کی جان سمجھے جاتے ہیں، ان حکیم صاحب کا اللہ تعالیٰ ﷻ بھلا کرے اس جگہ ان کا نام نہیں لکھوں گا، کسی دوسری جگہ ضرور لکھوں گا، بعض لوگ بڑے مخلص اور بعض بڑے کم ظرف ہوتے ہیں، دنیا تو مختلف رنگوں کا آمیزہ ہے نا۔

ان نسخہ جات میں جن دوستوں نے اپنی جان کیلئے صدقہ ءجاریہ کرنے کی مکمل سعی کی ان کیلئے دعا گو ہوں کہ اللہ پاک ﷻ انہیں اپنے علاوہ کسی کا محتاج نہ کرے، اور ان کے صدقہؑ جاریہ کو اپنی بارگاہ میں اپنی شان کے مطابق اپنے پیارے محبوب ﷺ کے صدقے قبول و منظور فرمائے اور رہتی سانس تک انہیں کوئی تکلیف نہ ہو، اور اپنے خزانے سے اجر عظیم عطا فرمائے آمین

حضرت علامہ اقبالؒ نے شاید کسی ایسے ہی موقع پر کہا ہو گا کہ

؎ عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ ناری ہے نہ نوری ہے

ایک دوسری جگہ علامہ صاحبؒ لکھتے ہیں

؎ درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ اطاعت کیلئے کم نہ تھے کروبیاں

میں کوئی پیر یا ولی نہیں کہ جن لوگوں نے میری دل آزاری کی ان کو کوسنے بیٹھ جاؤں یا انہیں بد دعائیں دینے بیٹھ جاؤں، میری کیا ہستی کہ میں ایسی باتوں کا گمان بھی کروں میں تو پتہ نہیں کسی کی خاک پاء جیسا بھی ہوں کہ نہیں، بس دل میں ایک گلہ سا آجاتا ہے کہ دیکھو جن کو ہم دیوتا، مسیحا، قوم کا معمار یا شاید کیا کیا سمجھتے رہے وہ کیا نکلے، ورنہ ہم کیا کر سکتے ہیں۔

انسان کو ہمیشہ دوسروں کی بھلائی کی سوچ رکھنی چاہیئے، جو ایسا سوچتا ہے اللہ تعالیٰ ﷻ

اس کے لئے آسانیاں فرما دیتا ہے، وہ کسی کا قرض نہیں رکھتا، موقع پر ہی ادا کر دیتا ہے۔

اور رزق تو اس کے ذمے ہے جس نے پیدا کیا، پھر ایسی گھٹیا سوچ کیوں رکھیں، کیا اپنے رزق کو تو اپنی کوشش سے حاصل کرتا ہے؟ اگر تیری یہ سوچ ہے تو اب بھی وقت ہے اسے بدل ڈال، کیونکہ تیرے رزق کا ذمہ دار تو وہ خود ہے جس نے تجھے اور تیرے آباؤ اجداد کو پیدا کیا، اس نے تو تیرا رزق جب تو شکم مادر میں تھا تب ہی لکھ دیا تھا یہی نہیں بلکہ تیرا جینا مرنا، تیری غمی خوشی، تیری بیماری وصحت، تیری شادی کہاں ہونی ہے، تیرے بچے کتنے ہوں گے، یہ سب تو اس نے پہلے سے ہی لکھ رکھا ہے، اس مین نہ تو کمی ہو سکتی ہے اور نہ ہی زیادہ، یہ تو اسی صورت میں ہو سکتا ہے کہ جب کاتب تقدیر چاہے۔

از مصنف

حکیم و ڈاکٹر محمد اشرف شاکر

فاضل طب و جراحت

ڈاکٹر آف ہومیو میڈیسنز سسٹم

فاضل طب سمپل آرگینو پیتھی

ماہر علاج بالغذا

حکیم محمد عبداللہ اعوان

جب میں نے ماہانہ اجلاس میں مجربات شائع کرکے لکھنے کا اعلان کیا تو دوستوں نے اس کا خیر مقدم کیا، اور اپنے اپنے مجربات بھیجنے کا وعدہ کیا، تو اس وعدے کو ایفا کرنے میں حکیم محمد عبداللہ اعوان صاحب بازی لے گئے، انہوں نے اپنے مجربات سب سے پہلے مجھے پہنچائے، اللہ تعالیٰ ﷻ ان کی اس سعی کو اپنی بارگاہ میں حضور کریم ﷺ کے صدقے قبول و منظور فرمائے اور ان کو دونوں جہانوں میں جزاء خیر عطا فرمائے......آمین

حکیم صاحب ریڈیو پاکستان سے منسلک رہے ہیں اور فن طب سے بہت محبت کرتے ہیں، خاص طور پر نظریہ مفرد اعضاء کے تو شیدائی ہیں، اللہ تعالیٰ ﷻ ان کے آتش شوق کو اور ہوا دے اور کامیاب کرے آمین......حکیم محمد عبداللہ خان اعوان نظام آباد کالونی لاہور

0336-4852768

میں نے حکیم صاحب کا نمبر تو لکھ دیا ہے لیکن اخلاقی تقاضا ہے کہ کسی کو بلاوجہ اور بغیر اجازت لئے تنگ نہ کیا جائے، میرے خیال میں نماز عصر کے بعد کا وقت درست ہے کہ اس وقت سب فارغ ہوتے ہیں اور یہ سونے کا ٹائم بھی نہیں ہے۔

نسخہ: پھٹکڑی سو گرام، شمع (افیون) خالص تین گرام

دونوں ادویہ کو پیس لیں اور توے پر رکھ کر نیچے ہلکی ہلکی آگ جلائیں، جب کھیل ہو جائے پیس کر نگاہ رکھیں۔۔اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

فوائد: کثیر الفوائد ہے تجربہ شدہ ہے، مزاج اس کا عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے۔

1: بہترین منجن ہے، بوء دہن، صفراوی خراش گلو، پائیوریا کیلئے انگلی سے منہ میں لگائیں بیس

منٹ کے بعد کلی کریں، یا برش کریں، ایک دفعہ استعمال سے ہفتہ بھر منہ سے بو نہیں آئے گی۔

2: سوزاک کیلئے بھروسہ کی دوا ہے، نصف گرام صبح شام دودھ کی لسی سے دیں۔

3: ملیریا بخار میں کونین سے بہتر ہے، باری کے بخار میں دو گھنٹہ قبل پانی سے دیں۔

4: اسہال و پیچس کیلئے ایک گرام سے دو گرام، شربت انجبار سے دیں۔

5: کثرت جریان، احتلام، سرعت انزال، خاص کر لیکوریا میں مفید و مجرب ہے، ایک گرام صبح شام کھانے کے بعد دودھ یا لسی سے دیں۔

6: قرحہ کیلئے شی اور ہلدی (برابر) لاجواب علاج ہے، روغن زیتون خالص کے ساتھ ایک گرام، تین مرتبہ دن میں استعمال کرائیں۔

7: تریاق جملہ امراض چشم ہے، سو گرام عرق گلاب لے کر اس میں تین گرام ملا کر رکھیں اور آنکھوں کو اس لوشن سے دھوئیں، برسوں خراب نہیں ہوتیں، اگر دوا میں کبھی جالا پڑ جائے تو کپڑے سے چھان لیں، ککرے، جالا، فوراً ختم ہو جاتا ہے، آنکھوں کو ٹھنڈک مہیا کرتی ہے۔

8: حابس الدم ہے، زخموں پر ڈالنے سے نہ رکنے والا خون بھی بند ہو جاتا ہے۔

اپنڈے سائیٹس: قلمی شورہ، فلفل سیاہ بیس بیس گرام

دونوں ادویہ کو پیس کر آگ پر رکھیں جب ادویہ جل جائیں اتار لیں، پیس کر محفوظ کر لیں، ایک گرام دوا تازہ پانی سے ہر پانچ منٹ بعد دیں، ریاح کا اخراج اور پیشاب جاری ہوگا اور درد میں کمی آنا شروع ہو جائے گی، درد میں کمی کی صورت میں دوا کا وقفہ بڑھاتے جائیں، درد ٹھیک ہونے کے بعد بھی دو چار روز دوا کھلا دیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

فوائد: اپنڈکس کا عجیب علاج ہے، اس کے علاوہ ریح البواسیر، پیٹ کی ریح، ضعف ہضم اور ناف ٹلنے کو مفید ہے، مزاج کے اعتبار سے قشری اعصابی (گرم تر) ہے۔

مدر بول: قلمی شورہ، پوست بندق ہندی سوسو گرام

قلمی شورہ کو کڑاہی میں رکھ کر نیچے آگ روشن کریں، جب شورہ پگھل جائے تو پوست بندق کی چٹکی دیتے رہیں، جب جلنے لگے تو اتار لیں اور پیس کر رکھ لیں، نصف گرام دن میں تین مرتبہ پانی یا شربت بزوری بارد سے کھانے کے بعد دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

فوائد: اس دوا سے بڑھے ہوئے غدود تحلیل ہو جاتے ہیں اور بند پیشاب کھل کر آپریشن سے نجات مل جاتی ہے، اس کے علاوہ یہ دوا آلات بول کی سوزش اتارنے کی اعلیٰ دوا ہے، پیشاب کی جلن، پیشاب کی کمی کو دور کرتی ہے، اعصابی قشری اعصابی ہے۔

مضیق: مائیں، مازو، کتھ، (برابر وزن)

برابر وزن باریک پاؤڈر کر کے رکھ لیں، بوقت ضرورت لعاب دہن میں دورتی (ڈھائی سو ملی گرام) حل کر کے عورت کے اعضاء پوشیدہ میں لگائیں، صرف دو منٹ کا وقفہ دیں، عورت واقعی باکرہ سے بھی زیادہ.......... ہو جاتی ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

بام لاجواب: سہاگہ سفید بریاں پچاس گرام، کافور بیس گرام، ویزلین سفید عمدہ سو گرام

اول الذکر دونوں ادویہ پیس کر ویزلین میں ملا لیں، تیار ہے۔

فوائد: سینکڑوں بار کی مجرب و آزمودہ ہے

1: خارش کی ہر قسم میں مفید ہے، مقام ماؤف پر ہلکی ہلکی مالش کردیں صبح نہالیں۔

2: فٹ راٹ، یا پاؤں کی انگلیاں گل جانا، ایک یا حد دو بار لگانا کافی ہے۔

3: نزلہ، زکام، دردسر، پیشانی اور ناک پر لگائیں، اور سونگھائیں۔

4: جلے ہوئے پر، زخم پر لگائیں فوراً سکون ہوگا۔

5: جسم کی بیرونی درد کی جگہ مالش کریں۔

6: سوجن کے مقام پر لگانے سے اسے تحلیل کرتی ہے۔

7: مچھروں کو بھگاتی ہے۔

مرہم اکسیر: کمیلہ، اکیس بار دھلا ہوا مکھن برابر وزن ملالیں تیار ہے، زخموں پر لگانے سے جلد بھر جاتے ہیں۔

جریان کیلئے: کشتہ قلعی در بھنگ، دارچینی، مصطگی، (برابر وزن)

سب ادویہ باریک سفوف کر کے رکھ لیں، دو رتی (ڈھائی سو ملی گرام) دوا مکھن سے صبح شام کھلائیں، جریان کیلئے نہایت اعلیٰ دوا ہے، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

شنگرف اکسیری: شنگرف دس گرام کی ڈلی پر نصف گرام شمع پانی میں ملا کر لیپ کریں، اس کے بعد اس کے اوپر ڈھائی سو گرام ملکنگنی کا سفوف لیپ کریں، خشک ہونے پر کڑاہی میں رکھ کر اس کے اوپر ایک کوئلہ رکھ دیں، ہوا سے بچائیں، جب سب کچھ جل جائے، شنگرف کی ڈلی کشتہ شدہ پیس لیں اور ایک چاول مکھن سے صبح شام کھانے سے پہلے کھلائیں، دودھ گھی خوب کھلائیں، صرف سات روز کافی ہے، قوت باہ کیلئے واقعی اکسیر ہے

لیکن صفراوی مریض کے موافق نہیں، سوچ سمجھ کر استعمال کرائیں۔

نرینہ: ڈھاک کے پتوں کا سفوف دس گرام صبح شام میاں بیوی دونوں دودھ سے استعمال کریں، ایک ماہ ملاپ سے پرہیز رکھیں، اس کے بعد ایام سے فارغ ہوتے ہی ملاپ کریں انشاءاللہ تعالیٰ ﷻ بیٹا پیدا ہوگا، تاہم عورت مزید دو ماہ اور استعمال کرے، حمل گرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، مجرب و آزمودہ ہے، اس دوا کے ساتھ چھ تا ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

برائے نتوء الرحم: ڈھاک کے درخت پر اپریل کے ماہ میں گندلیں مثل سرسوں کے آتی ہیں، ان کا سفوف سو گرام، گلقند بیس گرام، مصری سو گرام
سب کچھ پیس کر رکھ لیں معجون سی بن جائے گی، چھ گرام صبح شام دودھ سے کھلائیں، غذا مخاطی عضلاتی سے لے کر عضلاتی مخاطی تک ہی دیں۔

فوائد: خروج رحم کا مکمل علاج ہے، لیکوریا اور جریان کا خاتمہ کرتی ہے، کمر اور گردوں کو مضبوط کرتی ہے، جسم میں خوشبو پیدا کرتی ہے، اعلیٰ درجہ کی مضیق ہے۔

اکسیر اطفال: ایک چمچ شہد میں تین عدد کالی مرچ پیس کر ملا لیں اور بچے کو چٹائیں، تھوڑی ہی دیر بعد بچہ دودھ یا پانی کا طلبگار ہوگا، پانچ منٹ بعد بچے کو نیم گرم دودھ پلائیں، اب بچے کو ایک منٹ کیلئے لٹا دیں، اور پھر سیدھا بٹھا دیں، بچہ فوراً قے کر دے گا تمام ریشہ بلغم قے کے ذریعے خارج ہوگا اور بچے کا سانس جو بلغم کی وجہ سے خراب تھا وہ بحال ہو جائے گا، بچہ خوش و خرم ہو جائے گا،.......................بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔

بجلی نسوار: گیرو نوے گرام، پوٹاشیم پرمینگنیٹ دس گرام

دونوں ادویہ کو باریک سفوف کر کے آپس میں ملالیں، اور ایک ایئر ٹائٹ شیشی میں سنبھال کر رکھیں، اس دوران، اس دوا کے ساتھ پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

فوائد: بوقت ضرورت شیشی میں دو انگلیاں گھسیڑ کر دوا سے آمیز کریں، ایک انگلی ایک طرف کے نتھنے میں داخل کریں، دوسری دوسرے نتھنے میں داخل کریں، سانس اندر کی طرف کھینچیں، خوب چھینکیں آنا شروع ہو جائیں گی، اور دماغ کا فاسد مادہ نکال کر دماغ کو بالکل ہلکا پھلکا کر دے گا۔

کشتہ سم الفار: سم الفار دس گرام بڑھیا قسم لیں، اور برگ مدار تازہ جن میں دودھ ہو دس کلو لے کر کوفتہ بیختہ کر کے کسی گھڑے میں سم الفار کی ڈلی کو فرش ولحاف کر کے چوبیس گھنٹے دو چوبی آگ جلائیں، جب پتے جل کر خاکستر ہو جائیں گے تو سم الفار کی ڈلی مکئی کے دانے کی طرح شگفتہ ملے گی۔

فوائد: ایک چاول، پچاس گرام مکھن کے ساتھ ایک ٹائم دیں دوسرے ٹائم کوئی بہترین مغلظ استعمال کرائیں ساتھ ساتھ دودھ گھی خوب کھلائیں، ایک ہفتے میں گیا گزرا بھی مرد ہو جائے گا، اس دوا کے ساتھ چار اور دو نمبر غذائیں دیں گے۔

کشتہ ورقیہ باوزن: ہڑتال ورقیہ چترالی پچاس گرام کی ڈلی، اگر ڈلی نہ ملے تو اس کا چورا لے کر پانی کی مدد سے ٹکیا بنالیں، خشک کر کے ایک گھڑے میں ڈھائی کلو گودہ گھیکوار رکھ کر اوپر ٹکیا یا ڈلی مذکورہ رکھ کر ڈھائی کلو گودہ گھیکوار مزید اس کے اوپر اچھی طرح سے ڈھک دیں، گھڑے کا منہ مضبوطی سے بند کریں، اور ایک گڑھا کھود کر اس میں بیس کلو کی آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں اور پیس کر محفوظ رکھیں، ایک چاول سے دو چاول تک مکھن یا بالائی

سے صبح شام خلوئے معدہ دیں۔

فوائد: سردی کے بخاروں یا ان بخاروں کو مفید ہے جو کسی دوا سے نہ اترتے ہوں، اس کے علاوہ قوت باہ میں بھی کام کرتی ہے، کب؟ جب کہ پہلے مخلظات کا استعمال کر لیا گیا ہو کیونکہ یہ بہر حال قشری تحریک کا حامل ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور نمبر غذائیں دیں گے۔

اکسیر ملیریا: گلو کی رسی ایک فٹ، نمک لاہوری تین رتی، اجوائن دیسی دو گرام سب ادویہ کو ایک کپ پانی میں ابال کر رگڑیں اور مریض کو پلا دیں، پندرہ منٹ میں ملیریا دور ہو جائے گا، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

رسولی رحم: کشتہ بارہ سنگا سالن میں ایک چٹکی بھر ڈال کر روزانہ کھلائیں، آپریشن سے مکمل نجات مکمل علاج ہے اور زبردست تجربہ شدہ ہے، یہ صرف فائبرائیڈ رسولی (عضلاتی) کیلئے ہے، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

نمونیہ: نمونیہ میں کشتہ بارہ سنگا ایک سے چار چاول اجوائن اور پودینے کے قہوہ سے دیں، کشتہ شیر مدار سے بنایا گیا ہو، یہ تریاق مار (سانپ کے زہر کا تریاق) بھی ہے، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

خناق: خناق کیلئے سفوف بندق ہندی سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں، ایک گرام دوا، پانی میں ابال لیں اور اس کے حلق تک غرارے کرائیں، بعد میں گرم گرم حلوہ دیسی گھی ڈال کر کھلائیں، اس دوا کے ساتھ پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

قرحہ: قرحہ کیلئے سفوف ہلدی ایک چائے والا چمچ بھر کر صبح شام پانی سے کھلائیں ایک ہفتے

میں قرحہ نیست و نابود ہو جائے گا، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

مثل نور: موسم کے مطابق بھنگرہ کی جڑ نکالیں، اور فوراً پانی سے جڑوں کو دھو ڈالیں، جو جڑیں زمین کے اندر ہوتی ہیں انہیں کاٹ کر کسی کھرل میں رگڑیں، کھرل کے علاوہ اور کچھ نہیں ہونا چاہیئے، کسی موٹی ململ کے کپڑے سے نچوڑ لیں، اس حاصل شدہ پانی کو روزانہ کچھ دیر کھرل کرتے رہیں، تاکہ تعفن پیدا نہ ہو کچھ روز بعد یہ پانی گاڑھا ہونا شروع ہو جائے گا، جب گولی بنانے لائق ہو جائے تو سرمچو کی شکل کے لمبے لمبے شیاف سے بنالیں، اس کو اب آنکھ میں سلائی کی طرح لگایا کریں، اس کے استعمال سے نگاہ تیز ہو جاتی ہے، اس سلائی کے لگانے سے پہلے جو لفظ دھندلا نظر آرہا تھا اب بالکل صاف نظر آنے لگے گا، ایک دفعہ کے استعمال سے ہفتہ بھر آنکھ تازہ رہتی ہے، بنائیں اور فائدہ حاصل کریں، ایک دفعہ کا بنایا ہوا مدتوں خراب نہیں ہوتا، موتیا، دھند، جالا، ککرہ اور ضعف بصارت کیلئے تریاق ہے، خادم کی اپنی تخلیق ہے، سلائی استعمال کے بعد پھینکنی نہیں، یہ ختم ہونے تک استعمال ہوگی۔

حکیم قاری محمد اشرف فاروقی

حکیم صاحب ٹاؤن شپ میں الفرقان دوا خانہ اور پنسار سٹور کے انچارج تھے اب لیہ چلے گئے ہیں، آپ کو علم طب سیکھنے کا بہت شوق ہے، اسی سلسلے میں مجھ سے ملاقات ہوئی، اور اپنی طلب کا اظہار کیا، آپ کو معلوم ہوگا کہ ہم تو علم طب کے خادم ہیں، کیا جواب ہو سکتا تھا، کہ ہم ہر طرح سے حاضر ہیں بھائی جب بھی آپ کا دل چاہے آ جایا کریں، جو کچھ آتا ہوگا ضرور بتائیں گے، سو حکیم صاحب نے ہمیں خدمت کا موقع دیا ان کا شکریہ۔

کتاب لکھنے کے سلسلے میں بات ہوئی تو بڑے جوش اور جذبے سے اپنے مجربات آپ دوستوں کی نظر کیئے، ان کا کہنا ہے کہ یہ مجربات ان کے مطب کی جان ہیں جو انہوں نے

طب کی خدمت کیلئے آپ دوستوں کی خدمت میں پیش کئے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے علم میں اضافہ کرے، ان کے حصول علم طب کے شوق میں اضافہ کرے اور کامیاب کرے، اور ان کے اس صدقہ جاریہ کو اپنی بارگاہ میں اپنی شان کے مطابق حضور کریم ﷺ کے قدمین شریفین کے صدقے سے قبول و منظور فرمائے، رہتی دنیا تک عوام کو ان سے فیض یاب ہونیکی توفیق عطا فرمائے...............آمین

حکیم محمد اشرف فاروقی انچارج الفرقان دواخانہ اینڈ پنسار سٹور عمر چوک بازار ٹاؤن شپ لاہور

سیلان بند: بل کتھ، بداری قند، آملہ، پھلی ببول خام

سب ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں، تین گرام صبح شام خلوئے معدہ دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

فوائد: جریان، لیکوریا، اسہال، پیچس، کو مفید و مجرب ہے، معمول مطب ہے، اگر فی خوراک ایک رتی (ایک سو پچیس ملی گرام) کشتہ قلعی یا کشتہ اربعہ دھاتہ شامل کر دیا جائے تو سونے پہ سہاگہ ہوگا، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

برائے ضیق النفس: پھٹکڑی سرخ دس گرام، شمع (افیون) تین گرام

پھٹکڑی کو کسی کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب پگھل جائے تو اس میں شمع ڈال دیں، سب کچھ اچھی طرح بریاں ہونے دیں، جب ادویہ بریاں ہو جائیں آگ سے اتار لیں، باریک پیس کر رکھیں، ایک رتی (ایک سو پچیس گرام) ہمراہ آب نیم گرم یا چائے کے ساتھ دن میں تین مرتبہ استعمال کرائیں۔

فوائد: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، صرف پانی جیسی پتلی بلغم (Transparent)

کوخشک کرکے دمے سے نجات کا باعث بنتی ہے،فوری اثر ہے،گاڑھی بلغم میں نہ دیں، دمہ قلبی میں اسے 67 تین گرام کے ساتھ دیں،اس دوا کے ساتھ ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

حبوب کرشمہ: بیش مدبر،فلفل سیاہ،فلفل دراز،آب ادرک،اول الذکر تینوں ادویہ باریک پیس لیں اور آب ادرک مقطر میں کھرل کرنا شروع کریں،جب دوا کا قوام گولی باندھنے کے لائق ہوجائے تو فلفلی گولیاں بنالیں،ایک سے دو گولی نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں،اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

فوائد: قشری اعصابی (گرم تر) ہے،نزلہ،زکام،سر درد اور جسمانی دردوں کو بہت ہی مفید ومئوثر ہے،معمول مطب ہے۔

سلفا گروپ:1

گندھک آملہ سار مصفیٰ،ہلیلہ سیاہ بریاں،پوست آملہ،شب یمانی بریاں

سب ادویہ کا باریک سفوف کرلیں ایک گرام دن میں تین مرتبہ تازہ پانی سے استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ آٹھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

فوائد: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے،پیچس،اسہال،جریان،لیکوریا،نزلہ،زکام، اور دیگر تمام اعصابی عوارض کیلئے مفید ومجرب ہے۔

سلفا گروپ:3: ست ملٹھی،گندھک مصفیٰ،سہاگہ سفید خام،ہلدی بریاں

ہلدی کو ریت میں بھون لیں سب ادویہ برابر وزن پیس کررکھ لیں اور دو سے تین گرام کھانے کے بعد پانی یا دودھ سے تین مرتبہ دن میں دیں۔

فوائد: قشری اور عضلاتی علامات کیلئے اعلیٰ درجے کی دوا ہے، کھانسی اور گلے کی خراش کیلئے ایک عرصہ سے معمول مطب ہے، مجرب و آزمودہ ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

مغلّظ شاھی: بہمن سفید، بہمن سرخ، موصلی سفید انڈیا، ثعلب مصری، ثعلب دانہ، ثعلب پنجہ

سب ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں، تین سے چھ گرام صبح شام نیم گرم دودھ سے استعمال کرائیں، معمول مطب ہے، بارہا کا مجرب و آزمودہ ہے۔

فوائد: مخاطی اعصابی (سردتر) ہے، مادہ منویہ کی حدت کو ختم کر کے کرم منی باافراط پیدا ہونے لگتے ہیں، اور فرد اولاد پیدا کرنے کے قابل ہو جاتا ہے، رقت سرعت کا خاتمہ ہو کر امساک طبعی پیدا ہو جاتا ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

مدرحیض مقوّی: ست مصبّر، افسنتین، زراوند مدحرج، زعفران، تین تین گرام، سرخ پھٹکڑی دو گرام

سب ادویہ پیس کر شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں، ایک سے دو گولی رات کو گرم دودھ سے دیں، تین خوراک سے ہی کام ہو جاتا ہے، مجرب و آزمودہ ہے۔

فوائد: برسوں کا رکا ہوا حیض کھل جاتا ہے، اور عورت اس قابل ہو جاتی ہے کہ بچہ پیدا کر سکے، اس کے علاوہ حیض کے بند ہونے کی وجہ سے باقی پیدا شدہ عوارض بھی دور ہو کر صحت کامل ہو جاتی ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

اس سے پہلے بھی میں نے آپ کی خدمت میں ایک عرض پیش کی تھی،شاید آپ کو یاد ہو کہ نہ ہولیکن پھر سے یاد کرانا اپنا فرض سمجھتا ہوں، کہ حیض جاری کرنے کی دوا بلا وجہ یا چند روپوں کے لالچ میں ہرگز نہ دیں، بچہ ضائع کرنا قتل کرنے کے برابر ہے، چند روپوں کے لالچ میں آپ بھی اس قتل میں برابر کے شریک ہوں گے،اور گناہ بھی دونوں پارٹیوں کو برابر کا ہوگا،اس لئے پھر سے نصیحت کرتا ہوں کہ اس چند روزہ زندگی میں جو بھی ہو سکے نیکی کے کام کرو، یہ چند روزہ زندگی پانی کے ایک بلبلے کی طرح ختم ہو جائے گی اور پیچھے کوئی نام بھی نہیں لے گا،لواحقین صرف رسم پوری کرنے کیلئے ایک آدھ چھٹی کر لیں گے، چنے بانٹ دیں گے اور کیا کریں گے،آپ کی کمائی ہوئی دولت پر عیش کریں گے،اس لئے نوٹوں کے لالچ میں آ کر یہ دوا بلا وجہ کسی کو نہیں دینی اگر دیں گے تو آپ اکیلے ہی اس جرم کے کرتا دھرتا ہوں گے میں نہیں، یہ نسخہ حکیم صاحب نے تو بھیج دیا لیکن میرے لئے یہ امتحان کا وقت تھا کہ اسکو لکھوں یا گول کر جاؤں ،لیکن لکھ اس لئے دیا کہ شاید حضور کریم ﷺ کی امت میں سے کسی کی جان بچانے کا سبب بن جائے ،اور صاحب نسخہ کو اور ہمیں ثواب حاصل ہو جائے،اب فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔

اکسیر بخار: پھٹکڑی سرخ،نمک سیاہ سوسو گرام،کافور دس گرام

تینوں ادویہ کو جوکوب کر کے شیر مدار میں لت پت کر کے ایک کوزہ گلی میں گل حکمت کریں اور ہوا سے بچا کر دس کلو کی آگ دیں، کشتہ ہونے پر گل سرخ اور گیرو دس دس گرام پیس کر ملا لیں،دورتی (ڈھائی سوملی گرام) تین مرتبہ دن میں تازہ پانی سے دیں۔

فوائد: ہر قسم کے موسمی بخاروں کیلئے اکسیر ہے،اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

تصدیق: یہ نسخہ ٹھیک ہے، بنائیں اور استعمال کریں...........اشرف شاکر

اکسیر سلعتین رحم

جدوار خطائی، سورنجاں شیریں، کپور کچری، گندھک آملہ سار مصفیٰ درشیر
سب ادویہ پیس لیں ایک گرام دوا کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے دن میں تین مرتبہ دیں۔

فوائد: قشری اعصابی (گرم تر) ہے، رحم کی رسولیوں کیلئے کسی اکسیر سے کم نہیں، اس کے استعمال سے رحم کی عضلاتی رسولیاں (فائبرائیڈ) تحلیل ہو جاتی ہیں اور آپریشن سے جان چھوٹ جاتی ہے، معمول مطب ہے، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

حکیم شمس الدین صدیقیؒ مرحوم

کئی سال پہلے حکیم صاحب سے ملاقات ہوئی، پہلی ہی ملاقات میں ان سے بہت متاثر ہوا، آپ نہایت شریف النفس، اور صوم وصلوٰۃ کے پابند تھے، میں نے ان کو بہترین باپ پایا، ان کے قول کے مطابق انہوں نے ساری زندگی بچوں کی بہتر تربیت کیلئے وقف کردی، میں نے خود مشاہدہ کیا کہ حکیم صاحب نے کھانا معمولی قسم کا کھالیا ہوگا، معمولی لباس پہن لیا ہو گا، لیکن بچوں کو اچھے کپڑے پہننے کو دئے، ان کے کھانے کا خیال رکھا، سب سے بڑھ کر یہ کہ بچوں کی تعلیم پر کڑی نگاہ رکھی، بچیوں کو دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ دنیاوی اعلیٰ تعلیم بھی دلائی، حکیم صاحب نہایت شفیق شخصیت تھے، میں جب بھی ملنے جاتا یہی گلہ کرتے کہ آپ ملنے نہیں آتے، پھر خود ہی کہتے کہ آپ کو واقعی فرصت نہیں ملتی ہوگی، لکھنے پڑھنے میں مصروف رہتے ہوں گے، یعنی توجیہہ بھی خود ہی بیان فرما دیتے، پھر بھی کہتے کہ میاں کبھی کبھی آ جایا کرو آپ کے آنے سے دل کو سچی خوشی ملتی ہے، اور کچھ وقت اچھا بیت جاتا ہے، جب میں ان سے پہلے

پہل ملا ان کی بصارت نہیں تھی، اکثر کہتے کہ حکیم صاحب مجھے بڑا شوق ہے کہ میں آپ کو اپنی آنکھوں سے دیکھوں کہ آپ میرے دوست حکیم دوست محمد صابرؒ کے شاگردوں میں سے ہو، اور جس شمع کو انہوں نے روشن کیا تھا اسے آپ ابھی تک جلائے ہوئے ہو اور مسلسل انہی کوششوں میں مصروف رہتے ہو کہ کسی نہ کسی طرح نظریہ مفرد اعضاء کی ترویج ہو، تو میں کہتا کہ یہ طب کو بچانے کی ایک آخری کوشش ہے، کیونکہ فرنگی طب نے کوئی کسر نہیں چھوڑی کہ دیسی طب زندہ رہے، اور وہ حضرت صابرؒ کو بڑی دعائیں دیتے کہ انہوں نے ایسی شاگرد چھوڑے جو ان کے فن کو زندہ رکھنے کیلئے اپنا سکھ چین، روپیہ پیسہ، دن رات، خوشی غمی، سب فن پہ قربان کرتے ہیں، کسی فن کی سچائی کی اس سے بڑھ کر اور کیا دلیل ہو سکتی ہے، کہ اس کے دائین ہمہ وقت قربان ہونے کے درپے ہوں، غرضیکہ بڑی دعائیں دیتے، اور جب بھی جاتا نہ تو میرا ہی اٹھنے کو دل چاہتا اور نہ ہی ان کا محفل برخاست کرنے کو دل چاہتا، ان کی دلی خواہش ایک دن پوری ہوگئی کہ آپریشن کے ذریعے سے ان کی بصارت لوٹ آئی، میں ان کو بصارت کے لوٹ آنے کی مبارک دینے گیا تو بہت ہی خوشی کا اظہار کیا اور کہنے لگے میں آج بہت خوش ہوں کہ میں صابرؒ کی فوج کے ایک سپاہی کو دیکھ رہا ہوں، میرے کہنے پر انہوں نے اپنے منجھلے بیٹے کو میرے سپرد کر دیا اور میں نے اسے طبیہ کالج میں داخل کرا دیا کہ میرے دوست اور میرے ایک بزرگ کا کوئی نہ کوئی تو نام لیوا باقی رہے، ان کی مہربانی تھی کہ انہوں نے میری لاج رکھ لی اور آج ان کا بیٹا حکیم عطا الرحمٰن صدیقی ان کے مطب کو سنبھالے ہوئے ہے، قرشی ہیلتھ شاپ پر بہترین پرفارمینس دے رہا ہے، ہمیں ان کی موت کا صدمہ تو بہت ہے لیکن میں ایک بات سے خوش ہوں کہ کم از کم میری ایک کوشش تو بارآور ہوئی کہ حکیم صاحب نے بیٹے کو میرے حوالے کر دیا اور وہ اب اپنے بہن بھائیوں کا سہارا بنا ہوا ہے، اللہ تعالیٰ ﷻ مسبب الاسباب ہے اس نے کوئی نہ کوئی ذریعہ تو اس خاندان کا بنانا تھا، حکیم

صاحب ایک دن کافی علیل تھے تو میں نے ان کی خدمت میں عرض کی کہ حکیم صاحب خاکسار کا ارادہ ہے کہ کیوں نہ مجربات کی ایک کتاب لکھ دی جائے جس سے لوگوں کی جوع ا لمجربات کی دوڑ ختم ہو جائے اور اس کے لئے آپ بھی صدقہ جاریہ کریں گے، کہنے لگے بڑی خوشی سے میں اس نیک کام میں حصہ لینے کو تیار ہوں مجھے نہیں معلوم تھا کہ موت کا ہرکارہ بھی ہماری باتیں کان لگا کر سن رہا ہے، اور شاید ہنس بھی رہا ہو کہ دیکھو انسان کو اپنی موت یاد نہیں اور کیسے ہنس ہنس کر آنے والے وقت کے منصوبے بنا رہے ہیں، ان کو اس بات کا احساس ہی نہیں کہ زندگی کے دن تو اب گنے چنے رہ گئے ہیں، خیر جو ہونا تھا ہوا، اجل انہیں ہم سے چھین کر لے گئی، اس باب کی ایک نئی کہانی شروع ہوئی وہ ہیں حکیم عطا الرحمٰن صدیقی

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ﷻ ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور حکیم صاحب کو ان کا صحیح جانشین بنائے وہ بھی سب سے پہلے اپنے بہن بھائیوں کو ان کی کمی نہ محسوس ہونے دیں، اور ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنی اولاد کو بھی انہی کی طرح نیک، شریف اور باشرح بنائے............آمین

حکیم صاحب مرحوم کے کئے ہوئے وعدے کو ان کے جانشین نے پورا کیا اور اپنے مطب کے چند گوہر نایاب آپ کی خدمت میں پیش کئے، پیش خدمت ہیں۔

اور یہ بھی بتادوں کی صاحبزادے اب شادی شدہ ہیں بچوں والے ہیں، اللہ تعالیٰ ﷻ نے اتنا عروج دیا ہے کہ قریشی انڈسٹریز میں قریشی کی جان ہیں اور اللہ تعالیٰ ﷻ کی عطا سے حج بھی کر آئے ہیں، دعا ہے یہ جو پودا ہم نے لگایا تھا بام عروج تک پہنچے اور مزید ترقی کرے اور اپنے والد کیلئے صدقہ جاریہ بنا رہے.....آمین

سفوف مراد: کمر کس ستر گرام، آرد سنگھاڑا، پھول مکھانہ ہر ایک پچاس گرام، ثعلب مصری، شقاقل مصری، موصلی سفید، موصلی سیاہ، ہر ایک بیس گرام، تالمکھانہ، بیج بند، تخم اوٹنگن

ہر ایک دس گرام

سب ادویہ پیس کر ان کے برابر چینی پیس کر ملا دیں، چھ گرام صبح شام کھانے سے قبل دودھ گائے سے کھلائیں، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

افادیت: اس کے استعمال سے تازہ منی بکثرت پیدا ہوتی ہے، نیز سرعت انزال کیلئے بھی مفید و مجرب ہے، علاوہ ازیں اس کے استعمال سے اولاد پیدا کرنے والے کرم منی بھی با افراط پیدا ہونے لگتے ہیں، مادہ منویہ خوب گاڑھا ہو کر قوت مردمی عود کر آتی ہے اور مرد صحیح معنوں میں مرد ہو کر اولاد پیدا کرنے کے قابل ہو جاتا ہے، منی کی حدت و رقت کو ختم کر کے طبعی امساک کی حامل دوا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ

سوزاک: چاکسو، پوست بندق ہندی

دونوں ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں اور پانی کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، ایک ایک گولی تین مرتبہ دن میں دودھ کی لسی کے ہمراہ استعمال کرائیں، انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ سوزاک کی ہر علامت کو دنوں میں دور کرنے والی دوا ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

عرق سرطان: عرق اکاس بیل، عرق لیموں خالص (ہر ایک ڈھائی سو گرام) نوشادر ٹھیکری، قلمی شورہ سو سو گرام پیس لیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

ہر چہار ادویہ کو باہم مخلوط کریں، روزانہ دو بار دو بڑے چمچ کھانے کے فوراً بعد دیں، اور خوراک میں سبزیاں اور دودھ بکثرت پینے کی ہدایت کریں۔

ذیابیطس شکری: گٹھلی جامن، تخم میتھی، چرائتہ شیریں

برابر وزن لے کر سفوف بنالیں، ایک گرام صبح شام کھانے کے بعد پانی سے کھلائیں، یہ دوا

اس وقت استعمال کریں گے جب نہایت ضعف جاں ہو گیا ہوں جسم درد، ٹانگیں درد کرتی ہوں، اس دوا کے ساتھ چار سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

جریانی: ریوند چینی، آردسنگھاڑا 50+50 گرام، تخم دھتورہ تین گرام، کوزہ مصری سوگرام سب ادویہ پیس کرر کھ لیں، تین گرام دوا دودھ گائے سے صبح شام خلوئے معدہ دیں، ہر قسم کا جریان بیخ وبن سے اکھڑ جاتا ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

:(پھلبہری): برگ نیم 10 گرام، بابچی، ہلیلہ سیاہ 3+3 گرام

سب ادویہ کا سفوف بنا کر پرانے گڑ کے شیرے کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، ایک ایک گولی تین مرتبہ دن میں تازہ پانی کے ہمراہ کھلائیں، شفاء انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

ہیضہ: مرچ سرخ، چونا آب نارسیدہ

دونوں برابر وزن لے کر لیموں کے رس کے ساتھ کھرل کر کے دو دورتی (ڈھائی سو ملی گرام) کی گولیاں بنالیں، بوقت ضرورت ایک گولی ہر آدھے گھنٹے بعد گرم پانی سے دیں، اس دوا کے ساتھ دو اور تین نمبر غذائیں دیں گے۔

مقوّی باہ: قرنفل، کچلہ مدبر 20+20 گرام، مغز جائفل، جاوتری، دارچینی، عقرقرحا زعفران 10+10 گرام

زعفران کو عرق گلاب میں کھرل کر لیں، باقی ادویہ الگ الگ پیس کر ملالیں، شہد کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، اس دوا کے ساتھ ایک اور دو نمبر غذائیں دیں گے۔

وقتی ضرورت کیلئے ایک گولی وقت خاص سے دو گھنٹہ قبل نیم گرم دودھ سے دیں۔

مستقل قوت کیلئے سفوف ثعلب کے ہمراہ صبح دیں اور شام کو سفوف ثعلب ہی استعمال کرائیں، یعنی شام کو اس کے استعمال کی ضرورت نہیں، وقتی ضرورت بھی بہت اچھی پوری کرتی ہے اور مستقل علاج بھی ہے، چالیس سال کے مریضوں سے اوپر دیں۔

سفوف ثعلب:

ازاستاد محترم محمد شبیر صاحب

ثعلب مصری، ثعلب پنجہ، موصلی سفید انڈین، سوسو گرام، الائچی خرد دس گرام

ان چار ادویہ کو اچھے سے پیس لیں اور ان کے ہم وزن چھلکا اسبغول ملا لیں، سات گرام دوا کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے نیم گرم دودھ، دہی اور دودھ کی لسّی، شربت انجبار، شربت بزوری بارد، میں سے جو بھی مہیا ہو اس سے لیں اگر کچھ بھی نہ ملے تو کیلے کے ملک شیک سے لے لیں، ہمارے مطب کا چوٹی کا مغلظ نسخہ ہے، اجزا کا خالص ہونا شرط ہے۔

صاحبزادہ حکیم خواجہ محمد ہاشم اویسی

صاحبزادہ صاحب شاگردوں میں سے ہیں، انہیں علم طب سیکھنے کا بڑا شوق چرایا اور کالج میں داخلہ لے لیا، چار سال کا کورس بھی کر لیا، لیکن رہے کورے کے کورے، کچھ پلّے نہ پڑا، معلوم نہیں اور نہ ہی کبھی پوچھا پہنچ گئے در دولت پر، اور خواہش کی کہ ہمیں علم طب سکھا دیا جائے، ہم نے عرض کی کہ میاں صاحب ہم تو خود ابھی طالب علم ہیں آپ کو کیا سکھائیں گے، لیکن صاحبزادہ صاحب تو لٹو ہو گئے، کہنے لگے کہ آپ کا طریقہ علاج دل کو بہت بھا گیا ہے، کالج سے تو سوائے کتابیں پڑھنے کے کچھ حاصل نہیں ہوا، خیر جیسے بھی ہوا آپ شاگردی میں تشریف لے آئے اور خوب محنت کی جس کے نتیجے میں آج خود استاد بنے بیٹھے ہیں، اللہ تعالیٰ ﷻ ان کا اقبال بلند کرے، انہیں کامیاب کرے وہ دکھی انسانیت کی خدمت کر کے اپنا اور ہمارا نام روشن کریں،.......................آمین

صاحبزادہ حکیم خواجہ محمد ہاشم اویسی، چینڈ پور شریف بھائی پھیرو

ٹھنڈک: کشنیز 100 گرام، کوزہ مصری 50 گرام، طباشیر 25 گرام

ایک مٹی کا برتن لے کر کشنیز پوٹلی میں باندھ کر اس میں رکھ کر پانی سے بھر دیں، دو دن بعد پانی گرا دیں اور کشنیز کے ساتھ باقی ادویہ ملا کر کھرل کرنا شروع کر دیں، اتنا کھرل کریں کہ دوا میدہ کی مانند اور پانی خشک ہو جائے، کوکنی بیر برابر گولیاں بنالیں ایک گولی صبح شام اکیس روز تک کھلائیں دودھ مکھن بکثرت استعمال کرائیں، صفراوی مریضوں کیلئے تحفہ نایاب ہے، چہرے کے رنگ کو سرخ کر دیتا ہے، صفراوی امراض کیلئے اکسیر ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

امساکی: سمندر سوکھ، تخم بھنگ، ہر ایک دس گرام، صمغ عربی سات گرام، شمع تین گرام، کشتہ شاخ مرجان پچیس گرام

سب ادویہ کو باریک پیس کر نخودی گولیاں بنالیں، دو گولیاں وقت خاص سے دو گھنٹے پہلے نیم گرم دودھ سے کھانے کی ہدایت کریں، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

حکیم محمد اسحاق قادری

حکیم صاحب اور میں نے اکٹھے ہی تعلیم حاصل کی، ایک روز کالج میں صبح ہی صبح ملاقات ہوگئی گپ شپ ہوتی رہی، باتوں ہی باتوں میں میں پوچھ بیٹھا کہ آپ کیا کرتے ہیں تو فرمانے لگے، پڑیاں باندھتا ہوں، وقت بیتتا گیا، فرینک نس بڑھتی رہی ایک روز میں نے کہا حکیم صاحب آپ ہمارے ساتھ کھلتے نہیں ہو، ہم آپ کو اتنے نسخہ جات بتاتے ہیں، لیکن آپ اپنی گرہ نہیں کھولتے، کہنے کو تو کہتے ہو کہ سنیاسی کے شاگرد ہو اور اس کے ساتھ چودہ سال لگائے

ہیں،تم یقیناً کنجوس ہو،ہمیں کچھ بتانا نہیں چاہتے بات آئی گئی ہوگئی،پھر ایک بار کہنے لگے چوہدری میرے ساتھ چلو یہاں ایک مریض دیکھنا ہے میں ان کے ساتھ چل پڑا،مریض دیکھا،جب میں نے نبض دیکھ کر مریض کی تمام علامات بیان کر دیں تو حکیم صاحب بڑے متاثر ہوئے اور کہنے لگے کہ نبض کے بارے میں مجھے بھی بتائیں،ان کا شوق دیکھ کر میں نے ان کو نبض کے بارے میں موٹی موٹی باتیں بتائیں جو انہیں آج تک یاد ہیں،وہ یہی کہتے ہیں،اسی طرح دن گذرتے گئے ایک روز پھر میں نے ان کا تو الگایا کہ سنیاسی صاحب ہمیں بھی کچھ بتائیں یا ساتھ ہی لے کر مرنے کا ارادہ ہے،خاموش سے ہو گئے،تھوڑی دیر بعد گویا ہوئے کہنے لگے یار چوہدری اصل بات یہ ہے کہ تمہیں ملنے کے بعد احساس ہوتا ہے کہ میں نے سنیاسی کی چودہ سال خدمت کر کے وقت گنوایا ہی ہے،اب میں اسے صاف جواب دے دوں گا،کہ چودہ سالوں کی خدمت میں کچھ نہیں بتایا اب تو کچھ بتا دو اگر اب بھی نہیں بتایا تو میری طرف سے چھٹی سمجھو،تو ایسا ہی ہوا چھٹی ہوگئی،اس طرح حکیم صاحب ہمارے ساتھ مل گئے آپس میں بڑا پیار رہا ہے،وہ ہمارے طریقہ علاج سے ایسے متاثر ہوئے کہ آج تک ہم سے ہی منسلک ہیں،اور یوں ہم آپس میں مل جل کر کام کر رہے ہیں،اصل بات تو رہ ہی گئی جب میں نے انہیں کنجوسی کا تعنہ دیا تو کہنے لگے چوہدری یار اس نے ہمیں آج تک کچھ بتایا ہی نہیں جو ہم آپ کو بتائیں،یہاں سے مجھے ان کے ساتھ اور گہری محبت ہوگئی۔

حکیم محمد اسحاق قادری گیٹ نمبر دو آغا یحیٰ خاں کالونی پیر گھوڑے شاہ لاہور....03004596258

جریانِ منی : ثمر برگد،ثمر پیپل،بھنڈی خشک

سب ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں اور چھ گرام دوا نیم گرم دودھ سے صبح شام کھانے سے پہلے کھلائیں،باافراط کرم منی پیدا کرتا ہے،صرف چند روزہ علاج ہے،اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

جریان: برادہ قمر، برادہ جست، سکہ، دس دس گرام، قلعی، پارہ تیس تیس گرام

اول قلعی، جست، سکہ، پگھلائیں، پارے کے ساتھ گرہ کریں، جب گرہ کرنے لگیں تو اس وقت برادہ قمر بھی شامل کر دیں، اس کی اب خوب رگڑائی کریں، سیاہ رنگ کی کجلی بن جائے گی، آدھا کلو دہی کے ساتھ کھرل کر لیں اور قوام درست ہونے پر چھ چھ گرام کی ٹکیاں بنا کر خشک کر لیں، اور ایک کوزہ گلی میں برگ بھنگ کا آدھا کلو نغدہ فرش ولحاف کر کے دس کلو کی آگ دیں، کشتہ ہوگا، دو چاول سے چار چاول تک مکھن سے صبح شام استعمال کرائیں، جریان لیکوریا، رقت، سرعت کو مفید ہے، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

مغلظ: تخم بھنگ، سلارا، بیج بند، کشتہ قلعی، الائچی سفید، دس دس گرام، کوزہ مصری پچاس گرام

سب ادویہ کا سفوف بنا لیں، تین گرام صبح شام خلوئے معدہ نیم گرم دودھ یا ادھرڑ کے سے استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

فوائد: اس دوا کے استعمال سے پانی جیسا پتلا مادہ منویہ خوب گاڑھا ہو کر سرعت، رقت اور جریان جیسے امراض کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکتا ہے، اور نکما بھی کام کا بن جاتا ہے، آزمائش شرط ہے۔

دیگر: سنکھا ہولی، گورکھ پان، بہو پھلی

برابر وزن ادویہ مذکورہ لے کر پیس لیں اور چھ گرام صبح شام کھانے سے پہلے کھلائیں، یہ دوا استعمال کرنے سے بھی مادہ منویہ کی حدت کی وجہ سے پیدا شدہ امراض ختم ہو جاتے ہیں، اور نکما کام کا بن جاتا ہے، گورکھ پان خالص ڈھونڈیں اس کی شناخت یہ ہے کہ اس کی چند

ٹہنیاں پانی کے ایک کپ میں جوش دیں اگر پانی گلابی ہو جائے تو خالص ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

ذیابیطس شکری: کشتہ بیضہ، کشتہ فولاد، کشتہ صدف، کشتہ زمرد

سب برابر وزن لے کر انہیں آدھا گھنٹہ کھرل کر کے رکھ لیں، نصف گرام صبح شام کھانے سے قبل دودھ سے استعمال کرائیں، ذیابیطس شکری کیلئے نہایت ہی مفید ہے، پہلے دن ہی اپنے جوہر دکھاتی ہے لیکن کب جب ضعف جسم جاں ہو جائے پیشاب کی کثرت ہو رات میں بھی کئی بار اٹھنا پڑے، جسم درد، ٹانگیں درد، کمر درد، فشار الدم ضعیف جیسی علامات گھیر لیں،، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

دیگر: تخم جامن، کریلا، تخم لوکاٹھ، چنے، مغز بادام، اندر جو تلخ، گڑمار

سب ادویہ برابر وزن پیس لیں اور تین گرام دن میں تین بار کھانے کے بعد استعمال کرائیں، ذیابیطس شکری (خالص) کیلئے نہایت کارآمد دوا ہے اس دوا کے ساتھ ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

معین حمل : اسگندھ ناگوری، مازو

دونوں ادویہ برابر وزن پیس کر دو گرام صبح شام کھانے سے پہلے استعمال کرائیں، اگر قبض کی شکایت ہو جائے تو ادویہ کے برابر چینی ڈال لیں، اور خوراک تین گرام کریں۔

نوٹ: میرے خیال اور تجربہ کے مطابق یہ دونوں ادویہ دوا الگ مزاج کی حامل ہیں اس لئے ایک دوا اسگندھ ناگوری چھ گرام صبح نیم گرم دودھ سے دیں یہ آلات تناسلیہ کی سوزش اتارے گی، اور مازو چار گرام (یہ معین حمل ہے) شام کو شربت انجبار سے دیں تو افعال نہایت بہتر ہو جائیں گے..... اشرف شاکر

مسٹر لندنؒ

میرا خیال ہے مسٹر لندن سے آپ بخوبی واقف ہوں گے، مسٹر لندن کسی تعارف کے محتاج نہیں، لیکن یہ دوہری شخصیت کے حامل ہیں، جب میں ان کو بے نقاب کروں گا تو آپ بخوبی ان کو پہچان جائیں گے، جی یہ تھے اکرام پہلوانؒ مرحوم

اکرام پہلوان کا اصل نام محمد اکرام الٰہی تھا، اور آپ بھولو پہلوان فیملی سے منسلک تھے، مسٹر لندن کو میں آج سے کوئی تقریباً تیس سال پہلے سے جانتا تھا لیکن وہ مجھے نہیں جانتے تھے، میری ان کی باقاعدہ جان پہچان بھی کچھ عجیب انداز سے ہوئی۔

ایک روز میں اپنے ایک دوست حافظ عبدالرحمٰن کے مطب پر بیٹھا تھا کہ وہیں پر حکیم محمد بشیر صاحب تشریف لے آئے، باتوں باتوں میں انہوں نے ایک نسخے کا ذکر کیا اور کہنے لگے کہ یہ نسخہ بہت اعلیٰ ہے بیان بھی کر دیا نسخہ واقعی اعلیٰ تھا لیکن انہیں اس کی ترکیب کے بارے میں پوری واقفیت نہیں تھی، وہ کہنے لگے کہ اصل میں یہ نسخہ اکرام پہلوان کا ہے، تو میرے دل میں ایک عجیب خواہش نے جنم لیا کہ کیوں نہ اکرام پہلوان سے ملا جائے، شکل شناسا تو میں پہلے سے ہی تھا، لیکن کبھی روبرو بات چیت نہیں ہوئی تھی، اس دن تو میں واپس مطب پہ آ گیا، پھر ایک دن ان سے ملاقات کا موقع بھی بن گیا، میرے ایک کلاس فیلو حکیم سعید احمدؒ مرحوم مجھے ملنے کیلئے لاہور تشریف لائے تو میں نے ان سے اس نسخے کا ذکر کر دیا اور اپنی اس خواہش کا بھی کہ میں پہلوان سے ملنا چاہتا ہوں تو وہ بھی جھٹ سے تیار ہو گئے کہ چلو میں بھی اسی بہانے پہلوان سے مل لیتا ہوں یوں ہم دونوں پہلوان سے ملنے ان کے پاس چلے گئے، پہلوان جیؒ بڑی محبت سے ملے، ہم نے اپنا تعارف کرایا، کچھ دیر گپ شپ ہوتی رہی، اس کے بعد ہم چلے آئے، حکیم صاحبؒ مرحوم کہنے لگے کہ یار بندہ تو اچھا ہے صاف دل کا مالک ہے، ان سے ملتے جلتے رہنا کہ اس طرح محبت بڑھتی ہے، کئی دن گذر گئے ایک دن ایک

مریض قوت باہ کا شاقی میرے پاس آیا، میں نے سوچا پہلوان سے مشورہ کرتے ہیں کیونکہ میں تو جنرل فزیشن ہوں اور پہلوان صرف سیکس کا کام کرتا تھا، اس بارے میں مجھ سے بہت بہتر جانتا ہوگا، لہٰذا میں ایک دن وقت نکال کر ان کے پاس چلا گیا، بہت خلوص سے پیش آئے، میں نے ان سے اپنے اس مریض کے بارے میں مشورہ کیا تو انہوں نے اپنے پاس سے ایک چاندی کا کشتہ دیا کہ اسے یہ کشتہ استعمال کراؤ، وہ میں ان سے لے آیا اور مریض کو اس سے فائدہ بھی ہو گیا، اس کے بعد کبھی کبھی میں ان کے پاس جانے لگا، اس طرح محبت بڑھتی گئی کیونکہ پہلوان بہت ہی مخلص اور ایثار پرست آدمی ثابت ہوا تھا، مجھ سے پہلوان نے کبھی کچھ نہیں چھپایا، وقت گذرتا گیا، ایک روز میں نے پہلوان سے کہا کہ گورنمنٹ روز بروز سختی کر رہی ہے اس لئے آپ کالج میں داخلہ لے کر باقاعدہ طور پر پڑھیں اور فاضل طب کا امتحان پاس کریں، اس طرح آپ کو دو طرح کے فائدے حاصل ہوں گے، ایک تو جو آپ نے اپنی پوری زندگی صرف سیکس کا ہی کام کیا ہے اس سے ہٹ کر کچھ اور بھی کر سکیں گے دوسرے نمبر پر کسی قسم کا کوئی ڈر بھی نہیں رہے گا اور آئے دن کی پکڑ دھکڑ سے بھی جان چھوٹ جائے گی، اس کے علاوہ آپ کتابوں کی مدد سے بہت کچھ سیکھ سکیں گے، جس سے آپ کا ضمیر بھی مطمئن ہوگا کہ میں جو بھی علاج کر رہا ہوں یہ بالکل صحیح کر رہا ہوں میری بات ان کی سمجھ میں آ گئی اور وہ اس وقت طبیہ کالج کے سال اول میں میرے توسط سے داخل ہو گئے، لیکن شو مئی قسمت کہ جب چار سالہ کورس مکمل کر چکے تو دنیا پر ان کا وقت پورا ہو چکا تھا سو اللہ تعالیٰ عزوجل کے ہاں حاضر ہو گئے، دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ عزوجل ان کی مغفرت فرماتے ہوئے جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے....آمین

یوں تو اس کتاب میں پہلے سے ہی ان کے بہت سے نسخہ جات موجود ہیں لیکن انہوں نے اس کتاب کیلئے اور مزید نسخہ جات عنایت فرمائے ہیں جو آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

اکسیر جگر: افسنتین، تخم کرفس، انیسوں، ریوند خطائی، دس دس گرام، گل سرخ پچاس گرام سب ادویہ پیس کر رکھ لیں، تین گرام دوا، دن میں تین مرتبہ تازہ پانی سے کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے، غزاؤں کے شیڈول سے پریشان نہیں ہونا یہ راز ہوتے ہیں جو استعمال کے بعد خود بخود ہی منکشف ہو جاتے ہیں۔

افعال: قشری اعصابی (گرم تر) ہے، جگر کے سدوں کو کھول کر اس کے افعال کو از سرنو ترتیب سے ادا کرنے کے قابل بناتا ہے، اور یوں یرقان سے لیکر ہیپاٹائیٹس بی تک مفید ہے، اس کے علاوہ معدے کیلئے ایک مقوی ٹانک ہے، معدہ از سرنو طاقتور ہو جاتا ہے۔

حب لاثانی: شنگرف، شمع (افیون) ہر ایک دس گرام، اجوائن خراسانی، بیس گرام، آب ثمر دھتورہ پچاس گرام

شنگرف کو الگ باریک پاؤڈر کرلیں، اس کے بعد باقی ادویہ پیس کر آب ثمر دھتورہ میں کھرل کرلیں، جب قوام گولی باندھنے کے قابل ہو جائے تو نخودی گولیاں بنالیں، ایک گولی بوقت ضرورت دو گھنٹہ قبل نیم گرم دودھ سے استعمال کرائیں، امساک کیلئے نہایت اعلیٰ دوا ہے۔

حبّ سلیقہ: جمالگوٹہ مدبر در آب لیموں، پچاس گرام، تخم دھتورہ سیاہ، سورنجاں شیریں، مصبر، دس دس گرام

سب ادویہ الگ الگ پیس کر آب لیموں کی ہی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں، ایک ایک گولی صبح شام کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے استعمال کرائیں۔

نوٹ: میرے خیال میں جمالگوٹہ کی مقدار بہت زیادہ ہے اسے تیس گرام کرلیں، اگر اس

میں برابر وزن اسگندھ ناگوری شامل کرلی جائے تو ہر قسم کے عیب سے پاک ہوجائے گی، بلا خوف وخطر جوڑوں کے درد میں استعمال کرسکتے ہیں۔ اشرف شاکر

افعال: قشری عضلاتی (گرم خشک) ہے، گنٹھیا، تحجر مفاصل، اور تمام ریاحی دردوں کو مفید و مجرب ہے، بنائیں گے تو فوائد سامنے آئیں گے، جب جمالگوٹہ کو مدبر کریں تو اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ اس کے چھینٹے آپ پر نہ پڑیں اگر پڑ گئے تو جہاں جہاں بھی پڑیں گے سوزش ہوجائے گی اور کئی دن آپ زیر عتاب رہیں گے۔

سفوف ریح: اسگندھ ناگوری، زنجبیل، سورنجاں شیریں

سب ادویہ برابر وزن پیس کر ملالیں، پانچ گرام باسی پانی کے ہمراہ صرف صبح کے وقت استعمال کرائیں، تمام قسم کی ریاحی دردیں ختم ہوجائیں گی۔

یہ نسخہ ہمیں اس سے بہت پہلے کسی سے حاصل ہوا تھا، ہمیں یہ مزمن کمر درد کیلئے ملا تھا ہم نے اسے استعمال کیا تو اس کے اچھے نتائج سامنے آئے تھے لیکن یہ خیال رہے کہ اس نسخہ سے صرف عضلاتی امراض کو ہی فائدہ پہنچے گا، قشری امراض میں اس سے کوئی توقع نہ رکھیں، یہ نسخہ کتاب کے پہلے حصہ میں بھی درج ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے.

اکسیر جگر خاص: جدوار خطائی، افسنتین، نوشادر ٹھیکری، قلمی شورہ

سب ادویہ برابر وزن پیس لیں، ایک گرام دوا تین مرتبہ دن میں کھانے کے بعد استعمال کرائیں، جگر کی جملہ امراض کا شافی علاج ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

سفوف حابس الدم: کندر، انزروت، صبر زرد، دم الاخوین

برابر وزن پیس لیں اور ایک گرام کھانے کے بعد تین مرتبہ دن میں استعمال کرائیں، اگر خون زیادہ بہہ رہا ہو تو پندرہ منٹ کے وقفے سے استعمال کرائیں اور جب خون بند ہو جائے تو اس کا وقفہ بڑھا کر چھ گھنٹے کر دیں، ہر قسم کا خون بند کرنے کیلئے کسی اکسیر سے کم نہیں ہے۔

حبّ طوفان باہ: دار چکنا، رسکپور، سم الفار، شنگرف، ہر ایک دس گرام، زعفران، عنبر، چھ چھ گرام، زردی بیضہ بیس عدد

صلوٰۃ وسلام

اللہ کریم جل شانہٗ نے اپنے حبیب ﷺ کی عظمت و منزلت کا اپنے بندوں پر اظہار فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ عزوجل، نبی ﷺ کی زیادہ تعظیم و تکریم، فضل و شرف، قرب خاص رفعِ ذکر، اعلائے منزلت، عزت و حرمت، بارانِ عنایتِ خاصہ، اور صفت و ثنا کرتا رہتا ہے، اور تمام آسمانوں اور ملاءِ اعلیٰ کے سب کے سب فرشتے بھی اللہ تبارک و تعالیٰ عزوجل کے حبیب ﷺ کی ہمیشہ تعظیم و تکریم کرتے ہوئے صلوٰۃ وسلام پڑھتے رہتے ہیں، درود شریف پڑھنا ایک ایسی عبادت ہے جس کی ریاکاری بھی اللہ تعالیٰ عزوجل کے ہاں قبول ہے، اسلئے چاہیئے کہ کثرت سے درود شریف پڑھا کریں۔

درود پاک

اَللّٰھُمَّ صلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ،

اَللّٰھُم بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْت عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ،

اول الذکر چاروں ادویہ الگ الگ پیس کر ملالیں اور آدھا گھنٹہ مزید رگڑائی کریں، اس کے بعد زعفران عرق گلاب میں کھرل کریں، جب کھرل ہونے کے قریب ہوتو اس میں عنبر ڈال کر مزید کھرل کریں، ایک ایک زردی بیضہ ڈال کر کھرل کرتے جائیں حتٰی کہ سب زردیاں ختم ہوجائیں، جب قوام گولی باندھنے کے لائق ہوجائے تو فلفلی گولیاں بنالیں، کوئی سا بھی مغلظ استعمال کرا کے یا اس کے ساتھ ساتھ ہی صرف صبح کو ایک گولی روزانہ نیم گرم دودھ سے دیں، دو ہفتے کا استعمال کافی ہوگا کہ قوت باہ کا سمندر ٹھاٹھیں مارنے لگے گا، اس دوا کے ساتھ ایک اور آٹھ نمبر غذائیں دیں گے۔

میزائل: اجوائن خراسانی، شنگرف، زعفران، شمع (افیون) ہر ایک دس گرام

شنگرف کو الگ پیس لیں، اور باقی ادویہ جوکوب کر کے چھوہارے کی گٹھلی نکال کر ادویہ اس میں بھر کر اوپر دال ماش کے آٹے کی لیپ کر کے بھوبھل میں دبا دیں، جب سرخ ہوجائے تو ادویہ نکال کر اچھی طرح کوٹ لیں اور شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں، ایک گولی بوقت ضرورت نیم گرم دودھ کے ساتھ وقت خاص سے دو گھنٹہ پہلے استعمال کرائیں اور لطف دوبالا ہونے کا مشاہدہ کریں۔

حب سنگرہنی: شمع (افیون) پچاس گرام، مصطگی رومی تیس گرام، شنگرف بیس گرام، سہاگہ بریاں دس گرام

سب ادویہ پیس کر شہد کی مدد سے فلفلی گولیاں بنالیں، بوقت ضرورت ایک گولی دو مرتبہ دن میں کھانے کے بعد پانی سے استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے، پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے پہلوان صاحب کے نسخوں کے نام ایسے ہی رکھے گئے تھے دلیر شخص تھے، صوم وصلوٰۃ کے پابند تھے اللہ تعالیٰ ﷻ انہیں غریق رحمت کرے..آمین

افعال: عضلاتی تشری (خشک گرم) ہے، اس دوا کے استعمال سے پرانی سنگرہنی ٹھیک ہو جاتی ہے خاص کر ایسی سنگرہنی جس کی وجہ سے مریض نہایت ناتواں ہو چکا ہو، اس کی پہلی خوراک ہی چمتکار دکھاتی ہے، جسم کی قوت بحال ہو جاتی ہے، برسوں کے لگے ہوئے پیچس ٹھیک ہو جاتے ہیں، لیکن آنتوں کی سوزش اتارنے کیلئے اعصابی ادویہ استعمال کئے بغیر مکمل صحت ناممکن ہے.....اشرف شاکر

اس لئے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

دردگردہ: جوکھار، قلمی شورہ، نوشادر ٹھیکری، سنگ یہود، ریوند خطائی

سب ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں، ایک سے دو گرام تک پانی سے کھانے کے بعد تین مرتبہ دن میں استعمال کرائیں، دردگردہ کسی بھی قسم کا ہو خواہ سوزش کی وجہ سے ہو، خواہ پتھری کی وجہ سے ہو، خواہ ریح کی وجہ سے ہو، سب کو مختلف بدرقات سے استعمال کرنے سے فائدہ ہوتا ہے، یعنی سوزش کیلئے چھان بورے کے قہوے کے ساتھ دیں، پتھری کیلئے خربوزے کے عرق کے ساتھ دیں، ریح کیلئے اجوائن دیسی اور پودینے کے قہوے کے ساتھ دیں، ہر حالت میں فائدہ مند ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

طلاءسرخ: سم الفار (ڈھائی سو ملی گرام) دورتی، شنگرف، مغز جمالگوٹہ تین تین گرام، موم دیسی چھ گرام، مسکہ دس گرام، ویزلین سفید بیس گرام

سم الفار اور شنگرف کو اکٹھا کھرل کر لیں اس کے بعد اس میں مغز جمالگوٹہ ملا کر کھرل کریں، جب سب زہریں اچھی طرح کھرل ہو جائیں تو موم، ویزلین، مسکہ بھی اس میں ملا کر چند منٹ کھرل کر لیں تا کہ سب ادویہ یک جان ہو جائیں۔

طریقہ استعمال: دورتی (ڈھائی سو ملی گرام) طلاء عضو مخصوص پر لگا کر اچھی طرح مالش کریں، حشفہ وسیون پر مالش نہیں کرنی، جب اچھی طرح جذب ہو جائے اوپر برگ پان باندھ دیں، صبح نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

حکیم محمد مقصود

حکیم صاحب ایک نوجوان اور حصول علم طب کے شائق، نہایت محنتی، اور مخلص شخصیت ہیں، شاگردوں میں شامل ہیں، ہمہ وقت طب کی ترقی کیلئے کوشاں رہتے ہیں، آج کل کے حکیموں کو بہت پیچھے چھوڑ چکے ہیں، جو کچھ ان کے مجربات میں تھا انہوں نے بڑے شوق سے عوام کی خدمت میں پیش کر دیا۔

کمر درد: مالکنگنی پانچ تولے، شہد حسب ضرورت

مالکنگنی پیس کر شہد کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، رات کو سوتے وقت ایک گولی چائے یا دودھ نیم گرم کے ساتھ استعمال کرائیں، مجرب ہے، خاص کر بوڑھے لوگوں کیلئے تحفہ ہے، کمر درد اور عام جسمانی دردوں کیلئے مفید ہے، جو سردی سے ہوں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

قشری اعصابی اکسیر: حسب ضرورت بلادر جلا لیں، نصف گرام دوا صبح شام مناسب بدرقہ جات کے ساتھ بعد از غذا دیں، جسمانی دردیں، عضلاتی سوزش والسر معدہ، اور عضلاتی الرجی (جس میں صرف خشک خارش ہوتی ہے) وغیرہ میں مفید ہے، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

پمپلز: سات گرام زیرہ سفید، ایک گرام سقمونیا ولائتی

دونوں ادویہ پیس کر ملالیں اور بڑے کیپسول بھر کر رکھ لیں، ایک کیپسول کھانے کے بعد پانی سے صبح شام دیں، اس کے استعمال سے چہرے کے کیل وغیرہ دور ہو کر چہرہ چاند کی طرح چمکنے لگتا ہے، اس کے علاوہ اس کا دوسرا استعمال یہ ہے کہ قشری مریضوں کی وقتی ضرورت کیلئے وقت خاص سے ایک گھنٹہ قبل نیم گرم دودھ سے دیں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

نوٹ: یہ نسخہ ایک عرصے سے زیر استعمال ہے، ہم نے اس کا نام مصلّب رکھا ہوا ہے، کسی قسم کے نشے کے بغیر بہترین امساک پیدا کرتا ہے، اس مقصد کیلئے صرف ایک کیپسول نیم گرم دودھ سے دینا ہے، اس روز شام، کا کھانا کم سے کم کھانا ہے، اگر اس طریقہ پر استعمال کرائیں تو بہترین کام کرتا ہے۔

حکیم محمد مقصود سانده کلاں لاہور — تصدیق مصنف

چوہدری اعجاز الرحمٰنؒ مرحوم

چوہدری اعجاز الرحمٰن مرحوم بھی ہمارے ساتھیوں میں سے تھے، ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر تھے پچھلے دنوں خالق حقیقی سے جا ملے، اللہ تعالیٰ ﷻ ان کی مغفرت فرماتے ہوئے جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے، علم طب حاصل کرنے کیلئے اکثر دور دراز کے سفر کرتے رہتے تھے، بہت شوق رکھتے تھے، ان کے شوق کا نتیجہ آپ کی خدمت میں پیش ہے۔

نمونیہ: کشتہ ابرک سیاہ، کشتہ بارہ سنگا، دونوں برابر وزن ملا کر رکھ لیں، دو سے چار چاول دن میں تین مرتبہ مناسب بدرقہ جات سے نمونیہ، نزلہ، زکام، اور کھانسی میں استعمال کرانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

مغلّظ: ثعلب پنجہ،ثعلب مصری، بیج بند گجراتی،ستاور،تخم ریحاں ،الائچی خورد،موصلی سفید،موصلی سرخ،بہمن سفید،سب پچاس پچاس گرام،ورق نقرہ،کشتہ قلعی تین تین گرام کوزہ مصری حسب ذائقہ،سب ادویہ پیس کر ملالیں ،اور کپڑ چھان کرلیں،ایک چائے کا چمچ صبح شام خلوئے معدہ نیم گرم دودھ یالسی کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

افعال: مخاطی اعصابی (سردتر) ہے،مادہ منویہ کی حدت ختم کر کے اس سے متعلقہ تمام امراض کو فائدہ مند ہے،جریان ،رقت،سرعت وغیرہ کیلئے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے،اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

تو ند: مغز جیاپوتا تین عدد صبح نہار منہ،اور تین مغز شام چار بجے خالی پیٹ لیں ،دو تین ماہ کے استعمال سے توند ٹھیک ہو جاتی ہے،اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

بواسیر خونی: پوست ریٹھہ ،پھٹکڑی سفید،قلمی شورہ،تخم کدو شیریں برابروزن قلمی شورہ اور پھٹکڑی کو بریاں کرلیں باقی ادویہ بھی پیس کران میں ملالیں ،ایک گرام دوا تین مرتبہ دن میں تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کرائیں،اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

شوگر خالص: چرائتہ،کریلا جنگلی،گڑمار،تخم بنولہ،تخم جامن،ہرایک دس گرام،شمع (افیون) تین گرام،سب ادویہ پیس لیں اور تازہ پانی سے تین گرام دوا،دن میں تین مرتبہ کھانے کے ایک گھنٹے بعد دیں،ذیابیطس خالص کیلئے بہت مفید دوا ہے،اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

عنبر اشہب: عنبر وہ واحد مفرد دوا ہے جو دل کی تقویت کیلئے نہایت مفید ہے، اس کا طریقہ اس طرح ہے کہ چار چاول عنبر روزانہ صبح نہار منہ، منہ میں رکھ کر چوس لیں، ایک ماہ میں ایک گرام ختم کرنا ہوگا، اسی طرح چار ماہ بلا ناغہ استعمال کرائیں، دل نہایت طاقتور ہو جاتا ہے، جس کے نتیجے میں عام جسمانی کمزوری، ٹانگوں کی درد، ضعف عضلات وغیرہ سب دور ہو کر بندہ بالکل تندرست ہو جاتا ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

خالص عنبر کی پہچان: وزن میں نہایت ہلکا، رنگت میں سیمنٹ کے رنگ جیسا، ذائقے میں پھیکا، اوپر چتکبرے نشان ہوں تو اصلی ہے ورنہ نقلی ہوگا۔

ٹوٹکا بواسیر: رات کو سوتے وقت ایک خام کلی آک کی چبا کر کھالیں، متواتر سات روز کے استعمال سے بواسیر قشری، خونی، جڑ سے اکھڑ جائے گی، تمام قسم کے گوشت، کریلے، بینگن، میتھی، پالک، ساگ، پکوڑے، انڈے، دال مسور، چائے وغیرہ سے پرہیز کرائیں۔

یہی ٹوٹکا قشری بلڈ پریشر کیلئے شافی دوا ہے.....محمد اشرف شاکر

اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

شوگر: گارڈینیہ (بنگلوں کے باہر جو باڑ لگی ہوتی ہے) کے تین چار پتے اور پھول روزانہ صبح اور شام چبالیا کریں، پانچ چھ ماہ کے استعمال سے شوگر ختم ہو جائے گی، انشاءاللہ تعالیٰ ﷻ

بخار کا سہل نسخہ: کرنجوا، قلمی شورہ، جوکھار، نوشادر ٹھیکری، گیرو سب ادویہ ہم وزن لے کر پیس لیں، تین گرام صبح شام کھانے کے بعد تازہ پانی سے کھلائیں، اس دوا کے ساتھ چار اور چھ نمبر غذائیں دیں گے۔

فوائد: اس دوا کے استعمال سے اکثر قسم کے بخار دور ہو جاتے ہیں، ہائی بلڈ پریشر کے مریض کیلئے اس میں سے نوشادر نکال کر استعمال کرانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

سجادہ نشین حکیم میاں منظور علی حضرت داتا گنج بخشؒ

میاں صاحب بھی میرے کلاس فیلوز میں سے ہیں، حصہ دوم لکھتے وقت شروع میں میں نے ایک بات عرض کی تھی کہ ایک صاحب نے میرے درخواست کرنے پر اپنی قلمی بیاض ہی اٹھا کر میرے حوالے کر دی کہ یہ میرے سب مجرب نسخہ جات ہیں ان میں سے جو آپ کا دل چاہے لکھ دیں، جی ہاں یہی وہ ہستی ہیں جن کا میں نے اشارہ دیا تھا کہ اسی کتاب میں کسی اور جگہ ان کے متعلق لکھوں گا، میاں صاحب نے میری درخواست کے نتیجے میں جب اپنی بیاض مجھے پکڑا دی تو میں نے ان سے کہا کہ میاں صاحب یہ تو بہت سارے نسخہ جات ہیں آپ مجھے صرف وہ نسخہ جات عنایت فرمائیں جو آپ کے مطب کی جان ہوں تو فرمانے لگے کہ یہ سب نسخے میرے زیرِ استعمال ہیں اور میں انہی سے کام کرتا ہوں، اب آپ کی مرضی ہے کہ سب لکھ دیں یا جو آپ کو پسند ہوں وہ لکھیں، میں ان میں سے وہی نسخہ جات لکھ رہا ہوں جن کو میں نے نظریہ کی آنکھ سے دیکھ اور پرکھ کر معیار پر پورا پایا، اور یہ سب میاں صاحب کے معمول مطب ہیں۔

اب کچھ میاں صاحب کے تعارف کے بارے میں بیان کر دوں۔

میاں منظور علی، میاں شوکت علی کے بیٹے ہیں، میاں صاحب کا حسب و نسب خلیفہء اوّل حضرت شیخ ہندیؒ سے جا کر ملتا ہے اور حضرت شیخ صاحبؒ، حضرت داتا علی ہجویری گنج بخشؒ کے خلیفہ اوّل تھے، حضرت شیخ صاحبؒ لاہور کے قدیم ترین خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔

میاں منظور علی جب سیٹ پہ بیٹھے تو اکثر عوام کی خدمت دم کر کے یا تعویز وغیرہ سے کیا

کرتے تھے،جس وجہ سے لوگوں سے بڑے تعلقات تھے،ان کے ایک دوست محمد شریف صاحب گورنمنٹ سائنس کالج میں پرنسپل تھے،ان کے اصرار پر آپ نے طبیہ کالج میں داخلہ لے لیا،اور یوں چار سال کی محنت شاقہ کے بعد نیشنل کونسل فار طب نے آپ کو فاضل طب والجراحت کا ڈپلومہ دے دیا،اس طرح میاں صاحب تعویز گنڈا چھوڑ چھاڑ کر طب کی دنیا میں آ گئے،میاں صاحب ہیں تو ایک فرد لیکن بہت سارے کاموں میں ہر وقت الجھے رہتے ہیں،روز نامہ پاکستان میں کرائمز رپوٹرز بھی ہیں جو ایک کٹھن کام ہے،یہ معلوم نہیں میاں صاحب اتنے کام کیسے کر لیتے ہیں،اللہ تعالیٰ ﷻ ان کو اور عزت بخشے،ان کی صحت قائم رہے اور آپ یونہی ملک وقوم کی خدمت کرتے رہیں،اور یوں حضرت شیخ ہندیؒ کی اولاد کے ذریعے عوم الناس فیض یاب ہوتی رہے یہ حضرت داتا حضورؒ کا فیض ہے جو میاں صاحب کے ذریعے آپ تک پہنچ رہا ہے اور پہنچتا رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ

حضرت حکیم میاں منظور علی صاحب سجادہ نشیں حضرت داتا گنج بخشؒ نے کمال مہربانی کرتے ہوئے جو موتی مجھے عنایت فرمائے میں انہیں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں،یقیناً یہ آپ کو بھی پسند آئیں گے،اور آپ ان سے مکمل استفادہ حاصل کریں گے،اگر یہ سب کچھ آپ کے معیار پر پورا اترے تو صاحب نسخہ جات اور مصنف کے لئے ہاتھ اٹھا کر دعا فرما دیں کہ اللہ تعالیٰ ﷻ خاتمہ بالایمان فرمائے اور جب تک دنیا پر ڈیوٹی ہے عوام الناس کی خدمت کرتے رہیں،اور یہ خدمت اللہ تعالیٰ ﷻ اپنے ہاں اپنے پیارے رسول ﷺ کے صدقے سے اپنی شان کے مطابق قبول و منظور فرمائے اور ہمارے لئے آخرت میں ذریعہ نجات بنائے......آمین

03004610970



اکسیر جگر: ریوند خطائی بیس گرام، قلمی شورہ دس گرام

دونوں ادویہ پیس لیں ایک گرام دوا دن میں تین مرتبہ تازہ پانی سے دیں۔

عورتوں کیلئے خاص تحفہ ہے، جب گرمی کی زیادتی کی وجہ سے رنگ پیلا پڑ گیا ہو، اور خون کے سرخ ذرات کی نہایت کمی ہو گئی ہو تو اس دوا کے استعمال سے، جگر اپنے فعل کو صحیح کر کے جسم میں ڈھیروں خون بنا کر چہرے کا رنگ سرخ کر دیتا ہے، بھوک پھر سے لگنے لگتی ہے، پیشاب پاخانہ ہر چیز نارمل ہو جاتی ہے، جسم کی تھکن وغیرہ سب کچھ ٹھیک ہو جاتا ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

جگرین: ہیرا کسیس، سوڈا خوردنی

دونوں ادویہ سو سو گرام لے کر الگ الگ آدھا، آدھا کلو پانی میں بھگو دیں، جب ساری دوا حل ہو جائے تو ان کا پانی نتھار لیں، اس نتھرے ہوئے دونوں پانیوں کو آپس میں ملا دیں، ان کے ملانے سے ایک طرح کا کیمیاوی عمل ہو گا اس کے بعد سطح پر سکون ہو جائے گی، اب اس محلول کو آگ پر رکھ کر خشک کر لیں یہ سرخ رنگ کی دوا تیار ہو گی، اسے پیس کر رکھ لیں، نصف گرام دوا تازہ پانی سے دن میں دو دفعہ کھانے کے بعد استعمال کرائیں۔

اس دوا کے استعمال سے جگر جو گرمی کی زیادتی کی وجہ سے اپنے افعال ادا کرنے سے قاصر تھا اب بالکل ٹھیک کام کرنے لگے گا اور چہرے کا رنگ نہایت سرخ ہو جائے گا، اس دوا کو آپ کشتہ فولاد کی جگہ استعمال کر سکتے ہیں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

مغلظ: تخم کونچ، خار خسک، کوزہ مصری، ہر ایک ڈھائی سو گرام، سرد چینی سو گرام، تخم خیار، الائچی سفید ہر ایک پچاس گرام

سب ادویہ پیس کر ملا لیں، چار گرام یہ دوا دودھ کے ساتھ دن میں تین مرتبہ دیں، حدت منی کی وجہ سے پیدا شدہ امراض کو نہایت ہی مفید و مجرب ہے، جریان، رقت اور سرعت کیلئے معمول مطب ہے کبھی بھی خطا نہیں ہوا، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

مقوی باہ: جڑ پان بیس گرام، ریت میں بھون لیں، موصلی سیمبل چالیس گرام، جو دو سال کے بچے کی ہو، دونوں ادویہ پیس کر ملا لیں، ایک گرام دوا صبح شام دودھ سے کھانے کے ایک گھنٹہ بعد استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ چار اور دو نمبر غذائیں دیں گے۔
یہ دوا چالیس سال کے اوپر کے مریضوں کو استعمال کرانی ہے، کیونکہ یہ دوا کچھ گرمی کے اثرات رکھتی ہے اور سن رسیدہ لوگوں میں گرمی کم ہو جایا کرتی ہے، ان کیلئے تحفہ ہے۔

پیچس: زہر مہرہ خطائی، طباشیر نقرہ، الائچی سفید، ہر ایک دس گرام کشتہ صدف تین گرام سب ادویہ پیس کر ملا لیں اور نصف گرام سے ایک گرام تک حسب عمر استعمالکرائیں، بچوں کے ہرے پیلے پاخانے، اور بڑوں کے پیچس میں بدرجہ غایت مفید ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

درد گردہ: جوز مقدم اخروٹ جتنا بڑا ایک جنگلی پھل ہے، یہ پک کر کلیجی رنگ کا اور گردے کی شکل میں ملتا ہے یہ کافی سخت ہوتا ہے، عام ملتا ہے، خاص کر مری کے علاقے میں بہت پایا جاتا ہے، اسے حسب ضرورت لے کر پیس لیں ایک گرام دوا، درد گردہ کے تڑپتے ہوئے مریض کو استعمال کرائیں تو درد فوراً رک جاتی ہے، اگر گردے میں پتھری ہو تو عرق خربوزہ دس گرام صبح شام اس کے ساتھ پانی میں ملا کر پلائیں، پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی، اگر گردے میں سوزش ہو تو سفوف صحت ایک گرام تین مرتبہ دن میں اس کے ساتھ

استعمال کرائیں، اسے فی سبیل اللہ ہی دیں، اس سے اللہ تعالیٰ ﷻ خوش ہوگا اور فیض بھی جاری رہے گا ورنہ...........اس دوا کے ساتھ چار اور چھ نمبر غذائیں دیں گے۔

ہیئر آئیل: روغن دھنیا، روغن چنبیلی، روغن ناریل، روغن سکا کائی، روغن بادام، روغن کدو، روغن سرشف، سب برابر وزن

سب روغنیات آپس میں ملا لیں، تیار ہے، اس تیل کے استعمال سے بالوں کا گرنا بند ہو جاتا ہے، بال گھنے ہو جاتے ہیں، خشکی سکری کا خاتمہ ہو جاتا ہے، بال لمبے بھی کرتا ہے، غرضیکہ بہت ہی مفید تیل ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

بخار: Fever: ہلدی دو سو گرام، شیر مدار تیس گرام، کشتہ بارہ سنگا دس گرام

ہلدی اور شیر مدار کو ایک گھنٹہ باہم کھرل کریں، اس کے بعد کشتہ بارہ سنگا بھی ڈال کر دس منٹ تک کھرل کریں، تیار ہے، ایک رتی (ایک سو پچیس ملی گرام) کھانے کے بعد تازہ پانی سے دن میں تین مرتبہ دودھ پتی سے دیں۔

اس دوا کے استعمال سے پرانا بخار بھی چند روز میں اتر جاتا ہے، اور مریض صحت مند ہو جاتا ہے، اس کا مزاج قشری اعصابی ہے، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

مغلّظ: تخم ریحاں، تخم بھنگ، سلارا، سمندر سوکھ، بیج بند، ہر ایک دس گرام، کشتہ قلعی کشتہ نقرہ تین تین گرام، سب ادویہ پیس کر کشتہ جات ملا لیں۔

دو گرام یہ سفوف کھانا کھانے سے پہلے گرم دودھ سے یا شربت انجبار سے دن میں دو مرتبہ استعمال کرائیں، ہر قسم کے جریان، رقت کی وجہ سے احتلام، رقت سرعت، وغیرہ کا خاتمہ کر کے صحت کو دوام بخشتا ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔



حبّ اٹھرا: برگ نیم، گوند ببول، گیری انڈیا
سب ادویہ برابر وزن پیس کر بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، دو گولیاں صبح شام کھانے کے بعد پانی سے بچہ پیدا ہونے تک استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

مرہم برنال: ویز لین سادہ، موم دیسی سو سو گرام، کافور دس گرام، ہلدی بیس گرام
سب ادویہ پیس کر ویز لین اور موم پگھلا کر اس میں ملا دیں، ٹھنڈا ہونے پر ایک انجکشن پنسلین دس لاکھ کا بھی ملا دیں، مرہم تیار ہے، جو زخم کسی دوا سے نہ بھرتے ہوں اس کے استعمال سے چند ہی روز میں ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

حابس الدم: کاغذ کلو، سنگ جراح پچاس گرام
ایک کوزہ گلی میں کاغذوں کے درمیان سنگ جراح رکھ کر اسے دس کلو کی بند آگ دیں، اس کشتہ کو پیس کر رکھ لیں، جو ملے اسے پیس لیں اور ایک گرام یہ دوا دودھ سے بوقت ضرورت دیں، اس کے بعد صرف سات روز صبح شام کھلا دیں، خون کوئی بھی ہو پھر کبھی نہیں آئے گا، اسے آپ کثرت طمث، خون بواسیر، رعاف کیلئے استعمال کر سکتے ہیں، اگر بیرونی زخم ہو تو بھی یہ دوا اوپر چھڑک کر سادہ پٹی کس دیں، خون فوراً بند ہو جائے گا اور زخم ٹھیک ہونے تک یہی لگاتے رہیں چند ہی روز میں زخم ٹھیک ہو جاتا ہے، انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔




حکیم حافظ حبیب اللہ

حکیم صاحب مجھ سے سینئر ہیں، کہیں زیادہ تجربہ رکھتے ہیں، کلاس فیلو بھی ہیں، ذکر وفکر کے ساتھی بھی ہیں، آبائی گاؤں کے رہنے والے ہیں، ایک طبی کتاب کے مصنف بھی بن چکے ہیں، سب سے بڑی بات یہ ہے کہ قرآن پاک کے حافظ ہیں، صوم وصلوٰۃ کے پابند ہیں کہنہ مشق طبیب ہیں، دینی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والوں میں سے ہیں، طب میں آئے دن نئے نئے تجربات کرنا شوق ہے، بچوں کو قرآن پاک کی تعلیم بھی دیتے ہیں، انہوں نے اپنی بے پناہ مصروفیات میں سے وقت نکال کر چند مجربات آپ کے لئے صدقہ جاریہ کئے ہیں اللہ تعالیٰ ﷻ ان کے اس فعل کو اپنے پیارے محبوب ﷺ کے صدقے اپنی شان کے مطابق اپنی بارگاہ میں قبول ومنظور فرمائے اور آخرت میں ان کے لئے ذریعہ نجات بنائے آمین

شربت جگر خاص: تخم کاسنی 250 گرام، ریوند خطائی، گل سرخ، 100+100 گرام، چینی سوا دوکلو

حسب دستور شربت بنالیں، دن میں تین مرتبہ یہ شربت اس مقدار میں پینا ہے کہ بارہ سے پندرہ دنوں میں ایک بوتل ختم ہو جائے، پانی میں ملا کر کھانے سے گھنٹہ پہلے پئیں گے، کثرت صفراء کی وجہ سے اگر جگر اپنے فعل کو صحیح طور پر ادا نہ کر رہا ہو تو اس کے استعمال سے اس کا فعل درست ہو جاتا ہے اور جسم چاک وچوبند ہو جاتا ہے، بھوک پیاس ہر چیز ٹھیک ہو جاتی ہے، مزاج اس کا قشری اعصابی (گرم تر) ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔



اوجاعی: شنگرف، تخم جرجیر، (تارامیرا) نمک لاہوری، شحم حنظل

سب ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں اور شہد کی مدد سے فلفلی گولیاں بنالیں، ایک ایک گولی دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد پانی سے کھلا کر اوپر سے دودھ نیم گرم پلائیں، یادر ہے شنگرف کو الگ ایک گھنٹہ کھرل کر کے شامل ادویہ کریں، اس دوا کے استعمال سے جسم کی گرتی ہوئی حرارت بحال ہو کر بلڈ پریشر (ٹرائی گلیسرائیڈ) نارمل ہو جاتا ہے، فالج، لقوہ اور اعصابی دردوں کو بہت مفید دوا ہے، مزاج کے لحاظ سے قشری عضلاتی (گرم خشک) ہے، صفراء کو پیدا کر کے خون کے اندر روکتی ہے، ٹرائی گلیسرائیڈ کیلئے شہد ملے پانی سے دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور تین نمبر غذائیں دیں گے۔

حبّ مغلّظ: موصلی سفید انڈیا، پھلی ببول 100، نبات سفید 50، شیر برگد 50

سب ادویہ پیس کر شیر برگد کی مدد سے قابلی چنے برابر گولیاں بنالیں، صبح شام دو، دو گولیاں شیر نیم گرم سے قبل از غذا کھلائیں، اعلیٰ درجہ کی مغلّظ اور مقوّی دوا ہے، منی کی رقت کو غلظت میں تبدیل کر کے فعل جماع پر قادر کرتی ہے اور سرعت کا خاتمہ کرتی ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

دیگر: ثمر برگد، پوست بیخ برگد، کونپل برگد، نبات سفید

سب ادویہ برابر وزن لے کر پیس لیں، تین گرام صبح شام کھانے سے پہلے نیم گرم دودھ سے استعمال کرائیں، مادہ منویہ کی حدت ختم کر کے رقت و سرعت کا خاتمہ کرتی ہے۔

ہیئر آئیل: ترپھلہ 60 گرام، مازو سبز 20 گرام

دونوں ادویہ کو جو کوب کر کے کلو پانی میں دو تین جوش دے کر رات پڑا رہنے دیں، صبح مل

چھان کر ڈھائی سو گرام روغن کنجد میں پانی جلا دیں، صرف تیل ہی بچنا چاہیئے، رات کو بالوں کی جڑوں میں اچھی طرح مالش کریں، صبح نہالیں، اس کے استعمال سے بال لمبے، گھنے، سیاہ ہوجاتے ہیں، اور گرنا بند ہوجاتے ہیں، اس دوا کے ساتھ چار اور ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

درد کا جادو: سورنجاں شیریں، سوڈا اسلی سلاس، دس دس گرام، اسپرین پاؤڈر، پانچ گرام تمام ادویہ پیس کر ملالیں، ایک گرام دوا کھانے کے بعد پانی سے دیں، دوا منہ میں جاتے ہی درد کا مداوا کرتی ہے، گویا درد کبھی تھا ہی نہیں، لیکن یہ سب کچھ عارضی ہے، عارضی طور پر استعمال کرنے کے بعد فوری طور پر مستقل علاج کریں تاکہ دوبارہ درد نہ ہو، یہ ضروری ہے ورنہ درد پھر جاگ اٹھے گی، دوم یہ دوا السر معدہ اور دل کے مریض کو نہ دیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

ذکاوت حس: کشتہ قلعی، کشتہ بیضہ مرغ، دس دس گرام، پوٹاشیم برومائیڈ پانچ گرام سب ادویہ پیس کر ملالیں، ایک رتی (ایک سو پچیس ملی گرام) کھانے سے پہلے مکھن بیس گرام میں رکھ کر کھلائیں دن میں دو مرتبہ، ذکاوت حس کا خاتمہ کرتی ہے، اگر جریان کیلئے استعمال کرنا ہو تو دس گرام یہ کشتہ سو گرام خمیرہ گاؤزبان سادہ میں ملا کر ایک چائے والا چمچ صبح شام خلوئے معدہ دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک غذائیں دیں گے۔

بلیشی: عرق کچلہ ایک بوتل، شنگرف، سم الفار، بیش، ہر ایک دس گرام

ایک کلو کچلہ لے کر ایک گھڑے میں ڈال کر اسے پانی سے بھر دیں اور اوپر سے ڈھک دیں، خاص خیال رکھیں کہ زہریلی دوا ہے، ایک ماہ بعد اس کا تین بوتل عرق نکال لیں محفوظ کر

لیں، اسی میں سے ایک بوتل عرق کے ساتھ درج اولیٰ سمیات کھرل کریں، اتنا کہ عرق کی بوتل ختم ہو جائے، جب قوام گولی باندھنے کے قابل ہو جائے تو دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنا لیں، ایک گولی صبح، ایک گولی شام، صبح سوجی کے حلوے میں بیس مغز بادام ڈال کر اور شام کو پچاس گرام بالائی کے ساتھ استعمال کرائیں، اس کے استعمال سے سب سے پہلے تو جسمانی دردیں ختم ہو جاتی ہیں، دوسرے نمبر پر مخاطی اور عضلاتی (سردی اور خشکی) کے تمام امراض کا قلع قمع ہو جاتا ہے، یہ سمجھ لیں کہ کسی تریاق سے کم نہیں ہے، صاحب نسخہ کا کہنا ہے کہ انہیں کافی عرصہ سے کمر میں درد تھی صرف تین گولیاں کھائی ہوئی ہیں آج چار پانچ سال ہونے کو ہیں دوبارہ کبھی درد نہیں ہوئی، قوت باہ میں بھی رنگ دکھاتی ہے، صفراوی مریض کے موافق نہیں، اس بات کا خاص خیال رہے، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دیں گے۔

حکیم حافظ حبیب اللہ انچارج نوری دوا خانہ سانگلہ ہل بازار شاہکوٹ ضلع ننکانہ صاحب

متفرقات

اس حصہ میں چیدہ چیدہ مجربات لکھ رہا ہوں جو مجھے بعد میں ملے، حکیم غلام رسول گجر سنگھ والا کے رہنے والے ہیں، کلاس فیلو ہیں، نہایت شریف الطبع انسان ہیں، ان کے مجربات میں سے چند نسخہ جات آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

اکسیر احتلام: صمغ عربی ڈیڑھ کلو، تخم کاہو، تخم بھنگ، تخم دھتورہ، خشخاش، کلوکلو، پوٹاشیم برومائیڈ 300 گرام، کشتہ صدف 200 گرام، کشتہ قلعی 150 گرام

سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملا لیں اور مشین سے (آٹھ نمبر) تین تین رتی کی گولیاں بنوا لیں، ایک گولی صبح، دوپہر، شام، کھانے کے ایک گھنٹے بعد تازہ پانی سے دیں، اس دوا کے ساتھ چھ اور سات نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) مخذر ہے، جو احتلام کسی دوا سے ٹھیک نہ ہوتا ہو اس کے استعمال سے ٹھیک ہو جاتا ہے، ٹھیک ہو جانے کے بعد کوئی اچھی قسم کا مغلظ ضرور استعمال کرنا چاہیئے، اگر نہیں کریں گے تو کچھ ہی عرصہ بعد دوبارہ شکایت ہو سکتی ہے۔

حابس الدم: گئو دنتی، آب ترشک بوٹی، کلوکلو

پہلے گئو دنتی کو پندرہ کلو کی آگ میں کشتہ کرلیں پھر اس میں آب ترشک کھرل کریں، کھرل کر کے سارا پانی ختم کر دیں، جب ذرا گاڑھا مواد بن جائے تو دس دس گرام کی ٹکیاں بنالیں اور خشک کر کے اسے دوبارہ پندرہ کلو کی آگ دے دیں، جو ملے اسے کھرل کر کے سنبھال لیں دو گرام دوا شربت انجبار یا ٹھنڈے دودھ سے دیں، اس دوا کے ساتھ ایک نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، ہر قسم کا خون بند کرنے کیلئے لاثانی دوا ہے، خاص طور پر نکسیر کیلئے مفید و مجرب ہے۔

سعال یابس: اصل السوس، چینی دو دو سو گرام، گوند کتیرا، تخم باقلہ، کاکڑا سینگی، شکر تیغال، سو سو گرام، ست پودینہ دس گرام

سب ادویہ اچھی طرح کھرل کرلیں، کاکڑا سینگی میں ایک جالا سا ہوتا ہے اسے نہایت توجہ سے صاف کریں، اور پیس لیں ایک گرام دوا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد گرم دودھ میں شہد ڈال کر اس سے کھلائیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر غذائیں دیں گے۔

افعال: تقریباً قشری اعصابی (گرم تر) ہے، گاڑھی بلغم کو پتلا کر کے خارج کرتی ہے، جب بلغم سانس کی نالیوں میں جم جاتی ہے تو اس وقت خشک کھانسی ہوا کرتی ہے، اس وقت

طبیب کا یہ کام ہوتا ہے کہ ایسی دوا تجویز کرے جس سے بلغم پتلی ہو کر خارج ہو جائے اور پھیپھڑے وغیرہ صاف ہو کر سانس کا رستہ بحال کر دیں، اس مقصد کیلئے یہ دوا بہت اعلیٰ ہے، حکیم صاحب کے خاص مجربات میں سے ہے، ان کا کہنا ہے کہ اگر بلغم بہت ہی زیادہ گاڑھی ہو تو میں اس کے ساتھ ہی کشتہ بارہ سنگا دو چاول فی خوراک دے دیتا ہوں، یوں مریض تیزی سے صحت یاب ہو جاتا ہے۔

ہنگامی حالات

ایک ہومیو پیتھ ہونے کے حوالے سے یہ بالکل نہیں چاہتا کہ ایک ہی وقت میں ایک سے زائد میڈیسنز استعمال کی جائیں اور نہ ہی یہ ہومیو پیتھی طریقہ علاج کا اصول ہے، ہومیو پیتھی کا قانون شفاء یہ ہے کہ ایک وقت میں ایک میڈیسن استعمال کی جائے اور علامات کیمطابق اس کے پیچھے پیچھے چلا جائے، لیکن کچھ سوچ کر اور کچھ حوادث نے اس طرف توجہ دلائی کہ اگر اشد ضرورت کے تحت مرکبات (Combinations) کا استعمال کر لیا جائے تو کوئی مذائقہ نہیں، سوچا یہ تھا کہ جب ہومیو پیتھی ادویات کی اکثریت جڑی بوٹی سے ہی بنتی ہے، اور جڑی بوٹی کو مرکبات کی شکل میں استعمال کیا جا سکتا ہے تو اس پر بھی تجربات کئے جا سکتے ہیں، سو ہم نے کئے اور اپنے مقصد میں کافی حد تک کامیاب رہے، دراصل مریض اپنا دکھ درد آپ کی (Reqirment) کے مطابق آپ کو بتا ہی نہیں سکتا، تکلیف سے تو اس کا دماغ پہلے ہی ماؤف ہو چکا ہوتا ہے اوپر سے آپ سوال کر کر کے مزید پریشان کرتے ہیں، اگر ہم اس کی بجائے اس کی ایک دو میجر علامات کو سامنے رکھتے ہوئے اسے (Combinations) کا استعمال کرا دیں اور مریض کو دوسرے دن آنے کا کہیں تو وہ پہلے سے کہیں بہتر حالت میں ہوتا ہے، اور آپ کے سوالوں کے جواب دینے کیلئے مستعد بھی، اب آپ اس سے علامات لے کر کیس Study کریں، اور ہر باریکی معلوم کر کے صحیح تشخیص اور تجویز کریں، یہ میری

ایک ناقص رائے تھی عمل کرنا نہ کرنا آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔

ہومیو پیتھی طریقہ علاج میں مرض کا کوئی Concept نہیں ہے، یہ تو صرف علامات کا علاج کرتی ہے، وہ علامات بے شک پل پل بدلیں یا گھنٹوں بعد، اس کی ایک مثال پیش کرتا ہوں، شاید میں اپنا مدعا بیان کرنے میں کامیاب ہو جاؤں، ایک روز جب میں سو کر اٹھا تو آنکھوں میں کیچ تھی، رنگ سفید تھا اس کی میڈیسن Slecia تھی وہ میں نے ایک خوراک کھا لی دوپہر تک یہ مسئلہ تو ٹھیک ہو گیا لیکن آنکھوں میں سرخی آ گئی اس کے لئے میں نے Bella لے لی، شام کو میں نے محسوس کیا کہ آنکھوں سے پانی بہنا شروع ہو گیا ہے اس کی میڈیسن Net Mur تھی لہٰذا وہ بھی کھا لی، یہ علامت بھی دور ہو گئی، یہاں مسئلہ یہ ہے کہ کیا آپ مریض کو تین مرتبہ دن میں اس طرح گھر سے بلا کر میڈیسن کھلا سکتے ہیں، ہرگز نہیں میں تو یہ ماننے کیلئے تیار نہیں ہوں، اس لئے اس کا کیا تدارک کیا جائے کہ مسئلہ حل ہو جائے تو یہی باتیں سوچ کر اس طرف آئے کہ مرکبات (Combinations) کو استعمال کر لینا چاہیئے، تا کہ مریض کو فوری افاقہ محسوس ہو اور وہ دوسرے روز آپ کے پاس آئے اور آپ پوری طرح اس کی علامات نوٹ کر کے اس کا صحیح علاج کر سکیں، میرے تجربات میں یہ بات آئی ہے کہ اس طرح میڈیسنز کی فعالیت میں کمی ضرور آ جاتی ہے لیکن مقصد حل ہو جاتا ہے، اور آپ کو Case Taking کا موقع مل جاتا ہے، کیا آپ میرے خیال سے متفق ہیں؟ اس طریقہ سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس طریقہ علاج میں تیزی آ جائے گی، اس کے علاوہ ایک اور بات ہے کہ میں ہومیو میڈیسنز کو مزاجاً استعمال کرتا ہوں، اس طریقہ کار سے ایک تو میڈیسنز کا دائرہ کار کم ہو گیا ہے دوسرا فائدہ یقینی ہو گیا ہے، دائرہ کار اس طرح کم ہوا کہ پہلے اگر ہم من وعن علامات کے پیچھے بھاگتے تھے تو اب ایک ہی میڈیسن علامات لئے بغیر بہت سے امراض پر کام کرتی ہے، لیکن علامات اگر ذہن میں پوری طرح موجود ہوں تو پھر سونے پہ

سہاگہ ہوجاتا ہے اور فائدہ حتمی ہوتا ہے اس کی ایک مثال یہ ہے کہ Bella کی میجر علامت سرخی ہے وہ سرخی کو دور کرتی ہے، اور اگر اس پر مزاجاً محنت کر لی جائے تو جتنے بھی صفراوی امراض ہیں ان کیلئے یہ مجرب ہے کیونکہ اس کا مزاج اعصابی مخاطی (تر سرد) ہے اور صفراوی امراض کا علاج یہی ہے اس طریقہ پر میں نے بہت فائدہ اٹھایا ہے، ہمارا مقصد تو مرض کو اللہ تعالیٰ ﷻ کی رحمت کو وسیلہ بنا کر صحت کی طرف لوٹانا ہے، اس کے لئے ہم کوئی بھی رستہ اختیار کریں میری سمجھ کے مطابق ٹھیک ہے، کیونکہ ہم دکھی انسانیت کے دکھ درد کا مداوا کرتے ہیں یہ کوئی جرم نہیں ہے، یہ ایک Sutructure تھا جس کی وجہ سے آنے والے صفحات لکھے گئے، یہ ڈیوٹی میں نے اپنے ایک محسن ڈاکٹر راؤ محمد اقبال صاحب کے ذمے لگائی اور انہوں نے اسے خوب نبھایا آنے والے صفحات ان کی برسوں کی محنت شاقہ کا نتیجہ ہیں، اللہ تعالیٰ ﷻ ان کو جزا دے، میں اور ڈاکٹر صاحب صرف شدید حالتوں میں ہی مرکب Combinations کا استعمال کرتے ہیں ورنہ ہومیوپیتھی Single Remrdy کے طریقہ استعمال پر سختی سے کار بند ہیں، لیکن ہم اسے بصد کوشش مزاجاً ہی استعمال کرتے ہیں، ڈاکٹر صاحب کسی تعارف کے محتاج تو نہیں ہیں، کیونکہ اس سے پہلے اپنی کتب میں ان کو آپ سے ملوا چکا ہوں، آپ نہایت ہمدرد اور مخلص انسان ہیں، یہ بات بتانے والی تو نہیں ہوتی لیکن جب تعارف کی بات آ جائے تو ایسی بات چھپانی بھی نہیں چاہیئے کہ آپ نے جب سے کلینک کیا ہے مریضوں کو مفت میڈیسنز دیتے ہیں اور رات دن کسی بھی وقت مریض آ جائے اسے مایوس نہیں کرتے، اللہ تعالیٰ ﷻ ان کے علم و فضل میں برکت ڈالے، اور ڈاکٹر صاحب کو جزائے خیر عطا فرمائے...آمین

ڈاکٹر راؤ محمد اقبال

محترم قارئین:

اسلام وعلیکم میں کوئی زیادہ پڑھا لکھا نہیں ہوں اور نہ ہی حکیم حاذق ہوں صرف ایک طالب علم ہوں اور حصول علم کیلئے جہاں بھی جانا پڑے جو بھی محنت مشقت کرنی پڑے کرنے سے نہیں چوکتا یہ میری اچھی یا بری ایک عادت سی ہے، آپ اسے کیا سمجھیں گے یہ آپ کا معاملہ ہے۔

جناب استاد محترم کے حکم کی تعمیل میں کچھ لکھنے کی جسارت کر رہا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ آپ غلطیوں کی اصلاح فرما کر شکریہ کا موقع ضرور دیں گے، اگر آپ مجھ سے متفق ہوں اور میری تحریر سے آپ کو فائدہ پہنچے تو دعائے خیر سے ضرور یاد کریں۔

چند ابتدائی، ہنگامی حالات سے نمٹنے کیلئے نسخہ جات قلمبند کر رہا ہوں تا کہ کیس کو سمجھنے کا موقع مل جائے اور وقتی ضرورت بھی پوری ہو جائے۔

1: موسمی تبدیلی سے کوئی بھی علامت سامنے آئے تو بڑوں کیلئے ABG

Change of Weather

Aconite Nap	6x
Beladona	6x
Gelsemium	6x
Kali Mur	6x
Ferrum Phos	6x

Change of Weather

2۔ بچوں کیلئے ABC شدت مرض علامات کو مدنظر رکھتے ہوئے وقفہ پندرہ منٹ سے چار

گھنٹہ تک کر سکتے ہیں۔

ایکونائٹ	6X
بیلاڈونا	6X
کیمومیلا	6X
کالی میور	6X
فیرم فاس	6X

3-زیادہ کھالیا جائے اور معدے میں بوجھل پن کا احساس ہو Digestive.

ای پیز نگرا	3X
نکس وامیکا	3X
کاربوویج	6X
روبینا	6X

4-گلے کی خرابی کے لئے Throat

ہیپر سلف	30
ایپس	30
فایٹولاکا	30
گائیکم	30
کالی میور	6X
فیرم فاس	6X
آرسینک ایلبم	6X
بیلاڈونا	6X

فیرم فاس 6X

کالی میور 6X

کالی میور تین ایکس پانی میں ملا کر غرارے کرائیں، بیلا ڈونا مدر ٹنکچر گلیسرین فی ڈرام 5 قطرے ملا کر گلے میں لگائیں۔

5-برائٹا کارب 200 تین مرتبہ دن میں کھانے سے آدھا گھنٹہ پہلے اگلے روز بیلا ڈونا، مرک سال، 30 باری باری اگلے روز آرسینک، بیلا ڈونا، 30 باری باری ہر دو گھنٹہ بعد اگلے روز سے مسلسل فیرم فاس کالی میور چھ ایکس چار چار گولیاں تین مرتبہ دن میں

6-دماغی کمزوری کیلئے برین ٹانک Brain Tonic

اگنس کاسٹس 3X

ایسڈ فاس 3X

انا کارڈیم 6X

برائٹا کارب 30

لائسن 12X

پلمبم میٹ 30

کالی فاس 6X

میگ فاس 6X

صرف سات روز، تین مرتبہ دن میں کھانے سے آدھا گھنٹہ پہلے کھانا کھانے کے درمیان پندرہ سے بیس قطرے ایسڈ فاس (Q) دیں

7-اس دوا سے روڈ ایکسیڈنٹ یا کسی بھی طریقے سے لگی ہوئی چوٹ کو آرام آجاتا ہے خواہ کتنی ہی پرانی کیوں نہ ہو، تین سے چار مرتبہ دن میں کھانے سے پہلے۔

آرنیکا	200
رسٹاکس	200
ہائپیریکم	200

اول الذکر تین ادویہ ہی ہم استعمال کرتے ہیں، لیکن ڈاکٹر صاحب نے اس میں حسب ذیل تین ادویہ کا اضافہ کیا ہے اور مفید بتاتے ہیں، اگر اوپر والی تین ادویہ کو نیچے والی ادویہ پر Medecate (قطرے ٹپکانا) کر دیا جائے تو مزید بہتر ہے۔

فیرم فاس	12X
میگ فاس	12X
کالی فاس	12X

8۔ جوڑوں اور پٹھوں کے درد

برائی اونیا	3X
رسٹاکس	3X
کالچیکم	3X
سمفائٹم	3X
سمی سی فیوگا	3X
روٹا	3X
کاسٹیکم	3X
میگ فاس	12X
کالی فاس	12X
فیرم فاس	12X

9- گردے اور مثانے کی پتھریوں کے لئے

بربیرس ولگیرس	50-1x قطرے
کنتھرس	50-1x قطرے
سیبل سرلوٹا	50-1x قطرے
ڈائسکوریا	50-1x قطرے
سارس سپریلا	50-1x قطرے
نکس وامیکا	25-1x قطرے
پریرابریوا	25-1x قطرے
چکی	50-1x قطرے

پندرہ سے بیس قطرے پانی میں ملا کر دن میں تین سے چار مرتبہ

10- آنکھوں کی سوزش جلن کیلئے

یوفریشیا	15Q قطرے
فیرم فاس	5-3X گرین
روٹا	20Q قطرے

عرق گلاب یا ڈسٹلڈ واٹر ایک اونس میں ملا کر روزانہ دو تین مرتبہ ڈراپر سے ڈالیں

11- آنکھ کی چوٹ کیلئے

آرنیکا	1000
ہائپیریکم	30
سمفائیٹم	3X

12- گوہانجنی کیلئے

پلساٹیلا	200
سٹیفی سیگیریا	200

باری باری پانچ قطرے پانی میں ملا کر دن میں چار مرتبہ

13- پلکوں کی گلٹی کیلئے

کلکیر یا فلور	12X

14- انفلوئینزا کیلئے

(1) آرسینک البم	30
ایلم سیپا	30
(2) برائی اونیا	6X
جلسیمیم	6X
سباڈلا	6X
ایکونائٹ	6X
یوپے ٹوریم پرف	3X

ایک نمبر اور دو نمبر کی ادویہ باری باری تبدیل کر کے دن میں تین سے چار مرتبہ 10 قطرہ

15- چھینکیں آنا

آرسینک البم	30
سباڈلا	30

دونوں ادویہ باری باری چار مرتبہ دن میں

16- نکسیر کیلئے

فیرم فاس	3X دس گرین

فیرم آئیوڈائیڈ	3X دس گرین
ملی فولیم	Q پندرہ قطرے
امبروشیا	Q پندرہ قطرے
چائنا	6X پندرہ قطرے

دس سے پندرہ قطرے دن میں تین سے چار مرتبہ پانی میں ملا کر

17- کان کے درد اور بہنے کیلئے

پلساٹیلا	30
کیمومیلا	30
فیرم فاس	12X
کالی میور	6X

چار مرتبہ دن میں دس پانچ قطرے پانی میں ملا کر کھلائیں اور ملیّن آئل کان میں ڈالیں۔

18-اسہال کیلئے

اپی کاک	6X
کالوسنتھ	6X
کیموملا	6X
مرک کار	6X
الیسڈ فاس	6X
نیٹرم سلف	6X

پانچ قطرے کھانے سے پہلے دن میں تین سے چار مرتبہ پانی میں ملا کر

19- پیچس کیلئے

مرک کار	12X
کالوسنتھ	6X
چائنا	6X
کرچی	3X

پانچ قطرے پانی میں ملا کر دن میں تین سے چار مرتبہ یا ضرورت کے تحت ہر پانچ دس منٹ بعد دیں۔

20- قبض کیلئے

ایلومینا	12X
برائی اونیا	6X
نکس وامیکا	6X
لائیکوپوڈیم	3X
پلمم	6X
ہائیڈراسٹس	3X

پندرہ سے بیس قطرے پانی میں ڈال کر پلائیں

21-بدہضمی کیلئے

آرجینٹم نائٹریکم	12X
ایلومینیم	12X
مرک کار	12X
لیکسس	12X
برائی اونیا	6X

نکس وامیکا	6X
کالوسنتھ	3X
لائیکوپوڈیم	3X
کاربوویج	3X

پانچ سے دس قطرے پانی میں ڈال کر دیں، پندرہ منٹ کے وقفے سے دیں

22-بول فی الفراش کیلئے

سیپیا	30
بیلاڈونا	30
ایکوزیٹم	30
فیرم فاس	12X

پانچ سے دس قطرے پانی میں ملا کر دن میں چار مرتبہ

23- کیل مہاسے

آئیوڈیم	30
آئرس	30

پانچ پانچ قطرے ایک اونس سادہ کریم میں ملا کر بغیر مساج کئے رات کو سوتے وقت چہرے پر لگائیں اور درج ذیل نسخہ دس سے پندرہ قطرے تین مرتبہ کھلائیں۔

لیڈم	12X
نیٹرم برومیٹم	12X
کالی برومیٹم	12X
ہائیڈروکوٹائیل	3X

ایکی نیشیا	3X
بربیرس ایکوفائیلم	3X

24- آدھے سر کا درد

سلیشیا	12X
گلونائن	6X
بیلاڈونا	6X
نکس وامیکا	6X
نیٹرم میور	3X

یہ دوا پانچ سے دس قطرے دن میں تین سے چار مرتبہ دیں اور ہفتے پندرہ روز بعد آرنس 200 دیتے رہیں۔

25-فیور پاؤڈر

فیرم فاس	12X
کالی میور	3X
نیٹرم سلف	3X

26- ٹائیفائیڈ کیلیے

پپٹیشیا	200
برائی اونیا	200

باری باری صبح شام کھانے سے پہلے، ساتھ فیور پاؤڈر گرم پانی میں ملا کر دیتے رہیں

27- تمام بخاروں کیلیے

ایکی نیشیا	3X

پٹیشیا	3X
ہائیڈروکوٹائیل	3X
بیلاڈونا	3X
رسٹاکس	3X
کالی فاس	6X

دس سے پندرہ قطرے کھانے سے پہلے پانی میں ملا کر دن میں تین مرتبہ دیں

28-بلڈ پریشر

آرم میور	6
گلونائین	6
دسکم ایلبم	6
بیلاڈونا	6X

دس سے پندرہ قطرے تین سے چار مرتبہ دن میں کھانے سے پہلے پانی میں ملا کر دیں

29-سر چکرانا

آرجنٹم نائٹریکم	6
تھیری ڈون	6
کوکولس	6
نیٹرم سلف	6
کونیم	12

پانچ سے دس قطرے دن میں تین مرتبہ کھانے سے آدھا گھنٹہ پہلے

30-عام کمزوری

(ا) کاربوویج	30
بریٹا کارب	30
فیرم فاس	12X
سلیشیا	12
کالی فاس	6X
(۲) انٹی مونیم کروڈ	6X
کاربوویج	6
کلکیریا فاس	6
سکوکم چک	3
ایلفاایلفا	3X

دونوں کمبینیشنز باری باری دن میں چار مرتبہ پانی میں ملا کر کھانے سے پہلے دیں

30- دل کے درد کیلئے

کلکیریا فاس	12X
کالی فاس	3X
نیٹرم میور	3X

تینوں ادویہ شوگر آف ملک میں ملا کر دو دو گرین کے کیپسول بھر لیں، ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کیلئے نہایت ہی مؤثر ہے، ہر وقت کلینک میں رکھیں۔

32-چوٹوں کیلئے

آرنیکا	6X
فیرم فاس	6X

سمفائٹم 6X

بیلاڈونا 3X

ایکی نیشیا 3

روٹا 3

پانچ سے دس قطرے دن میں تین مرتبہ پانی مین ملا کر دیں

33- بچہ دانت نکالنے میں دشواری محسوس کرے تو کلکیر یا کارب (سی ایم) دیں۔

34- پیٹ درد

پلساٹیلا 30

کیمومیلا 30

ڈائسکوریا 30

پیٹ کے درد کیلئے نہایت اعلیٰ دوا ہے بوقت ضرورت ہر پانچ منٹ بعد دیں

35- خسرہ

(ا) مار بلیئیم 30

بیلاڈونا 30

(۲) برائی اونیا 30

جلسیمیم 30

نمبر ایک اور دو باری باری دیں، نہایت اعلیٰ دوا ہے

36- منہ آنا

بوریکس 30

مرک سال 30

باری باری دن میں چار مرتبہ دیں

37- نمونیا

فاسفورس	30
برائی اونیا	30

دونوں ادویہ باری باری دن میں چار مرتبہ دیں

38- گردن اکڑنا

رسٹاکس	1M
بیلاڈونا	30
برائی اونیا	30

تینوں ادویہ باری باری دن میں تین مرتبہ دیں

39- چک پڑنا

رسٹاکس........................1M

40-دانت درد

پلانٹیگو میجر.....................Q

مقام ماؤف پر لگائیں، اگر دانت دبانے سے درد کریں تو پلانٹیگو 6X کھانے کو دیں

دوستو یہ کمبینیشنز میرے کلینک پر استعمال ہوتے ہیں جو آپ حضرات کی خدمت میں پیش کردئے گئے ہیں،لیکن ہر دوا کی اونچ نیچ سے اس کا مسلسل استعمال کرنے والا ہی جانتا ہے،ہمت کریں آپ بھی یہ سب گورکھ دھندا سیکھ جائیں گے....احقر کو دعاؤں میں یاد رکھئے گا...شکریہ

ماہانہ اجلاس

حسب روایت حسب دستور نظریہ مفرد اعضاء اربعہ کا ماہانہ اجلاس ہر انگریزی ماہ کی پہلی سرکاری چھٹی (اتوار) کے دن ہیلتھ کیئر کلینک پر صبح دس بجے شروع ہوتا ہے اور ساڑھے بارہ بجے اختتام پذیر ہوتا ہے جس میں شائقین فن طب سے طبی مشاورت ہوتی ہے، اس میں امراض، علم نبض، فزیالوجی، پتھیالوجی، اور اس کے علاوہ موسمی امراض اور حالات حاضرہ پر سیر حاصل بحث ہوتی ہے، اگر آپ بھی فن طب کے شائق ہیں تو تشریف لا کر خدمت کا موقع دیں۔

تیار ادویہ

ادارہ نے حاملین نظریہ کی خدمت کے پیش نظر عرصہ دراز سے دوا سازی کا کام شروع کیا ہوا ہے، آپ کو ہمارے ہاں سے نظریہ مفرد اعضاء اربعہ کے فارماکوپیا کی خالص اور صاف ستھری تیار ادویہ ملتی ہیں، زیادہ نفع کا لالچ نہیں ہے، صرف شوق اس بات کا ہے کسی طرح نظریہ مفرد اعضاء کا پرچار کر کے ملک و قوم کی صحیح معنوں میں خدمت کی جائے اور دکھی انسانیت کا دکھ بانٹا جائے، اللہ تعالیٰ ﷻ کا خوف دامنگیر ہے کسی بھی طرح اللہ تعالیٰ ﷻ کو ہماری کوئی ادا پسند آ جائے اور ہم بھی اس کے مقرب بندوں میں شامل کر لئے جائیں، صدقہ حضور کریم ﷺ کے قدمین شریفین کا اللہ تعالیٰ ﷻ قبول و منظور فرمائے.........آمین

شاکر لیبارٹریز

ہم نے آپ کی سہولت کیلئے ادویہ کی بہترین طریقہ پر تیاری کی ہے، ادویہ خرید کر انہیں اچھے طریقے سے صاف کر کے اعلیٰ قسم کی مشینوں پر پیسا جاتا ہے، عوام کی پرابلم کو سامنے رکھتے

ہوئے جوادویہ کڑوی ہیں ان کو گولیوں کی شکل میں اور جن کا ذائقہ ٹھیک ہے انہیں سفوف کی شکل میں آپ کی خدمت میں ایک عرصہ سے پیش کر رہے ہیں، اس سے پہلے بھی ادویات آپ کی خدمت میں پیش کی جاتی رہی ہیں، لیکن اب اس منصوبے کو مزید بہتر بنا کر اس پر عمل پیرا ہوئے ہیں، اگر کسی دوست کو ہمارے فارما کوپیا کی کسی بھی دوا کی ضرورت ہو تو ہم سے نہایت ارزاں نرخ پر طلب کر سکتا ہے، ہمارا مشن ہے کہ نظریہ مفرد اعضاء اربعہ خوب پھیلے، ہم نے سوچا کہ احباب کو ادویہ کی تیاری میں جو مسائل پیدا ہوتے ہیں انہیں اس طریقہ پر حل کیا جائے، کہ ادویہ کی تیاری کے سلسلہ میں تو کم از کم سہولت پیدا ہو جائے، ہم بہت ہی کم منافع پر اس منصوبے کو آگے بڑھا رہے ہیں، زیادہ نفع کا کوئی لالچ نہیں ہے، اگلے صفحات پر ان ادویہ کی فہرست اور نرخ درج کر دیئے گئے ہیں، جو ہر وقت ہمارے پاس تیار ملتی ہیں، اگر زیادہ مقدار میں ضرورت ہو تو ٹیلی فون پر دو تین روز پہلے آڈر لکھوا دیں تا کہ آپ کے اور ہمارے وقت کی بچت ہو۔

خدمت کیلئے ہمہ وقت حاضر..............................شاکر لیبارٹریز

Mobile:03004268645.......03009492503

ادویہ کی خریداری کے سلسلہ میں صرف مطب کے اوقات میں ہی رابطہ کیا جائے۔ شکریہ

اوقات مطب: موسم سرما شام چار تا آٹھ بجے رات تک

موسم گرما شام ساڑھے چار سے ساڑھے آٹھ بجے رات تک

ناغہ: جمعۃ المبارک

ضروری نوٹ

یوں تو ہم نے سستی ادویہ آپ کی خدمت میں پیش کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، لیکن ادویہ تو ہم

نے مارکیٹ سے ہی خریدنی ہیں،اس لئے مارکیٹ کے نرخوں کے ساتھ ساتھ چلنا ہماری مجبوری ہوگی، یہ ہمارا وعدہ ہے کہ کسی کے ساتھ بھی زیادتی نہیں ہوگی،اگر ہم نے پہلے ہی نرخ زیادہ لگائے ہوتے تو یہ سب نہ لکھنا پڑتا،ہم نے نہایت ہی قلیل منافع پر یہ ریٹ لسٹ ترتیب دی ہوئی ہے،مثال کچھ اس طرح ہے کہ اگر ایک دوا ہمیں دوسو روپے کلو پڑتی ہے اور ہم اس کو چارسو روپے کلو آپ کی خدمت میں پیش کریں تو پھر ہمیں بار بار نرخوں میں کمی بیشی نہیں کرنی پڑتی،لیکن ہم نے قلیل منافع رکھا ہوا ہے جس کی وجہ سے ہمیں مارکیٹ کے ساتھ چلنے کیلئے نرخوں میں کمی بیشی کرنی پڑتی ہے،بس اس بات کا دھیان رہے،ویسے ہم آپ کے خادم ہیں...............حکیم وڈاکٹر محمد اشرف شاکر

شاکر لیبارٹریز کی فخریہ پیش کش

ہیئر ٹانک

ہیئر ٹانک ہمارے ایک لمبے عرصہ کے تجربات کا نچوڑ ہے،اس کی ایک شیشی کے استعمال سے ہی بال گرنا بند ہو جاتے ہیں لیکن تین شیشیوں کا مکمل کورس ہے،ایک کورس استعمال کرنے سے ایک عرصہ تک بال نہیں گرتے،اگر اس کے ساتھ تین ماہ ملتین 45 کا استعمال کرلیا جائے تو بال دوبارہ اگنے لگتے ہیں،اگر اس کے ساتھ غذا قشری اعصابی،اعصابی قشری کھائی جائے اور باقی تمام قسم کی اغذیہ سے پرہیز کیا جائے تو دو نمبر کی عینک صرف دو ماہ میں اتر جاتی ہے، اس کا استعمال آپ کو یقیناً پہلے سے زیادہ پرکشش اور خوبصورت بنا دے گا،تجربات جاری ہیں اسی طرح اور بھی روزمرہ کی بہت سی چیزیں پیش کردی جائیں گی۔

قیمت ہیئر ٹانک فی شیشی،دوسو روپے..100ml

تیار کردہ: شاکر لیبارٹریز لاہور

ادویہ کی لسٹ

نام دوا	ریٹ فی کلو	نام دوا	ریٹ فی کلو	نام دوا	ریٹ فی کلو
ملتین1	450	آر1	1200	ازراقی مدبر	500
ملتین2	2000	آر2	400	دماغی ٹانک ڈبہ	300
ملتین3	400	آر3	400	مقوی2	800
ملتین4	550	آر4	400	ایس پی	25per'c
ملتین5	400	تریاق45	500	محافظ اطفال	600
ملتین6	450	تریاق67	1000	شوگرین جدید	400
ملتین7	600	تریاق81	400	شوگرین بی ایس	400
ملتین8	600	تریاق5	500	قروح معدہ	300
ملتین45	500	تریاق23	400	تریاق احتلام	700
ملتین23	1200	ایس ایس	500	حب بواسیر	500
ملتین81	500	ڈی ایس	450	شدید4	500
ملتین67	450	اعصابی تریاق	400	جدید4	550
ایچ45	450	حب سیلان	500	جریانول	800
ایچ23	400	جے جے	600	مصفی3	700
ایچ81	400	اکسیر مفرح	3000	مصفی1	500
ایچ67	450	حب بندق	400	ایم بی	1000
ڈبلیو1	100	حب لوزہ	500	ایم بی جی	1200
ڈبلیو2	1200	حب شفاء	500	محلل اورام	700
ڈبلیو3	500	حب سعالی	400	جی ٹی	800
ڈبلیو4	500	حب ماسکہ	500	Rate List 2016	

ممنون

ایک قلیل عرصہ میں کسی کتاب کا ھاتھوں ھاتھ بک جانا اس امر کی واضح دلیل ہوتی ہے کہ مداحین نے اسے بے انتہا پسند کیا ہے، اللہ تعالیٰ ﷻ کا کروڑوں اربوں بار شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جو بھی چند اوراق لکھے آپ دوستوں نے انہیں پسند کیا، جس سے میری نہایت حوصلہ افزائی ہوئی اور نہایت ہی جوش اور ولولے سے باوجود وقت کی کمی کے اس کا تیسرا ایڈیشن تیار کر کے آپ کی خدمت میں پیش کر دیا گیا تھا اور اب اللہ تعالیٰ ﷻ کے فضل و کرم سے آپ کے ہاتھوں میں چوتھا ایڈیشن ہے، اس میں دوستوں کے مزید مجربات شامل کر دیے گئے ہیں ان کے کیلئے ہاتھ اٹھا دیں کہ ان نسخہ جات کو اس ایثار کو اللہ تعالیٰ ﷻ اپنی بارگاہ میں قبول فرماتے ہوئے ان کیلئے صدقہ جاریہ کر دے، اور دوستوں سے اپیل ہے کہ اس کے پانچویں ایڈیشن کیلئے اپنے مجربات ہمیں بھیج کر اس نیک کام میں حصہ لیں اللہ تعالیٰ ﷻ آپ کے اس کار خیر کو آپ کے لئے صدقہ جاریہ کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ اولذکر ایڈیشنز میں بھی جن دوستوں نے اپنے مجربات بھیجے ہیں اللہ تعالیٰ ﷻ حضور کریم ﷺ کے وسیلہ پاک سے اپنی بارگاہ میں قبول و منظور فرمائے اور جس نے بھی اس کتاب کے لکھنے میں ہاتھ بٹایا اللہ تعالیٰ ﷻ اس کی اس سعی کو بھی اس کے لئے صدقہ جاریہ کرے اور آخرت میں ذریعہ نجات بنائے..................آمین

اس کتاب کی تزئین و آرائش میں، نظر ثانی میں جس جانفشانی سے حکیم محمد عمر نے حصہ لیا اللہ تعالیٰ ﷻ ان کی اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت عطا فرمائے اور آخرت میں ان کیلئے ذریعہ نجات بنائے، جتنی دیر زندہ رہیں ملک و قوم اور فن طب کی اسی طرح خدمت کرتے رہیں حصہ چہارم کو ان کے نام سے ہی ممنون کرتا ہوں۔

احقر حکیم محمد اشرف شاکر

حکیم بابر حسین ندیم

اکسیر پیچس: حب الآس، چوب چینی، دارچینی، اقاقیا، موچرس، سب ادویہ برابر وزن پیس کر ملالیں۔

پیچس آنے کے بعد جب نہایت ضعف ہو گیا ہو اور پیچس پھر بھی بند نہ ہو رہے ہوں تو تین گرام دوا صبح دوپہر شام کھانے کے بعد شربت انجبار سے دیں، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر کی غذائیں دیں گے۔

شروع اسہال میں اجوائن پودینہ کے قہوہ سے دیں تو نہایت فائدہ مند ہے۔

حب ضیق النفس: کاکڑا سینگی اور فلفل دراز برابر وزن پیس کر شہد کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر کی غذائیں دیں گے۔

دو دو گولیاں صبح شام کھانے کے بعد پانی سے دینے سے بلغمی کھانسی اور دمہ شعبی کو بہت فائدہ ہوتا ہے، اس کی میجر علامت سفید رنگ میں بلغم کا منہ بھر کر آنا ہے۔

روغن بقاء: روغن ارنڈ (کیسٹر آئل)، روغن کدو، روغن زیتون، روغن خشخاش برابر وزن ملالیں اور سر کے بال منڈا کر دس پندرہ منٹ مالش کریں۔

بالوں کی خشکی سکری دور ہو کر بال مضبوط، چمک دار، اور لمبے ہو جاتے ہیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

امساکی: سمندر جھاگ، کافور، اجوائن خراسانی ہر ایک گرام، مغز جائفل ایک عدد، شمع (افیون) نصف گرام

سب ادویہ سفوف بنا کر شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں اور جماع سے دو گھنٹے قبل نیم گرم دودھ سے دیں، بغیر نمک انزال نہیں ہوگا۔

قطور چشم: روح گلاب ایک لیٹر، قلمی شورہ زمینی چھ گرام، پھٹکڑی سفید چھ گرام، دونوں ادویہ پیس کر روح گلاب میں ملا کر فلٹر کر لیں اور سوتے وقت دو قطرے دونوں آنکھوں میں ڈالیں۔

سرخی چشم، خارش چشم، اور رمد چشم وبائی میں مفید ہے، آنکھوں کا معاملہ ہے اجزا کا خالص ہونا شرط اولین ہے، اجزا نا خالص ہونے کی صورت میں آنکھوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

اکسیر دماغ: قند سفید، مغز بادام ہر ایک چار سو گرام، بادیان، کشنیز، خشخاش سو سو گرام، گل بنفشہ، گل گلاب، برہمی دماغی، پچاس پچاس گرام پیس کر ملا لیں۔

چائے والا چمچ صبح شام گرم دودھ سے قبل از غذا کھانے سے ضعف دماغ اور نسیان کا خاتمہ ہو جاتا ہے، اور دماغ و اعصاب میں زندگی کی نئی لہر دوڑ جاتی ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

حسن جمال کریم: ویزلین سفید تین سو گرام، بورک ایسڈ دو سو گرام، زنک پوڈر، سو گرام، ست پودینہ آٹھ گرام، منسل چار گرام، پینسلین انجکشن دس لاکھ بارہ عدد

سب سے پہلے منسل کو دو گھنٹے خوب رگڑائی کریں کہ چمک نہ رہے، اب ویزلین کے علاوہ سب ادویہ ملا لیں اور آخر میں ویزلین بھی اچھی طرح ملا لیں، اور حسب ضرورت گلاب کی خوشبو ملا لیں، حسن جمال کریم تیار ہے۔

کیل چھائیوں اور داغ دھبے دور کر کے رنگ کو گورا کرتی ہے اور گورے کو چن ورگا بناتی ہے، نہایت مفید کریم ہے۔

تصدیق: ہم نے اپنے مطب سے یہ کریم کبھی بھی ختم نہیں ہونے دی بہترین کام کرتی ہے......اشرف شاکر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

افضل الاشغال خدمة الناس

"بہترین مشغلہ لوگوں کی خدمت ہے"

جی ہاں میں عطاالرحمٰن صدیقی ہوں، میرا طب کی طرف جانے کا کبھی بھی رجحان نہیں تھا حکیم محمد اشرف شاکر، والد صاحب مرحوم و مغفور کے دوستوں میں سے ہیں، میں بی کام کی تیاری کر رہا تھا کہ ایک روز والد صاحب نے بلایا وہیں حکیم صاحب بھی بیٹھے تھے، والد صاحب نے کہا کہ بیٹا حکیم صاحب کی بات سنو تو میں نے کہا انکل بتائیں کیا بات ہے تو حکیم صاحب نے کہا کہ اپنے والد صاحب کا دواسازی کا کام تم کرتے ہی ہو کیا خیال ہے اگر میں تجھے حکیم بنادوں تو کیسا رہے گا میں نے کچھ سوچے سمجھے بغیر کہا کہ میں تو بی کام کی تیاری کر رہا ہوں طبیہ کالج کیسے جاؤں گا، انہوں نے کہا یہ میرے اوپر چھوڑ دو، آپ نے تیاری میرے پاس کرنی ہے، جیسا کہوں کرتے جاؤ، ان کی یہ بات سن کر میں نے کہا کہ میں تیار ہوں اگر آپ سب سنبھال لیں، میں طب پڑھنے کیلئے تیار ہوں، میں نے حکیم صاحب کی سرپرستی میں طب کا چار سالہ کورس مکمل کرلیا، والد صاحب تو دنیا سے چل بسے لیکن ان کا لگایا ہوا پودا آج جوان ہو کر پھل دینے لگا ہے، اب میں اس وقت قریشی ہیلتھ شاپ کا مانا ہوا طبیب خیال کیا جاتا ہوں اور اقبال قریشی صاحب بھی مجھ سے بہت خوش ہیں، یہ سب استاد محترم حکیم محمد اشرف شاکر صاحب کا کیا دھرا ہے، ان کو میں اپنے باپ کی جگہ سمجھتا ہوں اور حکیم صاحب بھی مجھے بیٹوں کی طرح ہی پیار کرتے ہیں۔

ایک روز میں ان کے مطب پر آیا تو کہنے لگے کہ عطا میاں مجربات شاکر کا پہلا ایڈیشن الحمدللہ نہایت قلیل عرصے میں ختم ہوگیا ہے اب دوسرا ایڈیشن چھاپنا ہے اس کیلئے کچھ لکھ دینا، میں نے ہاں تو کردی لیکن سوچا کہ میں کم علم سابندہ ہوں کیا لکھوں گا لیکن پھر سوچا کچھ نہ

کچھ تو لکھنا ہی ہے تو یہ چند سطور قرطاس ابیض کی نظر کر رہا ہوں۔

یوں تو ہر دور میں مختلف اطباء اکرام نے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے طب کو بام عروج تک پہنچانے کی کوشش کی ہے لیکن اس دور جدید میں جو خدمات استاد محترم حکیم محمد اشرف شاکر صاحب نے ادا کی ہیں وہ اپنی مثال آپ ہیں، نظریہ مفرد اعضاء اربعہ کے حوالے سے آپ کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں، آپ کا شروع سے ہی طب کی طرف رحجان تھا اور وہی کلی پھول بن گئی، آپ نے ایک قلیل عرصہ میں ہی شائقین طب کی خدمت میں مختلف طبی موضوعات پر آٹھ تصانیف پیش کی ہیں، جنہوں نے طب کی دنیا میں ایک انقلاب برپا کر دیا، حکیم صاحب نے اپنی تصانیف کو اس دور جدید میں بھی نہایت آسان زبان میں لکھا ہے جس سے سمجھنے والوں کیلئے نہایت آسانیاں پیدا ہو گئی ہیں، ان کی تصانیف میں سے مجربات شاکر نے تو نہایت اعلیٰ ریکارڈ قائم کیا ہے کہ پہلا ایڈیشن نہایت ہی قلیل عرصہ میں ختم ہو گیا اور اب چوتھا ایڈیشن آپ کے ہاتھوں کو چھونے کا شرف حاصل کر رہا ہے، اس کتاب سے ایک عام آدمی بھی اتنا ہی مستفید ہوا ہے جتنا کہ ایک حکیم!!! اس کتاب کا ہر نسخہ اپنی مثال آپ ہے سب سے بڑی یہ بات ہے کہ استاد محترم اپنے مطب میں بھی یہی نسخہ جات استعمال کرتے ہیں، آخر میں دعا ہے اللہ تعالیٰ ﷻ استاد ذی مقام کو صحت و عافیت عطا فرمائے اور آپ ہمارے لئے ایسے ہی نادر گوہر لٹاتے رہیں............................ آمین

حکیم عطا الرحمٰن صدیقی

حکیم عطا الرحمٰن صدیقی صاحب نے اس کتاب کے دوسرے ایڈیشن کیلئے سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے اپنے مطب کے کچھ مجربات شائقین کی خدمت میں پیش کئے ہیں، اللہ تعالیٰ ﷻ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے، لیکن اب چونکہ قرشی میں افسر ہو گئے ہیں اس لئے اب کوئی نسخہ پیش نہیں کیا گیا اور نہ ہی ہم نے ان سے کوئی درخواست کی ہے۔

بواسیری: مغز تخم نیم+قلمی شورہ+رسونت انڈیا

سب ادویہ برابر وزن لے لیں اولذ کر دونوں ادویہ پیس لیں، رسونت مصفّٰی کر لیں اور اسی کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، ایک ایک گولی کھانے کے بعد پانی سے دیں۔

بواسیر کی جملہ اقسام کیلئے مفید و مجرب اور معمول مطب ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

مفاصلی: سورنجان شیریں، برگ سنا مکی دس دس گرام، فلفل دراز، زنجبیل، زیرہ سیاہ آٹھ آٹھ گرام لے کر باریک سفوف کر لیں، تین گرام صبح شام نیم گرم پانی سے کھانے کے بعد دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

عضلاتی وجع المفاصل کے لئے مفید ہے، اس وقت جب جوڑوں میں سے کڑکڑاہٹ کی آواز آئے تو دودھ سے دینا نہایت مفید ہے۔

نزلین: گاؤزبان سو گرام، گل گاؤزبان پچاس گرام، ابریشم مقرض پچاس گرام، سب ادویہ کو جو کوب کر لیں۔

چھ گرام دوا ایک کپ پانی میں صرف ایک جوش دے کر نیم گرم پلائیں، سردی کے موسم میں جب نزلہ بند ہو جائے تو نزلین اچھی دوا ہے، لیکن یاد رہے بلڈ پریشر کو کم کرتی ہے، اس دوا کے ساتھ پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

مغلّظ: ثعلب مصری، سفوف سنگھاڑا، سفوف بیج بند، برابر وزن، کچلہ مدبر تمام ادویہ کا آٹھواں حصہ ملالیں، کچلہ چونکہ زہر ہے اسلئے اس کی بجائے لونگ شامل کر لیں۔

چار گرام دوا نیم گرم دودھ سے، کھانے کے ڈیڑھ گھنٹے بعد دیں، مولد منی، مغلظ منی، تولید کرم

منی کیلئے اور محرک ہے، مادہ منویہ میں تغلیظ پیدا کر کے قوت باہ میں ہیجان پیدا کرتی ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر کی غذائیں دیں گے۔

ہیئر آئیل: سرسوں کا تیل، ناریل کا تیل ہر ایک دوسو گرام، کیسٹر آئیل روغن بادام، روغن زیتون سوسو گرام

سب روغنیات کو یکجا کر لیں، رات کو سوتے وقت بالوں میں لگائیں، صبح نہالیں۔

بال گرنے بند ہو جاتے ہیں، سیاہ اور مضبوط ہو جاتے ہیں، لمبے ہو جاتے ہیں، یعنی نہایت ہی لاجواب آئیل ہے، بس ذرا مہنگا بنتا ہے، اس تیل کے استعمال کرتے وقت چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

شوگر خالص: پھلی کیکر، تخم جامن، پوست انار قندھاری، منڈی بوٹی سوسو گرام، کلونجی پچاس گرام

سب ادویہ پیس لیں، چائے والا ایک چمچ کچے دودھ کے ساتھ صبح شام کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے دیں، خالص شوگر کیلئے نہایت مفید ہے، ڈایائل کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔

نوٹ: یہ نسخہ فی سبیل اللہ دینا ہے، اللہ تعالیٰ ﷻ نے اس میں شفاء رکھی ہے، مفت دینے سے کچھ کمی نہیں آتی، اللہ تعالیٰ ﷻ اجر وثواب دیں گے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر کی غذائیں دیں گے۔

جریانول مقوی: ثعلب مصری سوگرام، مصطگی رومی تیس گرام پیس لیں اور شہد کی مدد سے معجون بنالیں یا تیس گرام کوزہ مصری ملالیں۔

صبح خالی پیٹ اور رات کو سوتے وقت چائے والا چمچ کچے دودھ سے کھائیں، انشاء اللہ تعالیٰ

ﷺ پرانے سے پرانے جریان کیلئے تیر بہدف ہے، خاص طور پر جب بہت سے علاج کر چکنے کے بعد بھی شفاء نہ ہوتو اسے ضرور آزمائیں، اس دوا کے ساتھ چار سات سے ایک نمبر کی غذائیں دیں گے۔

مصفی جوشاندہ: عناب سات عدد، سنا مکی چائے والا چمچ، شاہترہ چائے والا چمچ رات کو دو گلاس پانی میں بھگو دیں، صبح ایک جوش دے کر چھان لیں، صبح نہار منہ پلائیں۔

حدت خون، الرجی، پھوڑا پھنسی، اور فساد خون کیلئے مفید ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور چھ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

اسرولی: اسرول سفوف ایک گرام، کشتہ جواہر مہرہ نصف گرام

اسی تناسب سے جتنی ضرورت ہو دوا بنالیں۔

یہ ایک خوراک ہے، مکھن سے ایسی دو خوراکیں دن میں کھانے کے ایک گھنٹہ بعد لے لیں، سات روز کافی ہے، میرے خیال میں اسرول کے مابعد اثرات سے بچنے کیلئے اس میں کالی مرچ پانچ عدد اور کشنیز نصف گرام ملالینا چاہئے.....اشرف شاکر۔

بلند فشار الدم طبعی کیلئے نہایت مفید دوا ہے، تمام قسم کی خشک گرم اور گرم خشک غذاؤں سے پرہیز ضرور کریں، ریشہ دار سبزیاں زیادہ استعمال کریں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

اختلاج القلب: ترنجبین شیریں ایک گرام، تخم کاسنی ۲/۱ گرام

رات کو ایک گلاس پانی میں بھگو دیں، صبح مل چھان کر اس میں تیس گرام شربت الٰہی ملا کر پلائیں۔

دل کے پھڑکنے کے لئے نہایت مفید ہے، اس کا اکتالیس روزہ کورس ہے، اور یہ نسخہ حضرت

علی کرم اللہ وجہ سے منسوب ہے۔واللہ اعلم......شفاء منجانب اللہ تعالیٰ ﷻ

اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

خسیا ندہ لیکوریا: بہوپھلی، گورکھ پان، گل نیلوفر، بہی دانہ، سب ادویہ برابر وزن لے کر جوکوب کرلیں۔

ایک بڑا چمچ دوا ڈھائی سو گرام پانی میں رات کو بھگو دیں صبح مل چھان کر خالی معدے نوش کیجئے، اسی طرح صبح کی بھگوئی ہوئی دوا شام کو اور شام کی بھگوئی ہوئی دوا صبح پینی ہے، تین ہفتے میں انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ صحت ہوگی، اس دوا کے ساتھ 7+8+1 نمبر کی غذائیں دیں گے۔

چمکی: رسونت، چاکسو، کتھ سفید، نرکچور سب ادویہ تین تین گرام جوکوب کر کے رات کو ایک گلاس پانی میں بھگو دیں، صبح مل چھان کر پئیں۔

پندرہ یوم میں چہرے کے تمام داغ دھبے دور ہو کر چہرہ چاند کی طرح چمک اٹھتا ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

سوزاکی: پوست ہلیلہ زرد سو گرام، برادہ صندل سفید، گل سرخ، عشبہ ولائتی ہر ایک پچاس گرام

سب ادویہ کا باریک سفوف بنالیں اور چھ گرام صبح شام تازہ پانی سے بعد از غذا کھلائیں جب سوزاک کی وجہ سے پیپ آرہی ہو تو اس کو استعمال میں لا کر صاحب نسخہ کو دعا دیں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

ماسکتہ البول: بہمن سفید، خولنجاں سو سو گرام، مصطگی رومی پچاس گرام

سب ادویہ برابر وزن لے کر سفوف بنالیں، دو گرام دوانیم گرم دودھ سے تین مرتبہ دن میں کھانے کے بعد تازہ پانی سے دیں۔

مثانے کو قوت دیتی ہے اور کثرت بول کے لئے مفید نسخہ ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر کی غذائیں دیں گے۔

ترنم: خولنجاں تولہ، لونگ، جلوتری برابر وزن

سب ادویہ پیس لیں، ایک سے دوگرام چائے کی پتی کے قہوہ سے دن میں دومرتبہ کھانے سے پہلے لیں، آواز کی ڈوریوں کے استرخاء کو دور کر کے آواز کو خوبصورت بنادیتی ہیں، اعصابی اور لیس دار غذاؤں سے پرہیز کریں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے، سمجھ دار طبیب اسے کئی دوسری علامات میں استعمال کر سکتے ہیں صرف بدرقہ بدلنا ہے امید ہے اشارہ سے ہی سمجھ جائیں گے۔

چنبل کیلئے: گندھک آملہ سار، بابچی، آملہ، نیلا تھوتھا، ہر ایک دس گرام پیس کر سو گرام سرسوں کے تیل میں ملالیں اور چنبل پر لگائیں، چنبل کیلئے مفید ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور چھ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

ضروری اطلاع

اس کتاب کے نسخہ جات کے ساتھ غذاؤں کو ترتیب دے کر مزید آسان کرنے کی کوشش کی ہے، امید واثق ہے کہ شائقین فن کو پسند آئے گی، تمام غذائیں نمبروں کے حساب سے کتاب کے آخر میں لکھ دی گئی ہیں... اشرف شاکر

حصہ سوم

حکیم و ڈاکٹر پروفیسر محمد اشرف شاکر

حکیم فہیم احمد کاظمی

امساکی: پوست کیکر، پوست پیپل، پوست شیشم، پوست برگد سب دو دو کلو لے کر جو کوب کر کے ان میں اتنا پانی ڈالیں کہ چار انچ اوپر آجائے، دو دن کے بعد ہلکی ہلکی آنچ پر پکائیں، جب پانی آدھارہ جائے تو آگ سے اتار لیں اور ٹھنڈا ہونے پر پن لیں، اور دوبارہ آگ پر رکھیں جب پانی ایک بوتل پانی رہ جائے تو آگ بند کر دیں اور موصلی سیاہ تیس گرام، موصلی سفید بیس گرام، طباشیر نقرہ دس گرام، کافور چھ گرام پیس لیں اور مذکورہ بالا ادویہ کے پانی ایک بوتل میں خوب گھوٹیں جب گولی کے قوام پر آجائے بڑے چنے برابر گولیاں باندھ لیں۔

صفراء کی زیادتی سے پیدا شدہ ضعف باہ کیلئے دو گولیاں رات کو سوتے وقت گرم دودھ سے لے لیں، وقتی ضرورت کیلئے دو گھنٹے قبل نیم گرم دودھ سے کھلائیں، عیش و نشاط کے لمحات طویل کر دینے والی دوا ہے، مزمن پیچس کیلئے دو گولیاں دہی کی ترش لسی سے لے لیں، بنائیں اور فائدہ اٹھائیں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

شربت مقوی دماغ: مغز بادام کلو، چہار مغز ڈھائی سو گرام الائچی خرد، صندل سفید، مرچ سیاہ سب پچاس پچاس گرام، عرق گلاب خود ساختہ پندرہ کلو

مغزیات کو پہلے جو کوب کر لیں پھر عرق گلاب ڈال کر کھرل کرنا شروع کریں، جب قوام گاڑھا ہو جائے اور عرق ڈالتے جائیں اسی طرح تمام عرق ختم کر دیں، اب یہ جو کچھ بھی ہے اس میں مزید سادہ پانی اتنا ڈالیں کہ کل ساڑھے چار کلو وزن ہو جائے۔

اب اس میں سات کلو چینی ڈال کر پکائیں، آٹھ گرام ٹاٹری چائنہ ڈلی والی ڈال دیں، جب

شربت کے قوام پر آ جائے تو آگ بند کر دیں، نیم گرم ہونے پر اس میں نو گرام ست لوبان (سوڈیم بینزوئیک ایسڈ) ڈال کر اچھی طرح ملا لیں، ٹھنڈا ہونے پر کوئی بھی خوشبو جو پسند ہو ڈال کر بوتلوں میں بھر لیں تیار ہے۔

بیس گرام شربت دودھ کے ساتھ نوش فرمائیں، دماغ کیلئے اعلیٰ درجہ کا شربت ہے، نظر اور حافظہ کیلئے معمول مطب ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

الرجی سیرپ: بہی دانہ، عناب، آلو بخارا، املی ہر ایک دس گرام، 750 گرام چینی ڈال کر شربت بنا لیں

صبح شام خالی معدے تیس گرام شربت ساٹھ گرام عرق کاسنی میں ملا کر نوش فرمائیں، قشری تحریک سے الرجی کیلئے اکسیر صفت ہے، اس سیرپ کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

مرہم شفاء: برگ نیم تازہ، روغن سرشف (سرسوں کا تیل) سوسو گرام، برگ مدار سبزی مائل زرد دو عدد، سبز مرچ ایک عدد

تینوں ادویہ کو جوکوب کر کے روغن سرشف میں ڈال کر آگ پر رکھیں آگ نرم ہو جب ادویہ جل جائیں آگ سے نیچے اتار کر گھوٹ لیں (جلنے سے مراد مکمل طور پر جلانا نہیں ہے بلکہ جب براؤن ہو جائیں اور جلنے کے قریب ہوں تو آگ سے اتار لیں) مرہم شفاء تیار ہے۔

مقام متاثرہ پر لیپ کر کے پٹی باندھ دیں، ہر قسم کے زخموں کیلئے اکسیری تحفہ ہے۔

قے آور: گڑ پرانا، حقہ کی نالی کی میل برابر وزن پیس کر یک جان کر لیں اور بڑے چنے برابر گولیاں بنا لیں، ایک گولی ضرورت کے وقت تازہ پانی سے دینے سے قے ہو جاتی

ہے،اس کے علاوہ تین گرام چھلکار یٹھہ پانی سے لینا بھی قے آور ہے..اشرف شاکر۔

سندھوری-2-سندھور۲۱راکلو،سنگجراح،پھٹکڑی سفید ہرایک ڈھائی سوگرام سنگجراح اور پھٹکڑی کو باریک پیس کر ملالیں،اس سفوف میں سندھور کو فرش ولحاف کریں، کوزہ گلی روغنی اوراتنی بڑی ہوکہ ادویہ ڈالنے کے بعداس میں تین گنا جگہ خالی رہے، کپڑروٹی کرکے چالیس کلوکی آگ دیں،ٹھنڈاہونے پر پیس کرنگاہ رکھیں۔

دوسے چارچاول مکھن یابالائی سے صبح شام خالی معدہ کھلائیں،جریان اوراحتلام کیلئے کسی مغلظ کے ساتھ ملاکردیں،لیکوریا کے لئے بھی مفید پایاہے،اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر کی غذائیں دیں گے۔

طلاءعضلاتی قشری:شیر مدار،روغن السی،روغن لونگ،روغن کنجد،سم الفارسفید،سم الفارسیاہ،شنگرف رومی دس دس گرام مبالغہ کی حدتک کھرل کریں اوراب اس میں شیر مدار کھرل کے ذریعے جذب کریں،اور باقی تینوں روغن بھی اس میں ڈال کرآتشی شیشی میں ڈال کرایک ہفتے کیلئے دھوپ میں رکھیں،سرخ رنگ کا تیل اوپرآ جائے گا نتھار کرمحفوظ رکھیں،لونگ میں سے ڈائریکٹ روغن نہیں نکلا کرتا اس کا طریقہ یہ ہے کہ السی،تل اورلونگ سب ملاکرمشین کے ذریعہ سے تیل نکلوالیں۔

مقام مرض پر چندقطرے مالش کرکے اوپرکپڑالپیٹ دیں،پسلی کے درد میں مالش کرکے اوپر گرم کپڑے سے ٹکورکریں،جوڑوں کی درد کیلئے،اورعضوخاص پر بطورطلاء مالش کریں،مفید پایاگیاہے۔

تریاق صفراء:مغز بادام شیریں،آب لیموں مقطر سوسوگرام،مغز خربوزہ،مغز خیارین

خرفہ سیاہ، دانہ الائچی خورد ہر ایک پچاس گرام، چینی دو کلو۔

مغزیات کا پانی کی مدد سے رگڑ کر شیرہ نکال لیں، اب الائچی اور خرفہ کا بھی پیس کر مغزیات کی طرح شیرہ نکال لیں، یہ پانی ایک کلو ہونا چاہیئے، چینی ڈال کر اب آگ پر رکھیں اور پکنے دیں، تھوڑا تھوڑا آب لیموں مقطر ڈالتے جائیں، شربت کے قوام پر اتار لیں اور پانچ گرام سہاگہ سفید پیس کر داخل شربت کریں، تیار ہے۔

قشری عوارض کیلئے نہایت مفید ہے، خصوصاً جریان، احتلام اور دماغ کیلئے فائدہ مند ہے، بیس گرام صبح شام اول تو شیر گاؤ سے نوش کریں وگرنہ پانی میں بھی ٹھیک ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

ناف ٹلنا: تازہ ہلدی سایہ میں خشک کر کے پچاس گرام لے لیں، اس کے تین حصے کر لیں اور ایک حصہ روزانہ صبح سورج نکلتے وقت خالی معدے مکھن دو چمچ کے ہمراہ کھا کر 1/2 کلو دودھ میں دیسی گھی کا ایک چمچ ڈال کر گرم گرم پیئں، صرف تین روز میں ناف ٹلنا ٹھیک ہو جائے گا بارہا کا آزمودہ اور مجرب ہے، اس کے استعمال سے پیچس لگیں گے، جو خود ہی بند ہو جائیں گے، فکر مند ہونے کی ضرورت نہیں، یا ایسا بھی کیا جاسکتا ہے کہ اس کی پانچ خوراک پانچ دنوں میں سورج نکلتے وقت استعمال کر لی جائیں اس سے پیچس نہیں لگیں گے اور ناف انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ ٹھیک ہو جائے گی، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

قارئین کرام ایک بات یادر ہے کی حکیم صاحب نے جو نسخہ جات حصہ پنجم کیلئے دئے تھے وہ میں نے ان کے اسی حصہ سوم میں لکھ دئے ہیں، تا کہ ایک جگہ اکٹھے ہو جائیں، اگر حصہ پنجم میں لکھتا تو دو مرتبہ حکیم صاحب کا نام لکھنا پڑتا جس سے کچھ کنفیوژن سی ہوتی۔

حب قبض کشا: کونپل ارنڈ، مغز بادام، شہد خالص، گوند کیکر ہر ایک بیس گرام، مرچ سیاہ ایک گرام

تمام ادویہ کا سفوف بنا کر شہد کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، ہر کھانے کے بعد تین تا پانچ گولیاں تازہ پانی سے دیں، صبح کھل کر اجابت ہو جائیگی، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

سوزش وورم گردہ: بہی دانہ، مجیٹھ، خارخسک، پوست خربوزہ سب برابر وزن

سب ادویہ صاف کر کے پیس لیں، تین گرام دوا، پوست ومغز خربوزہ تین تین گرام کا خسیاندہ سے صبح شام کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے دیں، غذائیں اعصابی قشری اور اعصابی مخاطی دیں۔

مقوّی کشتہ پارہ: پارہ مصفّٰی بیس گرام، آب بھکل زرد دوسو پچاس گرام

پارہ کو آب بھکل میں کھرل کرتے رہیں جب پانی خشک ہونے کے قریب ہو تو ابھی اور رگڑائی کریں کہ گولی باندھنے کا قابل ہو جائے اب اس کی کوئی بیر برابر گولیاں باندھ کر انگلی اور انگوٹھے سے دبا دیں یہ ٹکیہ بن جائے گی، اسے خشک کرلیں اور چھ کلو اُپلوں کی روغنی کوزہ گلی میں ہوابند آگ دیں، جب کشتہ ٹھنڈا ہو جائے نکال لیں، سرمئی رنگ کا کشتہ ملے گا اچھے سے کھرل کرلیں، تیار ہے، دو تا تین چاول بلائی میں رکھ کر صبح نہار کھلائیں۔

فوائد: ایک سنیاسی کا عطا کردہ ہے، ضعف شہوت کیلئے نہایت مفید ہے، بارہا کا تجربہ شدہ ہے، بنا کر استعمال کریں اور دعاء خیر سے یاد کریں، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر کی غذائیں دیں گے۔

کشتہ نقرہ مقوّی: برادہ نقرہ دس گرام نمک برابر وزن کے ساتھ خوب رگڑیں اور اب پانی سے دھوڈالیں، دو سے تین بار ایسا ہی کریں کہ تیزابیت نکل جائے اب آب بھکل سفید کا پانی دو پچاس گرام اس میں کھرل کردیں جب ٹکیہ بننے لائق ہو گولی بنا کر دبا دیں کہ ٹکیہ کی شکل اختیار کرلے، اسے خشک کرلیں اور روغنی کوزہ گلی میں رکھ کر مضبوط گل حکمت کریں، اب پانچ کلو کی ہوا بند آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر پیس لیں چار چاول کشتہ مکھن، بالائی میں رکھ کر صرف ایک وقت خالی معدہ دیں، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر کی غذائیں دیں گے۔

فوائد: ضعف شہوت کیلئے نہایت مفید ہے، بارہا کا تجربہ شدہ ہے، بنا کر استعمال کریں اور دعاء خیر سے یاد کریں، قوت باہ کو اٹھاتا ہے۔

معجون محرک باہ: چنے کی کھیلاں، مغز بادام مقشر، شہد خالص، پانی سب پانچ پانچ سو گرام

اول ذکر دو چیزیں کوٹ پیس لیں، زیادہ باریک نہیں کریں گے کہ بادام روغن کی وجہ سے چپ چپا ہو جائے گا، اب شہد اور پانی کا قوام بنالیں جو شہد سے کچھ پتلا ہو، رات پڑا رہنے دیں صبح یہ کچھ اور بھی پتلا ہو جائے گا دو تین جوش دے کر ٹھنڈا ہونے پر ادویہ ملا دیں، دس گرام صبح شام نیم گرم دودھ سے قبل از غذا دیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر کی غذائیں دیں گے۔

فوائد: اول کوئی بھی مغلّظ استعمال کرائیں کہ مادہ منویہ میں غلظت پیدا ہو جائے اب یہ معجون پندرہ بیس روز کھلا دیں، قوت باہ کا سمندر ٹھاٹھیں مارنے لگے گا۔

مغلّظ رنبع: موصلی سفید انڈین، تخم سرس، ستاور چھوٹا والا، گوند کیکر خالص، زیرہ سیاہ سو سو

گرام پیس کرر کھ لیں، چار گرام دوا، اسبغول مسلّم اور تخم بالنگو کی کھیر کے ساتھ صبح شام خالی معدہ دیں، غذائیں اعصابی مخاطی سے لے کر عضلاتی مخاطی تک دیں۔

فوائد: مادہ منویہ میں نہایت تغلیظ پیدا کرتا ہے اور سرعت ورقت کیلئے شفاء بخش ہے۔

سیلانول: کشتہ سنگجراح ڈیڑھ سو گرام، ستاور چھوٹا والا بیس گرام، کجلی (گندھک پارہ) دس گرام، سب دوائیں اچھی طرح پیس لیں، تین گرام دوا صبح شام خالی معدہ شربت انجبار، شربت بزوری بارد، دودھ دہی کا ادرڑ کا سے دیں، جب جریان اور لیکوریا کا علاج کرتے کرتے ہر طرف سے مایوس ہو چکے ہوں تو استعمال کرائیں، غذائیں اعصابی مخاطی سے لے کر عضلاتی مخاطی تک دیں۔

مُولد حیات: بھکھڑا، اندر جو شیریں، ستاور چھوٹا والا، بداری قند، اصل السوس، تودری سفید خالص، سو سو گرام، الائچی سفید پچاس گرام، سب ادویہ پیس لیں، چار گرام دوا صبح شام خالی معدہ شربت بزوری بارد یا دودھ سے دیں۔

فوائد: جب قلت مادہ منویہ کی وجہ سے حونیات منویہ کم ہو گئے ہوں تو نہایت فائدہ مند دوا ہے، بنا کر ملک وملت کی خدمت کریں، غذائیں اعصابی قشری سے مخاطی عضلاتی تک دیں۔

احتلامی: بیخ انجبار، گل گڑھل، بھکھڑا، پھلی کیکر خام، سو سو گرام، گوند کیکر افریقہ، زیرہ سفید پچاس پچاس گرام، سب ادویہ صاف کر کے پیس لیں، تین گرام دوا صبح شام خالی معدہ نیم گرم دودھ، دودھ دہی کی لسی، شربت انجبار، شربت بزوری بارد، شربت بارد، زلال املی، آلو بخارا، زیرہ سفید چھ چھ گرام سے دیں۔

فوائد: جو احتلام رقت منی یا تحلیل عضلات کی وجہ سے ہو اس کیلئے نہایت فائدہ مند ہے، غذائیں اعصابی قشری سے مخاطی عضلاتی تک دیں۔

ضیق النفس: ڈولا مچھلی ایک کلو، تمباکو کے تازہ پتے حسب ضرورت

مچھلی کا پیٹ صاف کر کے تمباکو کے پتے کچل کر اس میں بھر دیں اور اوپر سے تانبے کی تار سے باندھ دیں، اب روغنی کوزہ گلی میں ڈال کر سر پوش دے ڈھک کر پندرہ کلو کی ہوا بند آگ دے دیں، ٹھنڈا ہونے پر نکال کر پیس لیں، دو چاول دوا، ماء العسل (شہد ملا پانی) سے دیں،

فوائد: خالص دمہ جس میں سبز یا سبزی مائل سفید بلغم بمشکل نکلتی ہو دیں، غذائیں قشری اعصابی دیں، بلغم کا اخراج ہو کر سینہ صاف ہو جائے گا اور دمہ دور ہو جائے گا۔

معجون بہار: بیروزہ خشک، مغز جیا پوتا پچاس پچاس گرام، گوند کیکر افریقہ، الائچی سفید بیس بیس گرام، پیس لیں، کوزہ مصری تین سو گرام کا پانی کی مدد سے شہد جیسا قوام بنا کر سب دوائیں اس میں اچھے سے ملا کر معجون بنا لیں، دس گرام معجون صبح شام نیم گرم دودھ سے خالی معدہ لیں۔

فوائد: اول نظام ہضم کی اصلاح کریں اور یہ معجون میاں بیوی دونوں کو حمل تک کھلائیں، انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ اولاد نرینہ پیدا ہوگی، غذائیں اعصابی قشری سے مخاطی عضلاتی تک دیں۔

معجون گلِ اربعہ: گل گڑھل، 150gm گل گاؤزبان، 100gm گل نیلوفر 100gm، گل گلاب ایرانی 60gm، آلو بخارہ ایرانی 100gm، عناب 50gm، زیرہ سیاہ 50gm، الائچی سفید 50Gm، 2Kg چینی یا مصری

آلو بخارہ اور عناب کو کچل کر ڈیڑھ کلو پانی میں تین جوش دیں، رات پڑا رہنے دیں، صبح مل کر گٹھلیاں دور کر کے چینی ڈال کر شربت سے کچھ گاڑھا قوام بنالیں اور ٹھنڈا ہونے دیں، باقی پسی ہوئی ادویہ ڈال کر اچھی طرح مکس کر لیں، اب مزید اس میں شیرہ مربہ سیب، شیرہ مربہ آملہ، شیرہ مربہ ہریڑ ایک ایک کلو لے کر اس میں مکس کر لیں اور ڈبوں میں بھر لیں، صبح شام خلوئے معدہ دس دس گرام ایسے ہی کھالیں یا دودھ سے کھالیں۔

فوائد: خفقان القلب، ہائی بلڈ پریشر بوجہ قشری تحریک، گھبراہٹ، سانس پھولنا، جریان، احتلام، سرعت، رقت، تھکاوٹ، کثرت پیاس کیلئے مفید ہے، غذائیں اعصابی قشری سے مخاطی عضلاتی تک دیں۔

شربت ٹھنڈک تربوزی: گل گڑھل تازہ، گل نیلوفر، صندل سفید، کشنیز سو سو گرام، الائچی خورد پچاس گرام، آب تربوز چھ کلو، چینی پانچ کلو، تمام ادویہ کو کچل کر آب تربوز میں تین چار جوش دے کر رات پڑا رہنے دیں، صبح مل چھان کر چینی ڈال کر شربت کے قوام پر اتار لیں صبح شام پانی یا دودھ میں ڈال کر پئیں۔

فوائد: خفقان القلب، قشری دردسر، گھبراہٹ، کثرت پیاس، جلن کف و پا، جگر، گردے، مثانے کی پتھری کیلئے نہایت مفید ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

طمشین: طباشیر نقرہ، نشاستہ، الائچی خورد، نسپال، کتھ گلابی سب برابر وزن لے کر پیس لیں، دوا تیار ہے، بوقت ضرورت تین گرام، دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد کچی لسی، دہی کی لسی، شربت انجبار، شربت بزوری بارد، یا آب برگ مہندی سے دیں۔

فوائد: جب کثرت طمث سے جسم وجاں نحیف ہو جائے اس کی پہلی خوراک ہی بجلی کے کرنٹ کی طرح فائدہ کرتی ہے، غذائیں اعصابی قشری اور اعصابی مخاطی دیں۔

معین حمل: گوند کیکر افریقہ پچاس گرام، سوڈا خوردنی تیس گرام

دونوں ادویہ پیس کر ملالیں اور ڈبل زیرو کیپسول بھر لیں، بعد از فراغت حیض صرف صبح کے وقت خالی پیٹ پانی دیں، ایک گھنٹہ بعد ناشتہ کریں۔

فوائد: اس کے استعمال سے اکثر اولاد نرینہ ہی پیدا ہوتی ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دیں گے۔

تصدیق: عرصہ دراز کی بات ہے جب یہ نسخہ سامنے آیا تو یاد آیا کہ ایک لیڈی ڈاکٹر جو کہ عمر رسیدہ تھیں صرف میٹھا سوڈا کا کیپسول صبح شام معین حمل کیلئے دیا کرتی تھیں، ان کا یہ نسخہ بہت چلتا تھا کیونکہ اس کے شاہد مجھے ملے تھے، مجھے بھی ایک مریض نے بتایا تھا۔ اشرف شاکر

معاون حمل: ریش پیپل، سونف، شکر سرخ برابر وزن پیس کر رکھ لیں

چار گرام دوا دونوں میاں بیوی اس وقت استعمال کریں جب عورت حیض سے فارغ ہو جائے کل دس روز خالی معدہ صبح شام نیم گرم دودھ سے یا شربت انجبار سے کھائیں اور گیارھویں روز جماع کریں، انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ اولاد نرینہ پیدا ہو گی، غذائیں اعصابی قشری سے مخاطی عضلاتی تک دیں۔

سپر مین: ثعلب مصری، بہمن سفید، بہمن سرخ پچاس پچاس گرام، کشتہ مروارید، کشتہ فولاد، کشتہ صدف مرواریدی، دس دس گرام، الائچی سبز بیس گرام، زعفران صلایہ تین گرام،

خصیہ بکرا دوسو پچاس گرام

خصیہ بکرا کی جھلی اتار کر گرینڈر سے گرینڈ کر لیں اور بھاپ پر خشک کر لیں، کشتہ جات کو ایک گھنٹہ کھرل کر لیں، باقی ادویہ بھی پیس کر سب کو مکس کر لیں اور دس گرام دوا کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے نیم گرم دودھ سے دیں، کرم منی بہت جلد پورے ہو جاتے ہیں۔

نوٹ: خصیہ بکرا اکسر تجربی ہے، یہ دوا اس وقت ہی استعمال کریں جب کوئی چارہ کار گر نہ ہوتا ہو اور میاں بیوی کا رشتہ خطرے میں پڑ جائے، اب مجبوری میں یہ جائز ہے بشرطیکہ ہر طرح سے اول کوشش کر لی جائے۔

دیگر: ثعلب مصری تیس گرام، زعفران ملایا ایک گرام

دونوں ادویہ کو باریک پیس لیں اور زیرو نمبر کیپسول دن میں تین مرتبہ کھانے سے پہلے ایک گھنٹہ دودھ سے کھلائیں، پندرہ روز کافی ہے، غذا میں اعصابی تشری سے مخالطی عضلاتی تک دیں۔

نوٹ: میرے خیال کے مطابق اس نسخہ میں زعفران کا کوئی کام نہیں ہے اس کی بجائے اگر لونگ دس گرام ڈال دئے جاتے یا دارچینی دس گرام ڈال دی جاتی تو بہتر تھا کیونکہ اس نسخہ کو تو بوڑھا شخص بھی برداشت نہیں کر سکے گا کیونکہ زعفران تیسرے درجہ میں گرم خشک ہے اور کسی گرم خشک دوا کا مخلط کے ساتھ اپنی سمجھ میں نہیں آیا، آج کل کے بوڑھے بھی پہلے ہی ضعف شہوت اور رقت، سرعت کے مریض ہیں، اس کے علاوہ کئی دوسری جسمانی تکالیف جیسے بواسیر، بلڈ پریشر، شوگر، معدے کے السر وغیرہ میں گھرے ہوئے ہیں اور یہ دوا تو اور بھی مسائل پیدا کر دے گی، اسلئے اس کی اصلاح کر کے استعمال کریں یا فقط ثعلب مصری ہی

استعمال کی جائے تو حتمی نتائج ملیں گے انشاء اللہ تعالیٰ عزوجل

حب مقوی و محرک: کشتہ فولاد، کچلہ مدبر دس دس گرام، شمع (افیون) خالص، سلاجیت خالص پانچ پانچ گرام، زعفران صلابیہ تین گرام، سم الفار سفید بلوری ایک گرام اول سم الفار کو مثل غبار کر لیں، بعدہ باقی ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کھرل کر کے ملالیں اور اب ایک ایک زردی بیضہ مرغ ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں جب بارہ زردیاں نابود ہو جائیں تب دانہ گندم کے موافق گولیاں باندھ لیجئے، ایک گولی روزانہ رات کو مکھن سے دیں۔

فوائد: نہایت ہی مقوی و محرک ہے اس کے ساتھ دودھ زیادہ استعمال کریں جب بھی پیاس لگے دودھ ہی پلائیں، اور یاد رہے یہ دوا کھانے کے فوراً بعد کھانی ہے، غذائیں عضلاتی مخاطی اور عضلاتی قشری دیں۔

مغلّظ سرس: مغز تخم سرس، تخم اونٹکن، ستاور چھوٹا والا، گوند کتیرا، گوند کیکر، زیرہ سیاہ، موصلی سیاہ، تودری سفید خالص، لودھ پٹھانی، موچرس سب سو سو گرام، الائچی سبز پچیس گرام، تمام ادویہ اچھے سے پیس لیں اور پانچ گرام دوا کھانے سے ایک گھنٹہ قبل نیم گرم دودھ سے دیں۔

فوائد: حونیات منویہ کی کمی دور کرتی ہے، بعد از جماع تھکاوٹ دور، کثرت احتلام، سرعت، رقت دور، اگر ٹرائی گلیسرائیڈ نہ ہو تو شوگر کے مریضوں کی انسولین بڑھاتا ہے، مقوی باہ ہے، عیش و نشاط کی گھڑیاں طویل کرتا ہے، اگر اس کے ساتھ اسپغول اور تخم بالنگو کی کھیر استعمال کی جائے تو فوائد کئی گنا بڑھ جاتے ہیں، غذائیں اعصابی قشری سے مخاطی عضلاتی تک دیں۔

فشارین: گل گاؤزبان، گل گڑھل، گلاب ایرانی، الائچی خرد، سو سو گرام، سُوڈا خوردنی

پچاس گرام، سب دوائیں صاف کر کے پیس لیں، ایک چمچ دوا (پانچ گرام) خمیرہ گاؤزبان یا معجون گل اربعہ سے دیں۔

فوائد: فشارالدم قوی قشری بوجہ زیادتی سادہ کولیسٹرول کیلئے انتہائی مفید ہے، اس مرض کا جڑ سے خاتمہ کرتا ہے، غذائیں اعصابی قشری اور اعصابی مخاطی دیں، تمام چکنائیوں سے پرہیز کرائیں، معجون گل اربعہ کا نسخہ اسی باب میں کچھ صفحات پیچھے دیکھئے۔

مقوّی معدہ و بوء دھن: عود غرقی، زنجبیل، کباب چینی، کشنیز، زیرہ سیاہ، کچور، گلاب ایرانی سو سو گرام، فلفل سیاہ پچاس گرام، سب ادویہ صاف کر کے پیس لیں، صبح شام بعد از غذا تین گرام دوا تازہ پانی سے دیں۔

فوائد: معدہ و امعاء کے ضعف کی وجہ سے بوء دھن کو دور کرتی ہے اور معدہ و امعاء کو قوت دیتی ہے، چہرہ گلاب کی طرح کھل جاتا ہے، غذائیں قشری اعصابی دیں۔

السرولین سیرپ: گودہ کنوار گندل ایک سو پچاس گرام، املتاس، زیرہ سفید، گلاب ایرانی، پودینہ تازہ سو سو گرام، اجوائن دیسی، فلفل دراز، زنجبیل، گل بنفشہ، ملٹھی، سوڈا خوردنی ہر ایک پچاس گرام، سوڈا خوردنی کے علاوہ سب ادویہ جوکوب کر کے تین کلو پانی میں جوش دے کر رات پڑا رہنے دیں صبح مل چھان کر سوڈا شامل کر دیں اور چار کلو چینی، ڈال کر شربت پکا لیں، شربت پکاتے وقت ست لوبان اور ٹاٹری چائنا ڈلی والی پانچ پانچ گرام بھی شامل کر دیں، ٹھنڈا ہونے پر بوتلوں میں ڈال کر رکھیں، چاہیں تو کیوڑہ کی خوشبو ڈال سکتے ہیں

فوائد: دو چمچ صبح شام کھانے کے بعد لینے سے تبخیر معدہ، عضلاتی اور مخاطی گیس کیلئے مفید

ہے، بدہضمی کو دور کرتا ہے، خشک خارش کیلئے پانی میں ملا کر خالی معدہ پلائیں، غذائیں قشری اعصابی سے اعصابی قشری تک دیں۔

مقوّی باہ جدید: کچلہ مدبر درآب پیاز، آب ادرک والا، مغز بادام مقشر، آملہ مصفّٰی، کلونجی ہر ایک ایک سو پچاس گرام، اجوائن دیسی پچاس گرام، کشتہ فولاد فردٹ والا، الائچی خرد تیس تیس گرام، شہد خالص ایک کلو، سب ادویہ پیس کر شہد کی مدد سے معجون بنالیں یا مویز منقّٰی کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں باندھ لیں، صبح شام دو سے چار گولیاں حسب موافق نیم گرم دودھ سے کھلائیں اگر معجون ہو تو چائے والا آدھا چمچ کھلائیں۔

فوائد: قوت باہ میں اشتعال دلاتی ہے اور طبیعت کو ہشاش بشاش رکھتی ہے، غذائیں عضلاتی مخاطی اور قشری اعصابی دیں۔

مغلّظ اشفاق: ترپھلہ چار سو گرام، موصلی سفید انڈین، تودری سفید، تودری سرخ، ثعلب مصری، ثعلب پنجہ، سو سو گرام، الائچی خورد پچاس گرام، سب ادویہ پیس لیں، چار گرام دوا خالی معدہ صبح شام نیم گرم دودھ سے دیں۔

فوائد: مولد و مغلّظ منی ہے، سرعت، رقت، جریان کا خاتمہ کر کے جوان مرد بنانے والی ہے کئی مرتبہ کی مجرب ہے، غذائیں اعصابی قشری سے مخاطی عضلاتی تک دیں۔

شادی کورس: چھوہارے، چنے کھیلاں، مغز بادام ہر ایک آدھا کلو، مربی بہی، مربہ گاجر مربہ سیب، مربہ ہریڑ، مربہ آملی، گلقند عمدہ، بھکھڑا، مغلّظ اشفاق، ہر ایک دو سو پچاس گرام، کشتہ نقرہ، مفرح، کشتہ قلعی، بیس بیس گرام، روغن زرد آدھا کلو، چھوہاروں کو گٹھلی نکال کر

رات پانی میں بھگودو، صبح نکال کر موٹا موٹا کوٹ لیں اور روغن زرد میں بریاں کر ڈالیں اور خشک کر کے باریک کوٹ لیں، اب چنے کھیلاں اور مغز بادام بھی کوٹ لیں، مربہ جات گٹھلی دور کر کے الگ کوٹ لیں، اب کشتہ جات اور تمام اجزا اچھے سے مکس کر لیں اور پچاس گرام صبح شام نیم گرم دودھ سے کھلائیں۔

فوائد: اول نظام ہضم کی اصلاح کریں اور یہ معجون کھلائیں، اس کے استعمال سے قوت باہ سے متعلقہ دور ہو جاتے ہیں، حکیم کی عزت میں چار چاند لگ جاتے ہیں اور گھرانہ ہنسی خوشی زندگی گذارنے لگ جاتا ہے، غذائیں قشری اعصابی، مخاطی عضلاتی اور عضلاتی مخاطی دیں۔

یوریزی کلین سیرپ: عرق خربوزہ دو کلو، برگ انگور تازہ، برگ ہرن کھری تازہ، کلو کلو، بھکھڑا پانچ سو گرام، چینی چار کلو، پانی ڈیڑھ کلو

بھکھڑا جو کوب کیا ہوا پانی میں تین چار جوش دے کر رات پڑا رہنے دیں صبح مل چھان کر باقی تمام آب اور عرق میں چینی ڈال کر شربت پکالیں تیس گرام شربت پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: پتھری گردہ، مثانہ وحالبین کو ریگ بنا کر خارج کر دیتا ہے، غذائیں قشری اعصابی سے اعصابی مخاطی تک دیں۔

یوریزی کلین کیپسول: پودا گندم جڑ سمیت ایک سو پچاس گرام، اندر جو تلخ سو گرام، کلتھی پچاس گرام، تمام ادویہ پیس کر زیرو نمبر کیپسول بھر لیں، دو دو کیپسول صبح شام یوریزی کلین سیرپ کے ساتھ دیں۔

فوائد: یہ دوا بہت تیزی سے پتھریوں کو توڑ کر نکالتی ہے، درد گردہ میں بھی مفید ہے، بارہا

کی تجربہ شدہ ہے۔

درد گردہ: قلمی شورہ دوسو پچاس گرام، تیزاب گندھک دس گرام، دونوں ادویہ کو شیشے کے برتن میں ڈال کرلوہے کی سلائی سے ہلاتے رہیں، دھواں نکلے گا جب دھواں نکلنا بند ہوجائے تو سفید رنگ کا شورہ بچے گا پیس لیں۔

فوائد: دو چاول تک پانی سے دیں فوراً درد گردہ بند ہوجائے گا۔

طوفانی طلاء: روغن جمالگوٹہ خالص، شیر مدار، شہد خالص، ہرایک پچاس گرام، سم الفار تین گرام، سم الفار کو مثل غبار پیس لیں، اب تمام ادویہ اس میں ملا کر چھ گھنٹے زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں، تیار ہے، بڑے چنے برابر رات کو عضو خاص پر حشفہ وسیون چھوڑ کا ہلکی ہلکی مالش کریں، صبح نیم گرم پانی سے دھوڈالیں، ایک ہفتہ کافی ہے۔

فوائد: سستی بوجہ مشت زنی، اغلام بازی، اور کجی کیلئے مفید ہے۔

شربت شفاء جدید: گودہ املتاس، گل کیسو، گل بنفشہ، اصل السوس سوسوگرام، تمام ادویہ جوکوب کر کے دوکلو پانی میں جوش دے کر رات پڑا رہنے دیں صبح مل چھان کر دوکلو چینی کے ساتھ شربت پکالیں، دس گرام، صبح شام نیم گرم دودھ میں ڈال کر استعمال کرائیں۔

فوائد: سوزش وورم رحم، جگر، گردہ، مثانہ، معدہ وامعاء کی قشری سوزش کو مفید ہے، غذائیں اعصابی قشری، اعصابی مخاطی دیں۔

مُدر حیض: ریوند خطائی 150 گرام، ملٹھی گرام150، تخم شلغم 100 گرام، تخم گاجر

50 گرام، قلمی شورہ گرام 50، پھٹکی 5 گرام سب ادویہ پیس لیں تین گرام دوا، شربت شفاء جدید سے صبح شام کھانے کے بعد دیں۔

فوائد: سوزش کی وجہ سے درد حیض، کمئی حیض کو مفید ہے، حیض کی خرابیاں دور کر کے صاحب اولاد بنانے والا ہے۔

روغن شعر ینہ: روغن بید انجیر، روغن کدو شیریں، روغن بادام، روغن ناریل، روغن بنولہ، روغن خشخاش سب برابر وزن لے کر ملا لیں اور رات کو بالوں کی جڑوں میں لگائیں صبح نہالیں، غذائیں قشری اعصابی اور اعصابی قشری دیں۔

فوائد: خشکی، سکری کا خاتمہ کر کے بالوں کو لمبا، گھنا اور چمک دار کرتا ہے۔

لیپ چوٹ کہنہ: مٹی کا تیل ایک سو پچاس گرام، موم بتی سو گرام، اجوائن دیسی، نمک سیاہ ہر ایک پچاس گرام، برگ مدار بڑا ایک عدد، نرم نرم آنچ پر مٹی کا تیل گرم کریں اور موم کے ٹکڑے بھی اس میں ڈال دیں جب دونوں یک جان ہو جائیں، آگ سے اتار لیں، اس کو برگ مدار پر لیپ کر کے مقام متاثرہ پر پسی ہوئی دونوں دوائیں چٹکی بھر چھڑک کر اوپر یہ برگ مدار رکھ کر کپڑے سے باندھ دیں اور رات بھر سو رہیں، صبح نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں، آٹھ دس روز کافی ہے۔

فوائد: دس روز میں چوٹ کا نام ونشان بھی نہیں ملے گا، جوڑوں کے درد پر بھی اسی طریقہ سے باندھنے سے درد دور ہو جاتا ہے، جوڑوں کے درد کیلئے اس کے ساتھ سفوف اسگندھ ناگوری دو گرام صبح شام لینا مفید ہے، غذائیں اعصابی قشری دیں۔

کشتہ ورقیہ سفید: ہڑتال ورقیہ چترالی پچاس گرام،میگنیشیا سالٹ دوسو پچاس گرام، ہڑتال ورقیہ کو بارک پیس لیں اور روغنی کوزہ گلی میں میگنیشیا سالٹ کا فرش ولحاف دے کر دو کپڑ وٹی کر کے بارہ کلو اُپلوں کی ہوابند آگ دیں،ٹھنڈا ہونے پر صبح نکال لیں سفید براق کشتہ ملے گا،پیس کر ایک برتن میں کھلا پانی ڈال کر کشتہ اس میں ڈال کر ہاتھ سے ہلاتے رہیں اول پانی کا رنگ دودھیا ہو جائے گا،یہ پانی اوپر اوپر سے آرام سے گرا دیں،پھر یہی عمل کریں جب پانی بے رنگ ہو جائے تو کچھ دیر پڑا رہنے دیں اور پانی گرا دیں اب کشتہ خشک کر کے پیس لیں اور کسی شیشے کی شیشی میں سنبھال رکھیں،اور ایک ہفتہ فریزر میں رکھنے کے بعد استعمال کے لائق ہے،دو چاول کشتہ،سوجی کے حلوہ میں رکھ کر کھانے کے ایک گھنٹہ بعد کھلائیں۔

فوائد: جمے ہوئے خون کے لوتھڑوں کو تحلیل کرتا ہے،اور ہارٹ اٹیک سے بچاتا ہے،ٹرائی گلیسرائیڈ کے وجہ سے بند شرائین کو کھولتا ہے،ملیریا بخار کو مفید ہے،قوت باہ میں مفید ہے، غذائیں قشری اعصابی دیں گے۔

چٹکلہ بواسیر: گل ہار سنگھار بوٹی،برگ بھنگ،فلفل سیاہ سب برابر وزن لے کر پیس لیں اور دو گرام صبح شام نہار پیٹ کھلائیں،غذا میں دودھ جلیبی،دلیہ جو،دلیہ گندم دیں۔

فوائد: صرف ایک ہفتہ میں قشری اور عضلاتی بواسیر کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

روغن اکسیر صدری: سم الفار سفید بلوری،شنگرف رومی،زعفران صلایہ دس دس گرام،پوست بیخ اونٹ کٹارا پچاس گرام،رتن جوت بیس گرام،شیر گاؤ پانچ کلو سم الفار اور شنگرف کو الگ مثل غبار کر لیں،زعفران کو عرق گلاب میں صلایہ کر لیں،پوست بیخ

اونٹ کٹارا اور رتن جوت کو الگ الگ پیس لیں، اب شیر گاؤ کو آگ پر چڑھائیں اور اول اونٹ کٹارا ملا دیں، اب شنگرف، سم الفار، زعفران دودھ میں ڈال کر پکائیں، جب تین کلو دودھ رہ جائے تو آگ سے نیچے اتار لیں اور اتارتے وقت رتن جوت شامل کر دیں، اب دودھ کو کسی نمک وغیرہ سے پھینٹیں، ضامن لگا کر اس کا دہی جما لیں، صبح اسے بلو کر مکھن نکال لیں، اب مکھن کو آگ پر رکھ کر گھی بنا لیں اور اس گھی کو شیشی میں سنبھال رکھیں، لسی کو دفن کر دیں، پانچ تا آٹھ قطرے نیم گرم دودھ میں ملا کر پلائیں۔

فوائد: قوت باہ کے مریض کو اول کوئی اچھا سا مغلظ استعمال کرائیں جب مادہ منویہ میں تغلیظ ہو چکے تب یہ روغن پانچ قطرے نیم گرم دودھ سے دیں، اگر برداشت کر لے تو آٹھ قطروں تک چلے جائیں، صدری راز ہے قوت باہ کے شاکی کیلئے کسی ٹانک سے کم نہیں، طلاء مجلوق بھی ہے، قوت باہ کو برانگیختہ کرتا ہے، ضعف شہوت کیلئے بے مثال ہے۔

حکیم فہیم احمد کاظمی بھٹی چک 187/9L تحصیل وضلع ساہیوال
فون نمبر: 03056337831-03217027309

حکیم وڈاکٹر پروفیسر محمد اشرف شاکر

جن دوستوں نے نسخہ جات اس کتاب کی نظر صدقہ جاریہ کئے، اللہ تعالیٰ ﷻ سے دعا ہے اللہ تعالیٰ ﷻ ان کی اس نیت کو، ان کی اس نیکی کو اپنی بارگاہ میں حضور کریم ﷺ کے وسیلہ پاک سے اپنی شان کے مطابق شرف قبولیت عطا فرمائے اور آخرت میں ان کے لئے ذریعہ نجات بنائے..........آمین

ان نسخہ جات کو آپ کی خدمت میں پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں، جس طریقے سے ان دوستوں نے نسخہ جات ارسال کئے اسی طرح آپ کی خدمت میں پیش ہیں، ان میں سے کچھ میں بھی استعمال کر رہا ہوں، اپنے اپنے مزاج اور ضرورت کے تحت اپنی جگہ بہترین کام کرتے ہیں، ایڈیشن ہذا میں جو کمی کوتاہی تھی وہ بھی درست کردی گئی ہے اور تقریباً ہر نسخہ کے ساتھ اس کے مزاج کے مطابق جو غذائیں فائدہ دینے والی ہیں لکھ دی ہیں تاکہ حکماء حضرات کیلئے کسی قسم کی کوئی مشکل نہ پیش آئے لیکن ایک بات یاد رہے کہ لکھی گئی غذاؤں میں بھی مرض کی رعایت رکھ کر غذا تجویز کریں، مثلاً چاول لکھے ہیں لیکن ضعف معدہ والے مریض کو چاول ہضم نہیں ہوں گے اور ہیضہ کی شکایت ہو جائے گی، اس حوالہ سے آپ کی تجویز بہترین ہوگی، غذا کا تجویز کرنا بھی ایک مشکل ترین کام ہے، پھر بھی میں نے کوشش تو کی ہے۔

دراصل نسخے کا اتنا اہم کردار نہیں ہوتا جتنا حکیم کا ہے کہ وہ اس وقت ضرورت کے تحت کس نسخے کو ترجیح دیتا ہے، نسخہ منسوخی سے نکلا ہے یعنی پہلے نسخے کو منسوخ کر کے اس وقت کی ضرورت کے مطابق موجودہ نسخے میں سے کچھ ادویہ کا انتخاب کر کے ان سے کام لینا ہے، اور مریض کو صحت کی طرف لوٹانا ہے، ہمارا کام اپنی سمجھ کے مطابق دوا دینا ہے اور شفاء دینا اس کا کام ہے، اور وہ یقیناً دیتا ہے، اسی سے امید رکھنی چاہیئے، کیونکہ وہ رحیم ہے وہی کریم ہے، اللہ تعالیٰ ﷻ دعا ہے کہ وہ خالق کائنات کل امت مسلمہ کی بیماریوں کو حضور کریم ﷺ

کے وسیلہ پاک سے شفاء میں تبدیل فرما دے......آمین............طالب دعا. مصنف

اب کچھ متفرق نسخہ جات پیش خدمت ہیں۔

درد حیض

از حکیم صنوبر حسینؒ مرحوم

زراوند طویل، زراوند مدحرج، ایشورمول سب ادویہ برابر وزن

تمام ادویہ اچھی طرح صاف کر کے پیس لیں اور دو سے تین گرام دوا نیم گرم دودھ سے کھانے کے بعد تین مرتبہ دن میں مریضہ کو کھلائیں، درد حیض کیلئے لاجواب دوا ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

نیلم کافوری

حکیم محمد عبداللہ

ریٹھہ، کافور، نیلا تھوتھا

دو تین سو گرام موٹے موٹے ریٹھے لے لیں، پچاس گرام کافور پیس کر رکھ لیں، تیس گرام بڑھیا قسم کا نیلا تھوتھا لے لیں۔

ریٹھے کے سر کی طرف سے مقراض (کٹر) کی مدد سے اتنا سوراخ بنا لیں جس میں سے اس کا بیج آسانی سے باہر نکل آئے، جو حصہ مقراض سے علیحدہ کیا ہے اسے ٹوٹنے نہ دیں سنبھال کر رکھ لیں کیونکہ یہی پھر اس کے اوپر ڈھکنے کی طرح کام دے گا، ریٹھے میں سے بیج نکال کر اس ریٹھے میں آدھے سے کچھ کم کافور بھر کر دبا دیں، اب اس کے اوپر دو رتی یا اس سے کم وبیش (کیونکہ ریٹھے مختلف سائز کے ہوتے ہیں) نیلا تھوتھا رکھ کر اوپر پھر کافور بھر کر اچھی طرح دبا دیں، اور ریٹھے کا جو حصہ مقراض سے علیحدہ کیا تھا اوپر رکھ کر کسی تار سے اچھی طرح باندھ لیں، اب اس کے اوپر آٹے کی معمولی لیپ کر کے سوکھا لیں، جب ریٹھے اچھی طرح خشک ہو جائیں دو کلو کوئلے لے کر ان ریٹھوں کو فرش ولحاف کر کے آگ لگا دیں، جب آگ سرد ہو جائے ریٹھے نہایت احتیاط سے الگ کر لیں اور ٹھنڈے ہونے پر پیس لیں، نیلم کافوری تیار ہے۔

نصف گرام دوا کیپسول میں بھر لیں، صبح سوجی کے حلوے کے ساتھ ایک کیپسول کھلائیں اور شام کو بالائی پچاس گرام کے ساتھ ایک کیپسول کھلا دیں، چند ہی روز میں منی کے ساتھ جو Pus Cells آیا کرتے ہیں، آنے بند ہو جائیں گے، اب کوئی سا بھی مغلظ نسخہ استعمال کرائیں، جو نیات منویہ (Sperm) خوب پیدا ہوتے ہیں اور انسان اولاد پیدا کرنے کے قابل ہو جاتا ہے، انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ، اس دوا کے ساتھ چار پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

اکسیرالبدن

مسٹر لندنؒ

کشتہ صدف صادق 150 گرام، برادہ نقرہ 75 گرام، کشتہ ابرک سفید 75 گرام کشتہ بیضہ مرغ 75 گرام، آب لیموں دیسی 1/2 کلو

سب سے پہلے ابرک محلوب سوگرام لے کر پانچ سوگرام بھیڑ کے دودھ میں کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنالیں اور خشک کر کے تیس کلو اپلوں کی بند آگ دیں، یہی عمل دو بار کریں، کم و بیش 75 گرام کشتہ حاصل ہو گا، اس کے بعد تمام کشتہ جات اور برادہ نقرہ 1/2 کلو آب لیموں میں کھرل کر کے روپے برابر ٹکیاں بنالیں اور خشک کر کے پچیس کلو کی بند آگ دیں، تکرار عمل کریں، زردی مائل سفید رنگ کا کشتہ تیار ملے گا۔

سات سو پچاس ملی گرام کشتہ مکھن، بالائی، مربہ آملہ، مربہ ہی، مربہ سیب، مربہ ہریڑ سبز، شربت بزوری، شربت انجبار کے ساتھ حسب حالات دے سکتے ہیں۔

اس کشتہ کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ بغیر شمع (افیون) ممسک ہے، جسم کا ٹھنڈا ہونا، جریان، رقت، سرعت، ضعف قلب، ورم رخو، کے علاوہ تحلیل قلب کی تمام علامات کیلئے مفید و مجرب و آزمودہ ہے، بنائیں اور لطف اٹھائیں، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔



کشتہ سم الفار

مسٹر لندن

سم الفار کانی دس گرام، پوٹاس دس گرام

ایک چھوٹی سی کوزہ گلی جو معمولی سمپٹ کر لی گئی ہو، پوٹاس پیس لیں اور سم الفار کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے پوٹاس کا فرش ولحاف دے کر اوپر سے دبا دیں اور پانچ کلو اپلے تول کر ہوا سے بچا کر آگ دے دیں، ٹھنڈا ہونے پر کسی بند منہ کی ڈبیہ میں رکھ دیں، چند روز بعد کھول کر دیکھیں گے تو کشتہ کھِلا ہوا ملے گا، اب اس کشتہ میں سے سات گرام لے کر پچاس گرام موم دیسی کے ساتھ رگڑائی کر کے مونگ کے دانے برابر گولیاں باندھ لیں بوقت ضرورت بوڑھوں کو دودھ گھی کے ساتھ ایک گولی کھلا دیں اور اسی رات شرطیہ......

میرے خیال کے مطابق اگر جوانوں کو تین ہفتے سفوف ثعلب کھلانے کے بعد ایک روز کے وقفے سے ایک گولی کے حساب سے ایک ہفتے میں تین گولیاں کھلا دی جائیں تو ان کو کبھی کسی محرک دوا کی ضرورت نہیں ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

کولیسٹرول کیلئے

پرنسپل انور علیخاں لودھی صاحب

موم دیسی ستر گرام، زرنباد دس گرام

زرنباد پیس کر موم کو نیم گرم کر کے اچھی طرح دونوں ادویہ کو مخلوط کر لیں اور نصف گرام کی گولیاں بنا لیں، دو دو گولیاں دن میں تین مرتبہ گرم دودھ کے ساتھ کھلانے سے طبعی کولیسٹرول نارمل ہو جاتا ہے، اس کے علاوہ فم معدہ اور مری کے السر کیلئے مفید و مجرب ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

معجون مغلظ

مسٹر لندن

تودری سفید خالص کلو، مغز پنبہ دانہ 1/2 کلو، موصلی سفید 1/4 کلو، شہد خالص دو کلو

حسب دستور معجون بنا لیں، کھانے سے پہلے دس گرام معجون اوپر 1/4 گرام اکسیر البدن

شامل کر کے کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے کھلائیں،اس دوا کے ساتھسات سے ایک نمبر تک غذائیں دی جائیں گی۔

تین ہفتے استعمال کرائیں اور ہر چوتھے روز ایک حب عنبری رات کے وقت دودھ سے کھلا دیں تیسری گولی کوئی ہی برداشت کرتا ہے،قوت باہ کا سمندر ٹھاٹھیں مارنے لگتا ہے،سردیوں کے موسم کا خاص تحفہ ہے،حب عنبری کا نسخہ اسی کتاب میں موجود ہے۔

محرک باہ

سجادہ نشیں میاں منظور علی

سنکھیا سفید ایک گرام،گلیسرین سفید دس گرام

کسی تام چینی یا سٹیل کے برتن میں گلیسرین ڈال کر موم بتی جیسی نرم آگ جلائیں،اس میں سنکھیا کی ڈلی رکھ کر خود دور چلے جائیں کیونکہ اس کا دھواں آنکھوں کیلئے نقصان دہ ہے،گاہے بگاہے دور سے دیکھتے رہیں،جب سنکھیا گلیسرین میں حل ہوجائے تو آگ بند کردیں،دوا تیار ہے۔

سوگرام لبوب کبیر کی ڈبیہ لیکر اس میں اس محلول اولٰی کے دس قطرے ڈال کر اچھی طرح حل کردیں، چھ گرام دوا کھانے کے فوراً بعد گرم دودھ سے ان بوڑھوں کو دیں جو ہمہ وقت جسم اور پٹھوں کی درد کا رونا روتے ہیں،مقوی باہ بھی ہے،عصاء پیری ہے،اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک غذائیں دی جائیں گی۔

عطیہ قاری محمد اشرف فاروقی

1۔فلفلسیاہ،زیرہ سیاہ،چاسکو،کچور،پت پاپڑا،کرنجوا،افسنتین،چرائتہ نیپالی،ہر ایک پچاس گرام،رسونت انڈیا سوگرام،گوند ببول،تخم دھریک،یا مغز تخم نیم ہر ایک ڈھائی سوگرام سب ادویہ کوٹ چھان کر بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں،بچے کو ایک ایک گولی دن میں تین مرتبہ

کھانے کے بعد پانی سے دیں اور بڑے کو دو دو گولیاں دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد پانی سے دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

فوائد: چنبل، دھدر، ایگزیمہ، اٹھرا، شوگر خالص، دمہ قلبی، کینسر، پھوڑے، پھنسی، کیلئے مفید و مجرب ہے۔

2-پتھری پتہ: نوشادر ٹھیکری، ریوند عصارہ، قلمی شورہ، امروسیا، امروسیا کا نسخہ امراض گردہ کے بیان میں پڑھیں.... امروسیا کا اضافہ میں نے کیا ہے.. اشرف شاکر

سب ادویہ برابر وزن پیس لیں، نصف سے ایک گرام حسب عمر تین مرتبہ دن میں کھانے کے بعد پانی سے کھلائیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

فوائد: پتے کی پتھری کیلئے مخصوص دوا ہے، اس کے علاوہ گیس، قبض، بواسیر خونی عضلاتی، اور توند بڑھنے کیلئے مفید ہے، السر معدہ وامعاء کے مریض استعمال نہ کریں، نوشادر کی وجہ سے انہیں نقصان دے گی، پتے کی پتھری کیلئے روغن زیتون، رس لیموں، کیسٹر آئیل برابر ملا کر صبح نہار دو چمچ اور شام کو چار بجے دو چمچ خالی معدہ دیں اور اس کے ساتھ تذکرہ اولیٰ دوا بھی دیں تو نتائج اچھے انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ

چٹکلہ: اپلوں کا نمک نصف گرام صبح شام کھانا بواسیر، گیس، اور استسقاء ذقی کیلئے مفید و مجرب ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

3-اجوائن دیسی سو گرام، نوشادر ٹھیکری پچاس گرام، گودہ کنوار گندل اڑھائی سو گرام سب ادویہ ایک شربت والی بوتل میں ڈال کر ڈھکنا لگا کر اکیس یوم زمین میں دفن کریں، بعد میں نکال کر فلٹر کر کے سنبھال لیں، دس قطرے چینی کے ایک چمچ میں ڈال کر صبح شام کھانے کے بعد کھلانا موٹاپے کیلئے مفید ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

پروفیسر حکیم محمد انور علی خان لودھی

میرے کالج کے زمانے کے ایک استاد حکیم پروفیسر محمد انور علیخان لودھی صاحب ہیں، ماہر فن ہستی ہیں، کسی بہت بڑے مہا ہندو کے شاگرد ہیں سننے میں یہی آیا ہے لیکن کبھی اس موضوع پر بات نہیں ہوئی، مفردات کا بڑا شوق رکھتے ہیں، طب کا بہت جذبہ رکھتے ہیں، انسان دوست ہیں، بہت ہی کم لوگ ایسے ہوتے ہیں جو اپنے آپ کو منوا سکیں لیکن حکیم لودھی صاحب ان چند لوگوں میں شمار ہوتے ہیں جو نہایت کم عمری میں اپنے اندر بہت بڑے ہوتے ہیں ان کی بھی عمر کم ہی ہے لیکن تجربہ اور علم بہت ہے، ان کے چند معمولات آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں، ان کی قلم کی ہو بہو نقل لکھتا ہوں لیکن ایک تھوڑی سی تبدیلی آپ کی خاطر کروں گا کہ انہوں نے استادوں کی طرح کچھ مشکل الفاظ لکھے ہیں انہیں آسان الفاظ میں لکھ رہا ہوں تا کہ آپ کو کوئی مشکل پیش نہ آئے، کچھ نسخوں کے اجزاء میں اپنی سمجھ کے مطابق تبدیلی کی ہے کہ نظریہ کی کسوٹی سے پرکھنے پر پورے اتریں۔

اخلاقی طور پر تو یہ چاہیئے تھا کہ ان نسخہ جات کو اس کتاب میں چھاپنے کیلئے ان سے اجازت طلب کی جاتی، لیکن کچھ وقت کی کمی کی وجہ سے ان سے رابطہ نہ کر سکا، اس کے علاوہ وہ اتنے کھلے دل کے مالک ہیں کہ بغیر اجازت کے ہی جسارت کر بیٹھا ہوں، قوی امید ہے کہ میرے اس فعل سے برا نہیں منائیں گے کیونکہ استاد محترم بھی دل میں انسانیت کا درد رکھتے ہیں، اور چاہتے ہیں کہ حکماء کے گلے سے بخل کا طوق اتر جائے۔۔

اشرف شاکر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

استاد محترم کہتے ہیں کہ لوگ کتابیں اسلئے لکھتے ہیں کہ ان کا نام زندہ رہے، ان کو بڑا سمجھا جائے یا وہ خود بڑے ہوتے ہیں۔

میں یہ چند سطور اس لئے لکھ رہا ہوں کہ شاید میں کسی طرح آپ کی خدمت کر سکوں۔
آپ بھی اس علم سے استفادہ کر سکیں جو مجھے قدرت نے دیا ہے، اس کام کے عوض نہ تو مجھے کسی قسم کا کوئی معاوضہ چاہیئے نہ ہی کوئی دنیاوی منافع، البتہ اگر کبھی ممکن ہو تو اطمینان قلب کیساتھ زندگی میں صرف ایک بار خاکسار کیلئے اللہ تعالیٰ ﷻ کے حضور دعا کر دیں اور بس اگر آپ بھی یہ محسوس کریں کہ علم کو مرنا نہیں چاہیئے آپ کے ساتھ! تو آپ بھی اپنے مجربات کو کسی کاغذ پر ضرور منتقل کر جائیں۔

ان اوراق میں درج شدہ تمام نسخہ جات میرے تجربات کی کسوٹی پر پورے اترے ہیں، اکثر نسخے میرے اپنے ترتیب دادہ ہیں، اس کتاب کو نظر عمیق (گہرائی) سے پڑھئے اور اگر فرصت ملے تو مجھے بھی اپنی قیمتی آراء سے نوازتے رہیئے۔

اس کتاب میں کچھ ایسی عبارات ہیں جن کا مقصد صرف اور صرف شخصی بہتری ہے، اگر چہ وہ نسخہ نہیں مگر پھر بھی ضروری ہیں!

ان سطور کا نام ترکش شفاء رکھا (ترکش = جس میں تیر رکھے جاتے ہیں) اس لئے کہ اس میں تیر تو بلاشک ہیں مگر ان کو عقل کی کمان میں رکھ کر چلایا جا سکتا ہے، جو آپ کو اللہ تعالیٰ ﷻ نے عطا کی ہے آپ سے آخری درخواست یہی ہے کہ بخل چھوڑ دیجئے، طب کے علم کو مرنے سے بچایئے ورنہ آپ کا اپنا علم آپ کو قبر میں کوئی فائدہ نہ دے گا۔

بصد خلوص و محبت

حکیم محمد انور علی خاں لودھی

چیئرمین = محمدن ہربل ریسرچ مشن پاکستان

جب میں اس کتاب کا تیسرا ایڈیشن مکمل کر رہا تھا تو اس وقت تک آپ الصحت یونانی میڈیکل کالج کے پرنسپل ہو کر ریٹائر ہو چکے ہیں اور اب کالج کے قریب ہی سرفراز نگر فیصل آباد میں اپنا بہترین مطب بنایا ہوا ہے، حال ہی میں میری آپ سے ملاقات ہوئی تو آپ نے بتایا کہ آپ عنقریب ہی اسلام آباد میں ایک بہت بڑا ہسپتال بنانے والے ہیں، جس میں دل کے مریضوں کا علاج کیا جائے گا۔

دعا ہے اللہ تعالیٰ ﷻ آپ کو اس عظیم مشن میں کامیابی عطا فرمائے ...آمین

اب اس کتاب (مجربات شاکر) کا چوتھا اصلاح و اضافہ شدہ ایڈیشن آپ کی خدمت میں حاضر کر رہا ہوں امید واثق ہے کہ پہلے ایڈیشن کی طرح یہ بھی آپ کو پسند آئے گا۔

اگلے صفحہ پر آپ کے نسخہ جات پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں، جو آپ نے ازراہ خلوص ایک میٹنگ پر عطا فرمائے تھے۔

خادم فن طب

حکیم وڈاکٹر پروفیسر محمد اشرف شاکر

رجسٹرڈ حکیم درجہ اول

ڈاکٹر آف ہومیو میڈیسنز سسٹم

فاضل طب سمپل آرگینو پیتھی

ماہر علاج بالغذا

ممسک حلیبی (FICUS POWER)

افیون خام 20 گرام، سم الفارا ایک گرام، (درزیت زیتون بریاں شدہ = زیت (روغن کو کہتے ہیں) فولاد 4 گرام، اذراقی سوہان کردہ 5 گرام، شنگرف 2 گرام، شیر برگد 200 گرام

ترکیب تیاری = دواؤں کو سفوف بنا کر بیس گرام شیر برگد یومیہ ڈال کر کھرل کر لیجئے، دس روز بعد ایک ایک رتی کی گولیاں بنا لیں، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

رات کو کھانے کے ڈھائی گھنٹہ بعد کھلائیں ایک گھنٹہ بعد ایکشن شروع ہوگا۔

☆ ممسک، مقوی بدن، مقوی خون، اور محرک شہوت ہے۔

بل پاؤڈر (BILL POWDER)

بلگری 120 گرام، بادیان 90 گرام، زنجبیل 30 گرام سفوف بنالیں اور تین گرام دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد قہوہ انجبار یا شربت انجبار سے استعمال کرائیں۔

سنگرہنی، ضعف معدہ، ضعف قلب، اسہال اطفال کیلئے مفید ہے، بچوں کیلئے مقدار خوراک ان کی عمر مطابق دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

سفوف حابس

یہ میرا تحقیق کردہ نسخہ ہے جو نسخہ ثانی سے بڑھ کر ہے اور کھانے میں بھی کوئی پریشانی نہیں، بچے بوڑھے بھی شوق سے کھائیں کھانے میں تو ہرا فائدہ تین پڑیا دی جاتی ہیں اکثر ایک حد دو کھانی پڑتی ہیں، باقی پھر کام آجاتی ہیں۔ اشرف شاکر

پوست ہلیلہ زرد 100 گرام، چینی 100 گرام، بادیان 50 گرام سفوف بنالیں ایک سے تین گرام بچوں اور بوڑھوں کی عمر کے مطابق تازہ پانی سے دیں، غذا آٹھ اور ایک نمبر دیں۔

اسہال اور پیچس دونوں کیلئے مفید ہے اور مقوی معدہ بھی ہے، چونکنے کی ضرورت نہیں تجربہ شرط ہے، کھانے میں نہایت سہل بھی ہے نیز پیٹ کے جملہ امراض و درد کیلئے مختلف بدرقات کے ساتھ مفید و مجرب ہے، ہیضے میں لونگ دارچینی کے قہوے کے ساتھ دیں، سول میں سفید الائچی سات عدد کے قہوے سے دیں، مروڑ میں چھلکا اسپغول دہی میں ملا کر دیں، حفظ ما تقدم کیلئے صرف تازہ پانی ہی کافی ہے، ہفتے میں دو تین بار بچوں کو دینے سے ان کی اکثر علامات جاتی رہتی ہیں غرضیکہ نہایت ہی مفید دوا ہے۔

شربت افسنتین (THE ABSENTHIUM COAL)

افسنتین 20 گرام، برہم ڈنڈی 40 گرام، شاہترہ 40 گرام، گل گلاب 40 گرام، گودہ املی 40 گرام، عناب 20 گرام، خطمی 20 گرام، خبازی 20 گرام چرائتہ تلخ 10 گرام، پانی دو لیٹر، چینی ایک کلو

دواؤں کو کچل کر رات کو بھگو دیں، صبح ان کو پندرہ منٹ تک ابالیں، پھر چھان لیں اور چینی ملا دیں جب حل ہو جائے تو اس میں ست لیموں تین گرام ملا دیں، اب آگ پہ رکھیں اور شربت کے قوام پر اتار لیں اور تین گرام سوڈیم بینزوئیٹ (ست لوبان) ملا دیں ٹھنڈا ہونے پر محفوظ فرما لیں، کھانے کے دو چمچ پانی میں ملا کر دیں درج ذیل سفوف تین گرام دن میں تین مرتبہ آدھا گھنٹہ بعد از غذا دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ جگر و معدہ اور آنتوں کیلئے مخصوص ہے، نہایت مفید ہے بنا کر فائدہ حاصل کریں۔

منشور (MANSURE)

ریوند خطائی 20 گرام، مجیٹھ 20 گرام، قلمی شورہ 20 گرام، نوشادر 10 گرام، کشتہ فولاد 6 گرام، تمام ادویہ کا سفوف بنا لیں تیار ہے، تین گرام دوا تین مرتبہ دن میں دیجئے۔

جگر کی گرم امراض، یرقان، سوزش جگر حار، ناخنوں کی بدہیئتی، ضعف اشتہا کے علاوہ بہت

سے گرم (قشری) امراض کے مفید ہے،اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

کام کی دوا (TESTER GOLD)

ورق طلاء............دوگرام، پارہ مصفیٰ............دوگرام

باہم سحق کریں اور ہزاردانی (Euphorbia Prostrata) کے پانی میں کھرل کریں اور روپے برابر ٹکیاں بنا کر خشک کرلیں، دوکلو اپلوں کا چورا کر کے آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر جو ملے اس مرکب میں 10 گرام مروارید ملا کر کھرل کریں، پھر اس میں بھیڑ کا دودھ سو گرام جب کھرل ہو جائے تو اس کی پھر ٹکیاں بنا کر خشک کریں اور تین کلو کی آگ دیں، فاختائی رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا، اس کو عرق گلاب دوسو گرام میں کھرل کر کے خشک کریں اور ان ادویہ کا اضافہ کریں۔

اذراقی 4 گرام، زعفران ایک گرام، مشک 1/2 گرام سفوف بنالیں، 0 نمبر کیپسول دودھ میں ریش برگد ایک گرام ابال کر اس سے رات کے وقت استعمال کرائیں۔

اعادہ شباب کیلئے صبح خلوئے معدہ پرندوں کے شوربے کے ساتھ فقط اسی کا ناشتہ کریں۔

☆ محرک باہ؟ جوارش زرعونی عنبری یا معجون زرعونی، یا لبوب کبیر 6 گرام کے ساتھ رات کو سونے سے قبل استعمال کرائیں، اس دوا کے ساتھ ایک اور دو نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

اس نسخہ میں سے میں نے حرام ادویہ نکال کر دوبارہ حلال ادویہ سے ترتیب دیا ہے، اب ضمیر مطمئن ہے..................................اشرف شاکر

دواء عقر (FOLOBIOL)

مغز بھنڈی 36 گرام، آرد بیخ بھنڈی 36 گرام، کشتہ قلعی پارہ شورہ والا 12 گرام، جست شگفتہ 12 گرام، آملہ ہموزن ادویہ (یعنی 100 گرام) سفوف بنالیں۔

رات کوسونے سے پہلے دوگرام لبوب کبیر کے ساتھ دونوں ساتھی استعمال کریں۔

جب کرم منی 0 ہوگئے ہوں (Azospermia) عورت کا حمل دوسرے سے چوتھے ماہ گر جاتا ہو بوجہ (ضعف رحم) تو یہ دوا نہایت مؤثر ثابت ہوتی ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

اس نسخے کی میں نے اپنی سمجھ کے مطابق اصلاح کردی ہے استعمال کریں اور ہمیں اطلاع دیں اگر کوئی کمی رہ گئی ہو تو اسے درست کردیا جائے، میں نے اپنے علم کے مطابق اسے ترتیب دینے میں کوئی کمی نہیں چھوڑی۔ اشرف شاکر

مصلح الدم (Leukaemia Medica)

سم الفار سفیدا ایک گرام، ورق نقرہ 2 گرام، آب منڈی بوٹی دوسوگرام کا چوبہ دے کر کھرل کریں دوکلوگرام کیری کی آگ دیں، پھر اس مرکب کو 200 گرام ترپھلہ کے زلال میں کھرل کریں، پھر اس میں فلفل دراز 5 گرام، ریوند چینی 10 گرام، کشتہ فولاد 25 گرام، سرکہ جامن ایک لیٹر میں کھرل کریں، خشک ہونے پر سفوف بنالیں، 1/4 گرام تک شربت دینار سے دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

سرطان الدم (لیوکیمیا)، نقص الدم، اور ضعف اشتہا کیلئے مفید ہے۔

قطرہ زریں (GOLD DROPS)

نمک کا تیزاب 4 ملی لیٹر، تیزاب شورہ 3 ملی لیٹر، ورق طلاء 700 ملی گرام

ایک امتحانی نلی لیکر اسٹینڈ میں کس کر اس میں سونے کے ورق ڈال دیں اور دونوں تیزاب آہستہ آہستہ ڈالتے جائیں تقریباً چار گھنٹے میں سونے کے ورق حل ہوجائیں گے، اب اس میں عرق گلاب 26 ملی لیٹر ملا دیں اور دوسرے روز استعمال میں لائیں، چھ چھ قطرے دن میں دوبار، اس دوا کے ساتھ ایک اور دو نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

ضعف عام، مرض کے بعد کی کمزوری، ضعف باہ، ذیابیطس سے پیدا شدہ ضعف باہ اور دیگر کمزوری جیسے عوارضات میں مفید ہے، کم عمر لڑکیوں اور لڑکوں کو ہرگز استعمال نہ کرائیں۔

معمار عصبانیہ (NEUROLIXER)

برہمڈنڈی کارس الیٹر، روغن مالکنگنی 250 ملی لیٹر، روغن پستہ 250 ملی لیٹر گھی گائے 250 گرام

تمام اشیاء کو باہم ملا کر بلینڈر میں اچھی طرح شیک کریں، پھر کسی آہنی برتن میں ڈال کر نرم آنچ پر رکھیں جب صرف تیل باقی رہ جائے اسے ٹھنڈا ہونے پر فلٹر کر لیں، ایک کھانے والا چمچ دودھ میں جوش دے کر رات کو سوتے ہوئے پی لیں۔

اگر وقت سے پہلے قوتیں جواب دے گئی ہوں تو بہت مفید ہے، لیکن پہلے یہ معلوم کر لیں کہ کسی جنسی موذی مرض (جریان، ذکاوت حس، احتلام) وغیرہ کا عارضہ تو نہیں ہے، اس دوا کے ساتھ ایک اور دو نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

مطلوب عرب (FRESMUSAROYALYANA)

روغن یاسمین 10 ملی لیٹر، روغن خلوق 5 ملی لیٹر، صبغۃ دفلےؔ 100 ملی لیٹر باہم ملا دیں تیار ہے۔

استعمال: محتاط طریقے سے چند قطرے قضیب پر ملیں اور مساج کریں، اگر عضو کے اوپر Condom چڑھا دیں تو بہتر نتائج نکلیں گے۔

عضو کو طویل و مضبوط کرتا ہے، تندی لاتا ہے، جوانی کا زمانہ یاد دلاتا ہے، یہ دوا اس نظریہ کو باطل ثابت کرتی ہے کہ 25 سال بعد طوالت ناممکن ہے، یہ دوا ہر عمر میں فائدہ کرتی ہے۔

صبغۃ دفلےؔ (Olienderum)

پوست بیخ کنیر سفید 60 گرام، گل کنیر سفید 60 گرام، سپرٹ ریکٹی فائیڈ 200 ملی لیٹر، کنیر کے اجزاء کو انتہائی باریک چٹنی بنا کر سپرٹ میں ڈال کے رکھ دیں، ایک ہفتہ بعد فلٹر کر

لیں تیار ہے۔

روغن خلوق(Saffron Oil)

گلیسرین 100 ملی لیٹر، سم الفار ایک گرام، زعفران 10 گرام

ایک 250 ملی لیٹر والی فلاسک لیں، سم الفار کو انتہائی باریک کھرل کریں، گلیسرین میں ملا دیں، زعفران بغیر پیسے ہی گلیسرین میں شامل کردیں، سپرٹ لیمپ پر گرم کریں جب زعفران کا رنگ اچھی طرح نکل آئے تو آگ سے اتارلیں اور گرم گرم ہی فلٹر پیپر سے فلٹر کرلیں، کسی شیشے کے جار میں محفوظ کرلیں، روغن تیار ہے۔

کھانے کیلئے 5 تا 10 قطرے، تلقیح کیلئے 3 قطرے گوشت میں (یعنی بطور انجکشن) مطلوب عرب میں یہی روغن استعمال ہوتا ہے، وضع حمل کے بعد کی کمزوری، جنسی کمزوری، ضعف اشتہا کیلئے، عیاشی کیلئے تین قطروں کا انجکشن دیں۔

نوٹ۔ عیاشی کیلئے کسی کو بھی نہ استعمال کرائیں، صریحا گناہ ہوگا، ذمہ دار کون؟ آپ خود!

استاد تو استاد ہی ہوتے ہیں ان کا رتبہ کسی طرح بھی باپ سے کم نہیں ہوتا، ان کی خوب عزت و ادب کریں کیونکہ باادب ہی بامراد ہوتا ہے بے ادب بے مراد ہی رہتا ہے، لیکن ایک بات ہے یہ مجھے معلوم نہیں غلط ہے یا صحیح، میرے والد محترم نے مجھے بچپن سے یہی تعلیم دی ہے جو مجھے آج تک ان ہی کے الفاظ میں یاد ہے، اور الحمدللہ اس پر باعمل ہوں، اور کبھی نقصان نہیں اٹھایا!، اس دوا کے ساتھ چار سے ایک تک غذائیں دی جائیں گی۔

نصیحت۔ کہ میں تمہارا باپ ہوں اگر میں کوئی غلط کام کروں تو مجھے بھی بغیر لحاظ کئے ٹوک دو کہ ابا جی یہ آپ غلط کررہے ہیں، یہ میں نے کس لئے لکھا ہے شاید آپ سمجھ جائیں. اشرف

گرد ین(Nephrotic)

آب ترب تازہ 1/2 لیٹر شب احمر (سرخ پھٹکری) 50 گرام (صرف دو چیزیں) دونوں کو

ملا کر گرم کریں، پہلے سب پانی بن جائے گا پھر خشکی کا عمل شروع ہو جائے گا، یہاں تک کہ دوائیں خشک ہو جائیں باریک سفوف کرلیں، نصف گرام سے ایک گرام تک تازہ پانی یا شربت بزوری حار سے دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

ریح الکلیہ کیلئے مفید و مجرب ہے۔

حب کستوری (Moscus Pils)

سم الفار بریاں یا نیو کلئیر 1 گرام، کستوری 10 گرام، اذراقی 9 گرام، مغز بادام 6 گرام، سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملالیں اور بڑے چنے برابر شہد کی مدد سے گولیاں بنالیں، رات کو سوتے ہوئے ایک تا دو گولیاں پھیکے دودھ کے ساتھ دیں۔

فالج اور ذیابیطس خالص سے ضعف باہ کیلئے مفید ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

گولی بندوق (Bulit Pils)

پوست بندق، نوشادر، سرسوں سرخ سب برابر وزن پیس لیں ایک گرام تین مرتبہ کھانے کے بعد تازہ پانی سے دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

بائیں جانب کا لقوہ، درد طحال، وجع الفواد کیلئے اکسیر ہے۔

تسکین باطن (Inter Soother)

آم کا پھول، ست گلو، سلاجیت، دانہ ہیل خرد، پکھان بید، ملٹھی، برگ قنب (بھنگ) تالمکھانہ سب 40-40 گرام زہر مہرہ خطائی 10 گرام، سب ادویہ کا سفوف کریں، سلاجیت، عرق گلاب میں حل کر کے داخل کر کے شامل ادویہ کریں۔

دو گرام دوا، پھیکے دودھ کے ساتھ تین مرتبہ روزانہ دیں اگر سوزاک ہو تو (ایک سو پچیس ملی گرام) ایک رتی فی خوراک طوطیا سبز شامل کرلیں۔

قرحہ المعدہ، قرحہ الامعاء، ورم رحم کے لئے مفید ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

سنبل (De-Migrain)

آملہ منقیٰ (گٹھلیوں سے صاف کیا ہوا) پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، چرائتہ تلخ، بالچھڑ سب دو دوسو گرام، پوست نیم 500 گرام، ہلدی 120 گرام سب ادویہ کا حسب دستور رُب بنالیں پھر اس رُب میں شاخ مرجان سوختہ، 30 گرام، گڑ پرانا 200 گرام ملا کر خوب گھوٹیں اور گولی بقدر کوکن بیر بنالیں، دو دو گولیاں تین مرتبہ دن میں مریض کو قبض نہ ہونے دیں دوا کھانے سے دو گھنٹہ بعد کھلانی ہے۔

دردسر دائمی، دماغی شریانوں کی سختی، درون جمجمہ خون کے دباؤ Interanal Pressor کی زیادتی، دماغ کی عروق شعریہ کا دوران خون Micro - Cerculation of Brain کم ہونا، آئی بال کا دباؤ (Intera- Ocular Pressor) زیادہ ہونا، درد حیض، عورتوں کے تولیدی ہارمون جو برتھ کنٹرول کیلئے مستعمل فرنگی ادویات کے استعمال سے غیر متوازن ہو جاتے ہیں اور عورتوں کی زندگی کو عذاب بنا ڈالے ہوئے ہیں، کیلئے تریاق ہے، اس دوا کے ساتھ ایک اور دو نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

منشط شبابیہ (Rejuvoglob)

کشتہ فولاد شنگرفی، مغز بادام، زرنباد سب چھ چھ گرام، زعفران 4 گرام، اذراقی 7 گرام، کشتہ سونا مروارید والا 2 گرام (دیکھئے کام کی دوائیں حصہ اول) کشتہ نقرہ 2 گرام، کشتہ نیلا تھوتھا ایک گرام قرنفل 9 گرام، مشک 1 گرام

سب ادویہ کا سفوف بنا کر آب سیب 20 اور شہد 5 ملی لیٹر میں گوندھ کر بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں اور ورق نقرہ میں ملفوف کریں، ایک گولی نماز عصر یا نماز فجر کے بعد گائے کے

دودھ کے ساتھ کھلائیں، اس دوا کے ساتھ ایک اور دو نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆مقوی قلب، بڑھاپے کے عوارضات کو دور کرتی ہے، مقوی باہ ہے قدرتی امساک لاتی ہے۔

اوکھے سوکھے ہو کے بناؤ تاں سہی

قرۃ العین (Ocutone)

نمک ترپھلہ، ہریڑ زرد کا کوئلہ، سپاری کا کوئلہ، سرد چینی سب دس دس گرام، جست شگفتہ 5 گرام، نقرہ مکلس 2 گرام، COBRA کوبرا کا جلا ہوا ایک سر، اثمد (سرمہ) 7 گرام

ترکیب تیاری۔ ہریڑ، سپاری اور سانپ کا سر ایک کلیا میں رکھ کر دس کلو کی آگ دیں، پھر اس کوئلہ شدہ اشیاء کو کھرل میں ڈال کر باقی دواؤں کو شامل کر کے سرمہ کی طرح پیس لیں، دوا تیار ہے۔

☆یہ بہترین مقوی العین ہے، میں اس کی باقاعدہ ضمانت دیتا ہوں کہ اس کو باقاعدہ استعمال کرنے والے انسان کی بینائی کبھی خراب نہیں ہوگی، آنکھیں کبھی مکدر نہ ہوں گی اور ہمیشہ چمکدار رہیں گی، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆اس سرمہ کے کچھ فوائد اسرار میں ہیں جو استعمال پر ہی معلوم ہوں گے، اگر اس کی تیاری ستارہ زہرہ میں شروع ہوکر زہرہ یا مشتری میں ختم ہو تو عجیب نظارہ دکھاتا ہے۔

نوٹ۔ آگ دیتے وقت اپنی آنکھوں کو دھوئیں سے بچائیں کیونکہ اگر ایک دفعہ بینائی کو نقصان پہنچ گیا تو دوبارہ بڑی مشکل ہو جائے گی، یہ نوٹ میری طرف سے ہے۔ اشرف شاکر

نمک ترپھلہ (Tricheb Ash)

ہریڑ، بہیڑہ، آملہ سب تین تین کلو لے کر جوکوب کریں اور ایک مٹکے میں بھر کر پاتال جنتر

کریں پاتال جنتر مٹکے کے اوپر کریں، اس سے کچھ تیل ٹپکے گا، اس کو الگ محفوظ رکھ لیں یہ کسی اور جگہ کام آئے گا، جو راکھ حاصل ہوا گر سیاہ ہے تو اسے اور جلائیں تا آنکہ سفید ہو جائے، پھر اس راکھ کو 4 لیٹر پانی میں حل کر دیں، پانی بھاری نہ ہو، برتن پلاسٹک یا سٹیل کا ہو، 24 گھنٹے میں تین بار ہلائیں، اگلے دن اونی کپڑے سے چھان کر صاف کریں، پھر اسے فلٹر پیپر سے چھان لیں، اس پانی کو پانچ گھنٹہ کیلئے رکھ دیں تا کہ تلچھٹ تہہ نشیں ہو جائے، پھر نتھار کر ایک سٹیل کے برتن میں ڈال کر نرم آگ سے پانی اڑا دیں آخر میں تہہ نشین سفوف بچے گا اسے کھرچ لیں یہی نمک ہے۔

مقدار خوراک ایک تا دو رتی (ایک سو پچیس تا ڈھائی سو ملی گرام)

☆ قوت حافظہ اور بینائی کو مفید ہے، کشتہ چاندی برابر وزن ملا کر کھانے سے ذکاوت حس، رقت سرعت کا خاتمہ کرتا ہے، مقوی قلب ہے اور مقوی باہ بھی، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

شیتل اگن (The Fire&Fog)

میں دور خزاں میں مہکتا ھی رھا ھوں
محفل سی سجا دیتی ھیں اکثر تیری یادیں

بابا حضور کے خاص فیض رساں تحائف میں سے ہے

دانہ ہیل خرد 30 گرام، کوڑی زرد 30 گرام، زنجبیل 20 گرام، کوزہ مصری 20 گرام، سرمہ اصفہانی 10 گرام، شاخ مرجان سوختہ 5 گرام، تمام ادویہ کا صلایہ کریں پھر ملا دیں، سرمہ کی مانند سحق کریں اور آنکھوں میں بطور سرمہ لگائیں۔

☆ ناخونہ، آشوب چشم، اور (Allergy) حساسیت کا بہترین علاج ہے، بخار کو فی الفور اتار دیتا ہے، ضعف بصر کو دور کرتا ہے، سفید موتیا کو دور کرتا ہے، لیکن پہلے تنقیہ ضرور کر لیں۔

احتیاط۔ آپریشن کی گئی آنکھ میں نہ ڈالیں، تیاری کے وقت اس میں کوئی عرق وغیرہ نہ ڈالیں، تیاری کو جلد از جلد مکمل کر لیں تا کہ اس میں بیرونی اجزاء شامل نہ ہوں اور اثرات زائل نہ ہوں۔

مریخ (Maes Erect)

کشتہ نیلا تھوتھا 2 گرام، اذراقی 8 گرام، شنگرف 16 گرام، رائی 24 گرام، پنیر مایہ شتر اعرابی 6 گرام، پان کے پانی میں گوندھ کر چھوٹے چنے برابر گولیاں بنا لیں۔

بوڑھوں کو گوشت یا چنے کے شوربے سے دیں اور جوانوں کو دودھ گھی سے دیں۔

مقوی باہ، دافع فالج اعصابی، معین حمل، انشاء اللہ تعالیٰ عزوجل یقینی طور پر تذکیر کا باعث ہے۔

یاد رہے یہ نسخہ حضرت صابر ملتانیؒ کا ہے لیکن حمل اور تذکیر کی ریسرچ میری ہے، انور علی

☆ لیکن میری ریسرچ یہ ہے کہ یہ نسخہ صرف اس صورت میں معین حمل ہوگا جب ضعف رحم و ضعف بدن پایا جائے، حرارت کی موجودگی میں یہ کچھ نہیں کرے گا، شنگرف اور رائی نکال دینے سے (All Rounded) ہو جائے گا اور واقعی کام کریگا...اشرف شاکر

اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

اذراقی (NUX)

کچلہ کے صحت مند بیج نکلوا لیجئے 100 گرام، تیزاب گندھک 300 ملی لیٹر کچلہ کو پہلے پانی میں بھگو دیں اور پھر نکال کر ایک پلاسٹک کے برتن میں ڈالیں اب اس پر تیزاب ڈال دیں، 4 گھنٹے رکھا رہنے دیں، پھر اس کو احتیاط سے دھو کر تیزاب سے پاک کر لیں اور اب کسی کھردرے کپڑے سے رگڑ کر خوب صاف کریں کچلہ نکھر جائے گا، اسے کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں بس یہی سفوف اذراقی ادویات میں ڈالا جائیگا۔

☆ قوت کیلئے ایک رتی کھانے کے فوراً بعد دودھ سے دیں لیکن صرف ادھیڑ عمروں کو۔

☆ فالج اسفل، ضعف باہ، نقص ہضم، اعصابی دردیں، ذیابیطس شکری، ضعف معدہ۔

عثکال (Insoliner)

تخم سرس، رسونت، پوست ریٹھہ سب **30-30** گرام ناگ کیسر **20** گرام ریوند چینی **15** گرام ہلدی کا رس **300** ملی لیٹر، آم کی کونپلوں کا رس **100** ملی لیٹر کشتہ نیلا تھوتھا **9** گرام

ادویہ کا سفوف بنا کر دونوں رس ڈال کر کھرل کریں اور قوام درست ہونے پر بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، ایک ایک گولی صبح شام کھانے کے بعد دیں، اس دوا کے ساتھ چار، پانچ اور چھ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ عظم لبلبہ کیلئے مفید ہے (فرنگی نظام میں اس نسخہ کا بدل نہیں مل سکتا)

☆ کشتہ سونا ذیابیطس کے مریضوں میں قوت طبعی کو بحال کرتا ہے، خاص طور پر اگر اس میں الماس یا کم از کم یاقوت رومانی کا اضافہ کیا جائے۔

اسراری (Secret Ajmal)

یہ ترکیب حضرت مسیح الملکؒ کی ہے، جو حکیم علی محمد دہلوی صاحبؒ کے توسط سے ہم تک پہنچی، یہ نسخہ اجمل خانؒ نے نواب صاحب کو یادگار الفاظ کے ساتھ دیا تھا۔

کستوری، مصطگی، قرنفل ملکا اگرام، خولنجان، مغز بادام **2.2** گرام، روغــن بلسان **6** گرام، پنیر مایہ شتر اعرابی **3** گرام (ہم اس کی جگہ اونٹنی کی کھیس) یعنی پہلا دودھ خشک شدہ ڈالتے ہیں۔

2 گرام دوا نیم گرم دودھ **1/2** کلو کے ساتھ دیں، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک سے دو نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ کہن سالگی، ضعف باہ، ذیابیطس خالص کو مفید ہے، اس دوا کے استعمال سے **Acth**

ہارمون کی پیدائش کم ہوجاتی ہے اور پیشاب پر بھی اس کا اثر ہوتا ھے،اس دوا سے **Prostal Fluid** کی مقدار کم ہوجاتی ہے جس سے جریان مذی وودی ٹھیک ہوجاتے ہیں، یہ دوالی الصفن میں بھی مفید ہے،مغزبادام کی جگہ ایک حرام شے تھی جو میں نے نکال دی ہے، اشرف شاکر

(سوچنے والوں کی دنیا،دنیاوالوں کی سوچ سے الگ ہوتی ہے)

اس نسخہ کے اجزاء پر جب غور کیا جائے تو اس میں ایسا کوئی جزو نہیں ہے جو جریان مذی اور ودی کودرست کرے،کیونکہ جریان مذی اور ودی تو خود قشری (صفراء) تحریک کی پیداوار ہیں پھر اس سے بھلا کیسے درست ہوسکیں گے،یہ ناممکن ہے،ہاں ایک بات ہے! جب بوڑھوں میں **Lico** اور **Phasphorce** کی علامات پیدا ہوجائیں تب اس کی چند خوراکیں کام کریں گی،اگرزیادہ خوراکیں دی گئیں تو بہاؤ پہلے سے بھی زیادہ ہوجائے گا......اشرف شاکر

لنگڑی کی دوا (Molaces)

قندسیاہ کہن سالہ **100** گرام،تخم جوزماثل **25** گرام،سم الفارزرد **200** ملی گرام

سم الفارکوالگ سے **4** گھنٹہ کھرل کریں،باقی ادویہ کا سفوف بنا کر باہم ملا کر کوٹیں،حتّٰی کہ گولیاں بننے کے قابل ہوجائیں،پھر گولیاں بڑے چنے برابر باندھ لیں اور سایہ میں خشک کر لیں،بوقت ضرورت ایک گولی کھانے کے درمیان دن میں تین مرتبہ دیں،اس دوا کے ساتھ چاراور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

عرق النساء کے لئے مفید ہے،عقل والے کئی جگہ استعمال کر سکتے ہیں......اشرف شاکر

سنیاسی کی معجون Wild Reciep

کچلہ مدبر 400 گرام،گھی 100 گرام،کچلی 20 گرام،شہد 200 گرام،مالکنگنی 20 گرام مشک 5 گرام

مشک، گھی اور شہد کے سوا تمام ادویہ کو باریک کر لیجئے اور ان کو اچھی طرح ملا لیں اور 20 روز دھوپ میں رکھیں تا کہ اس میں اوغام ہو جائے پھر ان میں مشک ملا دیں تیار ہے، 5 گرام گرم دودھ کے ساتھ یا جنگلی پرندوں کے شوربے کے ساتھ صرف شام کو کھانے کے بعد دیں۔

☆ضعف باہ، بدنی کمزوری، فالج عضلاتی مخاطی کے لئے بے نظیر شے ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور دو نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ کچلے کی جگہ محترم نے سکے گنڈوئے ڈالے ہوئے تھے جن کو میں نے نکال دیا اور کچلہ شامل کر دیا ہے، یہ دوا عضلاتی اور مخاطی مریضوں کی ہے..........اشرف شاکر

گنڈوئے....خراطین مکروہ تحریمی ہیں اسلئے دین ان کو کھانے کی اجازت نہیں دیتا.......

اس لئے ایسی دواؤں اور غذاؤں سے پرہیز کیا کریں۔

دیرپا Derpaw

مغز پستہ 25 گرام، زعفران، جائفل، جاوتری، بہمن سرخ وسفید، ثعلب مصری، فلفل دراز کستوری سب دس دس گرام، خولنجاں، شمع (افیون) 15.15 گرام، کشتہ چاندی شنگرف والا 6 گرام، سب ادویہ اچھی طرح پیس لیں۔

شہد کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنا لیں، وقت خاص سے دو گھنٹہ قبل ایک تا دو گولیاں گرم دودھ سے دیں مستقل فائدے کیلئے عرق گلاب سے دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور دو نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆عضو تناسل کی جمیع خامیوں کے لئے مفید ہے۔

اس نسخہ میں بھی جند بدستر ڈالا ہوا تھا جو شرعاً ممنوع ہے میں نے اس میں کستوری ڈال دی ہے

☆اگر اس میں کچلہ 50 گرام ڈال دیا جائے تو اور فائدہ بڑھ جائے گا......اشرف شاکر

☆ اگر یہ نسخہ گرم مزاجوں کو کھلانا مقصود ہو تو پہلے ان کو تین ہفتے سفوف ثعلب استعمال کرا لیں، اس سے مزاج میں اعتدال آ جائے گا۔

سوکھا Sokha

مروارید **5** گرام، حلزون مکلس **6** گرام، زہر مہرہ سائیدہ **12** گرام، نارجیل دریائی **12** گرام الائچی کلاں، طباشیر، مغز کنول گٹہ، پوست ہلیلہ زرد سب **12.12** گرام، بکرے کا سوکھا ہوا جگر **72** گرام۔

سب ادویہ کا سفوف بنالیں بچے کی عمر کے مطابق نصف سے ایک گرام تک تازہ پانی سے دیں۔

☆ بچوں کا سوکڑا، بچوں کی کمزوری، بچوں کے نقص ہضم کیلئے اعلیٰ دوا ہے۔

جامد پلس Jamad Plus

نزبسی **10** گرام، اسطوخودوس **20** گرام، دارچینی **40** گرام، کشنیز **30** گرام

سب ادویہ کا سفوف بنالیں ایک گرام دوا کھانے کے بعد تین مرتبہ روزانہ دیں۔

☆ جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے زکام کو بند کرنے کی دوا ہے، محترم نے اسے گرد سے الرجی زکام اور پلکوں کی خارش کیلئے مفید لکھا ہے، استعمال کر کے دیکھیں، اس دوا کے ساتھ چار اور چھ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

القھار المطلق C.S.Pure

نیلا تھوتھا **50** گرام، ادرک کا رس **30** ملی لیٹر روغن زیتون یا روغن تارا میرا نصف لیٹر رس اور نیلے کو باہم کھرل کریں، مرہم سا بن جائیگا، اس کو ایک لوہے کی کڑچھی میں رکھ کر اوپر اتنا روغن ڈالیں کی تر ہو جائے، ہلکی آنچ پہ رکھ دیں، جب گرم ہو جائے تو ایک لوہے کی ہلانی سے ہلاتے رہیں۔

جب تیل جل کر کم ہو جائے تو چند قطرے اور ڈال دیں، جب یہ بھی سلگ کر جل جائے تو مزید اور چند قطرے ڈال دیں، احتیاط یہ رہے کہ شعلہ بن کر نہ جلے، بس اسی طرح جب سارا تیل ختم ہو جائے اور تیل کا دھواں تک موقوف ہو جائے تو آنچ تیز کر دیں، حتّٰی کہ سارا مواد دہک جائے، پھر ٹھنڈا ہونے کا انتظار کریں، اور باریک پاؤڈر کر لیں، دانہ مونگ کے برابر تین مرتبہ دن میں کھانے کے بعد چنے کے شوربے سے یا قہوہ ریش برگد سے دیں۔

☆ فساد خون، ذیابیطس شکری، اور اس سے متعلقہ ضعف باہ، جلدی امراض کے لئے مفید ہے اس دوا کے ساتھ چار اور چھ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

القاہر لطیف C.S.Light

القہار المطلق **5** گرام، ریوند چینی **70** گرام، حلزون منکلس (سنکھ جلا ہوا) **30** گرام سفوف بنالیں دو تا چار رتی دن میں تازہ پانی سے کھانے کے بعد دیں۔

ممنوعات؟ شیر و شکر، مصالحہ جات حارہ، کُلُّ لَحْمٌ مَمنُوعٌ (تمام گوشت منع ہیں) اشرف شاکر

فولاد شنگرفی Efarcinide

برادہ فولاد کمانی والا **500** گرام، شنگرف **250** گرام، سرکہ جامن **250** گرام، رس گلگل **250** گرام

فولاد اور **125** گرام شنگرف کو سرکہ میں کھرل کر لیجئے، روزانہ صرف اتنا ہی سرکہ اور شنگرف ڈالیں جتنا کہ کھرل کر کے خشک ہو جائے، ساتھ ساتھ پیمائش کرتے جائیں، جب مقدار پوری **250** گرام ہو جائے تو ٹکیاں بنا کر خشک کر لیں اور دس کلو اپلوں کی آگ دیں، پھر ان ٹکیوں کو رس گلگل میں تقریباً **1/2** گھنٹہ کھرل کیجئے، پھر ایک کانچ کے جار میں ڈال کر پرانے گوبر کے ڈھیر میں نو ماہ کیلئے دفن کر دیں، نکال کر ہوا میں کھلا رکھ چھوڑیں، جب قوام پر آ

جائے تو ٹکیاں بنالیں، تین کلو کی آگ دیں اور سفوف بنالیں، دو چاول جوارش جالینوس یا جوارش زرعونی عنبری کے ساتھ دن میں صرف ایک مرتبہ کھانے کے بعد کھلائیں۔

☆ فقرالدم، نقص الدم، ضعف باہ، ضعف عام کیلئے، اس دوا کے ساتھ چار اور ایک نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

اجیرن Kentuc

سہاگہ خام، فلفل دراز، میٹھا تیلیہ مدبر، شنگرف دس دس گرام، 12 گرام، فلفل سیاہ 24 گرام، رس لیموں 1/2 لیٹر، رس آملہ 1/2 لیٹر

سب ادویہ کو انتہائی باریک کر کے باری باری دونوں رسوں میں کھرل کریں جب گولی کے قوام پر آجائے تو چھوٹے چنے برابر گولیاں بنالیں، ایک تا تین گولیاں حسب طاقت تین مرتبہ دن میں کھانے کے بعد پانی یا سونف پودینے کے قہوہ سے دیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ چکنائی کا ہضم نہ ہونا، نقص شہوت، ضعف ہضم، ذرب، خلفہ، تخمہ، انتفاخ المعدہ، دمہ بلغمی، ذیابیطس کے کارن پیدا ہونے والے عوارض خاص طور پر ضعف ہضم کیلئے۔

شمشاد Gun Powser

افسنتین مدبر در آب لیموں 50 گرام، ریوند چینی 30 گرام، دانہ ہیل خرد 20 گرام، نمک سیاہ 20 گرام، ہینگ (انگوزہ، حلتیت) 20 گرام، سوڈا خوردنی 10 گرام

سب ادویہ کا سفوف بنالیں دو گرام کھانے کے بعد تین مرتبہ دن میں عرق مکو کے ساتھ دیں اس دوا کے ساتھ چار نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ موٹاپا، توند نکلنا کیلئے (یہ ان لوگوں کے موٹاپے کیلئے ہے جو سارا دن بیٹھے رہتے ہیں اور

رات کو کھاتے ہی سو جاتے ہیں) اشرف شاکر

دواء ورم لوزتین Tonsil Cure

زرد چوب **30** گرام، دانہ ہیل خرد **20** گرام، برگ گاؤزبان **20** گرام، عقرقرحا **15** گرام تخم مولی **15** گرام، قسط شیریں **5** گرام

سب ادویہ کا سفوف بنالیں دو گرام دوا، کھانے کے بعد تین مرتبہ روزانہ پانی سے دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور سات نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ ورم لوزتین **Tonsilitis**، ورم ریہ، ورم مبیض، ورم غشاء مخاطی، مستقل مریضوں کو تین ہفتے کھلانے سے دو سال تک گلا خراب نہیں ہوتا۔

جواہر مہرہ Jewals

عقیق مکلس، زہر مہرہ خطائی، شاخ مرجان، یاقوت احمر، یشب، زمرد، دس دس گرام سونا یا ورق سونا **1/2** گرام، ورق نقرہ **6** گرام، لاجورد مغسول **12** گرام۔

سب ادویہ کو ملا کر کھرل کریں اور آب کنول گٹہ کی بھاونا دیں، ٹکیاں بنا کر خشک کریں اور گیارہ کلو کی آگ دیں، نکال کر کھرل کریں اور مندرجہ ذیل دوائیں شامل کریں عنبر **5** گرام، جدوار شیریں **12** گرام، طباشیر اصلی **12** گرام، سب ادویہ اچھی طرح کھرل کریں اور دو تا چھ چاول مکھن، ملائی میں رکھ کر صبح شام خلوئے معدہ دیں۔

☆ ضعف قلب، ورم اعصاب، اختلاج القلب، لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہونا، ضعف باہ جو ضعف قلب کے باعث ہو، سرعت انزال، آزردگی **Depression** جیسے امراض کی خاص دوا ہے، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ میری سمجھ کے مطابق سونے کی مقدار بہت زیادہ ہے کیوں کہ؟ عورت کو ہمیشہ سونے کی

ضرورت ہوتی ہے اور مرد کو جوانی سے لیکر بڑھاپے تک چاندی کی ضرورت ہوتی ہے، لیکن اس نسخہ میں اگر آپ سونا نکال کر 6 گرام عنبر کا مزید اضافہ کر دیں تو یہ نسخہ نہایت مفید ہو جائیگا

.......اشرف شاکر

کحل کحالین Oculet

طوطیا شوخ ارزق 4 گرام، سرمہ خالص 9 گرام، نمک حنظل 1 گرام، کافور مدبر 100 ملی گرام، پہلے ان کو کھرل کر لیں اس کے بعد 50 گرام ہلیلہ زرد کا عرق سونف، 200 گرام میں زلال نکال کر اس میں 1/2 گھنٹہ کھرل کریں، پھر آگ پر رکھ کر خشک کر لیں اتنا کہ جلنے نہ پائے اور سرمہ ساں کر لیں۔

ایک ایک سلائی عرق گلاب میں لتھیڑ کر آنکھوں میں لگائیں۔

☆ضعف العین کی لاثانی دوا ہے۔

لادولابی Zoobex

پوست درخت پیپل 100 گرام، خستہ جامن 50 گرام، کشتہ بیضہ مرغ 30 گرام

سفوف بنالیں دو گرام دوا دن میں چار مرتبہ کھانے کے 1/2 گھنٹہ بعد چنے کے شوربے یا ریش برگد کے قہوے سے دیں، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ کثرت بول، بول بستری، کثرت جماع سے پیدا شدہ ضعف کی دوا ہے۔

حابس الدم Thrombine

پوست ہلیلہ زرد 50 گرام، شب سفید 30 گرام (فقط دو اجزاء) سفوف بنالیں ایک گرام دوا تین مرتبہ دن میں کھانے کے 1/2 گھنٹے بعد پانی سے کھلائیں، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ جریان خون (بواسیر، استحاضہ، نکسیر، السر وغیرہ) قرحہ قولونیہ کیلئے نہایت مفید ہے۔

الشقاق Ulsarin Powder

ہلدی 60 گرام، ملٹھی 40 گرام، سونف 30 گرام، ریوند خطائی 20 گرام، گلاب 20 گرام
میٹھا سوڈا 10 گرام، برنجاسف 10 گرام

سفوف بنالیں حسب عمر دو سے تین گرام تک کھانے سے پہلے نیم گرم دودھ سے دیں۔

☆ معدے، رحم اور قولون کے السر کیلئے مفید ہے، اس دوا کے ساتھ پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

اگر اس نسخہ میں چھلکا اسپغول سو گرام شامل کرلیں نتائج بڑھ جائیں گے۔ اشرف شاکر

نوٹ

ان لکھے گئے نسخوں میں کئی جگہ جند بدستر ڈالا ہوا تھا جو کہ شرعاً ممنوع ہے اس لئے میں نے اس کی جگہ مغز بادام ڈال دیا ہے اور کہیں نسخہ کے باقی اجزاء کو مدنظر رکھتے ہوئے عنبر بھی ڈالا گیا ہے امید ہے اس سے نسخے کی افادیت میں کوئی فرق نہیں پڑے گا، اسی طرح کہیں مقدار خوراک میں یا بدرقہ میں تبدیلی کی گئی ہے جو صرف اور صرف بہتری کو مدنظر رکھ کر ہی کیا گیا ہے، امید قوی ہے کہ استاد محترم اور دیگر چاہنے والے دریا دلی کا ثبوت دیتے ہوئے عظیم تر انسانی، وقومی اور ملکی مفاد کے پیش نظر برا منانے کی بجائے قدر کی نگاہ دے دیکھیں گے۔

حکیم و ڈاکٹر محمد اشرف شاکر

از مصنف

فولاد

چینی 10 کلو، فولاد پتری 100 گرام، کیلشیئم لکٹیٹ 100 گرام، ٹنکچر نکس وامیکا 100 گرام، روح کیوڑہ ایک اونس، پانی 10 کلو، رنگ رس بھری حسب ضرورت، ست لوبان ایک گرام

کیلشیئم لکٹیٹ کو 250 گرام پانی میں گرم کر کے رکھ لیں، چینی اور مذکورہ پانی پکنے کیلئے آگ پر چڑھا دیں رنگ حسب ضرورت ڈال دیں، فولا د پتری شامل کر دیں، جب قوام درست ہو جائے تو آگ بند کرنے سے صرف 5 منٹ پہلے کیلشیئم لکٹیٹ ڈال دیں اور آگ بند کر دیں، نیم گرم ہونے پر خوشبو ڈال دیں اور ست لوبان بھی شامل کر کے اچھی طرح ہلائیں، اسی دوران ٹنکچر نکس وامیکا ڈال دیں، اس کے لئے ایسا ہے کہ اگر موسم گرم ہو تو ٹنکچر 100 گرام اور اگر موسم سرد ہو تو 50 گرام ڈالیں، خوبصورت شربت تیار ہے، اعصابی کمزوری، کثرت طمث، کمیٔ کیلشیئم، معمولی قبض اور روح کی تسکین کیلئے عجیب چیز ہے، تجارتی نقطہ نگاہ سے بھی اعلیٰ چیز ہے۔

یہ شربت کا نسخہ مجھے ایک قاری صاحب نے دوران سفر دیا تھا وہ اسے 250 ملی لیٹر بوتلوں میں بھر کر تجارتی طور پر بیچتے تھے کافی عرصے کی بات ہے اب کا کچھ پتہ نہیں کہ قاری صاحب مدرسے میں ہوتے ہیں یا اپنے وطن چلے گئے ہیں، بہر حال اس کا ثواب انہیں ہی ملے گا۔

طلاء اکسیری

از مصنف

یہ طلاء ایک سنیاسی محمد رفیع نے مجھے تحفہ دیا تھا جو آپ کی خدمت میں پیش ہے۔

عطر حناء 1 تولہ، پھول کیکر 1 تولہ، کلاہ لونگ 1 تولہ، خون بکری 1 تولہ، کافور 1/2 تولہ

سب ادویہ ایک شیشی میں ڈال کر اوپر مضبوطی سے کاک لگا دیں اور چالیس دن گیہوں کے اناج میں دفن کر دیں، بعدہ نکال کر استعمال کریں، بے نظیر ہے۔

ناف کا دم

از مصنف

جَلَّ جِلاَ لَهٗ ہر دم کلمہ یادُهٗ محمد صاحب ﷺ جنابُهٗ اللّٰہ مشکل آسان کـر دو

جسم کو ڈھیلا چھوڑ کر مریض لیٹ جائے ناف کے مقام پر انگلی رکھیں اگر عورت ہو تو دور سے

اشارہ کر کے اول وآخر درود پاک پڑھ کر تین مرتبہ یہ دم کر دیں کھانے کو دیسی گھی کی چوری یا دودھ گھی استعمال کرنے کی ہدایت کریں۔

کمردرد

از مصنف

مغز بادام، مغز پنبہ دانہ، تخم جرجیر (تارامیرا) اسبغول مسلم، سب برابر وزن جوکوب کر لیں اور چھ گرام صبح باسی پانی ایک گلاس سے دیں، یہ نسخہ وہاں کام کرتا ہے جہاں پٹھوں کی کمزوری کی وجہ سے کمر درد ہو، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

ے چارہ گر نبض شناسی تیری تسلیم مجھے
بات تو تب ہے کہ نظر درد نہاں تک پہنچے

روغن اوجاع

از مصنف

روغن کنجد **5** تولہ، روغن بابونہ **10** تولہ، روغن تارپین **10** تولہ، روغن زیتون **15** تولہ، بیر بہوٹی قرنفل، جوز بوا تولہ، تولہ اشرف شاکر

روغنیات کے علاوہ ادویہ کا سفوف بنا لیں، روغن تارپین کے علاوہ باقی روغنیات کو دو تین جوش دیں، آگ سے نیچے اتار کر ادویہ شامل کر دیں اور کڑچھی سے ہلاتے رہیں جب نیم گرم ہو جائے تو روغن تارپین ملا دیں روغن تیار ہے، درد کے مقام پر مالش کر کے اوپر روئی باندھ دیں، یہ نسخہ ہمیں ہمارے بہنوئی ڈاکٹر محمد صدیق صاحب نے دیا تھا اعلیٰ درجے کی چیز ہے۔

☆ اعصابی کھنچاؤ کیلئے یا چوٹ کے مقام پر اس کی مالش کریں اور اوپر روئی باندھ دیں اور کھانے کیلئے **Cord Liver Oil** ایک ایک کیپسول گرم دودھ سے دیں، عقل والوں کیلئے کسی اور جگہ بھی مالش کیا جا سکتا ہے، بے شمار مواقعوں کیلئے اکسیر صفت ہے، اس روغن کا میں نے آپ سے وعدہ کیا تھا کہ آپ کی خدمت میں پیش کر دوں گا سو وعدہ پورا ہوا۔

مغلظ و مقوی

از مصنف

یہ نسخہ ہمیں ہمارے ایک بزرگ دوست حاجی عبدالعزیزؒ صاحب مرحوم نے اپنے فوج کے زمانے کے تحفوں میں سے دیا ہے۔

مغز بادام 12،چھوہارے 4،مویز 8،موصلی سفید،موصلی سیاہ،ثعلب مصری،تالمکھانہ، چارے مغز،مغز پستہ،تخم اونٹکن تین تین گرام

مغز بادام کے علاوہ سب ادویہ کا سفوف بنا کر دودھ ایک کلو میں جوش دیں اتنا کہ 700 گرام رہجائے،آگ سے اتار کر بادام ڈال کر نیم گرم پی لیں ایک ہفتے کے استعمال کے بعد ایک ہفتہ ناغہ کریں ناغے کے دوران ایک دیسی مرغ ہلکا مرچ مصالحہ ڈال کر بھونیں اور مزے اڑائیں اسی طرح ایک ماہ کا کورس کریں پھر قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔

ممسک

از مصنف

یہ نسخہ حکیم محمد اسماعیل طالبؔ کے اسراری صندوقچے کا ہے،جیسے ہم تک پہنچا ہم ہی جانتے ہیں!

خاکستر عقرب،شمع،مشک،جوز بوا،قرنفل،فلفل سیاہ،زنجبیل،سب دس دس گرام،جدوار،زہر مہرہ تین تین گرام زہر مہرہ کا نسخہ ان ہی اوراق میں موجود ہے وہی شامل کریں۔

☆سب ادویہ کو آب برگ دھتورہ پچاس گرام میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنا لیں، بوقت عصر ایک یا دو گولیاں گائے کے دودھ سے دیں بغیر ترشی انزال نہیں ہوگا۔

شفاء بخار

از مصنف

کشتہ گئودنتی در نیم 100 گرام،سوڈا بائی کارب 100 گرام،کتھہ سفید 50 گرام،ست لوبان 50 گرام

مرکب بخاروں کیلئے دوگرام دوا دن میں تین مرتبہ کچھ کھانے کے بعد تازہ پانی سے دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور چھ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

میرے ایک کتابی شاگرد حکیم محمد امین فاروقی صاحب ہیں انہوں نے ازخود یہ قوم کی خدمت میں دان کیا ہے جو قابل ستائش ہے، ان کے نزدیک یہ ان کے بے خطا تیروں میں سے ایک ہے، اب ان کی سچائی کو پرکھنا آپ کا اور ہمارا کام ہے، جس خلوص سے انہوں نے یہ دان کیا امید ہے ہمارے معیار پر پورا اتریں گے۔

سفوف سرعت

از مصنف

☆ چینی **15** تولہ، تخم ریحاں **8** تولہ عقرقرحا **2** تولہ پیس کر ملا لیں، بوقت ضرورت **6** گرام دوا، لونگ دار چینی کے قہوہ کے ساتھ دیں، عارضی طور پر وقتی ضرورت پوری کرتا ہے۔

برائے استسقاء

از مصنف

☆ حنظل سبز **1** عدد، شیر شتر **10** کلو..... حنظل (تمہ) کو دودھ میں ڈال کر اتنا ابالیں کہ کھویا بن جائے تو حنظل نکال کر باہر پھینک دیں اور کھوئے کو آگ پر ہی خشک کر لیں دوا تیار ہے۔

☆ دس گرام دوا عرق مکو کاسنی کے ساتھ صبح شام دیں، اس دوا کے ساتھ چار، پانچ اور چھ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

سفوف حیات

☆ اسگندھ ناگوری، موصلی سفید، خار خسک (بھکھڑا) نخود بریاں ہر ایک بیس گرام، قند سفید سو گرام پیس کر ملا لیں، انجبار اور دار چینی کے قہوے کے ساتھ دیں، اگر اس قہوہ میں دودھ شامل کر لیں تو مزید بہتر ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ مادہ منویہ کو غلیظ کر کے قوتوں کو بحال کرتا ہے، جسم فربہ کرتا ہے۔

روغن داد چنبل

از مصنف

☆ روغن تارپین 5 تولہ، کافور ایک تولہ ملالیں

☆ روغن مقام ماؤف پر لگائیں اور سفوف جل نم دو گرام 1+1+1 کھانے کو دیں۔

برائے ماسخورہ

از مصنف

☆ عقرقرحا، پھٹکڑی سفید خام، کتھہ ہر ایک 20 گرام، مازو 4 دانے، سرخ کاہی 1 گرام سفوف بنالیں اور دیسی کیکر کی مسواک کے ساتھ منجن کی طرح کریں منہ کو ڈھیلا چھوڑ دیں، 1/2 گھنٹے بعد کلی کریں، کمال کی دوا ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی، معدے کی صحت پر خصوصی توجہ دینی ہے کیونکہ یہ مرض اسی وجہ سے ہوا کرتا ہے۔

برائے جوڑ درد

از مصنف

☆ مصبر سیاہ، گودہ گھیکوار، سورنجان شیریں، سناء مکی، انگوزہ (ہینگ) سونف، انیسوں، دیسی اجوائن سب بیس بیس گرام۔

سب ادویہ کا سفوف بنا کر گودہ گھیکوار میں گوندھ کر چنے برابر گولیاں بنالیں، ایک سے دو گولی تک دو مرتبہ دن میں پودینہ اور اجوائن کے قہوے سے دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ جوڑوں کی وہ دردیں جو بادی سے ہوں، جن میں سے کڑکڑاہٹ کی آوازیں آئیں، یا جوڑ جڑ گئے ہوں (تحجر المفاصل) تو یہ دوا نہایت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆

ادراری

ازمصنف

قلمی شورہ، سوڈا خوردنی، سہاگہ سفید، زیرہ سفید، قند سفید سب برابر وزن

تمام ادویہ پیس لیں، دوگرام دوا کھانے کے بعد شربت بزوری بارد، کچی لسی، یا عرق خربوزہ بیس گرام یا تازہ پانی ایک گلاس میں ملا کر دیں۔

جلن بول، پتھری گردہ، پتھری مثانہ کیلئے مفید ہے، پتھریوں کیلئے اس کے ساتھ امروسیا ہموزن ملا کے تین گرام خوراک دن میں تین مرتبہ حسب اولیٰ بدرقات سے دیں، نہایت مفید ومجرب ہے، معمول مطب ہے۔

ہیپاٹائیٹس "سی"

ازمصنف

اول بیخ اونٹ کٹارا، ملٹھی ہموزن پیس لیں، دوم کشتہ بسد، زنک پوڈراوکسائیڈ BP، جن سنگ برابر وزن پیس کر رکھ لیں، نہایت اعلیٰ ادویہ ہے۔

دوم والی دوا کے 0 نمبر کیپسول بھر لیں، ایک کیپسول اس کا اور چار گرام ملٹھی والی دوا ملا کر کھانے کے بعد تین مرتبہ دن میں شربت بزوری معتدل سے دیں۔

اس دوا کے استعمال سے ہیپاٹائٹس "سی" چار چھ ہفتوں میں ہی ٹھیک ہو جاتا ہے، قرشی انڈسٹریز اسے ہیپا کیئر کے نام سے بڑا مہنگا فروخت کر رہے ہیں، اس دوا کے ساتھ چھ، چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

چٹکلہ زخم

کسی بھی قسم کا زخم خواہ حاد ہو یا مزمن اس پر شہد لگانا چند ہی روز میں اسے بھر دیتا ہے، چند روز پہلے میرے بیٹے کا روڈ ایکسیڈنٹ ہوا جس میں اسے خاصی چوٹیں آئیں، حافظ محمد بلال صاحبؒ مرحوم نے شہد لگانے کو کہا، جس پر عمل کیا گیا اور چار پانچ روز میں ہی زخم بھر گئے لیکن شہد کا خالص ہونا شرط ہے۔

چٹکلہ
از مصنف

جلے ہوئے مقام پر آلو کو چٹنی کی طرح باریک پیس کر لگانا فوراً سکون بخشتا ہے اور آبلہ بھی نہیں پڑنے دیتا، آزمائش شرط ہے۔

چنبل کیلئے
از مصنف

بیریم سلفیٹ (عورتوں کا بالصفا پاؤڈر) پانی میں ملا کر چنبل پر لیپ کر دیں، جب سوکھ جائے اتار دیں چند روزہ استعمال سے ہی چنبل دور ہو جاتی ہے، اول دانے سے ابھریں گے پھر ان میں سے زرد رنگ کا پیپ نکلے گا، معمولی جلن بھی ہوگی، یہ بیماری نکل رہی ہے۔

دیگر
از مصنف

سرسوں کا تیل بیس گرام، شیر مدار دس گرام

دونوں کو ایک برتن میں ڈال کر نرم آگ پر شیر مدار خشک کر دیں جب صرف تیل رہ جائے روزانہ چنبل پر لگایا کریں، چند ہی روز میں واضح فرق محسوس ہوگا، اور مداومت سے چنبل ٹھیک ہو جائے گی۔

مغلّظ فاروقی
از مصنف

استاد محترم حکیم اعجاز احمد فاروقی صاحبؒ کے مطب کا بہترین نسخہ ہے، انہی کے نام سے موسوم کرتا ہوں۔

تخم سلارا، تخم لاجونتی، بیج بند، عقرقرحا، سمندر سوکھ، تخم ریحان، چھلکا اسبغول سب ادویہ برابر وزن، چھلکے کے علاوہ باقی تمام ادویہ پیس لیں اور آخر میں چھلکا بغیر پیسے ہی ملا لیں، سات گرام دوا صبح شام خلوئے معدہ گرم دودھ سے کھلائیں۔

سرعت، رقت، جریان اور احتلام کا خاتمہ کر کے وظیفہ زوجیت ادا کرنے کے قابل کر دیتی

ہے، مادہ ءمنویہ میں تغلیظ کے ساتھ ساتھ تحریک بھی پیدا کرتی ہے، بہترین دوا ہے معمول مطب ہے، اگر فی خوراک کشتہ چاندی ڈھائی سوملی گرام شامل کر دیا جائے تو فوائد مزید بڑھ جاتے ہیں دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

اعصابی مخاطی ملیّن نیا(6N)

ازمصنف

تخم کاسنی کلو، کشنیز نصف کلو، تخم خرفہ سیاہ نصف کلو، تخم کاہو نصف کلو، گل نیلوفر نصف کلو، قلمی شورہ نصف کلو، گل گیسو دوسو پچاس گرام۔

سب ادویہ صاف کر کے اچھی طرح پیس لیں، اور پانچ گرام دوا شربت بزوری بارد، دودھ سوڈا، کچی لسی سے تین مرتبہ دن میں کھانے کے بعد دیں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

جگر کے جمیع حار امراض کیلئے نہایت مفید و مجرب ہے، ہیپا ٹائٹس کی خاص دوا ہے، جلن بول، چھپاکی، درد گردہ، سوزش گردہ کیلئے مخصوص دوا ہے، معمول مطب ہے۔

دواء المسک بارد

ازمصنف

معدہ کی کمزوری (جو بوجہ کثرت صفراء ہو) کو زائل کرتی ہے، خفقان کو مفید ہے۔

نسخہ: زہرمہرہ، گل سرخ، دھنیا، تخم خرفہ، صندل سفید، گاؤزبان ہر ایک تین تین گرام، مشک خالص ڈیڑھ گرام، (رب مربہ آملہ ساٹھ گرام) مشک کو عرق کیوڑہ میں پیس لیں باقی تمام ادویہ الگ پیس لیں اور رب مربہ آملہ کی مدد سے معجون بنا لیں، پانچ گرام دوا صبح شام خلوئے معدہ عرق بادیان سے استعمال کرائیں۔

اعتراض: جو نسخہ قرابادین میں لکھا ہے اس میں شکر سفید اور شہد کے قوام میں معجون بنانے کی ہدایت کی گئی ہے، شہد گرم مزاج کا حامل ہے اور خفقان القلب بھی گرمی کی زیادتی کی وجہ

سے ہی ہوتا ہے، اگر اس دوا کو شہد کے قوام میں بنایا گیا تو متوقع نتائج برآمد نہیں ہوں گے اس لئے اسے کسی بھی سرد تر مفرح شیرہ میں معجون بنا کر استعمال کرنا چاہیئے اس کیلئے مربہ آملہ، مربہ سیب، مربہ بہی، مربہ ہریڑ اور شربت بزوری بارد کا قوام بہترین رہے گا بنائیں اور اس کے نتائج سے آپ حیرت زدہ رہ جائیں گے کہ جو نسخہ پہلے سست تھا اب نہایت مؤثر ہو گیا ہے زبان پر لگتے ہی دل فرحت سے باغ باغ ہو جاتا ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

دواء المسک بارد جواہر دار

از مصنف

اجزاء: زہر مہرہ، گل سرخ، دھنیا، تخم خرفہ، صندل سفید، گاؤ زبان، طباشیر، تین تین گرام، عنبر، مروارید پانچ پانچ گرام، زرشک شیریں تیس گرام

عرق کیوڑہ، عرق گاؤ زبان سو سو گرام، آب انار شیریں، آب سیب ہر ایک ڈھائی سو گرام میں چینی پچاس گرام ملا کر نرم نرم آنچ پر شربت کے قوام کے مطابق گاڑھا کر لیں، عنبر اور مروارید کو عرق گلاب سہ آتشہ میں کھرل کر کے خشک کر لیں، باقی ادویہ کا سفوف بھی اس میں ملا کر معجون بنا لیں، پانچ گرام معجون صبح شام خلوئے معدہ کھانے سے دل کی گھبراہٹ، بے چینی، اور خفقان القلب کو فائدہ ہوتا ہے، اس کی مداومت سے خفقان جیسی علامت ہمیشہ کیلئے ختم ہو جاتی ہے، شربت انار سے لیں تو اور بھی مفید ہے، Stenosis سے پیدا شدہ علامات کیلئے مفید ترین ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

مقوی چھوہارے

از حکیم عبداللہ خان اعوان

ایک گرام زعفران، تین گرام شمع، چھوہارے حسب ضرورت

ترکیب: زعفران اور افیون کو الگ الگ پیس کر ملا لیں، چھوہاروں میں سے گٹھلیاں

نکال لیں اور یہ دوائیں گٹھلیوں کی جگہ بھر دیں اور چھوہاروں پر آٹے کا لیپ کر کے بھوبھل میں بھون لیں، آٹا خوب سرخ ہو جائے جلنے کے قریب ہو لیکن جلنے نہ پائے، ٹھنڈا ہونے پر چھوہاروں سمیت پیس لیں اور مویز کی مدد سے کوکنی بیر برابر گولیاں باندھ لیں، اول مریض کو مغلظات استعمال کرائیں پھر چار گولیاں صبح کے وقت نیم گرم دودھ سے کھلائیں، اگر اسی دن پروگرام ہو تو شام کو دوا کھلائیں، آٹھویں روز پھر ایک خوراک دے دیں، فائدے بے شمار، استعمال کرنے والا ہی جانے اور نہ جانے کوء .... حکیم محمد اشرف شاکر

نسخہ: بواسیر اور جریان کیلئے مفید ہے۔ حکیم محمد سلیمؒ ڈھولنوال

تخم جرجیر دو حصے (تارامیرا) بہوپھلی ایک حصہ لے کر پیس لیں اور گوند ببول کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں دو سے تین گولی تک کھانے کے بعد پانی سے دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

نسخہ: قبض دائمی اور بلڈ شوگر کیلئے نہایت مفید ہے۔ حکیم محمد اشرف شاکر

ہلدی تازہ لے کر خشک کردہ، گوند کتیرا

برابر وزن لے کر پیس لیں اور کوکنی بیر برابر گولیاں باندھ لیں بوقت ضرورت دو دو گولیاں صبح شام قبض کیلئے اور دو دو گولیاں تین وقت کھانے کے بعد پانی سے بلڈ شوگر کیلئے مفید و مجرب ہیں، اگر پاؤڈر فارم میں استعمال کرنا چاہیں تو چائے والا چمچ لیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

نسخہ: ٹانسلز کیلئے .... جدوار خطائی، کوزہ مصری

برابر وزن پیس کر ملا لیں ایک گرام دوا کھانے کے بعد پانی سے کھلائیں، گرم تر اور تر گرم غذائیں استعمال کرائیں، بچوں کی عمر کے مطابق مقدار خوراک کم و بیش کی جاسکتی ہے، یہ مقدار خوراک سات سال کے بچے کے لئے ہے اسی مناسبت سے دیں۔

مسٹرلندن سے تو آپ یقیناً واقف ہوں گے میں ان کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک آدمی ان کے پاس آیا اور کچھ ادھر ادھر کی باتوں کے بعد کہنے لگا کہ انسان کی زندگی کا کچھ پتہ نہیں ہے سوچا کسی قدر دان کو کچھ امانت سونپ دوں لہٰذا ایک نسخہ دینے آیا ہوں آپ بنائیں اور زندگی بھر یاد کریں گے، بڑے بڑے نسخے اس کے آگے ہیچ ہیں، یہ کشتہ مفید اسی کا دیا ہوا ہے۔

کشتہ مفید : گئودنتی کو سادہ طریقے سے کشتہ کریں خواہ کوئلوں میں رکھ کر کشتہ کرلیں اس کے بعد اس میں چار گنا آب ہزاردانی جذب کرائیں، دو دو تولے کی ٹکیاں بنا کر خشک کرلیں اور پندرہ کلو کی گڑھے میں آگ دیں، جو ملے پیس کر رکھ لیں۔

نصف گرام یہ کشتہ مکھن، بالائی سے دے کر نیم گرم دودھ پلائیں، لسی سے بھی دے سکتے ہیں اس کے علاوہ مختلف امراض میں شربت بزوری، شربت انجبار اور شربت فولاد سے دے سکتے ہیں، بقول اس کے بڑے بڑے چاندی کے کشتوں کو پرے کرتا ہے دل دھڑکے کو شربت بزوری سے دیں، جریان، سرعت، رقت، احتلام، لیکوریا، ضعف باہ میں مختلف بدرقات سے نہایت ہی مفید و مجرب ہے بنائیں اور سائیں کو اچھے لفظوں سے یاد کریں، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

میں نے اور مسٹرلندن نے اس کے جانے کے بعد اس کی باتوں اور کشتے پر خوب غور و خوض کیا اس کی سب باتیں ٹھیک ہیں، میں بھی کوشش کروں گا اور آپ بھی اس کشتے کو بنائیں اور فوائد حاصل کر کے مرکز کو اطلاع کریں تا کہ اس سے مزید نفع حاصل کیا جا سکے۔

لبوب کبیر: بہت وقت گذر چکا ہے لبوب کبیر کی شہرت اپنے عروج پر ہے اور اب تک طبیب اسے بنا کر یا بنا بنایا حاصل کر کے فوائد حاصل کر رہے ہیں، اس کا فائدہ ضرور ہوگا تبھی اتنی دھوم مچی ہے آؤ اسے نظریہ مفرد اعضا کی تھیوری کے مطابق پرکھیں۔

میں نے اس نسخہ کو نہایت غور و خوض سے پڑھا ہے اس میں موصوف نے پچاس ادویہ اکٹھی کی

ہوئی ہیں جن میں اعصابی ادویہ سے لے کر مخاطی، عضلاتی اور قشری ادویہ سب کو یکجا کر دیا گیا ہے یعنی ایک قسم کی کھچڑی پکا دی گئی ہے، کھچڑی تو ہر مریض کو مفید ہے، لیکن دل مطمئن نہیں ہوا ہر نسخے کا کوئی قاعدہ کلیہ ہونا چاہیئے تا کہ استعمال کراتے وقت یہ تو معلوم ہو کہ ہم اسے کس مرض کیلئے دے رہے ہیں، جس کی یہی تخصیص نہیں ہوگی تو آپ کی حکمت کس کام کی، لبوب کبیر کی شہرت سن کر تو ایک پنساری بھی اس سے فائدہ حاصل کر سکتا ہے جس بھی سرعت، رقت کے مریض کو دے گا اس کی مرض کو فائدہ نہیں تو نقصان بھی نہیں ہوگا یاد رکھیں جس نسخہ کے اجزا جتنے کم ہوں گے اتنا ہی جلد اثر ہوگا، اس قرابادینی نسخے میں کچھ اجزاء حرام ہیں اور کچھ مشکل ملنے والے ہیں لہٰذا ہم سہل الحصول نسخہ تجویز کرتے ہیں جو فوائد میں اس سے بڑھ کر نہیں تو کم بھی نہ ہو، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

لبوب شاکر: ثعلب مصری 50 گرام، مغز بادام 50 گرام، مغز اخروٹ 50 گرام، تخم مولی 30 گرام، تخم گاجر 30 گرام، تخم پیاز 40 گرام، ہالوں 40 گرام، بہمن سفید 40 گرام، بہمن سرخ 30 گرام، الائچی سفید 20 گرام، عنبر 10 گرام، شربت گلاب آدھا کلو

تمام ادویہ علاوہ مغزیات پیس لیں، مغزیات کو جو کوب کریں اور شربت گلاب میں ملا کر لبوب بنا لیں، ایک بڑا چمچ صبح شام کھانے سے قبل نیم گرم دودھ سے دیں۔

سرعت، رقت کا خاتمہ کر کے جوانمرد بنا دینے والی دوا ہے، گرم غذاؤں سے پرہیز کرائیں، شربت گلاب بنانے کیلئے عرق گلاب میں چینی ڈال کر شربت بنا لیں۔

اشرف شاکر

عضلاتی مقوّی

برادہ قمر 50 گرام، کشتہ فولاد فروٹ والا 50 گرام، آب آملہ مقطر 500 گرام...

کسی اسٹین لیس اسٹیل کے برتن میں برادہ قمر ڈال کر تیز آگ پر رکھیں جب برادہ کوئلوں کی

طرح دھکنے لگے تو ایک چمچ آب آملہ ڈالیں، انتظار کریں! جب دوبارہ پھر کوئلوں کی طرح دھکنے لگے پھر ایک چمچ آب آملہ ڈالیں، یہی عمل کرتے رہیں، جب تمام پانی ختم ہو جائے تو ایک گھنٹہ تیز آگ پر ہی پڑا رہنے دیں، جب ٹھنڈا ہو جائے تو اس میں کشتہ فولاد ملا لیں، اچھی طرح مخلوط کریں، ایک ہفتہ فریزر میں رکھیں۔

ایک رتی خالی معدے مکھن بالائی سے صبح شام دیں، جریان، لیکوریا، رقت، سرعت، کو مفید ہے، پانی جیسے رقیق مادہ منویہ کو گاڑھا کر کے اولاد پیدا کرنے کے قابل بناتا ہے، رقت کی وجہ سے پیدا شدہ ضعف باہ کیلئے نایاب تحفہ ہے، مئولد خون ہے، دل کیلئے مقوی ہے، ضعف قوت ماسکہ کیلئے مفید ہے، سلسل البول کیلئے فائدہ مند ہے، کمر درد کو مفید ہے، غرضیکہ بے شمار فوائد کی حامل دوا ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

سلسل بول کیلئے

حکیم محمد اشرف شاکر

معجون آردخرما 100 گرام، تج سک 20 گرام، کشتی قلعی 3 گرام

آخر الذکر دو دوائیں پیس کر معجون میں ملا لیں، 6 گرام دوا صبح شام خالی معدے کھلا کر دار چینی کا قہوہ پلائیں، جن لوگوں کا غسل خانے تک جانا مشکل ہو ان کیلئے نہایت مفید ہے، مثانے کی قوت ماسکہ کو بڑھا کر پیشاب پر کنٹرول کرتا ہے، عمر پیری کی مجرب دوا ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

حرملین

حکیم محمد اشرف شاکر

کچلہ بھنا ہوا اور حرمل ہموزن پیس کر ملا لیں اور O نمبر کیپسول بھر لیں

ایک کیپسول صبح ایک کیپسول شام کھانے کے فوراً بعد پانی سے کھا کر اوپر سے کم از کم آدھا کلو دودھ پینا ہے، قوت باہ کیلئے اعلیٰ دوا ہے، جو لوگ جگہ جگہ سے علاج کرا کر تنگ آ چکے ہوں ان کیلئے بہت مفید ہے، یہ ضرور ہے کہ اس کا اثر سست رفتار ہے لیکن دائمی ہے، بہتر یہ ہوگا کہ

پہلے مغلظ ادویہ استعمال کرالی جائیں، اس دوا کے ساتھ ایک اور دو نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

خمیرہ ابریشم حکیم اشرف والا

از مصنف

خمیرہ گاؤزبان دوسو گرام خود تیار کرلیں یا اجمل کا لے لیں، جوارش آملہ سو گرام، اکسیر عضلاتی مخاطی پچاس گرام، شربت صندل سفید پچاس گرام اچھی طرح مخلوط کرلیں، تیار ہے، کھانے والا چمچ بھر کر صبح شام دیں اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

فوائد: دل کی گھبراہٹ کیلئے شربت بزوری بارد یا سکنجبین سے صبح شام خلوئے معدہ چار گرام استعمال کریں، خوف، وسواس، مالیخولیا، ہذیان، فشارالدم قوی کو مفید ہے، قوت مدافعت کو بڑھاتا ہے، دمہ قلبی کی اعلیٰ دوا ہے، آجکل ایک لفظ Tention عام ہے، اس کیلئے ذرا آزما کر دیکھیں اور دعاء خیر سے یاد کریں، بے چینی و بے قراری کو دور کرتا ہے۔

حب وجع المفاصل

حکیم محمد شفیقؒ صاحب

گھیکوار، حنظل، کنڈیاری سب تازہ کلو کلو میں تیرہ کلو پانی ڈال کر درمیانی آگ پر آدھا پانی جلا ڈالیں دوسرے روز پھر آگ پر چڑھائیں، جب پانی تقریباً چار کلو رہ جائے آگ بند کر دیں، ٹھنڈا ہونے پر کپڑے سے چھان لیں اور اس چھنے ہوئے پانی کو دو گھنٹے پڑا رہنے دیں اب اوپر سے نہایت آہستگی سے پانی الگ کرلیں تہہ نشین رسوب کو ضائع کر دیں حاصل شدہ ادویہ کا پانی آگ پر رکھ کر پکنے دیں جب شربت کے قوام پر آجائے اتار لیں اور درج ذیل ادویہ ملا کر بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں۔

گوگل بھینسیا 750 گرام، سنڈھ 250 گرام، سورنجاں شیریں 250 گرام، فلفلسیاہ 250 گرام

سب ادویہ کا سفوف کرلیں اور درج اولیٰ دواؤں کے شربت میں گوندھ کر کوکنی بیر برابر گولیاں بنالیں، دو دو گولیاں صبح شام کھانے کے بعد گرم دودھ سے دیں جوڑوں کی اکثر دردوں کو

بہت مفید ہے،انہیں عام طور پر وائی بادی کی دردیں کہتے ہیں،اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

گوگل کو پیسنا نہایت مشکل کام ہوتا ہے اس لئے اسے تین گنا پانی میں پکائیں، ہلاتے رہیں جب سب گوگل پانی میں حل ہو جائے تو آگ سے اتار لیں،تھوڑی دیر پڑا رہنے دیں پھر اوپر سے اس کا پانی الگ کر لیں نیچے تہہ نشین رسوب صرف مٹی ہے اسے گرا دیں،حاصل شدہ پانی کو بے شک پہلے والے حاصل شدہ پانی (گھیکوار،حنظل،کنڈیاری) میں ہی شامل کر لیں یا الگ سے اس کا قوام بنالیں اور شامل ادویہ کر لیں،دونوں طریقے ہی درست ہیں۔

دیگر: بادام روغن،شہد،کیسٹر آئیل برابر وزن — از مصنف

ایک کھانے والا چمچ روزانہ دو سے تین مرتبہ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد لینے سے قبض اور جوڑوں کی عضلاتی دردوں کو بہت فائدہ ہوتا ہے،مقوی دماغ بھی ہے،اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

معجون شاکر

از مصنف

خرفہ سیاہ چار سو گرام،زرشک تین سو گرام،مغز تربوز،مغز کدو شیریں ہر ایک ڈھائی سو گرام، مغز خیارین دو سو گرام،صندل سفید،کشنیز،گاؤزبان ہر ایک ستر گرام،الائچی دانہ خرد،گل سرخ،طباشیر بانسی،بہمن سفید ہر ایک پچاس گرام،اسرول دس گرام،گلقند دو کلو،مربہ سیب چار کلو

حسب دستور معجون بنالیں آدھا چمچ چائے والا صبح شام کھانے سے پہلے کھائیں بلڈ پریشر ہائی خواہ کتنا ہی پرانا کیوں نہ ہو ہفتہ عشرہ میں نارمل ہو جاتا ہے،اس کے علاوہ خفقان القلب،اور امراض حارہ کیلئے مفید و مجرب ہے،اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

جتنا معجون ضرورت ہو اتنا ہی تیار کریں کیونکہ زیادہ دیر پڑا رہنے سے ذائقہ تبدیل ہو جاتا ہے اور کھانا مشکل ہو جاتا ہے، اس کا طریقہ یہ ہے کہ سفوف اسی مقدار میں بنالیا جائے اور اس میں سے چوتھا حصہ لے کر اس میں ایک کلو مربہ سیب کوٹ کر شامل کر لیں جب ختم ہو جائے اسی طریقہ سے اور بنالیا جائے۔

تریاق صفراء (TS1)
از مصنف

تخم کاسنی، تخم کاہو برابر وزن پیس لیں

چائے والا ایک چمچ بھر کر صبح شام کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے پانی سے کھلائیں۔

بلڈ شوگر کی اس قسم میں بہت فائدہ مند ہے جس کے ساتھ بلڈ پریشر بھی رہتا ہو، اس دوا کے استعمال سے شوگر اور بلڈ پریشر ہمیشہ کیلئے ختم ہو جاتے ہیں، بشرطیکہ دوبارہ گرم خشک غذائیں کھا کر قشری تحریک نہ پیدا کر لی جائے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

عضلاتی مفرح مقوی (AMM)
از مصنف

عضلاتی مخاطی اکسیر + دار چینی پیس کر برابر وزن ملالیں تیار ہے

افعال: نہایت ضعف جسم وجاں، بخاروں کے بعد کی کمزوری، ہیضے کے بعد کی کمزوری، خصوصی طور پر فشار الدم ضعیف، جریان کی وجہ سے جب ضعف ہو چکا ہو تو جریان کی مددگار دوا کے طور پر، غرضیکہ جہاں کہیں کمزوری کا لفظ آئے اس دوا سے فائدہ حاصل کریں، اس دوا کے ساتھ ایک اور دو نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

عرق جگر
حکیم حامد علی ناز

تخم کاسنی 1/2 کلو، ملٹھی 1/2 کلو، زیرہ سفید 1/4 کلو، ریوند چینی 1/4 کلو پانی دس کلو

تمام ادویہ کا قرع انبیق کے ذریعے پانچ بوتل عرق نکال لیں، اور آگ بند کر دیں، اور ٹھنڈا ہونے پر بوتلوں میں بھر کر رکھ لیں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔ سوزش وورم جگر اور استسقاء ذقی کے علاوہ ہیپاٹائٹس کی جمیع اقسام میں مفید و مجرب ہے، سو گرام عرق صبح شام خلوئے معدہ دیں اور قدرت کاملہ کا کرشمہ دیکھیں۔

اس عرق کو جگر کے تمام گرم امراض میں نہایت بھروسے سے استعمال کریں، نہایت اعلیٰ عرق ہے، جگر کے گرم امراض میں اسے بدرقہ کے طور پر استعمال کریں۔

از مصنف

ایم سی

تخم کاسنی کلو، زیرہ سفید کلو، گل نیلوفر 1/2 کلو، گل گلاب 1/2 کلو، کشنیز 1/4 کلو

سب دوائیں اچھی طرح صاف کر لیں اور پیس لیں، پانچ گرام دوا کھانے کے بعد پانی سے یا شربت بزوری بارد سے تین مرتبہ دن میں کھلائیں۔

اس نسخہ کو ایچ 67 کی جگہ ہی استعمال کرنا ہے، ان مریضوں کو دیں جن کا بلڈ پریشر زیادہ رہتا ہو، بلکہ یوں سمجھ لیں کہ ایچ 67 میں سے اگر قلمی شورہ، جوکھار، میٹھا سوڈا نکال دیا جائے تو یہی بچتا ہے جو میں نے اوپر درج کیا ہے، وسیع تجربات سے یہ بات مشاہدے میں آئی تھی کہ اگر بلڈ پریشر کے مریض کو ایچ 67 استعمال کرایا جائے تو ان کا بلڈ پریشر بڑھ جاتا ہے کیونکہ اول الذکر تین دواؤں میں کافی مقدار میں نمک ملایا ہوا ہوتا ہے اور نمک بلڈ پریشر کو بڑھانے میں اپنا ثانی نہیں رکھتا، اسی لئے سوچ سمجھ کر ایچ 67 میں سے یہ نمک والی تینوں ادویہ نکال دی گئی ہیں جس سے اب کوئی پریشانی پیدا نہیں ہوتی، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

معجون مقوی باہ

حکیم عبدالخالق

خمیرہ گاؤزبان سادہ، جوارش زرعونی عنبری، دواء المسک جواہر دار، لبوب کبیر، معجون آرد خرما،

سب سوسو گرام، کشتہ قلعی، کشتہ مروارید ہر ایک ایک گرام

سب معاجین آپس میں ملالیں اور کشتہ جات بھی شامل کر کے اچھی طرح مخلوط کریں، درمیانہ چمچ صبح شام خالی معدہ دودھ سے کھلائیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

کشتہ قلعی کی بجائے اگر کشتہ چاندی شامل کر لیا جائے تو میرے نزدیک اس کے افعال نہایت بہتر ہو جائیں گے.............اشرف شاکر

چالیس سال سے اوپر کے افراد کیلئے نہایت ہی اعلیٰ دوا ہے، قوت باہ کو برانگیختہ کرتا ہے، کئی مرتبہ بنا کر فائدہ حاصل کر چکے ہیں.......اشرف شاکر

اوجاع کیپسول

حکیم بابر حسین ندیم

سنکھ سو گرام، کچلہ سو گرام، بچھناگ پچاس گرام

ترکیب : کچلہ اور بچھناگ کو جوکوب کر لیں، ایک روغنی کوزہ گلی میں سنکھ کو جوکوب شدہ کچلہ اور بیش کا فرش ولحاف دیں اور ان کے اوپر آک کا دودھ اتنا ڈالیں کہ ادویہ ڈوب جائیں، کوزہ گلی کو سمپٹ کر کے خشک کر لیں اور چالیس کلو کی آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں اور جو ملے اسے پیس لیں اور آک کے دودھ کی مدد سے دس دس گرام کی ٹکیاں بنالیں اور دس کلو کی آگ دیں، دوسری دفعہ پھر یہی عمل کریں، ٹھنڈا ہونے پر نکال کر پیس لیں اور نگاہ رکھیں، دو دو رتی (ڈھائی سو ملی گرام) کے کیپسول بھر لیں۔

اسگند ناگوری اور کوزہ مصری برابر وزن پیس لیں، کیپسول اولیٰ کے ساتھ ایک گرام دوا ملا کر صبح شام گرم دودھ سے دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

جسم کی جملہ دردوں کے لئے مفید بیان کیا جاتا ہے، میں نے ابھی نہیں بنایا، حکیم صاحب نے اس کی بڑی تعریف کی ہے، وہ اسے ایک اور طریقے سے بھی بناتے ہیں کہ بعد والی جو دس کلو

کی دو آنچ دی جاتی ہیں ان کی بجائے وہ دس دس کلو کی دس آنچ دیتے ہیں، اس طرح مقدار خوراک چار چاول رہ جاتی ہے اور اس کی تلخی بھی کم ہو جاتی ہے۔

اشرف شاکر

احمرین

فلفل دراز، زنجبیل ہر ایک دوسو پچاس گرام، دودھ کلو، کشتہ فولاد پانچ گرام

ترکیب: فلفل دراز سفوف کر کے دودھ میں خوب جوش دیں حتٰی کہ کھویا بن جائے، اب اس میں زنجبیل کا سفوف اور کشتہ فولاد مخلوط کریں اور دھوپ میں رکھ کر خشک کر لیں۔

تین گرام دوا کھانے کے بعد سکنجبین سے دن میں تین مرتبہ کھلائیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

ضعف معدہ اور ضعف اشتہا کو دور کر کے خوب بھوک لگاتی ہے، کھایا پیا سب فوراً ہضم ہو جاتا ہے اور غذا جزو بدن بن کر رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔

اشرف شاکر

ہربل کونین

چینی نو حصہ، شیر مدار ایک حصہ، دونوں کو خوب کھرل کریں کہ مثل غبار ہو جائے۔

دیسی کونین ہے جو ایلوپیتھی کونین سے بدرجہا بہتر کام کرتی ہے، ملیریا بخاروں میں اپنا ثانی نہیں رکھتی، کئی دوست اسے کئی دوسرے ناموں سے بناتے ہیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

اشرف شاکر

مغلظ و مقوی

کونپل برگد چار کلو، گاؤدنتی دوسو پچاس گرام، مغز سرس دوسو پچاس گرام

کونپل برگد کو کوٹ کر نغدہ بنا لیں اور ایک کوزہ گلی میں گاؤدنتی کو اس نغدے کے درمیان رکھ کر 35 کلو کی آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں اور مغز سرس سفوف کر کے اس میں ملا لیں،

بس تیار ہے، اگر اسمیں موصلی سفید انڈین دوسو پچاس گرام شامل کر لی جائے تو منفعت اور بھی بڑھ جائے گی، سستا بھی ہے اور مجرب بھی، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

ایک گرام دوا، دہی کی لسی، کیلے کا ملک شیک، یا فقط گرم دودھ سے دیں، جریان احتلام کو مفید ہے، رقت منی کا خاتمہ کر کے امساک طبعی پیدا کرتی ہے، کسی بھی نسخہ کو ہیچ نہیں سمجھنا چاہیئے، بنا کر استعمال کریں، تب ہی پتہ چلتا ہے، بعض اوقات معمولی نظر آنے والا نسخہ ہی اکسیر اعظم ثابت ہوتا ہے۔

گلے کی دوا

اشرف شاکر

سہاگہ بریاں سو گرام، نیلا تھوتھا دس گرام

دونوں ادویہ پیس کر ملا لیں، اور جب گلا کسی دوا سے ٹھیک نہ ہوتا ہو، اور ورم بن چکا ہو تو اس دوا کو دیسی چنے برابر خوراک شربت شہتوت سے صبح شام کھانے کے 1/2 گھنٹہ بعد دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

لیکوریں: قلعی 50 گرام، پوست بیضہ مرغ 250 گرام

اول قلعی کو حسب دستور آب زلال تمر ہندی میں سات بار بجھا دیں، اس کے بعد ایک تابہ آہنی میں قلعی ڈال کر پگھلائیں، اور پوست بیضہ مرغ مسفوف کی چٹکی دیتے جائیں اور برگد کے تازہ ڈنڈے سے ہلاتے رہیں، جب پوست بیضہ مرغ ختم ہو جائے آگ سے نیچے اتار لیں اور دہی میں کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر خشک کر لیں، ایک کوزہ گلی میں رکھ کر تیس کلو کی آگ دیں، پھر کرہٹی بوٹی کے پانی میں کھرل کر کے ٹکیاں بنائیں اور تیس کلو کی آگ دیں بس تیار ہے۔

ڈھائی سو ملی گرام..دو رتی تک دودھ سے صبح شام خلوئے معدہ کھلائیں۔

جریان، لیکوریا، رقت، سرعت کیلئے اپنی مثال آپ ہے، بنائیں اور صاحب نسخہ کو دعاء خیر سے یاد کریں، تجربہ شرط اولین ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

اندری جلاب : جوکھار، قلمی شورہ، سرد چینی، برابر وزن لے کر سب دوائیں پیس کر رکھ لیں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

ایک سے دو گرام دوا کھانے کے بعد کچی لسی سے دیں، آلات بول کے فعل کو تیز کر کے پیشاب لاتی ہے، نتیجتاً پیشاب کھل کر آنے لگتا ہے اور پیشاب کی رکاوٹ اور جلن دور ہو جاتی ہے، ملیّن بھی ہے، اگر قبض رہتا ہو تو بھی فائدہ مند ہے۔

سفوف تریھلہ

از مصنّف

تریھلہ 750 گرام، کشتہ فولاد 250 گرام، دہی تین کلو

اول الذکر دونوں ادویہ سفوف کر کے ملا لیں اور دہی میں کھرل کریں، جب تمام دہی ختم ہو جائے تب دواؤں کو دھوپ میں رکھ کر خشک کر لیں۔

ایک گرام دوا صبح شام خلوئے معدہ دودھ سے دیں، دودھ سے دینے کا مقصد یہ ہے کہ قبض نہیں ہوتا اور دوا اپنے فوائد میں بھی درست کام کرتی ہے، معدہ کے عضلات کو اور آنتوں کو قوت دے کر ان کی قوت ماسکہ بڑھاتی ہے اور جن کو ہمیشہ پیچس ہی لگے رہتے ہوں، انہیں بہت مفید ہے، غذا صحیح ہضم ہونے لگتی ہے اور رنگ سرخ ہو جاتا ہے، اگر ان سب تدابیر کے باوجود بھی قبض کرے تو اس کے ساتھ ہی ایک چمچ چھلکا اسپغول استعمال کرائیں۔

شربت تسکین روح

از مصنّف

گل بنفشہ، برگ گاؤزبان، سوما کلپا سو سو گرام، کاکڑا سینگی، پپلا مول، برگ بانسہ، ست ملٹھی، نوشادر ٹھیکری پچاس پچاس گرام

ست ملٹھی اور نوشادر کے علاوہ تمام ادویہ کو جوکوب کر کے دوکلو پانی ڈال کر تین چار جوش دے دیں، رات پڑا رہنے دیں، صبح مل چھان کر تین کلو چینی ڈالیں اور پانچ گرام ٹاٹری ڈال کر شربت کے قوام پر اتار لیں، جب شربت ٹھنڈا ہو جائے تو ست ملٹھی اور نوشادر کا سفوف کر کے اس میں ملا دیں، کوئی مناسب خوشبو بھی ملانا چاہیں تو ملا سکتے ہیں، بہت سے دیسی ولائتی شربتوں سے بڑھ کر ہے۔

ایک کھانے والا چمچ دن میں مرض کے مطابق متعدد بار چوسائیں، گلے کے جملہ امراض کے لئے لاثانی شربت ہے، حفظ ماتقدم ہر گھر کی اہم ضرورت ہے، نزلہ، زکام، کھانسی، گلے کی خراش، اور گلے کے حار ورم کی آخری دوا ہے۔

تھکاوٹ دور:

حکیم غلام حسین ایران

دہماسہ، گوگل، ہلیلہ سیاہ بریاں برابر وزن پیس کر زیرو نمبر کے کیپسول بھر لیں، تین مرتبہ ایک کیپسول کھانے کے بعد چائے سے لیں، اس دوا کے ساتھ چار سے ایک نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

تھکن کو فوراً دور کرتا ہے، اس کے علاوہ معدہ، مثانہ اور عضلات کو طاقت دیتا ہے۔

حبِّ مفاصلی:

از ڈاکٹر قیصر عباس خاکی

سورنجان شیریں دوسو پچاس گرام، قسط شیریں،، سنڈھ، فلفل دراز، اجوائن خراسانی، سوڈا سیلی سلاس، پپلا مول، گوگل سب سوا سوا سو گرام، سب ادویہ صاف کر کے پیس لیں اور ایک گرام تک تین مرتبہ دن میں کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے دیں۔

سر درد، جسم درد، جوڑوں کا درد، تجر الفاصل، ہر قسم کا درد دور کرنے والی دوا ہے، بنائیں اور خلق کی خدمت کر کے اپنے لئے ثواب دارین حاصل کریں۔

طلسمی مرہم:

از حکیم محبوب الٰہی لاہور

شنگرف، سندھور، کمیلہ، کتھہ انڈیا، موم ولائتی، اونٹ کی ہڈی کی راکھ، دس دس گرام، روغن سرشف، سوگرام، برگ نیم تازہ پچاس گرام

روغن سرشف (تیل سرسوں) میں نیم کے پتے جلا دیں اور چھان کر رکھیں، سب ادویہ الگ الگ کھرل کرلیں، سرمہ ساں ہو جائیں انہیں کپڑ چھان کرلیں، اب روغن سرشف کو دوبارہ گرم کریں اور آگ سے نیچے اتار کر اس میں موم ڈال دیں جب موم پگھل جائے تب باقی ادویہ ڈال کر ہلانی سے ہلاتے رہیں یہ کچھ گاڑھا سا مواد بن جائے گا، اگر سردی کے موسم میں گاڑھا ہو جایا کرتا ہے اس وقت اس میں روغن سرشف کی مقدار بڑھا کر مناسب قوام پر لے آئیں، طلسمی مرہم تیار ہے۔

زخم کو برگ نیم کے جاشاندہ سے دھولیں اور جب زخم خشک ہو جائے تو یہ مرہم استعمال کریں، یہ ہرہم پرانے سے پرانے زخم جو کسی دوا سے ٹھیک نہ ہوتے ہوں کیلئے مفید ہے، خصوصی گینگرین کیلئے بھی بدرجہ اتم مفید ہے، اگر زخم گہرا ہو تو پٹی مرہم میں لتھیڑ کر زخم کے اندر گھسیڑ دیں اور اوپر سادہ پٹی باندھ دیں تا کہ مکھی وغیرہ نہ بیٹھے۔

نئی ترتیب

کتاب ہٰذا کے چوتھے ایڈیشن میں ہر نسخہ کے ساتھ خصوصی غذاؤں کو تجویز کر دیا گیا ہے جس سے اور بھی آسانی پیدا ہوگئی ہے.... اشرف شاکر

حصہ چہارم

حکیم وڈاکٹر پروفیسر محمد اشرف شاکرؔ

نحمدہ و نسلّم علیٰ رسولہ الکریم اما بعد

اللہ تعالیٰ ﷻ کے نام سے شروع جونہایت رحم کرنے والا مہربان ہے

اللہ تعالیٰ ﷻ کا کروڑوں اربوں بار شکرادا کرتا ہوں، جس نے مجربات شاکر کو عزت بخشی، قارئین کا بھی نہایت شکرگذار ہوں جنہوں نے اس ادنیٰ کاوش کو پسند فرمایا، کیونکہ میری تھوڑی سی طبی زندگی میں اس کتاب کا چوتھا اصلاح شدہ ایڈیشن آپ کے ہاتھوں میں ہے، یہ اس بات کا بیّن ثبوت ہے کہ آپ نے اسے پسند فرمایا، آپ کی اسی پسند کو مدنظر رکھتے ہوئے اس میں پانچواں حصہ شامل خدمت کیا جارہا ہے، شروع سے اب تک جو بھی نئے نسخے بنائے اور انہیں کامیاب پایا، وہ اس حصہ میں لکھے جارہے ہیں، جن دوستوں نے آپ کی خدمت میں مجربات پیش کئے وہ بھی لکھ رہا ہوں، اس کے علاوہ اس کتاب کے فارماکوپیا میں اور دوسرے نسخہ جات میں جو بھی اصلاح طلب باتیں تھیں وہ اصلاح کردی گئی ہیں، نسخوں کو نئے اعشاری نظام کے تحت جو اس وقت ملک میں چل رہا ہے تولوں کی بجائے گراموں اور ملی گراموں میں تبدیل کردیا گیا ہے تاکہ زمانے کی رفتار کے ساتھ چل سکیں، اوزان کا نیا اور پرانا چارٹ اگلے صفحہ پر دیا جارہا ہے وہاں سے سمجھ لیں، ایک مرتبہ کتاب کو پسند کرنے کا پھر شکریہ ادا کرتا ہوں۔

سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ہر نسخہ کے ساتھ غذاؤں کو ترتیب دیدیا گیا ہے تاکہ اور زیادہ نفع حاصل کیا جاسکے، غذاؤں کا چارٹ اس کتاب کے فارماکوپیا میں بھی ہر دوا کے نسخوں کے ساتھ درج ہے اور کتاب کے آخر میں بھی نمبروں کے حساب سے لکھ دیا گیا ہے۔

خادم فن طب حکیم محمد اشرف شاکر

ماہر علاج بالغذا اور دوا

پرانا نظام		نیا اعشاری نظام	
ایک سیر	80 تولے	ایک کلو	1000 گرام
آدھا سیر	40 تولے	آدھا کلو	500 گرام
پاؤ	20 تولے	دوسو گرام	16 تولے
آدھ پاؤ	10 تولے	سو گرام	8 تولے
چھٹانک	5 تولے	پچاس گرام	4 تولے
آدھی چھٹانک	2-1/2 تولے	بیس گرام	تقریباً ڈھائی تولہ
تولہ	12 ماشے	نو گرام	پون تولہ تقریباً
ماشہ	8 رتی	گرام	1000 ملی گرام
رتی	8 چاول	ملی گرام	سب سے چھوٹا وزن
ایک چاول	8 خشخاش سب سے چھوٹا وزن		

ایک رتی برابر ہے ایک سو پچیس ملی گرام

دو رتی برابر ہے ڈھائی سو ملی گرام

تین رتی برابر ہے پونے چار سو ملی گرام

چار رتی برابر ہے پانچ سو ملی گرام

پانچ رتی برابر ہے چھ سو پچیس ملی گرام

چھ رتی برابر ہے سات سو پچاس ملی گرام

سات رتی برابر ہے آٹھ سو پچھتر ملی گرام

آٹھ رتی برابر ہے ایک ہزار ملی گرام

ایک ہزار ملی گرام برابر ہے ایک گرام

جنرل ٹانک:GT

از مصنف

ترپھلہ دو کلو، سنڈھ، پتری فولاد اعلیٰ ہر ایک ڈھائی سو گرام، کالی مرچ، لونگ ہر ایک سو گرام سب ادویہ باریک سفوف کرلیں. دو گرام دوا ہر کھانے کے بعد دودھ سے دیں، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ عام جسمانی کمزوری، سفر کی تکان، خون کی کمی کی وجہ سے جسمانی دردیں، بوڑھوں کی ٹانگیں درد، کمر درد، بوڑھوں ٹمٹماتی لو کو بڑھکاتی ہے، جوانوں کو مغلظ کے ساتھ دینے سے دینا مفید ہے، عرصہ سے معمول مطب ہے۔

محلل اورام

از مصنف

ریوند خطائی کلو، سونف، ہلدی، ملٹھی ہر ایک تین سو گرام، شیر مدار سو گرام

شیر مدار کے علاوہ تمام دوائیں پیس لیں آخر میں شیر مدار ملا کر ہاتھوں سے اچھی طرح مسل ڈالیں، دھوپ میں دوا خشک کرلیں، (11 نمبر) ایک گرام کی گولیاں بنوالیں، دو دو گولیاں دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ عورتوں کی خاص دوا ہے، رحم کی فائبر ائیڈ رسولیوں کیلئے اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں ہے، عرصہ دراز سے معمول مطب ہے، بنائیں اور خلق خدا کی خدمت کریں۔

مقوی باہ:MB

از مصنف

اذراقی مدبر ایک کلو، دارچینی، لونگ ہر ایک نصف کلو، سنڈھ تین سو گرام، کالی مرچ دو سو گرام

سب دوائیں پیس لیں....(11 نمبر) ایک گرام کی گولیاں بنوالیں، بوڑھوں کو دو دو گولیاں

اور جوانوں کو ایک ایک گولی دن میں دو مرتبہ کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے دیں، چھوٹے موٹے نقائص دور کر کے قوت باہ کو بڑھاتی ہے، جوانوں کو اگر کسی بھی مغلظ کے ساتھ ایک ایک گولی صبح شام دی جائے تو دائمی فائدہ ہو جاتا ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور دو نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

مقوی باہ جدید MBG — از مصنف

اذراقی مدبر، حرمل سو گرام، تخم میتھی، لونگ ہر ایک پچاس گرام

تمام ادویہ پیس لیں اور مشین سے (11 نمبر) ایک گرام کی گولیاں بنوالیں، ایک سے دو گولیاں کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے دیں۔

☆ جیسا کہ اس دوا کے نام سے ظاہر ہے، قوت باہ کیلئے مفید ہے لیکن آہستہ روی سے اثر کرتی ہے، عمر رسیدہ اشخاص کیلئے ہے، اگر جوانوں کو دیں تو اول ان کی منی ضائع ہونے سے روکنے کیلئے کوئی بھی حسب حیثیت مغلظ دیں، جب منی کا قوام درست ہو جائے اور اس کا ضیاع بند ہو جائے تو مغلظ کے ساتھ ہی ایک ایک گولی صبح شام دیں، مغلظ ہمیشہ کھانے سے پہلے دیا جاتا ہے اور مقوی باہ ادویات میں چونکہ کچلہ وغیرہ ہوتا ہے اس لئے ایسی ادویہ کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے دیا کریں، اس دوا کے ساتھ چار اور دو نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

حب قرنفل — از نذر حسین

اذراقی مدبر چالیس گرام، قرنفل تیس گرام، سنگ دانہ مرغ بیس گرام

سب ادویہ پیس لیں اور آب سیب مقطر سو گرام میں کھرل کر کے پانی خشک ہونے پر بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، قوت باہ کیلئے مجرب ہیں۔

☆ دو گولیاں روزانہ صبح کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے دس روز کھلائیں، جس دن پروگرام ہو رات کو بھی دو گولیاں دودھ میں دیسی انڈا جوش دے کر کھلائیں اور گھنٹے بعد مشغول ہوں، اس دوا کے ساتھ چار اور دو نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

محبوبی:MBB — از حکیم محبوب عالم

عشق پیچہ، سمندر سوکھ، تودری سفید، بہمن سفید، کشنیز، تخم کاسنی، لاجونتی، کشتہ گئودنتی در آب کشنیز ہر ایک ڈھائی سو گرام، تخم سلارا، بہی دانہ، تخم کاہو، تخم سنبھالو، تخم دھتورہ، تخم بھنگ سب ایک سو بیس بیس گرام

سب ادویہ اچھی طرح صاف کر کے پیس لیں اور مشین سے (11 نمبر) ایک گرام کی گولیاں بنوالیں، دو گولیاں دن میں تین مرتبہ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد یا کسی بھی مغلظ کے ساتھ صبح شام خالی معدہ نیم گرم دودھ، شربت بزوری، شربت انجبار، کیلے کا ملک شیک، دہی دودھ کی لسی سے موسم کے مطابق دیں، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

پرانے سے پرانا جریان، جریان مذی، ودی اور لیکوریا کیلئے مفید و مجرب اور معمول مطب ہے۔

سی فور:C/4 — از مصنف

کالی مرچ نصف کلو، اجوائن دیسی، کچور، سوئے، ہر ایک ڈھائی سو گرام، نوشادر ٹھیکری سو گرام.... تمام دوائیں پیس لیں.... دو سے تین گرام دوا، ادرک کے قہوہ سے دن میں تین مرتبہ دیں، شوگر کے مریض نمکین قہوہ ادرک استعمال کریں اور عام لوگ اسی قہوہ میں شہد ڈال کر دوا اسی سے کھائیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ اس دوا میں سی سے مراد کولیسٹرول اور 4 سے مراد قشری اعصابی دوا ہے، اس دوا کے

استعمال سے خون میں ٹرائی گلیسرائیڈ کی وجہ سے جو غلظت آ کر بلڈ پریشر بڑھ جاتا ہے، سانس پھولتا ہے، ٹانگیں ٹھنڈی اور سن رہتی ہیں، پاؤں سن رہتے ہیں، بھوک نہیں لگتی، خون کا قوام رقیق ہو کر یہ تمام علامات دور ہو جاتی ہیں، ٹرائی گلیسرائیڈ کے بارہ میں مکمل جانکاری کیلئے ہٹیلے امراض حصہ دوم میں ٹرائی گلیسرائیڈ کا باب پڑھیں۔

سفوف مہزل

از مصنف

سوئے، میتھرے، کالی مرچ، ملٹھی ہر ایک ڈھائی سو گرام، ہلدی، سونف سو سو گرام

سب ادویہ صاف کر کے پیس لیں....تین سے چار گرام دوا....کھانے کے بعد عرق مکو کاسنی سو گرام سے صبح شام خالی پیٹ دیں، اگر معدے میں گرانی رہتی ہو تو کھانے کے بعد فقط پانی سے دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور چھ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ پیٹ کی فالتو چربی کو تحلیل کر کے جسم کو سڈول بناتی ہے، ضعف ہضم، معدے کی جلن اور گیس کے لئے مفید دوا ہے، معمول مطب ہے، اگر فائدہ حسب توقع نہ ہو تو اس کے ساتھ صبح شام دو دو گولیاں حب تنکار دیں۔

حب تنکار (HTR)

از مصنف

مصبر چھ سو گرام، فلفل سیاہ چار سو گرام، اجوائن خراسانی ایک سو دس گرام، سہاگہ سفید خام اسّی گرام

سب ادویہ پیس کر مشین سے (11 نمبر) ایک گرام کی گولیاں بنوا لیں، معمولی قبض کیلئے دو سے تین گولیاں نیم گرم دودھ کے ساتھ سوتے وقت لیں، کبھی ایسا ہوا تو نہیں اگر پیٹ میں بل ڈالے تو اس کے ساتھ چھلکا اسپغول ایک چمچ لیں، موٹاپے کیلئے سفوف مہزل کے ساتھ لیں جس کا طریقہ پچھلے صفحہ پر بیان ہوا، اس دوا کے ساتھ چار اور چھ نمبر کی غذائیں دی جائیں

ڈینگی بخار

از مصنف

پچھلے دنوں ڈینگی بخار نے بڑی تباہی مچائی، کئی اشخاص کی جیبیں خالی ہو گئیں، کئی کے دل خالی ہو گئے کیونکہ ان کے نورِ نظر ان سے چھن گئے، کئی لوگوں کی جیبیں نوٹوں سے بھر گئیں، لیکن حکومت نے ان غریب عوام سے بھرپور تعاون کیا، جہاں تعاون کیا وہیں حکماء پر قدغن لگا دی گئی کہ وہ ڈینگی بخار کی دوا نہیں دیں گے، مریض کو ہسپتال کا رخ دکھائیں گے، خیر جو کچھ بھی ہوا، ڈینگی بخار صرف ملیریا کی بڑھی ہوئی شکل ہے، بس اسے مدنظر رکھ کر اور درجات کا علاج کریں گے، شروع مرض میں عضلاتی قشری اور قشری اعصابی ادویہ تک اور جب چار روز گذر جائیں پھر عضلاتی مخاطی اور عضلاتی قشری ادویہ دیں گے، عضلاتی مخاطی ادویہ میں درج ذیل نسخہ اور یاقوتی دی جائے گی، کیونکہ اس مریض کو کمزوری بہت ہو جاتی ہے، اگر کسی مریض کو ناک، منہ، کان سے خون آ رہا ہو تو پہلے خون بند کرنے کیلئے اعصابی تریاق 1/20 اور اس کے ساتھ حب بندق ایک ایک گولی دیں گے، ایک حد دو دن میں خون آنا بند ہو جاتا ہے، اب کمزوری کیلئے درج ذیل نسخہ دیں گے اس کے ساتھ دوبارہ بخار نہیں ہوتا اور کمزوری بھی درست ہونے لگتی ہے، ڈینگی کا علاج نہایت سوجھ بوجھ سے کرنے کی ضرورت ہے، کبھی اس پر لکھنے بیٹھا تو انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ تفصیل سے علامات اور علاج لکھ دوں گا بشرط صحت و زندگی۔

کرنجوا، آملہ، افسنتین برابر وزن صاف کر کے پیس لیں، تین گرام دوا کھانے کے بعد بادیان خطائی، پودینہ اور الائچی کے قہوہ سے دیں گے۔

ایک کام ضرور کرنا ہے کہ چائے کی پتی ایک چمچ، دو کلو پانی میں جوش دے کر رکھ لیں، جب بھی پیاس لگے یہی قہوہ پینا ہے، ڈینگی کے دنوں میں حفظ ماتقدم بھی پیا جائے تو ڈینگی نہیں ہوتا۔

دیگر

رسٹاکس، برائی یونیا، یوپی ٹوریم پرف، صبح دوپہر شام ترتیب وار کھانے سے گھنٹہ پہلے 200 طاقت میں دینے سے ڈینگی بخار ٹھیک ہو جاتا ہے۔

جب Platelets گرنے لگیں تو ایسڈ فاس ون ایم ہر پندرہ منٹ بعد تین خوراک دہرا دیں، کھانے پینے میں انار سفید بکثرت دیں۔

حب سیلان (12)

از مصنف

مازو بے سوراخ دو کلو، گوند کیکر سوا کلو، کشتہ سنگ جراح ایک کلو، ازراقی مدبر ڈھائی سو گرام، کشتہ بیضہ ڈیڑھ سو گرام، سب ادویہ پیس کر مشین سے (11 نمبر) ایک گرام کی گولیاں بنوالیں، ایک تا دو گولیاں دن میں تین مرتبہ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد یا کشتہ قلعی بھنگ شورے والا یا کشتہ چاندی سو ملی گرام اضافہ کرکے مکھن ایک چمچ کے ساتھ خالی معدہ دن میں دو مرتبہ دیں۔
لیکوریا نہایت ہی ہٹیلا مرض ہے، اکثر اوقات بیوی کے ساتھ میاں صاحب کی سرعت، رقت کا علاج بھی کرنا پڑتا ہے، مریضہ کی صحت اور علامات اور درجات کو مدنظر رکھیں گے تو کامیابی ممکن ہے ورنہ نہیں، یہ نسخہ نیا ترتیب دیا ہے جو کافی مریضوں کو فائدہ مند ثابت ہوا ہے، مگر اس سے آگے جہاں اور بھی ہیں، اس مرض میں غذاؤں کا خاص خیال رکھنا ہوتا ہے، کبھی حرارت کم کرنے کی غذائیں تجویز کرنی ہوتی ہیں اور کبھی ضعف دور کرنے کیلئے عضلاتی مخاطی غذاؤں کی ضرورت ہوتی ہے، کبھی ان کے ساتھ عارضی طور پر عضلاتی قشری غذاؤں کا ٹچ دینا پڑتا ہے گویا اس مرض کا علاج اتنا آسان نہیں ہے، مریض اور مریضہ کا تعاون نہایت ضروری ہے، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

کف سیرپ چالو

از مصنف

ملٹھی کلو، گل بنفشہ نصف کلو، چینی دس کلو

حسب دستور شربت پکالیں، یہ شربت اتنا مفید ثابت ہوا کہ بڑے بڑے ولائتی سیرپ فیل ہو گئے اور اکثر لوگ اپنے گھروں میں حفظ ماتقدم رکھنے لگے۔

گرم پانی کے ایک کپ میں دو چمچ شربت ڈال کر چائے کی طرح پینا ہے یا ایک چمچ منہ میں رکھ کو چوسیں، یا نیم گرم دودھ ایک کپ میں دو چمچ ڈال کر پئیں۔

☆ ہر قسم کی کھانسی، گلے کی سوزش، گلے کی کھچ کھچ، نزلہ، زکام، آواز کا بیٹھنا، معدے کی جلن، کو مفید و مجرب، اور کئی سالوں سے معمول مطب ہے۔

کف سیرپ جدید — از مصنف

ملٹھی ایک کلو، گل بنفشہ نصف کلو، تخم خطمی، خبازی ہر ایک ڈھائی سو گرام، چینی دس کلو حسب دستور شربت پکالیں، تذکرہ اولیٰ شربت بہترین کام کرتا ہے، اس کے فعل کو مزید بہتر بنانے کیلئے یہ نسخہ بنایا ہے اس کے نتائج پہلے سے بھی بہتر ہیں انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ

☆ ہر قسم کی کھانسی، گلے کی سوزش، گلے کی کھچ کھچ، نزلہ، زکام، آواز کا بیٹھنا، کو مفید و مجرب، مسلسل بنا رہے ہیں اگر پانچ گرام مینتھول ڈال دیا جائے تو مزید بہتر کام کرتا ہے۔

عقرب سیاہ (1) — از مصنف

حجر الیہود سو گرام، جمالگوٹہ چار سو گرام، قلمی شورہ دو سو گرام، نوشادر ٹھیکری دو سو گرام

سو گرام جمالگوٹہ چھل لیں اور حجر الیہود کو ایک کوزہ گلی میں فرش ولحاف دے کر پندرہ کلو کی ہوا بند آگ دیں، ہر مرتبہ اسی طرح جمالگوٹہ میں چار آگ دیں، پانچویں آگ قلمی شورہ میں فرش ولحاف کر کے دے دیں، اسی طرح نوشادر میں فرش ولحاف کر کے آگ دیں، اب جو کچھ بھی ملا اس کا وزن کر کے اس کے برابر وزن عقرب سیاہ لے کر سب کچھ خلط ملط کر کے دس کلو کی آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر جو ملے پیس کر رکھ لیں، ڈھائی سو ملی گرام دوا کیپسول میں بند کر

کے کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد موسم کے مطابق عرق زیرہ، عرق خربوزہ، پچاس گرام کے ساتھ دیں، اگر عرق مہیا نہ ہوں تو شہد ملے پانی سے یا شربت بزوری حار سے دیں، اس دوا کے ساتھ چار اور چھ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ ہمہ اقسام پتھریوں کو مفید ہے خواہ کہیں بھی ہوں، تین سے سات روز کے اندر نکل جاتی ہیں، خصوصاً شوگر کے مریضوں میں جب ٹرائی گلیسرائیڈ جم کر پتھری کی شکل اختیار کر جائے تو اس سے بڑھ کر کوئی نسخہ نہیں ہوگا۔

عقرب سیاہ (2) از مصنف

بارہ سینگا سوگرام، نوشادر ٹھیکری سوگرام، شیر مدار پچاس گرام

بارہ سینگا کو ئلے دھکا کر ان پر رکھ دیں جب یہ بھی کوئلہ ہو جائے احتیاط سے نکال لیں، اب ایک کوزہ گلی میں پسا ہوا نوشادر فرش ولحاف کر کے پندرہ کلو کی آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں اور شیر مدار میں کھرل کر کے دس دس گرام کی ٹکیاں بنالیں، خشک کر کے کوزہ گلی میں رکھ کر پندرہ کلو کی آگ دیں، اب اس کے وزن کے برابر عقرب سیاہ فرش ولحاف کر کے کوزہ گلی میں رکھ کر پندرہ کلو کی آگ دیں، ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں اور دوسو ملی گرام والے کیپسول بھر لیں ایک کیپسول صبح، شام ادرک کے قہوہ کے ساتھ کھانے کے گھنٹہ بعد دیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ جب خون میں ٹرائی گلیسرائیڈ کولیسٹرول بڑھ کر خون کو گاڑھا کر دے، پاؤں وٹانگیں سن رہنے لگیں، پاؤں برف کی طرح ٹھنڈے رہنے لگیں، بلڈ پریشر کم رہنے لگے تو اس دوا کو استعمال کر کے صاحب نسخہ کیلئے دعاء خیر کر دیں اور......بس

جے جے (جوزی جریانی) از مصنف

تخم جوز ماثل، فلفل سیاہ، صمغ عربی، تخم سنبھالو، بیج بند، تخم سریالہ، تخم اوٹنگن، مغز تخم سرس، اجوائن خراسانی، تخم ورق الخیال (تخم بھنگ) پوٹاشیم برومائیڈ

اسی کتاب میں یہ انہیں ناموں سے دو نسخے ہیں، میں نے ان کو اکٹھا بنا کر کافی عرصہ تک استعمال کیا تو اس کے نتائج بہت بہتر رہے، اب آپ کی خدمت میں پیش ہے۔

☆ سب ادویہ برابر وزن پیس لیں، نصف گرام سے ایک گرام تک صبح دو پہر شام شربت بزوری بارد یا لسی سے کھانا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دیں اگر قبض ہو جائے تو چھلکا اسپغول ایک چمچ ہمراہ استعمال کریں، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ عضلاتی مخاطی (خشک سرد) ہے، مادہ منویہ کو گاڑھا کر کے رقت و سرعت کو بہت فائدہ کرتا ہے، جریان کو خاص الخاص مفید ہے، جریان مزمن کیلئے اگر اس کے ساتھ کوئی بھی مغلظ یا کشتہ قلعی شامل کر دیا جائے تو فاصلے سمٹ جاتے ہیں۔

ہیپا کیور

از مصنف

پھٹکڑی سفید بریاں سو گرام، نوشادر ٹھیکری پچاس گرام، پتری فولاد پچیس گرام

سب دوائیں پیس کر ملا لیں، ایک گرام دوا کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد کھٹی لسی یا سکنجبین سے دیں، بفضلہٖ تعالیٰ ﷻ ہیپاٹائٹس سی کیلئے مفید ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

دیگر: پھٹکڑی سفید بریاں، قلمی شورہ ہر ایک پانچ سو گرام، شیر مدار پچاس گرام

دونوں ادویہ پیس کر شیر مدار ملا لیں اور خشک کر کے ایک گرام دوا تین مرتبہ دن میں کھانے کے بعد تازہ پانی سے دیں، ہیپاٹائٹس سی کیلئے مجرب ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

دیگر: چیلیڈونیم 200 صبح کے وقت، کارڈی اُس مریانا 200 دوپہر کے وقت، ایسڈ فاس 200 شام کے وقت کھانے ناشتے سے ایک گھنٹہ پہلے دیں۔

یہ ہومیوپیتھی نسخہ ہے جو بہترین کام دیتا ہے، استعمال کریں اور فائدہ حاصل کریں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

دیگر: حکیم محمد ریاض خان جوڑے پل

طباشیر بانسی، سرد چینی، بہی دانہ، کوزہ مصری، الائچی سفید

سب ادویہ برابر وزن پیس لیں...دس گرام دوا...آدھا کلو دہی کے ساتھ روزانہ صبح نہار لیں۔

☆ ہیپاٹائیٹس سی کے پہلے درجہ کیلئے مفید و مجرب ہے، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

دیگر: از حکیم محمد عاصم

یہ نسخہ نظریہ مفرد اعضاء اربعہ نیٹ گروپ کی طرف سے حکیم صاحب نے عوام کیلئے صدقہ کیا ہے اللہ تعالیٰ ﷻ اس کار خیر کو ان کیلئے آ کرت میں ذریعہ نجات بنائے...آمین

پوست بیخ سنبلو سیاہ تازہ حسب ضرورت لے کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے، کاٹ لیں اور خشک کر کے پیس لیجئے اور پانچ سو ملی گرام (زیرو نمبر کیپسول) کیپسول بھر لیں اور دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد ایک ایک کیپسول دیں، تین ماہ دوا کھلانی ہے، اگر ویلیوز زیادہ ہی بڑھی ہوئی ہوں تو دو دو کیپسول بھی دئے جاسکتے ہیں۔

حکیم صاحب نے حلفیہ کہا ہے کہ اس سے آگے کوئی دوسری دوا نہیں ہے لیکن اس کا حصول کچھ مشکل ہے کہ یہ دریائے نیلم کی طرف نیلم نام سے گاؤں ہے وہاں اس کی بہتات ہے اور انہوں نے خیال ظاہر کیا ہے کہ یہ زرشک کا درخت ہے، وہاں یہ حکیم صاحب مزدوروں کے

ذریعے اس کی جڑیں نکلوا لیتے ہیں اور آ کر خشک کر کے کام میں لاتے ہیں، سال میں کبھی دو بار اور کبھی ایک بار جانا ہوتا ہے،، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

ہیلر

حکیم محمد ریاض ماموں کانجن

روغن کنجد ڈھائی سو گرام، رتن جوت ایک سو پچیس گرام، کار بالک ایسڈ دس گرام، کچلہ، بھلانواں ہر ایک تین عدد، نیلا تھوتھا چنے برابر

کچلہ اور بھلانواں روغن کنجد میں ڈال کر نرم آگ پر رکھ کر خود دور چلے جائیں دور سے ہی دیکھیں جب براؤن ہو جائیں تو آگ بند کر دیں، اب نیلا ڈال دیں، پانچ منٹ بعد کار بالک ایسڈ ڈال دیں، ساتھ ہی رتن جوت ڈال دیں اور کسی کر چھے وغیرہ سے ہلائیں، جب رتن جوت کا رنگ نکل آئے تو کپڑ چھان کر لیں۔

☆ جو زخم کسی بھی دوا سے نہ بھرتے ہوں، نیم کے پتوں کو پانی میں ابال کر دھو ڈالیں اور یہ تیل چپڑ دیں، کھلا رہنے دیں، چند ہی روز میں زخم ہیل ہو جائے گا، کہیں چوٹ لگ جائے تو اس تیل کی مالش کر کے اوپر روئی رکھ کر سینک دیں اور کپڑا باندھ کر سو رہیں، اللہ تعالیٰ ﷻ رحیم و کریم ہے۔

اوجاعی

از مصنف

اذراقی مدبر، کشتہ چاندی، کشتہ فولاد ہر ایک دس گرام، زعفران خالص چار گرام

سب ادویہ اچھی طرح پیس لیں اور شہد کی مدد سے دیسی چنے برابر گولیاں بنا لیں، بوقت ضرورت ایک گولی گرم دودھ سے بعد از غذا دیں، ہائی بلڈ پریشر کے مریض کو نہ دیں۔

☆ اعصابی امراض اور پٹھوں کی کھچاوٹ، سردیوں میں سردی لگ جانے کے باعث دردوں

کیلئے مفید و مجرب ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور دو نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

H Self

از مصنف

گوند کیکر اصلی سو گرام، پھلی کیکر خام پچاس گرام، تخم حنظل پچیس گرام

سب دوائیں پیس لیں اور ایک گرام دوا دن میں چار مرتبہ تازہ پانی سے لیں۔

☆ جب بلڈ شوگر ہوئے چار پانچ سال ہوئے ہوں اور ابھی تک کوئی ایلوپیتھی دوا نہ کھائی ہو تو اسے ضرور آزمائیں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

گینگرین

حکیم محمد اسلام کراچی

برگ نیم تازہ، برگ ارنڈ تازہ، برگ گوبھی بوٹی (بھکٹل) تازہ سب آٹھ آٹھ سو گرام ڈالڈا گھی پانچ کلو، روغن السی ڈھائی کلو، موم دیسی آٹھ سو گرام، مردہ سنگ، جواہر مہرہ خطائی، کمیلہ ہر ایک ساٹھ گرام، کافور، کتھہ ہر ایک پچاس گرام، سندھور تیس گرام، رال سفید پچیس گرام

ڈالڈا گھی اور روغن السی کسی کڑاہی میں ڈال کر اس میں سبز بوٹیاں ڈال دیں نرم آگ پر براؤن کریں جل نہ جائے، آگ سے اتار کر اب اس میں موم ڈال دیں یہ پگھل جائے گی، اب نیم گرم میں باقی کی ادویہ جو پہلے سے پسی ہوئی ہوں ڈال کر اچھی طرح ملا دیں۔

☆ زخم والے مقام کو نیم کے تازہ پتوں کو ابال کر دھو ڈالیں اور کپڑے سے صاف کر کے یہ روغن اوپر لگا دیا کریں، دن میں دو مرتبہ کریں، یہ دوا زخم میں پیپ پیدا کرے گی اور زخم بھرنا شروع ہو جائے گا، اللہ تعالیٰ ﷻ کے فضل سے شفاء کلی حاصل ہوگی یہ نسخہ حکیم صاحب نے بڑے دعویٰ سے دیا ہے اور صدقہ جاریہ کے طور پر دیا ہے اور بنانے کی بھی پوری تفصیل بتا دی ہے بنائیں اور خلق خدا کی خدمت کریں، اور حق یہ ہے کہ حکیم صاحب کیلئے بھی دعاء خیر کی جائے اور ان کی اس خواہش کو کہ صدقہ جاریہ ہو جائے خصوصاً اس کیلئے دعا کیجئے۔

بخار مزمن

از حکیم ماسٹر محمد طارق

یاقوتی، کشتہ سنکھ، اکسیر اعصابی قشری

سب ادویہ برابر وزن ملا کر ایک گرام دوا کچھ کھانے کے بعد دودھ پتی سے دیں، اس دوا کے ساتھ چھ اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ پرانے سے پرانے ٹائیفائیڈ بخار کیلئے، اور جو بخار کسی دوا سے نہیں اتر تا وہ اس کی ایک ہی خوراک سے اتر جاتا ہے، دو تین روز دوا دے کر مرضی خلط کا تنقیہ کریں۔

کمر درد: Back Ache

ایک مریض

گوند کیکر افریقہ ڈھائی سو گرام، گوند کتیرا ساٹھ گرام

دونوں اجزاء دیسی گھی میں بریاں کر کے پیس لیں اور ایک چمچ صبح شام نیم گرم دودھ سے دیں، ضیاع منی کے سبب جو درد کسی دوا سے ٹھیک نہیں ہوتا اس کیلئے مجرب ہے، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

سکری

حکیم ضیا

جمال گوٹہ، اجوائن دیسی، مالکنگنی ہر ایک پچاس گرام

آدھا کلو پانی میں ادویہ کو اچھی طرح جوش دیں جب آدھی رہ جائیں تو ڈھائی سو گرام سرسوں کا تیل شامل کر کے نرم آگ پر رکھیں جب ادویہ کا پانی جل جائے، صرف تیل رہ جائے تو ٹھنڈا کر کے شیشے کی شیشی میں سنبھال رکھیں۔

☆ مانگ نکال نکال کر بالوں کی جڑوں میں تیل لگائیں، نازک مزاج لوگوں کو اگر چبھنے لگے تو فوراً سر دھو ڈالیں لیکن ایسا شاذ و نادر ہی ہوگا، باقی حالت میں صبح نہا لیا کریں، سکری کیلئے

مجرب ہے، کھانے پینے میں گرم خشک گرم غذاؤں سے پرہیز کریں، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

ڈلیوشن

از ڈاکٹر مفتی منیر الاسلام علوی

جب کبھی ہومیوپیتھی ڈلیوشن نہ ملے تو اسے بنا کر فائدہ حاصل کریں، یہ بہترین کام دیتا ہے، کچھ عرصہ بعد دوا کا رنگ تبدیل ہو جائے گا لیکن فائدہ میں کمی نہیں ہوگی۔

آب مقطر ڈیڑھ کلو، گلیسرین پونے چار سو گرام، سیٹرک ایسڈ تیس گرام ملا لیں۔

درج ذیل نسخہ جات حکیم وسیم سجاد بیگ کے ہیں، انہیں وہ اپنے مطب پر مجربات کے طور پر استعمال کرتے ہیں، گویا ان کے بے خطا تیروں میں سے ہیں۔

حکیم وسیم احمد آفندی دواخانہ بازار حکیماں سانده خورد 0300-45 6881

سفوف نور: سونف، مغز بادام، کوزہ مصری ہر ایک 250 گرام، کالی مرچ 20 گرام، الائچی سفید 10 گرام

اول سونف کسی چینی یا شیشے کے برتن میں ڈال کر اس کے اوپر گاجر کا پانی اتنا ڈالیں کہ سونف ڈوب جائے، کچھ روز بعد گاجر کا پانی سوکھ جائے گا، اب دوبارہ پھر گاجر کا پانی ڈال دیں، جب یہ پانی بھی سوکھ جائے تیسری بار پھر اسی طرح گاجر کا پانی ڈال کر خشک کر لیں، اب پیس لیں، اب باقی ادویہ ملا کر پیس، تیار ہے ایک کھانے والا چمچ رات کو پانی سے کھا لیں اس کے اوپر کچھ بھی نہیں کھانا، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ پورا نسخہ کھا لینے سے دو نمبر کی عینک کی عادت دور ہو جاتی ہے بار ہا کا آزمودہ ہے۔

بالوں کی خشکی: روغن ناریل خالص تین سو گرام، بورک ایسڈ دو سو گرام

☆بورک ایسڈ کو ناریل کے تیل میں اچھی طرح ملا لیں اور بالوں کی جڑوں میں لگائیں، دو گھنٹے بعد سر کو دھو ڈالیں، اول ایک ہی مرتبہ لگانے سے بالوں کی خشکی دور ہو جاتی ہے، اگر کچھ کسر باقی رہے تو دوسرے روز بھی لگائیں، پھر ہفتے میں ایک مرتبہ لگاتے رہیں، ہمیشہ کیلئے مرض دور ہو جاتا ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔
اس کے بعد کوئی اچھا سا تیل لگالیا کریں، فارما کوپیا کا ہیئر آئل بھی نہایت مفید و مئوثر ہے، اس کے استعمال سے بال گرنے فوراً بند ہو جاتے ہیں۔

طلاءِ خاص: روغن بادام، روغن زیتون، روغن مچھلی، روغن لونگ، روغن دارچینی، روغن مالکنگنی پچیس پچیس گرام، فاسفورس تین گرام
سب قسم کے روغن کسی شیشے کی بوتل میں ڈال کر اب فاسفورس بھی ڈال دیں اور گرم پانی کے ٹب میں پندرہ منٹ کیلئے رکھ دیں، جب فاسفورس پگھل جائے تو کسی موٹے کپڑے سے چھان کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے ہوئے چند قطرے عضو مخصوص کے دونوں اطراف ملیں، حشفہ و سیون کو بچالیں، اوپر کچھ باندھنے کی ضرورت نہیں ہے، ایک ماہ استعمال کریں، سختی، موٹائی، لمبائی میں خوب اضافہ ہوتا ہے اگر سولہ سترہ سال کی عمر میں استعمال کیا جائے تو خوب فائدہ ہوتا ہے، اگر تیل خود نکلوائے جائے تو فائدہ یقینی ہے، ہم اب تک دو مرتبہ بنا چکے ہیں پچاس فیصد فائدہ ہوا ہے شاید کہ تمام روغن ہم نے بازار سے لئے تھے۔

مغّظ غریب نواز: سمندر سوکھ، اسگندھ، شقاقل مصری، تالمکھانہ سب برابر وزن لے کر صاف کر کے پیس لیں۔

☆ درمیانہ چمچ صبح شام خالی معدہ نیم گرم دودھ سے لیں، مادہ منویہ کو گاڑھا کر کے رقت، سرعت جیسی علامات کو دور کرتا ہے، اگر جونیات منویہ کی تعداد کم ہو تو اس کے ساتھ ہی حبِّ سلاجیت ایک گولی دیں، اس دوا کے ساتھ سات سے ایک نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

حبِّ سلاجیت: سلاجیت، کشتہ فولاد، اذراقی مدبر، فلفل سیاہ برابر وزن پیس لیں

☆ حسب ضرورت گوند کیکر کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، جو لوگ دردوں کے لئے روزانہ ہی انجکشن لگواتے ہیں رات کو صرف ایک گولی دودھ سے کھالیں، جسم کی دردیں اور کمزوری دوراً دور ہو جاتی ہے، قدرت کاملہ کی رحمت کا نظارہ کریں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

حبوب شنگرفی: شنگرف مدبر در آب دھتورہ، لوبان کوڑیا، کافور، شمع ہر ایک دس دس گرام

☆ شنگرف کو آب دھتورہ بیس گرام مقطر میں کھرل کریں اور خشک ہونے پر ایک ایک گرام کی ٹکیاں بنالیں، اور اجوائن خراسانی دوسو گرام پسی ہوئی، ایک کڑاہی میں ڈال کر اس میں اتنا پانی ڈالیں کہ گاڑھی سی لئے بن جائے، اب اس کڑاہی کے نیچے درمیانی آگ جلائیں جب سب کچھ جل جائے تو آگ تیز کر دیں، سب کچھ جل کر راکھ ہو جائے کوئلوں کی طرح دھکنے لگے تو ٹھنڈا ہونے دیں صبح راکھ سمیت سب پیس لیں اور باقی سفوف شدہ ادویہ بھی ملا کر کچھ دیر پیس ڈالیں اور گوند کیکر کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، اس دوا کے ساتھ چار اور دو نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ ایک ایک گولی صبح شام نیم گرم دودھ کے ساتھ کھانے کے بعد دیں، صرف اکیس روز کافی ہے، سرعت رقت دور ہو کر سرعت انزال کا خاتمہ ہو جاتا ہے، جن لوگوں کو جماع سے پہلے قطرے آکر شہوت دم توڑ جاتی ہو ان کے لئے خصوصاً تحفہ ہے۔

حبِّ ملین: مصبر، ریوند عصارہ دس دس گرام، مصطگی کوئٹہ نصف گرام

☆ تمام ادویہ پیس لیں، اور مویز کی مدد سے چھوٹے چنے برابر گولیاں بنالیں، رات کو ایک تا دو گولیاں طبیعت کے مطابق گرم دودھ سے لیں، صبح کھل کر ایک اجابت ہو جائے گی، کسی قسم کا بل وغیرہ بھی نہیں پڑتا، قبض کے علاوہ بادی بواسیر کیلئے بھی مفید ہے، اس دوا کے ساتھ چار اور پانچ نمبر کی غذائیں دی جائیں گی۔

مرہم بواسیر: ویزلین سادہ ڈھائی سو گرام، کاربالک ایسڈ، ست پودینہ، کافور، ست اجوائن چھ چھ گرام، سرخ رنگ تیل والا حسبِ ضرورت

ویزلین کے علاہ سب اشیاء ایک گھنٹہ کھرل کر لیں ساتھ ہی حسب ضرورت رنگ بھی شامل کر لیں، اب ویزلین ملا کر شیشیوں میں بھر لیں، مقعد کی خارش، جلن اور خشکی کو دور کرتی ہے۔

ٹنکچر آئیوڈین دیسی: رس لیموں مقطر، سپرٹ پچاس پچاس گرام، مصبر بیس گرام، ہلدی دس گرام

☆ مصبر اور ہلدی کو رس لیموں میں اچھی طرح کھرل کریں جب اچھی طرح حل ہو جائے کپڑے سے چھان کر سپرٹ ملا دیں، زخم کیسا ہی کیوں نہ ہو تین بار لگانے سے ٹھیک ہو کر صحت ہو جاتی ہے۔

ست خمسہ: چرائتہ نیپالی، شاہترہ، دھماسہ، منڈی بوٹی، پوست نیم کی اندرونی سفید چھال سب نصف نصف گرام

☆ سب ادویہ سولہ کلو پانی میں بگھو دیں، تین دن پڑا رہنے دیں لیکن روز ہلاتے رہیں، چوتھے روز اتنا پکائیں کہ پانی آٹھ کلو رہ جائے، تین دن پڑا رہنے دیں برابر ہلاتے رہیں اب پھر اتنا

پکائیں کہ پانی چارکلورہ جائے،اب دودن بعد چھان لیں اوراس پانی کواتناپکائیں کہ گاڑھا سائرپ بن جائے،دھوپ میں رکھ کراتناخشک کرلیں کہ گولی باندھنے کے لائق ہوجائے اب بڑے چنے برابرگولیاں بنالیں۔

☆ہرقسم کانشہ چھڑانے میں اپنی مثال آپ ہے،یہاں تک کہ لوگ مارفین کے ٹیکے لگواتے ہیں وہ بھی ہفتہ عشرہ میں چھوٹ جاتے ہیں بارہاکی آزمودہ ہے۔

ترکیب استعمال: پہلے ہفتہ میں دودوگولیاں دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد پانی سے دیں،دوسرے ہفتے ایک ایک گولی تین مرتبہ دیں،تیسرے ہفتے صبح شام ایک ایک گولی دیں اور چوتھے ہفتے صرف ایک گولی روزانہ رات کودیں تونشہ کی قبیح عادت چھوٹ جاتی ہے اس دواکے ساتھ آٹھ اورایک نمبرکی غذائیں دی جائیں گی۔

السرین: ہلدی،ملٹھی،سونف،ریوند خطائی شوگرآف ملک پچاس پچاس گرام،ہائیڈراسٹس Q طاقت پچاس ملی لیٹر

شوگرآف ملک میں ہائیڈراسٹس ملالیں،نمی ابھی باقی ہوتوباقی ادویہ سفوف شدہ بھی ملالیں اور شیشے کی شیشی میں رکھیں،اس دواکے ساتھ چھ اور پانچ نمبرکی غذائیں دی جائیں گی۔

☆خونی قے،آنتوں کی شدید خشکی،اورورم میں بدرجہ غایت مفید ومجرب ہے،دوسے تین گرام دوا،عرق مکوکاسنی میں برابرپانی ملاکردیں۔

پٹی مجلوق: شہد چھوٹی مکھی پچاس گرام،ہیراہینگ بیس گرام،پارہ دس گرام

پارہ اورہینگ کواتناکھرل کریں کہ پارہ نابودہوجائے اب شہد ملاکرکھرل کریں،تیارہے۔

☆عضومخصوص کے دونوں طرف ہلکاسالیپ کردیں،اورکوئی کپڑاالپیٹ کراوپرالاسٹک سے

باندھ دیں، صبح نیم گرم پانی سے دھوڈالیں، تین چارروز بعد عضو پر کھرنڈ سابن جائے گا اس پر دیسی گھی لگانا شروع کردیں، تین حد چارروز بعد زخم بھر جائے گا، عضو کی کجی، کمزوری، اور انتشار کی کمی کیلئے مفید ہے، جن کو انتشار کامل نہیں ہوتا وہ جماع سے دس منٹ پہلے لیپ کر دیں اور پھر کپڑے سے صاف کر کے مشغول ہوں، کمال ہے۔

اکسیر پیچس: پھٹکڑی سفید سوختہ، سنگ دانہ مرغ سو سو گرام، مصطگی، شمع دس دس گرام ☆سب ادویہ پیس کر پانچ سو ملی گرام کے کیپسول بھر لیں، بوقت ضرورت صرف ایک کیپسول دیں، ہر کس و ناکس کو نہ دیں، صرف اس وقت دیں جب پیچس کسی دوا سے بند نہ ہوتے ہوں آپ کو معلوم ہے یہ مسک بھی ہے، یہ نہ ہو پیچس کا بہانہ ہو اور اصل مقصد کوئی اور ہو، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

غذا کی اہمیت

علاج کے دوران غذا کی بہت بڑی اہمیت ہے، یوں جانیے کہ علاج میں پچاس فیصد غذا کا رول ہے کہ جیسی غذا کھائیں گے خون و جسم میں ویسی ہی اثرات و تاثیرات پائی جائیں گی، علاج میں پچیس فیصد جسم کی ایمونٹی کام کرتی ہے اور پچیس فیصد دوا کا کام ہے، اگر ہم غذا درست تجویز کردیتے ہیں تو گویا پچاس اور پچیس کتنے ہوئے، پچھتر، تو پچھتر نمبر تو حکیم کے پاس ہیں تو پھر صحت کیسے نہیں ہوگی، اگر مریض بد پرہیز ہے تو حکیم کے پاس صرف پچیس نمبر ہیں صحت کس طرح حاصل ہوسکتی ہے اور بد پرہیز مریض، حکیم کا نام ڈبونے کیلئے کافی ہے میں ایسے بد پرہیز مریض کو کبھی بھی دوا نہیں دیا کرتا اسے کہتا ہوں بھائی صاحب کوئی اور دروازہ دیکھو۔

حصہ پنجم

حکیم و ڈاکٹر پروفیسر محمد اشرف شاکر

حکیم ملک محمد عارف قادری کے نسخے مجرب ہیں 0321-9432081

اوجاعی جدید: نمک مدار، نمک حنظل، ملک شوگر ہر ایک سو گرام، آب زقوم مقطر بیس گرام، ایکسٹریکٹ کالچیکم چائنا دس گرام، سب دوائیں پیس لیں، اس دوا کے ساتھ چار سے ایک نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ پانچ سو ملی گرام سے ایک گرام تک حسب عمر تازہ پانی سے بعد از غذا تین مرتبہ دیں، سردی کے بخار کے علاوہ ہمہ اقسام دردوں کو مفید ہے۔

روغن مبارک: روغن زیتون خالص ڈھائی سو گرام، کلونجی، تخم میتھی ہر ایک بیس گرام، دونوں ادویہ روغن زیتون میں ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں، جب جلنے لگے ٹھنڈا کر کے چھان کر محفوظ کر لیجئے، اس دوا کے ساتھ چار نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

☆ فالج، لقوہ، عرق النساء، اور ریاحی دردوں کیلئے مفید ہے، اگر کم سنائی دیتا ہو تو رات کو روزانہ ایک قطرہ کان میں ڈالیں، اچھا سننے لگے گا۔

حبِّ مہزل: سورنجاں شیریں، مگھاں، سنڈھ، تخم حنظل، مویز منقیٰ سب ادویہ برابر

☆ اول چار ادویہ کو پیس لیں، اور مویز کی مدد سے بڑے چنے برابر گولیاں بنالیں، ایک گولی صبح شام کھانے کے بعد عرق سونف، عرق گلاب پچاس گرام سے دیں، توند نکلنے اور موٹاپے کو مفید ہے، استسقاء ذقی کو فائدہ مند ہے، اس علامت کیلئے اس کے ساتھ ہی صبح شام کھانے سے پہلے ایک گرام مفرح ضرور دیں، اس دوا کے ساتھ چار نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

اکسیر BP:

چینی،سوڈیم بائی کاربونیٹ سوسوگرام،اسرول بیس گرام،امرت دھارا پانچ گرام
سب ادویہ اچھی طرح پیس کر ملالیں اور نصف سے ایک گرام دوا کھانے کے بعد تین مرتبہ دن میں پانی سے دیں،جو مریض عرصہ دراز سے سینے کی جلن،وہم،وسوسہ،اور ایلو پیتھی دوا سے متنفر ہوں وہ اس میں تین حصے سفوف صحت Ss ملا کر کھائیں پہلی پڑیا ہی جادو اثر ثابت ہوگی،تجربہ شرط ہے،غذاؤں میں چار نمبر سے لے کر چھ نمبر تک استعمال کریں،چار نمبر کی غذائیں ہفتہ میں صرف ایک روز کھائیں گے۔

اکسیر اٹھرا:

سونف،گل کیکر سوسوگرام،سنگجراح پچاس گرام،الائچی بڑی اور پتھری کوئلہ پچیس پچیس گرام،کشتہ مروارید ایک گرام۔
پتھری کوئلہ کو اول اچھے طریقہ سے سرمہ ساں کرلیں،بعد میں باقی ادویہ بھی اچھی طرح پیس کر ملالیں،ادویہ جتنی باریک ہوں گی اتنا ہی فائدہ بڑھ جائے گا،حمل کے پہلے پندرہ روز تین گرام دوا صبح شام خلوئے معدہ،اور پھر تیسرے ماہ کے پہلے دو ہفتے،اسی طرح ساتویں ماہ کے پہلے پندرہ روز دوا کا استعمال ہے،اللہ تعالیٰ ﷻ نہایت مہربان ہے،امید قوی ہے کہ اولاد نرینہ ہی ہوگی،باقی اس کے کام وہی جانے،شروع سے لے کر آخر بچے کی پیدائش تک غذائیں پانچ نمبر سے ایک نمبر تک کھائیں،غذاؤں کا شیڈول کتاب کے آخر پر ملاحظہ فرمائیں۔

اکسیر گردہ:

سناء مکھر ساٹھ گرام، ریوند خطائی، اندر جو شیریں، کبابہ، قلمی شورہ، زیرہ سفید، الائچی کلاں سب پچاس پچاس گرام، چینی ایک کلو دو سو گرام

سب ادویہ اچھی طرح صاف کر کے پیس لیں اور چھ گرام دوا، تین مرتبہ دن میں تازہ پانی سے کھلائیں، جن مریضوں کو گردے واش کرنے کا کہا گیا ہو، ان کا کریٹنن لیول کم کر کے گردے کو فعال کرتی ہے، گردوں کی سوزش کیلئے مفید ہے اور استسقاء ذقی کیلئے مفید و مجرب ہے، کئی مرتبہ کی آزمائی ہوئی ہے، غذاؤں میں پانچ اور چھ نمبر کی تجویز کریں، سالن میں مرچ مصالحہ جات نہایت کم رکھیں اور تمام چکنائیاں منع کر دیں، نمک کی مقدار بھی نہایت ہی کم ہو یعنی نہ ہونے کے برابر۔

اکسیر پیچس:

سنگ دانہ مرغ، پھٹکڑی سوختہ سو سو گرام، مصطگی رومی خالص بیس گرام، شمع (افیون) دس گرام

سب ادویہ اچھی طرح کھرل کر کے ملالیں اور 500mg کے کیپسول بھر لیں جو پیچس کسی دوا سے بھی نہ رکتے ہین اس کا صرف ایک کیپسول مسیحائی دکھاتا ہے، ہیضہ میں نہیں دیں گے کیونکہ وہاں تو تعفن دور کرنا ہوتا ہے، دست بند نہیں کرنے ہوتے، اس دوا کے دوران غذائیں آٹھ نمبر دیں گے۔

نرینہ پلز:

کشتہ مروارید، تخم بھنگ، قند سیاہ کہنہ، تین تین گرام، مور پنکھ تین عدد

مور پنکھ کی اندرونی ٹکیہ باریک باریک کاٹ لیں اور اسے اچھی طرح کھرل کرلیں بعد میں باقی ادویہ الگ الگ کھرل کر کے ملا لیں اور زیرو نمبر کے کیپسول بھر لیں یہ پچیس ہوں گے، حمل کے تیسویں ہفتے سے روزانہ صبح نہار ایک کیپسول دودھ سے دیں، اور بعد میں مربہ آملہ پانچ دانے دھو کر کھلائیں، آملہ چھوٹا والا دیسی لینا ہے، فارمی کے اثرات کم ہوتے ہیں، غذاؤں میں دو، تین اور چار نمبر سے پرہیز کرائیں، مراد پائیں گے، اس دوا میں صاحب نسخہ نے ہاتھی دانت بھی شامل کیا ہوا تھا جو مکروہ تحریمی ہے میں نے نکال دیا ہے، اس کے بغیر بھی نسخہ کام کرے گا انشاءاللہ تعالیٰ

آئی ڈراپس:

قلمی شورہ، نوشادر ٹھیکری، سہاگہ سفید سب دس دس گرام، پانی سات سو پچاس گرام
تمام دوائیں پیس کر پانی میں ڈال کر پکائیں، ٹھنڈا ہونے پر فلٹر پیپر سے فلٹر کرلیں، دو دو قطرے رات کو سوتے ہوئے آنکھوں میں ڈالیں، دھند، جالا، ابتدائی موتیا سفید کو مفید ہے، نظام ہضم کا خصوصی خیال رکھیں۔

اکسیر باہ:

مالکنگنی بیس گرام، پلاس پاپڑہ، تخم سرس، دس دس گرام، شیر برگد پچاس گرام
سب ادویہ بارک سفوف کر کے شیر برگد میں گوندھ کر نخودی گولیاں بنالیں اور رات کو دو گولیاں نیم گرم دودھ سے لیں، سرعت، رقت کو دور کرتی ہیں، مادہ منویہ میں غلاظت پیدا کر کے انتشار کو بڑھانے والی ہیں، محرک غذاؤں سے پرہیز کریں، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

طلاء فربہ: مرکیورک ریڈ اوکسائیڈ دس گرام، ویزلین سادہ دوسو گرام

دونوں ادویہ اچھی طرح سے ملالیں، کھرل کریں گے تو یک جان ہو جائیں گی بس طلاء فربہ تیار ہے وقت خاص سے چالیس منٹ پہلے ڈھائی سو ملی گرام عضو پر مالش کر دیں، پھر....

اطفالی: کیمومیلا، ایکونائٹ، بیلاڈونا، کلکیر یا فاس سب تیس طاقت میں ایک شیشی میں ملا کر رکھ لیں تین ماہ تک کے بچوں کی اکثر امراض میں مفید پایا ہے، پانچ قطرے پانی کے ایک چمچ میں ملا کر تین سے چار مرتبہ دن میں پلا دیں۔

نرینی: سفلیئم ایک ہزار طاقت دس قطرے ہر چھ گھنٹے بعد خالی معدہ مرد کو دیں، پندرہ روز بعد یہ دوا پچاس ہزار طاقت دہرا دیں

اب حیض بند ہونے کے تین روز بعد جماع کریں، پھر چار روز بعد اور پھر دس روز بعد کریں، حمل ہو جانے پر عورت کو سفلیئم ایک ہزار طاقت پانچ قطرے، ایک ماہ بعد پھر پانچ قطرے، پھر پانچ ماہ بعد پانچ قطرے اسی دوا کے دن میں صرف ایک بار دیں، غذاؤں میں دو، تین اور چار نمبر سے پرہیز ہے باقی سب کھلائیں۔

نوٹ: بچہ پیدا ہونے کے بعد اگر اسے پچس لگ جائیں تو سفلیئم تیس طاقت کی دوا کے دو تین قطرے پانی میں ملا کر بچے کو پلا دیں۔

حکیم وسیم سجاد آفندی، خالد شاہ چوک بازار حکیماں سانده خورد 03004516881



حکیم عبدالقیوم صمدانی قادری کراچی

مدیر: قلمی شورہ، ریوند چینی سوسوگرام، جوکھار ستر گرام زیرہ سفید پچاس گرام

سب ادویہ پیس لیں اور چھ گرام دوا کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد پانی سے، شربت بزوری سے، کچی لسی سے دیں، عرق کاسنی، عرق گاؤزبان پچاس گرام سے دیں۔

☆پیشاب کی جلن، گردوں سے ریت آنا، سوزاک کا ابتدائی درجہ، گردوں سے لے کر پیشاب کی نالی تک کو بالکل صاف کر کے فعال کر دیتی ہے، عورتوں میں قاذفین کی سوزش، ورم کی وجہ سے جب حیض کے وقت درد ہوتو فائدہ مند ہے اور رحم کے چھوٹے موٹے نقص دور کر کے عورت کو صاحب اولاد کرنے والی دوا ہے، ایک سمجھ دار حکیم اسے کئی علامات میں فائدہ اٹھا سکتا ہے، اس دوا کے ساتھ پانچ اور چھ نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

مرہم ٹھنڈک: لوبان کوڑیا سوگرام، روغن کنجد دوسوگرام

لوبان کوڑیا کو خوب باریک پیس لیں کہ رڑک نہ رہے، اب ایک بڑے برتن میں ڈال کر ساتھ ہی روغن کنجد ڈال دیں، اور حسب ضرورت پانی ڈال کر دونوں ہاتھوں سے ملنا شروع کر دیں، یعنی دھوئیں، جب اچھی طرح دھل جائے تو کچھ دیر پڑا رہنے دیں، تا کہ لوبان کی گاد تہہ نشین ہو جائے، اب اوپر کا نتھرا ہوا پانی گرا دیں اور دوبارہ نیا پانی ڈال کر پھر سے دھوئیں اور کچھ دیر پڑا رہنے دیں، اب پھر سے نتھرا ہوا پانی گرا دیں اور یہ عمل سات مرتبہ کرنا ہے، آخری بار یہ مرہم کسی شیشے کے جار میں سنبھال کر رکھیں۔

☆اگر جسم کا کوئی حصہ آگ سے جل جائے یا استری وغیرہ سے جل جائے تو یہ مرہم لگانے سے فوراً ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے، اور جلے ہوئے کا زخم بہت جلد ٹھیک ہو کر مثل سابق طبعی کے

ہو جاتی ہے، یاد رہے کہ برنول یا کوئی اور مرہم لگانے سے زخم میں ٹھنڈک نہیں پڑتی، بلکہ جلن بڑھ جاتی ہے بلکہ اگر سینہ آگ کی لپیٹ میں آ گیا ہو تو سوختہ شخص اس گرمی کی تاب نہ لا کر راہی ملک عدم ہو جاتا ہے، مگر یہ مرہم اپنا ثانی نہیں رکھتا، بنائیں اور فائدہ حاصل کریں یہ مرہم ہر گھر میں ہونا چاہئے۔

سفوف ماسکتہ البول: کندر خالص دس گرام، راکھ پوست ببول پچاس گرام دونوں ادویہ کو اچھی طرح سفوف کر لیں اور ایک گرام دوا صبح شام پانی سے دیں۔

☆ اعصابی تحریک سے ہونے والے کثرت بول و سردی مثانہ کیلئے مفید ہے، سستا اور آسان نسخہ ہے بنا کر فائدہ حاصل کریں، اس دوا کے ساتھ آٹھ اور ایک نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

ناک کا بد گوشت: کافور چائنا ٹکیہ والی تین گرام، نوشادر قلمی ایک گرام، چار پہر اچھے سے کھرل کر کے کسی شیشے کے جار میں محفوظ کر لیں۔


☆ صبح شام اپنی چھنگلیا سے نتھنوں میں یہ سفوف لگائیں اور فائدہ حاصل کریں، مگر یاد رہے کہ اس دوا کے کثرت استعمال سے خون بھی آ جایا کرتا ہے، اس دوران اس کا لگانا ملتوی کر دیں، انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ بند ناک کھل جائے گی، خوردنی طور پر فارما کوپیا کی جدید چار (قشری اعصابی جدید) استعمال کروائیں انشاء اللہ تعالیٰ ﷻ بند ناک کھل جائے گی اور اپریشن کی نوبت نہیں آئے گی، اس دوا کے ساتھ پانچ اور چھ نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

طلائے مجلوق: لوبان کوڑیا پچاس گرام، اول تیل تل دو سو پچاس گرام، میں ڈال کر آگ پر رکھیں آگ نرم ہو پہلے تیل سرخی اختیار کر جائے گا پھر سیاہ ہو جائے گا، اس وقت

خراطین پچاس گرام پسے ہوئے ڈال دیں جب یہ بھی سیاہ ہو جائیں تو اب آگ سے اتار لیں اور چھان کر شیشی میں محفوظ فرما لیجئے رات کو سوتے وقت اس تیل سے کپڑا تر کر کے عضو مخصوص پر لپیٹ کر اوپر ربڑ بینڈ چڑھا دیں اور صبح کھول کر نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں، مجلوق کیلئے بہت مفید ہے اگر بچپن کی غلط کاریوں کی وجہ سے گڑھا پڑ گیا ہو یا استرخاء واقع ہو گیا ہو تو یہ طلاء نہایت مفید ہے، اس دوران محرک غذاؤں سے پرہیز کریں۔

درد دنداں: ہر حکیم کیلئے ضروری ہے کہ کوئی ایک دوا مخلوق خدا کی خدمت کیلئے مفت رکھے تو یہ نسخہ حاضر خدمت ہے، ساتوں قسم کے نمک اور لونگ برابر وزن کوٹ پیس کر رکھیں اور منجن کے طور پر دن میں دو مرتبہ دانتوں اور مسوڑھوں پر ملیں اور منہ کو ڈھیلا چھوڑ دیں، رال بہنے دیں، کلی نہ کریں، دانت درد دور ہو جائے گا، بنائیں اور خلق کی فی سبیل اللہ خدمت کریں، یہ نسخہ بغیر قرنفل (لونگ) کے بھی بنایا جا سکتا ہے، یاد رہے دانتوں کے امراض معدہ کی خرابی اور مسواک نہ کرنے سے پیدا ہوتے ہیں۔

بال جھڑنا: تخم ستیاناسی پچاس گرام، روغن سرشف (تیل سرسوں) دو سو پچاس گرام تخم ستیاناسی کو جوکوب کر لیں اور ایک کڑاہی میں تیل اور یہ سفوف ہلکی آنچ پر پکنے کیلئے رکھ دیں جب دوا میں ابال آنا شروع ہو جائے تو آگ سے اتار لیں، یعنی جلنے نہ دیں، اب اس تیل کو پندرہ روز کیلئے دھوپ میں رکھ دیں اور چھان کر سر میں لگائیں، انشاءاللہ الصمد سر کے جھڑے ہوئے بال دوبارہ اُگ آئیں گے، جن مردوں میں پیشانی کے دونوں طرف کے بال جھڑ گئے ہوں وہ بھی اُگ آئیں گے، اس دوا کے ساتھ چار، پانچ اور چھ نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔



ٹانسلائٹس: مغز کنول گٹہ، بادیان، پوست انار ہر ایک پچاس گرام، کوزہ مصری ہم وزن ادویہ پیس کر رکھ لیں۔

تین گرام دوا ہر چھ گھنٹے بعد منرل واٹر یا ابلے ہوئے پانی سے دیں، خوشذائقہ ہونے کی وجہ سے بچے بھی بڑے شوق سے کھا لیتے ہیں، اچھی دوا ہے بنا کر خلق کو سکھ پہنچائیں۔

شوگر کے زخم: پنسلین پاؤڈر دو شیشی، سیپٹران تین گولی، سیپٹران پیس کر پینسلین میں ملا لیں، سادہ ویزلین میں ملا کر شوگر کے زخموں پر لگائیں اس مرہم کی بڑی تعریف سنی ہے۔

السرین: کچے کیلے حسب ضرورت لے لیں، اوپر کا چھلکا اتار کر پھینک دیں، اب چھری سے اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹ کر ایک رسی میں پرو دیں اور کسی کیل سے ٹانگ دیں جب خشک ہو جائیں تو پیس لیں، السرین تیار ہے۔

سینے کی جلن، معدے کی جلن، السر معدہ کیلئے مفید و مجرب ہے، نیم گرم دودھ سے تین گرام دوا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دیں، نسخہ گو معمولی ہے لیکن افادیت کے لحاظ سے اس کا جواب ہی نہیں ہے ایک مرتبہ بنائیں تو سہی، اس دوا کے ساتھ پانچ اور چھ نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

آرتھری پلس +R3: فارما کوپیا کا نسخہ آرتھری بنائیں اور اس سے تیسرا حصہ ست گلو خالص شامل کریں اور زیرو نمبر کا کیپسول کھانے کے بعد دن میں تین مرتبہ شربت بزوری سے دیں۔

سوزش و ورم جگر، یرقان اصفر، ہیپاٹائٹس بی، پیشاب کی جلن، گردوں کی سوزش ورم میں مفید ہے، اس دوا کے ساتھ پانچ اور چھ نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

حملین: ذبح شدہ حلال جانور کا چمڑا خشک کر کے جلا لیں اور اس کے ہموزن پوست بیخ برگ الگ سے پیس چھان کر ملا لیں۔

عورت کو بعد از فراغت حیض ایک گرام کی مقدار میں تین وقت دن میں کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے شربت بزوری بارد سے کھلا دیں صرف دس دن کا کورس ہے، مراد پوری ہوگی، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

شربت اکسیر جگر: میگنیشیا سالٹ دوسو گرام، ہیرا کسیس، جوکھار، نوشادر، قلمی شورہ، پتری فولاد، بارہ بارہ گرام، سبز کونین تین گرام

سب ادویہ نیم گرم پانی میں حل کر لیں اور تین کلو چینی میں شربت پکا لیں، تین چمچ تین مرتبہ دن میں عرق کاسنی پچاس گرام میں ڈال کر پئیں، اس دوا کے ساتھ پانچ اور چھ نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

منہ کا ذائقہ کڑوا ہو، سوزش و ورم جگر، ہیپا ٹائٹس اے، بی کیلئے مفید و مجرب ہے۔

تنگی فم رحم: کبھی رحم کے منہ کے آگے بدگوشت آجاتا ہے اور رحم کا منہ بند ہو کر نطفہ قرار نہیں پاتا اس وقت سیاہ گلیسریں لے لیں اور اس میں روئی کی بتی سی بنا کر گلیسرین میں لتھیڑ کر کسی قبل دایہ سے رحم کے اندر رکھوائیں، تین روز کافی ہے، بدگوشت دور ہو کر اولاد جیسی نعمت مل جائے گی، لیکن اس کے استعمال سے کچھ درد ہوتی ہے اور کچھ رسوب رحم سے خارج ہوں گے، گھبرانا نہیں ہے بلکہ عورت کو بتانا نہیں ہے کہ درد ہوگی، بس برداشت کر لے گی تو مراد پوری ہوگی، یہ جو اندر سے بدگوشت دور ہوا تھا اس کا زخم خود بخود ہی تین چار روز میں مندمل ہو جاتا ہے، یاد ہے دایہ قابل ہونی چاہئے۔

حکیم عبدالقیوم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر نمبر 9 بلاک E مکان نمبر 364 کراچی 03213793820

سفوف خارش: لال کمیلہ، تخم السی، پھٹکری سفید، گندھک آملہ سار، سہاگہ سفید سب ادویہ ہموزن، پیس کر سرسوں کے تیل کی مدد سے مقام متاثرہ پر لگائیں، خارش کے علاوہ داد، چنبل میں بھی مفید پایا، اس دوا کے ساتھ پانچ اور چھ نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

سفوف ھاضم: زیرہ سفید سو گرام، سنڈھ، سیندھا نمک، کالا نمک، مرچ سیاہ، ست لیموں سب پچاس پچاس گرام کے کر پیس لیں، اس دوا کے ساتھ چار پانچ اور چھ نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

جلن معدہ و مری، گیس اور ضعف ہضم کی وجہ سے درد سر کو مفید پایا۔

جوشاندہ حمی: عناب، تخم تلسی یا تخم نیاز بو، خوب کلاں، گلو، پیپل، مویز منقی سب برابر وزن جوکوب کر لیں اور کھانے والا چمچ ایک بڑے کپ پانی میں جوش دے کر پئیں ہمہ اقسام بخار میں مفید پایا، اس دوا کے ساتھ پانچ اور چھ نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

سفوف شہنشاہی: ثعلب پنجہ، موصلی سفید، موصلی سفید، ستاور، ثعلب پنجہ، شقاقل مصری، دار چینی، طباشیر، مصطگی رومی، کرفس، تالمکھانہ، عقرقرحا، گوند کیکر، خولنجاں، سنگھاڑا، بیج بند، اسگندھ، بداری قند، چھوٹی الائچی، اسبغول، تخم ریحاں، اجوائن خراسانی سب پچاس پچاس گرام، کوزہ مصری نصف کلو سب ادویہ پیس لیں۔

سات گرام صبح شام خلوئے معدہ نیم گرم دودھ سے دیں، سرعت، رقت، جریان، احتلام، اور جسم کی کمزوری، قوت باہ کے بڑھانے میں مفید پایا، اس دوا کے ساتھ پانچ اور چھ نمبر تک کی غذائیں دیں

پروفیسر حکیم وڈاکٹر محمد اسحاق سلطان

1: کشتہ صدف مروارید، اسرول برابروزن الا الگ پیس کر ملا لیں، ایک گرام صبح شام کھانے کے بعد پانی سے دیں

صفراء کی زیادتی سے ہونے والی چھپا کی کیلئے مجرب و آزمودہ ہے، غذائیں پانچ، چھ اور ایک نمبر کی دیں، سالن کم مقدار اور مرچ مصالحہ بھی نہایت کم ہونا چاہئے۔

2: پارہ، سکہ، قلعی دس دس گرام... سرد چینی، تج سک، الا پچی سبز، طباشیر بیس بیس گرام

اول تین دھاتوں کو چھلبند کر لیں ٹھنڈا ہونے پر باریک سفوف کر لیں، کپڑ چھان کر لینا چاہئے پھر آخر الذکر ادویہ کا سفوف بنا کر کے سب ادویہ اچھے سے ملا لیں، صبح شام دودھ اور دہی کی لسی سے پانچ سو ملی گرام دیں صرف آٹھ روز کا کورس ہے، غذائیں پانچ نمبر سے لے کر ایک نمبر تک دیں، غذاؤں کا چارٹ کتاب کے آخر میں دیکھئے۔

3: کشتہ سنکھ، پوست سنبلو، ہلدی سب برابروزن الگ الگ پیس کر ملا لیں، ایک گرام خوراک صبح شام کھانے کے بعد تازہ پانی سے دیں۔

چھاتی کا کینسر، غدہ مذی کا بڑھ جانا اور تھائرائیڈ کے بڑھنے کو مفید ہے، غذائیں قشری اعصابی دیں گے، پانی تازہ نلکے کا پئیں گے، ٹھنڈے مشروبات منع ہیں۔

4: کشتہ سنکھ ڈھائی سو ملی گرام، کشتہ حجر الیہود سوا سو ملی گرام، آرسینک نمبر دو ساٹھ ملی گرام، یہ ایک خوراک ہے صبح ناشتہ کے فوراً بعد شربت بزوری بارد سے دیں۔

گردوں کی سوزش، ورم اور پتھری کیلئے مفید ہے، غذائیں بترتیب چھ، پانچ اور چار نمبر کی دیں

آرسینک نمبر دو: سنکھیا بلوری دس گرام، طباشیر بارہ گرام، چینی بارہ گرام، سب ادویہ اچھی طرح کم از کم چھ گھنٹے کھرل کریں، یہ آرسینک نمبر ایک ہے شیشی میں سنبھال کر رکھ

لیں اوراس پرنمبرایک کا لیبل لگا کررکھ لیں یہ بنیاد ہے اب اس میں سے دس گرام لے کرچینی پندرہ گرام،طباشیر پندرہ گرام چھ گھنٹے کھرل کریں یہ دو نمبر آرسینک ہے،یہی نسخہ میں استعمال ہوگا،اس نسخہ کے علاوہ بھی اس کے بے شمار مصارف ہیں جو ایک سمجھ دار طبیب ہی استعمال میں لاسکتا ہے،ضروری بات یہ ہے کہ یہ دوا کھانے کے درمیان یا فوراً بعد لینی چاہئے۔

5: قشری اعصابی شدید دوگرام میں کشتہ بارہ سنگا سوا سو ملی گرام،یہ ایک خوراک ہے،صبح شام اتنی ہی کھانے کے بعد ادرک کے قہوہ میں شہد ملا کر دیں،گڑ بھی ملا سکتے ہیں،شوگر کے مریض میٹھا نہیں ملائیں گے،یہ دوا ٹرائی گلیسرائیڈ کیلئے مفید ہے اور عورتوں میں فائبرائیڈ رسولیوں کا بھی قلع قمع کرتی ہے،اس کے ساتھ چار نمبر غذائیں دی جائیں گی۔

6: صبح شام اجمودی آدی چورن،دوپہر اور رات مہایوگراج گوگل دو دو گرام کھانے کے بعد پانی سے دیں،غذائیں پانچ اور چھ نمبر دیں گے۔

یورک ایسڈ کے بڑھنے اور اسی وجہ سے جوڑوں کے درد کیلئے مفید ہے۔

اجمودی آدی چورن: اجمود،باؤبڑنگ،سیندھا نمک،برادہ دیودار،پوست چترک،پپلا مول،سونف،فلفل دراز،فلفل سیاہ دس دس گرام،پوست ہلیلہ زرد پچاس گرام،بدھارا،زنجبیل سو سو گرام سب ادویہ صاف کر کے پیس لیں،ایک سے دو گرام دوا دیں۔

مہایوگراج گوگل: زنجبیل،فلفل دراز،پپلا مول،پوست بیخ چترا،زیرہ سیاہ،زیرہ سفید،سرسوں سفید،اجمود،ہینگ بریاں خالص،تخم سنبھالو،باؤبڑنگ،اندر جو،پاڑھ،گج پیپل،کٹکی،اتیس،ورچ،پہاررنگی،مروڑ پھلی سب دس دس گرام،ان سب ادویہ کے برابر ترپھلہ،سب دوائیں اچھی طرح پیس کر رکھ لیں،اور اب ان سب ادویہ کے برابر گوگل مصفّٰی کر کے ان ادویہ میں ملا کر ڈھائی سو ملی گرام کی گولیاں بنا لیں،بلغمی اور ریاحی امراض کیلئے رسائن

ہے، ماہر طبیب اسے کئی دوسری علامات میں بھی استعمال کرسکتا ہے،اس دوا کے ساتھ چار غذائیں دی جائیں گی۔

7: صبح خالی معدہ کشتہ مرجان جواہر دار ڈھائی سو ملی گرام،خمیرہ گاؤزبان عنبری چھ گرام میں ملا کردیں اور رات کو اطریفل کبیر چھ گرام دیں۔

جونیات منویہ کی تعداد بڑھانے کیلئے کسی اکسیر سے کم نہیں،غذائیں پانچ نمبر سے لے کر ایک نمبر تک دیں۔

کشتہ مرجان جواہر دار: شاخ مرجان خالص بیس گرام،صدف صادق مروارید ی، یاقوت سرخ پانچ پانچ گرام،عقیق سرخ،زمرد،یشب دس دس گرام،ورق نقرہ چھ گرام،ورق طلاء دوسو پچاس ملی گرام،عرق گلاب دوسو ملی لیٹر،اپلے دس کلو سب ادویہ عرق گلاب میں پیس کر دس دس گرام کی ٹکیاں بنا کر گڑھے میں دس کلو کی آگ دیں،صبح نکال کر پیس لیں۔

اطریفل کبیر: آملہ خشک،بہیڑہ،ہلیلہ زرد،پیپل کلاں،فلفل سیاہ،ہلیلہ سیاہ،سب پندرہ پندرہ گرام،اندرجو شیریں،بوزیدان،بہمن سرخ،بہمن سفید،خشخاش،تل سفید،تودری سرخ،جلوتری،چیتا،حب قلقل،زنجبیل،شقاقل مصری،سب سات سات گرام،گھی دوسو گرام،ترنجبین خراسانی نوسو گرام،شکر سفید پانچ کلو پانچ سو گرام،ست لیموں چھ گرام

اول تمام ادویہ کو پیس کر گھی ڈال کر ہاتھوں سے مسلیں تاکہ چرب ہو جائیں،اب ترنجبین میں پانچ کلو پانی ڈال کر جوش دیں تاکہ اچھی طرح گھل جائے،آگ سے نیچے اتار کر رکھیں نیم گرم کو دوسرے برتن میں احتیاط سے انڈیل لیں،نیچے تہہ نشیں گاد کو پھینک دیں،اب چینی ڈال کر ساتھ ہی ست لیموں ڈال دیں اور شربت کے قوام پر پکالیں،ٹھنڈا ہونے پر پسی ہوئی چرب شدہ ادویہ کو تھوڑا تھوڑا ملاتے جائیں اور ڈابی سے گھوٹنے کے انداز میں ہلاتے جائیں

جب تمام دوا ملا چکیں تو اطریفل تیار ہے، دس گرام اطریفل سوتے ہوئے نیم گرم دودھ سے یا فقط پانی سے لیں۔

8: کشتہ سنکھ ڈھائی سو ملی گرام، آرسینک نمبر دو سو ساٹھ ملی گرام، جواہر مہرہ دو چاول، یہ ایک خوراک ہے صبح شام کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے دیں۔

کمر درد اور مہروں کی درد کیلئے مفید ہے، اس دوا کے ساتھ چار نمبر غذائیں دی جائیں گی۔

جواہر مہرہ: زہر مہرہ خطائی بیس گرام، مروارید ناسفتہ، بُسد، کہرباء شمعی، لاجورد مغسول، یاقوت سرخ، یاقوت کبود، یاقوت اصفر، یشب سبز، زمرد، عقیق سرخ، ورق نقرہ، مصطگی ہر ایک سات سات گرام، ورق طلاء، جدوار خطائی، نارجیل درائی، عنبر اشہب، مشک، مومیائی، سب تین تین گرام، سب ادویہ الگ الگ کھرل کریں اور پھر نصف بوتل عرق گلاب میں مبالغہ کی حد تک کھرل کریں خشک ہو جائے تو مزید ایک گھنٹہ کھرل کرلیں دوا تیار ہے، دو تا چار چاول اس کی خوراک ہے جو کسی جوارش یا خمیرہ وغیرہ میں رکھ کر کھلائیں، اس دوا کے ساتھ چھ سے ایک نمبر تک کی غذائیں دی جائیں گی۔

آرسینک نمبر دو: نسخہ نمبر چار میں دیکھئے

بون کینسر BC: سنڈھ، اسگندھ، سونجان شیریں سو سو گرام، فلفل سیاہ پچاس گرام، سب ادویہ پیس کر زیرو نمبر کے کیپسول بھرلیں۔

جب قشری کینسر میں ہڈی کے اندر تک درد ہو تو ہر پندرہ منٹ بعد ایک ایک کیپسول پانی سے دیں چوتھے پانچویں کیپسول تک درد رک جاتی ہے، اب وقفہ چار گھنٹے کر دیں، اور اصل علاج جاری رکھیں، اس دوران غذائیں بھی قشری اعصابی رکھیں گے، اس کے علاوہ یہی نسخہ ٹرائی گلیسرائیڈ کے بڑھ جانے کیلئے بھی مفید ہے۔



سلطان ہربل ریسرچ سینٹر پاکستان منٹ آخری بس سٹاپ ریاض احمد روڈ شالیمار ٹاؤن باغبانپورہ لاہور 0322 4797414

☆☆☆☆☆

حکیم وڈاکٹر پروفیسر **محمد اشرف** شاکر 29/B وارث کالونی وحدت روڈ لاہور

ٹھنڈک: سرد چینی، الائچی سفید، کوزہ مصری سب دو دو سو گرام، بہی دانہ، طباشیر بانسی سو سو گرام، سب ادویہ پیس لیں تین گرام دوا دو مرتبہ دن میں کھانے سے گھنٹہ پہلے تازہ پانی یا شربت بزوری بارد سے دیں۔

سالہاسال پرانا کیرہ، گھبراہٹ، دمہ قلبی کیلئے مفید ہے، غذائیں پانچ نمبر سے ایک نمبر تک

مقوی باہ گولیاں (MBG): اذراقی مدبر، حرمل سو سو گرام، تخم میتھی، لونگ ہر ایک پچاس گرام، سب دوائیں پیس کر ملالیں، مشین سے گیارہ نمبر کی گولیاں بنوالیں، ایک سے دو گولیاں صبح شام نیم گرم دودھ سے کھانے کے بعد دیں۔

ٹمٹماتی ہوئی لو کو بڑھکاتی ہیں گویا عمر رسیدہ اشخاص کیلئے قوت باہ بڑھانے کیلئے دی جاتی ہیں غذائیں چار نمبر، ایک نمبر اور دو نمبر بترتیب دیں۔

اکسیر جگر 16: ریوند خطائی، قلمی شورہ تیس تیس گرام، نوشادر ٹھیکری، سہاگہ سفید بیس بیس گرام، فولاد پتری عمدہ دس گرام سب ادویہ پیس لیں، اور دو گرام دوا کھانے کے بعد تازہ پانی یا عرق مکو کاسنی سے، یا شربت بزوری بارد سے دیں، غذائیں پانچ اور چھ نمبر دیں۔

جیسا کہ نام سے ہی ظاہر ہے جگر کے گرم امراض میں مفید ہے، جگر کی سوزش ورم کیلئے اور جب جگر پر چربی چڑھ جائے تو دی جائے، اس دوا کے ساتھ پانچ اور چھ نمبر تک کی غذائیں

دی جائیں گی۔

عیلکی: ہلیلہ سیاہ ڈھائی کلو، جمالگوٹہ ساٹھ گرام، دونوں ادویہ مشین سے پسوا کر دس نمبر کی گولیاں بنوا لیجئے، اور بوقت ضرورت ایک سے دو گولیاں نیم گرم دودھ سے دیں۔
مقوی باہ ہونے کے علاوہ قبض دور کرتی ہیں، قبض دور ہونے کے بعد ضعف نہیں ہونے دیتیں بلکہ شخص چاک و چوبند رہتا ہے، کسی قسم کا کوئی مابعد اثرات نہیں، غذائیں چار اور دو نمبر دیں۔

حبِّ کینسر HC: ہلدی سو گرام، پھٹکڑی، نمک سیاہ پانچ پانچ گرام، تینوں دوائیں پیس لیں اور زیرو نمبر کے کیپسول بھر لیں، قشری عضلاتی کینسر کیلئے مفید ہے، غذائیں پانچ اور چھ نمبر دی جائیں گی، تمام چکنائیوں سے پرہیز کرائیں، صرف بالائی اترا ہوا دودھ اجازت ہے جتنے بھی اندرونی زخم ہوتے ہیں وہ کینسر کی شکل میں تبدیل ہو جاتے ہیں، ابتدائی درجہ میں اس دوا کو نہ بھولئے۔

طلاءِ مقوی: روغن زیتون سو گرام، تری لہسن دو عدد، مغز جائفل تیس گرام، جونک، لونگ دس دس گرام، آئیوڈکس ایک شیشی، آئیوڈکس کے علاوہ سب دوائیں جوکوب کرلیں اور روغن زیتون میں پکائیں، جب براؤن ہو جائیں جلنے نہ پائیں تب آگ سے اتار لیں اور ٹھنڈا ہونے پر کھرل کریں اور چھان کر اب اس میں آئیوڈکس شیشی سے نکال کر کھرل کی مدد سے اچھی طرح ملا لیں تیار ہے، بوقت ضرورت پانچ چھ قطرے عضو خاص پر اچھی طرح مالش کر کے اوپر ٹشو پیپر لپیٹ کر ربڑ بینڈ چڑھا دیں اور صبح کھول کر نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں، بچپن کی غلط کاریوں کے سبب، کجی، لاغری کو مفید ہے اور سختی بھی لاتا ہے لیکن اس کے ساتھ کوئی مغلظ بھی استعمال کرائیں تاکہ مادہ میں غلظت پیدا ہو، ایک ماہ بعد عضلاتی قشری ملیّن نصف گرام

ایک ہفتہ کیلئے صبح شام کھانے کے بعد دودھ سے دیں، مراد پوری ہوگی۔

ٹھنڈک جدید: زیرہ سفید، کشنیز، خشخاش، مغز تربوز، مغز خربوزہ، مغز کھیرا، دارچینی، کشتہ گئودنتی، سب دوائیں سو سو گرام لے کر پیس لیں، آخر میں اگر کشتہ چاندی، کشتہ مرجان دس دس گرام ملا لیں، چار گرام دوا کھانے سے پہلے پانی سے یا شربت بزوری بارد، یا عرق گاؤزبان ساٹھ گرام میں برابر پانی ملا کر لی جائے، غذائیں پانچ نمبر سے ایک نمبر تک دیں۔

دائمی کیرہ، گھبراہٹ، دمہ قلبی اور اکثر صفراوی امراض میں اکسیر ثابت ہوئی ہے، ہمہ وقت مطب پر تیار رہتی ہے، بنائیں اور خلق خدا کی خدمت کریں، قیمت نہیں دیکھنی فائدہ دیکھئے۔

شربت اکسیر جگر: جڑ جوانسہ نصف کلو، خس نصف کلو، گورکھ پان، گلوڑھائی ڈھائی سو گرام، صندل سفید پچاس گرام، گل نیلوفر، زرشک شیریں پندرہ پندرہ گرام، آب کدو، آب کھیرا، سادہ پانی دو دو کلو، سب ادویہ جو کوب کر کے تمام پانیوں میں رات کے وقت دو جوش دے کر ڈھک دیں صبح مل چھان کر چھ کلو چینی، سات گرام ٹاٹری چائنہ ڈلی والی، سات گرام ست لوبان شامل کر کے شربت پکا لیں۔

جیسا کہ نام سے ہی ظاہر ہے جگر کے تمام صفراوی امراض کیلئے یقیناً اکسیر اعظم ہے، سوزش جگر، ورم جگر اور اس کی وجہ سے آنتوں کی سوزش، مادہ منویہ کی حرارت کم کر کے سرعت، رقت کیلئے اور یرقان اصفر، ہیپاٹائٹس بی کیلئے بدرجہ غایت مفید و مجرب ہے، غذائیں پانچ اور چھ نمبر دیں، کچھ محنت طلب ضرور ہے لیکن ناممکن نہیں اس جدید دور میں ایسی سبزیوں کا پانی گاجر کا جوس نکالنے والی مشین سے نکال لیں اور کچھ دیر پڑا رہنے دیں تاکہ رسوب تہہ نشیں ہو جائے پھر اوپر سے نہایت آہستگی سے پانی دوسرے برتن میں انڈیل لیں اور کام میں لائیں، بیس گرام شربت پانی میں یا عرق گاؤزبان میں ملا کر صبح شام خالی معدہ پلائیں اور نفع پائیں۔

حلوہ مقوی: دال چنا کلو، موصلی سنبھل، مغز بادام ڈھائی ڈھائی سوگرام، چینی، موصلی سفید انڈیا، چار سوگرام، دیسی گھی یا روغن زیتون نصف کلو حسب معروف حلوہ بنا لیں، پچاس گرام صبح نہار نیم گرم دودھ سے لیں، یہ تو کھانے والا ہی بتائے گا کہ عمر پیری میں بھی جوانی جیسے مزے آجائیں گے، غذائیں چار، پانچ، چھ نمبر کی کھائیں اور صاحب نسخہ کے حق میں دعاء خیر کریں۔

برائے شوگر: دار چینی سوگرام، اذراقی مدبر دس گرام، دونوں دوائیں الگ الگ پیس کر ملا لیں اور زیرو نمبر کیپسول بھر لیں، جب شوگر خون کے علاوہ پیشاب میں بھی آنے لگے، پیشاب سفید اور بکثرت آئے، ٹانگوں میں درد رہے، نقاہت رہے تب اس دوا کے استعمال کا وقت ہے، لیکن عارضی ہے شوگر کو ختم تو نہیں کرتی لیکن جسمانی طاقت بحال ہو کر جان سکھی ہو جاتی ہے، شوگر کا جو علاج پہلے کر رہے ہوں وہ کرتے رہیں، اس دوا کے ساتھ عضلاتی مخاطی اور عضلاتی قشری غذائیں بترتیب کھائیں، لیکن کسی ماہر طبیب سے مشورہ کے بغیر نہیں کھانا اگر کوئی ٹیسٹ بتایا جائے تو ضرور کرائیں کیونکہ، بڑھے ہوئے ٹرائی گلیسرائیڈ، بلڈ پریشر اور کیٹونز کی صورت میں نقصان دے گی، کھانے کے بعد تین مرتبہ کالی پتی کے قہوہ سے لیں۔

عُظم غدہ مذی: جب قشری عضلاتی تحریک کے باعث غدہ مزی بڑھ کر پیشاب بند ہو جائے تو تریاق گردہ، پانچ تریاق، پانچ اکسیر تینوں برابر ملا کر دو گرام ہر دس منٹ بعد دیں جب پیشاب آنے لگے تو دوا کا وقفہ بڑھا دیں اب ہر چار گھنٹے بعد دیجئے، غذائیں پانچ اور چھ نمبر دیں گے، ڈاکٹر کے پاس جانے سے پہلے ایک مرتبہ یہ دوا ضرور کھائیں۔

تریاق گردہ: پوست خربوزہ دو سوگرام، قلمی شورہ، لوٹا سجی، سہاگہ سفید، تخم بکائن، تخم نیم،

جوکھار، میٹھا سواڈا سب سو سو گرام پیس لیں، پیشاب کی جملہ امراض کے علاوہ آلات بول کی سوزش اتارتی ہے، گردوں کی سوزش اتار کر پیشاب جاری کرتی ہے، اس لئے جلن بول، تقطیر البول، کو نہایت مفید ہے۔

مغلّظ جدید: مغز تمر ہندی خرد، موصلی سفید انڈین کلو کلو، چھلکا اسبغول، کوزہ مصری آدھا آدھا کلو، الائچی سفید ڈھائی سو گرام، سب ادویہ پیس لیجئے اور سات گرام دوا صبح شام خالی معدہ نیم گرم دودھ سے لیجئے اس دوران غذائیں پانچ، چھ، سات نمبر کھائیں گے، رقیق مادہ منویہ کو غلیظ کرتا ہے اور حونیات منویہ کی تعداد بھی بڑھاتا ہے، رقت، سرعت میں بھی مفید پایا۔

مغلّظ ومقوّی: موصلی سفید انڈیا، ثعلب پنجہ، جن سنگ، تخم کونچ سب پچاس پچاس گرام، عقرقرحا، گوکھرو تیس تیس گرام، سب دوائیں اچھی طرح پیس لیں، سات گرام دوا صبح شام خالی معدہ نیم گرم دودھ سے دیجئے، نہایت مغلّظ اور مقوی دوا ہے، بہاریں پھر سے لوٹ آتی ہیں، جب اپنے ہاتھوں اپنی تباہی کر چکیں تو یہ دوا ضرور کھانی چاہئے اور عمر رسیدہ لوگ بھی اس سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں، اگر اس کے استعمال سے بلڈ پریشر لو ہونا شروع ہو جائے تو اس میں بڑی والی جڑ پان تیس گرام شامل کر لی جائے، غذائیں پانچ نمبر سے ایک نمبر تک جائیں گے۔

باہ سالٹ: ایک بٹیرہ لے کر اس کو آلائش سے صاف کرلیں اور اب اس کے پیٹ میں اذراقی پسا ہوا جتنا آسکے اندازہ کرلیں، آدھا پیٹ میں بچھا کر دبا دیں اور اس پر دس گرام سنکھیا بلوری کی ڈلی رکھ کر باقی اذراقی لحاف کی طرح اوڑھا کر اچھی طرح دبا دیں اور پیٹ کو کسی باریک تار وغیرہ سے سی دیں، ایک کوزہ گلی میں دس کلو کی ہوا بند آگ دیں، ٹھنڈا ہونے

پر جو نکلے اسے پیس لیں، یہ نمک سوا سو ملی گرام (ایک رتی) سوجی کے حلوہ میں رکھ کر کھلائیں اور اوپر سے پھر دو تین سو گرام حلوہ کھلائیں، کچھ دیر بعد پیاس لگے گی تب صرف گرم دودھ پلائیں، جتنا بھی پی سکے، جب بھی پیاس لگے سارا دن دودھ ہی پینا ہے، ایک دن کے وقفہ سے اکیس خوراکیں کھلا دیں پھر دیکھیں قدرت کی رحمت کس طرح جوش میں آتی ہے۔

کل اور آج

میرے اس مضمون کا ٹائیٹل کیا ہے؟ کل اور آج حالانکہ دستور کے مطابق عام اصطلاح میں آج اور کل کہا جاتا ہے، میرے پیارے قارئین کرام جو بات کہنے جارہا ہوں اس کا تعلق ہمارے کل سے ہے جو گذر چکا ہے، ہمارے استادان کرام کہا کرتے تھے کہ روٹی کم کھاؤ اور ہمارے تجویز کردہ سالن دیسی گھی ڈال کر چمچ سے کھاؤ اور اوپر سے چائے پیئو!

کتنی حیرانی کی بات ہے اب اس وقت جدید دور میں یہ فارمولا نقصان کا باعث بن رہا ہے، کس طرح کیا آپ کو حیرانی نہیں ہوئی؟ یقیناً ہوئی ہوگی ضرور سوچ رہے ہوں گے کہ بڑھا تک رہا ہے، نہیں دوستو ایسا نہیں ہے جب دلائل دوں گا تو کہو گے درست سمت سوچ رہے ہو۔

اول یہ بتا دوں کہ میں دوست احباب کو اور مریضوں کو بھی سالن کم سے کم کھانے کی ترغیب دیتا ہوں، کیوں؟

کیونکہ اس دور جدید میں ہر طرف جدت نے ڈیرے ڈال رکھے ہیں، غور فرمائیں کہ ہمیں خالص کیا مل رہا ہے، پھل؟ نہیں! کیا سبزیاں؟ نہیں! پانی؟ نہیں! آٹا؟ نہیں! خلوص، پیار، محبت، رشتے، ناطے کیا یہ سب خالص مل رہا ہے، جواب یقیناً نہیں میں ہی ہوگا، پھر اگر میں اس بات کو سمجھتے ہوئے کہ ہر پھل، ہر سبزی، کیمیکل کی بھرپور زہر پاشی سے مزیّن کر کے ہمیں پیش کی جارہی ہے، تو صحت کیسے ممکن ہو سکتی ہے، پھل اور سبزی پر اتنی زہر پاشی کی ہوتی ہے کہ جب اسے پکایا جاتا ہے تو اس کا رنگ، روپ کھلا کھلا دیکھنے کو بھلا نظر آتا ہے اور ذائقہ

کے اعتبار سے بھی بہتر لگتی ہے، لیکن وہی سالن جب صبح دوبارہ گرم کیا جاتا ہے تو اس کا رنگ سیاہی مائل ذائقہ بھی بدلا ہوا ہوتا ہے، آخر ایسا کیوں ہے، کبھی کسی نے سوچا؟

یقیناً جواب نہیں میں ہوگا کیونکہ کسی کو معلوم ہی نہیں کہ زمیندار آپ کے ساتھ کیا کھیل کھیل رہا ہے، لیکن وہ بھی مجبور ہے کیا کرے؟ ایک کھیت کا ٹھیکہ پچیس تیس ہزار ہے اگر کھاد سپرے سے پیداوار نہیں بڑھائے گا تو ٹھیکہ کہاں سے ادا کرے گا اور بچوں کو کہاں سے کھلائے گا۔

کیا خیال ہے آپ میرے خیال سے میری سوچ سے متفق ہوئے ہیں یا نہیں، میں مریضوں کو بھی تاکید کرتا ہوں اور خود گھر میں بھی سالن کے ساتھ جو کرتا ہوں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں اور مجھے امید ہے آپ بھی میرے خیالات کے ساتھ متفق ہو جائیں گے۔

جو بھی سالن آپ نے پکانا ہو اس سبزی کو تیار کریں اور دوگنا پانی ڈال کر ابلنے کیلئے رکھ دیں مرچ وغیرہ کچھ بھی نہیں ڈالنا، جب پانی ابل جائے تو اسے گرا دیں دوبارہ پھر سے اتنا ہی پانی ڈال کر سبزی کو ابلنے کیلئے رکھ دیں، یہ پانی بھی گرا دینا ہے، اب یہ سبزی پکانے اور کھانے کے قابل ہوئی ہے، اب اسے تڑکا وغیرہ لگا کر کھائیں، اس سے کیا ہوگا؟ کہ اس کا ذائقہ تھوڑا کم ہو جائے گا، اس کے وٹامنز جو کچھ تو کھاد سپرے کی نظر ہو گئے تھے، جو رہ گئے وہ بھی پچاس فیصد اس عمل سے نکل جائیں گے، پیچھے کیا بچا، سمجھیں کہ کچھ بھی نہیں بچا لیکن آپ کی صحت بچ گئی ہے، جو کیمیکل والی سبزی کی نظر ہونی تھی وہ بچ گئی ہے، بے شک ذائقہ نہیں رہا لیکن کیمیکل بھی تو نہیں رہے، چلو پچاس فیصد فائدہ کی امید تو کی جاسکتی ہے نا!

دوسری نصیحت: دوسری نصیحت یہ ہے کہ جب بھی کوئی نئی سبزی بازار میں آتی ہے، اس پر فوراً ہی نہ ٹوٹ پڑا کریں، کیونکہ یہ کھاد سپرے کی بھرمار سے صرف زیادہ نفع کے لالچ میں وقت سے پہلے تیار کی جاتی ہے تا کہ ٹھیکہ بھی پورا ہو جائے اور بچوں کے لئے رزق بھی وافر مل جائے، اس بات سے قطع نظر کے اس جیسے ہی اس کے شہری بھائیوں کی صحت کے

ساتھ کیا بنے گا، جب سبزی کو آئے ہوئے مہینہ دو مہینہ ہو جائیں تب پکانے کے لئے لائیں، اسی طرح نیا نیا پھل بھی نہیں خریدنا یہ کچا توڑ کر کیمیکل کے ذریعہ سے پکایا جاتا ہے، آپ نے کئی مرتبہ دیکھا بھی ہوگا کہ، آلو بخارا، آم اور جاپانی پھل جب آپ نیا نیا خریدتے ہیں تو اس کی پیٹی میں پھل کے ساتھ ایک اخبار کے کاغذ کی پڑیا نکلتی ہے جس میں سفید سفید سفوف بھرا ہوتا، تو دوستو یہ ویلڈنگ میں کام آنے والا کیمیکل ہے جس کی حدت سے پھل چوبیس گھنٹوں میں پک کر تیار ہو جاتا ہے اور آپ اسے بے صبری سے خرید کر کھاتے ہیں، یہ بتائیں کیا آپ نے پھل کھایا ہے؟ یا کیمیکل کی پڑیا کھائی ہے! اور یہ بھی مشاہدے میں ہے کہ آم وغیرہ کے جس دانے کے پاس وہ پڑیا رکھی ہوتی ہے وہ دوسروں سے زیادہ پکا ہوتا ہے اگر بکنے میں ایک دن کی لیٹ ہو جائے تو گل جاتا ہے، اور یہ پھل اسی طرح آپ کے معدے، آنتوں کی ساخت کو گلا دیتا ہے، اسی لئے غور کیجئے آج کل ہر شخص معدے کی دواؤں کے پُڑے اپنے ساتھ رکھتا ہے لیکن اسے یہ معلوم نہیں کہ اس مرض کی وجہ کیا ہے میں نے یہ تلخ حقیقت اسی لئے آپ کی خدمت میں پیش کی ہے کہ میرے بھائی بہن تندرست رہ سکیں!

اب کل کی طرف چلتے ہیں، آج سے چالیس پچاس برس پہلے اس کھاد اور سپرے کا نام ونشان بھی نہیں تھا، کھیتوں میں گوبر کی کھاد ڈالی جاتی تھی، جس سے پھل سبزی ہر چیز خالص ملتی تھی، حتٰی کہ دودھ گھی بھی خالص ملتا تھا لیکن اب تو دودھ ہی خالص نہیں ہے تو گھی خالص کہاں سے آیا سفید فیصد جھوٹ ہے!

نہیں حیران نہیں ہونا میں ثابت کرتا ہوں، میرے ایک دوست تھے ڈاکٹر مجیب الرحمٰن اللہ تعالیٰ ﷻ انہیں مغفرت فرماتے ہوئے جنت الفردوس عطا فرمائے، آمین

ہمارا آپس میں بہت پیار تھا ایک روز آئے اور کہنے لگے حکیم صاحب آج میں نے دودھ کو اپنے سامنے بھینس کے تھنوں سے نکلوا کر ٹیسٹ کروایا ہے اور حیران ہو گیا ہوں، یاد رہے

ڈاکٹر صاحب نے پنجاب یونیورسٹی سے ہربلز کا تین سالہ کورس بھی کیا ہوا تھا انہیں طب کا بہت شوق تھا، کہنے لگے اس لئے آپ کے پاس آیا ہوں کہ ایک کلو دودھ ٹیسٹ کرانے سے اس میں سوگرام یوریا پایا گیا ہے یہ بتائیں کہ یہ کہاں سے آیا جبکہ دودھ خالص تھا میں نے اپنے سامنے نکلوایا تھا، میں نے کہا ڈاکٹر صاحب آپ بھی بڑے بھولے ہیں، یہ یوریا بھینس کے چارے سے آیا ہے کیونکہ زیادہ جلدی چارا اگانے کے چکر میں زمیندار نے اسے کھاد سے پرورش کیا تھا، کہنے لگے ہاں یار ایسا ہی ہوا ہے، اسی لئے نہ تو دودھ کا ذائقہ ہے، نہ خوشبو اور نہ ہی اس کے اثرات بلکہ یہ تو الٹ اثرات کا حامل ہو گیا، بجائے الکلی کے اس نے تو خون میں یوریا بڑھا دیا تبھی تو آج کل گردوں اور دل کے امراض زیادہ ہو رہے ہیں، تو دوستو میں اسی لئے سالن اور نئے آنے والے پھل کھانے میں جلدی کرنے سے منع کرتا ہوں اور سالن کی مقدار بھی کم کھانے کیلئے کہتا ہوں تاکہ ہمارے جسم میں زہر کی مقدار کم سے کم پہنچے اور امراض سے بچا جا سکے۔

کھانے کے ساتھ پانی: کئی لوگ کھانے کے ساتھ تین چار گلاس پانی پینے کے عادی ہوتے ہیں ایسا نہیں کرنا یہ بھی صحت کیلئے مضر ہے، غور کیجئے کہ جب ہم کھانا شروع کرتے ہیں تو اس کی خوشبو سے معدے میں تبدیلیاں پیدا ہونے لگتی ہیں اس کا رنگ جو پہلے ہلکا گلابی تھا اب کھانے کو ہضم کرنے کیلئے اس طرف خون کی توجہ زیادہ ہو جاتی ہے اور یہ تیز گلابی ہو جاتا ہے، گویا جیسے ہی کھانا معدے میں پہنچے گا فوراً عمل ہضم شروع ہو جائے گا، لیکن ہم اگر اس وقت پانی کے یخ ٹھنڈے دو گلاس اس کی نظر کر دیں گے تو کیا ہوگا یہ کبھی سوچا نہیں سوچا!

معدے میں کھانا پہنچتے ہی اس کے انزائمنز ایکٹو ہو جاتے ہیں ان کا اخراج اس لئے زیادہ ہو جاتا ہے کہ کھانے کو ہضم کرنا ہوتا ہے لیکن کھانے کا لقمہ معدے میں پہنچنے سے پہلے وہاں پانی

بھیج دیا جاتا ہے اور اس طرح انزائمنز کی پیداوار کم ہو جاتی ہے اور اس عادت سے، گیس، قبض ڈکاریں، بدہضمی، ضعف معدہ کی علامات پیدا ہونے لگتی ہیں، پھر اس کے بعد کیا ہوتا ہے کہ کئی لوگ کھانے کے بعد دو تین گلاس ٹھنڈے یخ پانی کے معدے کی نظر کر کے پیٹ پر ہاتھ پھیر کر لمبے لمبے دو تین ڈکار مار کر خوش ہوتے ہیں کہ معدہ درست کام کر رہا ہے، یہی ان کی غلط فہمی ہے وہ تو معدے کی بیماریوں میں پھنسے ہی اس عمل سے ہیں، جس کا معدہ آنتیں خراب ہوں وہ کبھی بھی تندرست نہیں رہ سکتا، کیونکہ جب گاڑی کو پٹرول ہی صحیح نہیں ملے گا تو کیا خاک دوڑے گی؟

حالانکہ جب معدے میں غذا پہنچی تھی اس وقت ضرورت اس امر کی تھی کہ معدے کو کسی قہوہ سے گرم کیا جاتا کیونکہ اس قہوہ کی گرمی ہضم میں معاون بنتی لیکن بھائی صاحب نے کیا کیا کہ ہضم کیلئے جو حرارت معدے میں پیدا ہوئی تھی اسے بھی دو گلاس پانی کی ٹھنڈک سے ٹھنڈا کر دیا اور اب معدے کے امراض سے اسے کوئی بھی نہیں بچا سکتا، اس لئے غور کیجئے ہر شخص معدے کے امراض کا رونا رو رہا ہے کہ کھانا کھاتے ہی گیس ہو جاتی ہے، کوئی کہتا ہے جب سے ہوش سنبھالا ہے قبض نہیں گئی، اب بتاؤ اس میں ہمارا کیا قصور ہے ہم نے تو کہنا ہے خود کھانا کھلانے کیلئے پاس تو نہیں بیٹھ سکتے، کئی مریض کہتے ہیں کہ کھانے کے ساتھ پانی نہ پئیں تو لقمہ حلق سے نیچے نہیں اترتا کیا کریں!

کھانے سے پہلے پانی پینا: آکسیجن کے بعد پانی بھی ہماری زندگی کیلئے بہت ضروری ہے اور یہ ہمارے جسم میں ہی تقریباً ستر فیصد پایا جاتا ہے، پانی ہاضمہ میں مدد دیتا ہے اور ہضم شدہ خوراک کو تحلیل کرتا ہے، ہماری خوراک کا بیشتر حصہ اس کے رقیق ہونے کی وجہ سے جزو بدن بنتا ہے، اس کے علاوہ خون میں بھی 80 فیصد پانی کی مقدار ہوتی ہے جو اس کی نقل و حمل میں مدد کرتی ہے، اس کے علاوہ پسینہ اور پیشاب کی شکل میں بھی جسم کے بہت

سے فالتو مادے جسم سے خارج کرتا ہے، پسینہ اور پیشاب کے علاوہ ہمارے جسم میں سے سانس کے ذریعے بھی بہت سا پانی خارج ہوتا رہتا ہے جس کی کمی ہمیں پانی پی کر پوری کرنا پڑتی ہے، ہضم غذا میں بھی پانی کی نہایت اہم ضرورت ہوتی ہے کہ یہ اس کے قوام کو رقیق کرنے میں مدد کرتا ہے، پانی کی غذا کے ساتھ اگر ضرورت محسوس کریں تو گھونٹ گھونٹ پینا چاہیئے، اور یہ آدھے گلاس سے زیادہ نہیں ہونا چاہیئے، اگر غذا کے ساتھ زیادہ پانی پیا جائے تو یہ معدے کو ضعیف کر دیتا ہے، اگر پانی خالی معدہ پیا جائے تو یہ صرف آدھے گھنٹے میں چھوٹی آنتوں میں اتر جاتا ہے جو معدے کے بہت سارے مادے اپنے ساتھ لے جاتا ہے اور معدہ دھل جاتا ہے لیکن اس کو عادت بنا لینے سے معدہ دن بدن ضعیف ہوتا چلا جاتا ہے، پیاس لگنے پر پانی کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے یا دو گھنٹے بعد میں پینا چاہیئے لیکن اس میں آدھا چمچ شہد ملا لینا چاہیئے، اور نیم گرم پینا چاہیئے۔

خالی معدہ پانی پینا: حدیث مبارک کا مفہوم ہے کہ آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا جس نے نہار منہ پانی پیا اس کی قوت کم ہو جائے گی۔ طبرانی کبیر جلد ۵ ص: ۵ ح ۴۶۴۶

اس کے علاوہ حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جو نہار منہ پانی پیتا ہے اس کی چربی کم ہو جاتی ہے، لیکن دونوں روایات ضعیف ہیں، تو جس نے نہار منہ پانی پیا اس نے حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مطابق عمل کیا اور جس نے نہ پیا اس نے سرکار ﷺ کے حکم پر عمل کیا، گویا دونوں روایات سرکار ﷺ سے منسوب ہیں، اب دیکھئے اگر شوگر کا مریض دو گھونٹ شہد صبح شام پینا شروع کر دے تو کیا اس کی شوگر نہ بڑھ جائے گی؟ یہ ایک حکیم ہی بتا سکتا ہے کہ کس کیلئے نہار منہ پانی پینا فائدہ مند ہے اور کس کیلئے نقصان دہ ہے، شہد کس نے کھانا ہے اور کس کو منع ہے، آپ کو اس حدیث پاک کا بھی علم ہوگا مفہوم یہ ہے، کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کھجوریں کھا رہے تھے تو آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو منع کر دیا تھا کہ علی تم کھجوریں نہ کھاؤ تمہاری آنکھیں دکھتی ہیں۔

نہار منہ پانی پینے کا قانون: نہار منہ پانی پینے کا جسے بھی شوق ہو تو میں نے ایک قانون وضع کیا ہے، کہ جب تک پیشاب زرد رنگ کا آتا رہے نہار منہ پانی پی لو جب ہلکا زردی مائل ہو جائے تو نہار منہ پانی پینا فوراً بند کر دو کیونکہ جسم کی گرمی زائل ہو چکی ہے، لیکن جس کو سفید رنگ کا ہی پیشاب آتا رہتا ہو اس کیلئے نہار منہ پانی پینا زہر ہے، یہ قوتوں کو کمزور کر دے گا، بلڈ پریشر لو، ٹانگیں درد، کمر درد، گردے ضعیف، پیشاب کی کثرت ہو جائیگی۔

اب کیا کریں؟ سوچنے کا مقام ہے، نہار منہ پانی پینے کے بڑے فائدے سنے تھے لیکن یہ کیا ہو گیا اب یہ عادت چھوڑنی پڑے گی، لیکن کیسے چھوڑیں؟

جن اصحاب کی قوت ارادی قوی ہو ان کیلئے کوئی مسئلہ ہی نہیں ہے، لیکن اگر ہم اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں تو اپنے بزرگوں کی باتیں مان لینے میں ہی فائدہ ہے، اور یہ کرنا ہی پڑے گا، میرے دوستو آپ اس پر عمل کر کے دیکھ لیں آپ ہر طرح کی دوا کی ضرورت سے مستغنیٰ ہو جائیں گے، یہ سمجھ لیں کہ ادویہ نے آپ کا پیچھا چھوڑ دیا ہے۔

پانی کب پئیں: پانی زیادہ مقدار میں پینے کے بہت سے فائدے ہیں کہ یہ خون کے ضرر رساں مادوں کو بذریعہ پیشاب خارج کرتا ہے، گردوں کی نالیوں کو صاف کرتا ہے، رنگ چہرہ نکھر جاتا ہے، صحت ہشاش بشاش رہتی ہے، صفراء کو خارج کرتا ہے، تو پانی کی جسمانی ضرورت پوری کرنے کیلئے دو کھانوں کے درمیان جتنا طلب ہو پئیں کوئی بھی نقصان نہیں ہو گا بلکہ فائدہ ہی فائدہ ہے۔

کھانے پینے کا قانون: کھانے پینے کا قانون وضع ہو گیا کہ کھانے سے قبل

سادہ تازہ پانی تین چار چھوٹے چھوٹے گھونٹ لینا ہے، اگر کھانے کے درمیان ضرورت پڑے تو تب بھی چھوٹا سا گھونٹ، یعنی کھانے کے ساتھ آدھا گلاس سے زیادہ پانی نہیں پینا چاہئے، کیونکہ کھانا ہضم کے عمل سے گذرتے ہوئے کھانے کا قوام لئی جیسا ہونا چاہئے، اس طرح کھائے گئے کھانے پر معدہ کے انزائمنز بہترین کام کرتے ہیں اور کھانے کو کیلوس میں بدلنے پر پوری دسترس رکھتے ہیں اگر پانی زیادہ پی لیا جائے تو کھانے کا قوام رقیق اور سرد ہو جاتا ہے، معدے کی طبعی حرارت بھی اس برودت کو توڑنے میں ناکام رہتی ہے اور اس طرح معدہ دن بدن ضعیف ہوتا چلا جاتا ہے، یہیں سے بھس ڈکاریں، گیس اور قبض کی علامت شروع ہو جاتی ہے اور جسم امراض کو قبول کرنے کیلئے مستعد ہو جاتا ہے۔

دوسری بات یہ کہ سالن کم سے کم کھانا چاہئے تاکہ جسم میں کیمیکلز کم سے کم جائیں، جو معدے سے لے کر پورے جسم کیلئے امراض کا پیش خیمہ ہیں، مرچ مصالحے کم سے کم کھانے چاہئیں تاکہ معدے کی اندرونی جھلیاں سوزش و ورم سے محفوظ رہیں، بات سمجھ میں آئی؟

اگر دل نہیں مانتا تو صرف ایک ہفتہ یہ کر کے دیکھ لیں، ڈکاریں، گیس قبض سب دور ہو جائیں گے، سالن میں ریشہ دار سبزیاں زیادہ سے زیادہ استعمال کریں، دوپہر کے کھانے کے ساتھ سلاد ضرور استعمال کریں، رات کو سوتے وقت دودھ نہیں پئیں گے کیونکہ یہ اپنے فیٹس دانتوں کے مقام اتصال پر چھوڑتا ہے اور پھر یہ پائیوریا (ماخورہ) کا باعث بن جاتے ہیں۔

دودھ کب پئیں: دودھ اول نیم گرم پینا چاہئے دوم کھانے سے پہلے پینا چاہئے تاکہ جب ہم روٹی کھائیں تو دانت روٹی کو کاٹتے ہیں اس وقت دانتوں کا مقام اتصال بالکل صاف ہو جاتا ہے اور یوں روٹی کے ذرات دانتوں میں پھنس کر انہیں نقصان نہیں دیتے، جو لوگ کھانے کے بعد برش یا مسواک کرتے ہیں وہ دانتوں کی طرف سے بالکل صحت مند رہتے ہیں، عالمی سروے ٹیم نے دانتوں کے حوالہ سے جب سروے کیا تو ایک ہزار اشخاص

میں سے صرف ایک شخص کے دانت تندرست نکلے، مشہور مقولہ بھی ہے کہ دانت اچھے تو صحت اچھی، کیا خیال ہے بات سمجھ میں آتی ہے، تجربہ شرط ہے۔

کھانا کتنا کھائیں: اول کھانا سادہ ہونا چاہئے، مرغن کھانے معدے میں جلدی ہضم نہیں ہوتے، ان کا معدے کی ساخت پر برا اثر پڑتا ہے، اگر کھانا بھوک رکھ کر کھایا جائے تو جسم ہلکا پھلکا رہتا ہے، سستی نہیں پڑتی، معدے پر بوجھ نہیں پڑتا، ہضم فعال رہتا ہے، اگر اس شیڈول پر عمل کیا جائے صحت ہمیشہ ہی درست رہتی ہے، ہمارے بڑے سو سال سے بھی اوپر کے ہو گئے ان کے دانت بہترین، بصارت صحیح، صحت صحیح، رنگ روپ دیکھنے کے قابل، میرے والد محترم ستانوے سال کے ہیں الحمدللہ صحت آج کل کے جوانوں سے بہتر ہے، اب سے کچھ عرصہ پہلے ہی یعنی سال دو سال گذرے ہوں گے صبح سات آٹھ میل سیر کی عادی تھے، اب سیر نہیں کرتے کیونکہ اب دل نہیں مانتا۔

ماحصل بحث: اس ساری بحث سے کیا حاصل ہوا کہ ناپ تول کر کھانے میں ہی صحت کا راز مضمر ہے، آج سے وعدہ کہ ناپ تول کر کھائیں گے اور اپنے ملک کے عوام کی صحت کو تندرست رکھنے میں معاون ہوں گے، کر کے دیکھ لیجئے، آپ کی صحت صحیح ہے تو یقیناً آپ کے بچوں کی صحت بھی قابل دید ہوگی، میں دیکھ رہا ہوں کہ آج کل کے جوانوں کے چہرے پژمردہ، چہرے پر گوشت نہ دارد، ہر وقت تھکے تھکے، جوہر منویہ کی طرف سے فارغ، جنسی بیماریوں میں گھرے ہوئے، یہ سب کیا ہے؟ صرف کھانے پینے کے قوانین سے واقف نہیں بس زبان کے غلام بن کر رہ گئے ہیں، ارے بھائی ان جوانوں سے تو ہم اچھے ہیں جن کے چہرے دمک رہے ہیں، حوصلے بلند ہیں، تھکتے نہیں، امنگیں جوان ہیں، میں اکثر کہا کرتا ہوں کہ آج کا جوان ناقص منی کا مالک اور ناقص منی کی ناقص اولاد، کیا یہ غلط کہا میں نے؟

کنز العقاقیر

دور حاضر کی سب سے بہترین مفردات

میں نے جب اس کتاب کے لکھنے کا ارادہ کیا تو سرسری طور پر کچھ مفردات کی کتب کا جائزہ لیا کہ کس نے کیا لکھا ہے اور میرے لکھنے کا انداز کیا ہونا چاہئے، حیرت ہوئی جب چوٹی کے مصنفین کے کارنامے دیکھے، ہر ایک نے کہیں نہ کہیں سے مواد اٹھایا اور تھوڑی بہت تبدیلی سے کتاب لکھ کر اپنے نام سے شائع کر دی۔

اس طرح علم کی دھجیاں اڑا کر رکھ دی گئیں، ایک مصنف صاحب نے مولانا نجم الغنی کی کتاب خزائن الادویہ سے نقل کیا اور اس میں کچھ نسخہ جات شامل کر کے نفع حاصل کیا، ایک اور مصنف صاحب کو سرسری سا دیکھا جو کہ ہمارے نصاب میں شامل کی گئی کتاب ہے ان کا لکھنے کا سٹائل تو مجھے اچھا لگا لیکن جب اس پر ذرا سا غور کیا تو اس میں آیورویدک کی کتب سے سہارا لیا گیا اور بغیر سوچ سمجھے ادویہ کے مزاج کی ایسی تیسی پھیر کر رکھ دی گئی، مثلاً مولی کو گرم خشک لکھ مارا اب غور کیجئے کہ ایک دیہاتی شخص جسے طب کے بارہ میں کچھ بھی معلوم نہیں وہ بھی مولی کو رات شبنم میں رکھ کر صبح معمولی نمک لگا کر اس لئے کھاتا ہے کہ پیشاب کی جلن دور ہو جاتی ہے، کیا کوئی گرم خشک دوا یا سبزی پیشاب کی جلن دو کرنے پر قادر ہو سکتی ہے؟

سونف کو مصنف نے گرم خشک لکھ دیا ہے جب کہ عورتوں میں دودھ کی کمی کیلئے سونف کو دودھ میں جوش دے کر پینے سے دودھ میں فراوانی آتی ہے، اور یہ بات گاؤں کی ان پڑھ عورتیں تو جانتی ہیں کہ سونف گرم خشک نہیں ہوتی لیکن ایک کوالیفائیڈ حکیم کو علم نہیں ہے کہ سونف گرم خشک نہیں بلکہ گرم تر ہے جو غدد ناقلہ کھولتی ہے اور دودھ کے ساتھ استعمال کرنے سے عورت کیلئے مفید و مجرب ہے کہ دودھ پیدا کر کے بچے کی بھوک کا سامان مہیا کرتی ہے، اور دیکھئے یہ

ہمارے کورس کی مفردات ہے جسے پڑھا کر بچوں کو حکمت کی تعلیم دی جاتی ہے، یہ معیار ہے ہمارے ہاں مفردات کی کتب لکھنے کا چلو تفصیل نہ سہی لیکن کم از کم مزاج تو درست لکھنے چاہئیں تھے، اس کتاب کو پڑھ کر فارغ ہونے والے طالب علم کیا حکیم بنیں گے، وہ لازمی طور پر کوئی اور کام ہی سیکھیں گے، مزے کی بات یہ ہے کہ اس کتاب کے کئی ایڈیشن چھپ چکے ہیں، نہ تو طبی کونسل کی آنکھیں کھل سکی ہیں اور نہ ہی شائع کرنے والے نے دوبارہ کتاب کی ورق گردانی کی ہے کہ اگر کوئی غلطی ہو تو اسے درست کر دیا جائے۔

معزز قارئین میں نے جو لکھا نظریہ مفرد اعضاء کے قانون کے مطابق لکھا ہے تاکہ مزاج سمجھنے میں کوئی غلطی نہ رہے اور طالب علم کو صحیح علم مل سکے، گو میں نے کسی جڑی بوٹی پر کوئی لمبی چوڑی بحث نہیں کی لیکن جو لکھا جتنا لکھا کم از کم اسے تو صحیح لکھنے کی سعی کی ہے، طالب علم گمراہ تو نہیں ہوگا میرے معزز قارئیں خدانخواستہ یہ گمان بھی نہ کریں کہ میں یہ چند الفاظ اپنی تعریف لکھ رہا ہوں دوستو ایسا قطعاً نہیں ہے، بس یہ باور کرانا چاہتا ہوں کہ مصنفین کو سوچ سمجھ کر قلم اٹھانا چاہئے کیونکہ ان کا ایک لفظ غلط لکھا ہوا انسانی جان کیلئے کتنا نقصان دہ ہوسکتا ہے، اس کا انہیں اندازہ نہیں ہے، اس سے انکار نہیں کہ ہر شخص غلطی کا پتلا ہے، غلطی ہو جاتی ہے ممکن ہے مجھ سے بھی لکھنے میں غلطیاں ہوئی ہوں لیکن پھر بھی لکھنے سے پہلے کچھ نہ کچھ تو سوچ لینا چاہئے کہ میں کیا کر رہا ہوں؟ کیا اس سے انسانی جان کو نقصان تو نہیں ہوگا، میرے دوستو میں نے جو لکھا وہ سٹائل مجھے پسند آیا تھا کیونکہ اس سٹائل سے بچوں کو کچھ حاصل ہوتا ہے لیکن میں نے ادویہ کے اوپر خوب تحقیق کر کے، خوب غور و خوض کر کے پھر ان کی گروپ بندی اور فوائد لکھے ہیں، جب ان ادویہ کو آپ استعمال کریں گے تو تب حقیقت آپ کے سامنے آئے گی کہ یہ سچ لکھا گیا ہے اور ان ادویہ کے استعمال سے کسی کو کوئی نقصان نہیں پہنچنے والا، ان کے مزاج، ان کی مقدار خوراک خوب غور و فکر کر کے لکھی گئی ہے، بے فکر و تردد آپ انہیں اسی طرح جس

طرح لکھا گیا ہے استعمال کر سکتے ہیں......خادم فن طب......حکیم محمد اشرف شاکر

غذاؤں کا چارٹ

1: مربہ آملہ، مربہ ہریڑ، مربہ ہی، مونگ پھلی، ناریل کچا، شربت انجبار، سادہ پتی کا قہوہ لیموں نچوڑ کر پئیں. ارہر کی دال، ہرا چھولیا، موٹھ، کچنار، لوبیا سفید، کالے چنے اور سفید چنے ان کی یخنی، باجرے کی روٹی، لیموں کا اچار، انار دانہ کی چٹنی، کچے آموں کی چٹنی، اچور، بادیان خطائی، دار چینی اور الائچی سفید کا قہوہ، ترش پھلوں کے جوس پئیں، جامن، فالسہ، آلو چہ، اناناس، آلو بخارا، ترش، املی، رس بھری، ترش انار، جاپانی پھل کچا، کینو، گریپ فروٹ، سکنجبین۔

2: چھوہاروں میں پستہ بھر کر گھی میں بریاں کر کے کھائیں، بھنے ہوئے چنے، ابلے ہوئے انڈوں کی زردیاں، بیسن کا حلوہ، قہوہ دار چینی یا شربت دار چینی، فرائی انڈے، بڑا گوشت اور اس کے کباب، کریلے قیمہ، ٹماٹر کی چٹنی، بڑے سری پائے، ثابت مسور، چنے بھنے، بیسن میں تلی مچھلی، بیسن کی روٹی میتھی ڈال کر. سالن پر سرکہ ڈال کر کھائیں، سرخ مرچ، انڈے اور چائے، چھوہارے، بڑے گوشت کی یخنی. خوبانی خشک، مویز (منقیٰ) آڑو، پستہ وغیرہ۔

3: انڈوں کا آملیٹ، انڈوں کا حلوہ، نان حلیم، شہد سلائس، قہوہ اجوائن، قہوہ تیز پات کلونجی پئیں، بکرے کا گوشت، دیسی مرغی کا گوشت، تیتر، بٹیر، تلیئر کا گوشت، کلیجی، پکوڑے، میتھی، روغن زیتون سے میتھی والا پراٹھا، تکے، کباب، شوربہ والی مچھلی، جھینگا، دیسی گھی، دال مسور، سرسوں کا ساگ، باتھو کا ساگ، پالک، چوہنگاں، بینگن، کلیجے وغیرہ، آم دیسی، خوبانی تازہ، کھجور تازہ شیریں، اجوائن اور ادرک کا قہوہ، پودینہ کا قہوہ، شہد سے میٹھا کر کے پئیں، تیز پتی کی چائے، پشاوری قہوہ، سگریٹ پان، لیمن گراس کا قہوہ۔

4: نمکین دلیا، بادام کا حلوہ، ادرک کا حلوہ، ادرک کا مربہ، آم کا مربہ، میٹھے آم، اونٹنی کا دودھ، سونف پودینے کا قہوہ، زیرہ سفید اور الائچی کا قہوہ، ادرک کا قہوہ شہد ڈال کر، شربت بزری حار، شربت شہتوت، گڑ، جو کے ستو، نان، کلچہ، چولائی کا ساگ، چقندر، شلغم پیلے، دال مونگ، مونگرے، اچار

آم، اچار ادرک، اچار سوہانجنہ، چٹنی کھجور، چھوٹا مغز بغیر شوربہ، مرچ سیاہ، شہد ملا پانی، دُودھ سونف والا، دودھ جلیبی، آش جو، روغن زیتون، السی کے لڈو، انگور، شہتوت، خربوزہ میٹھا، جاپانی پھل میٹھا، کھجوریں، کاجو، پپیتہ، چلغوزے، بادام خشک، اخروٹ، کشمش، چیکو

5: رس، کیک، بند، ڈبل روٹی، دلیا میٹھا، مربہ گاجر، حلوہ گاجر، سوجی کا حلوہ، سویاں دُودھ والی، برفی، گرم دُودھ، دہی، حریرہ بادام، خمیرہ بادام، حلوہ بادام، خمیرہ گاؤزبان سادہ، ٹافیاں، میٹھی سونف، انجیر، دودھ جلیبی، مغزیات کا حریرہ، قہوہ بنفشہ، شربت بنفشہ، شربت بزوری معتدل، کدو، ٹینڈے، حلوہ کدو، گھیا توری، شلغم سفید، عرق گاؤزبان، بسکٹ دودھ، گنے کا رس، امرود گرما، سردا، خربوزہ پھیکا، گلقند دودھ، سفید انار کا جوس، کیلے کا ملک شیک، زیرہ سفید اور مغز بادام کی سردائی، کسٹرڈ، فرنی،، بالائی، کھویا، مکھن بادام، بلڈ پریشر کیلئے چکنائی سے پرہیز

6: بند، دہی کی میٹھی لسی، کھیر، گجریلا، گاجر کی کھیر، گاجر کا جوس، قہوہ بہی دانہ، شربت صندل، شربت بزوری بارد، شربت گوند، فالودہ، دہی، الائچی والا دودھ، گھیا کدو، دال ماش کالی، مولی، پیٹھا کھیرا، ککڑی (تر) انڈوں کی سفیدی، کدو کا رائتہ، کھچڑی، چٹنی دھنیا سبز، خرفہ کا ساگ، قہوہ گورکھ پان، اچار لسوڑھا، گوند کتیرا دودھ میں بھگو کر، تخم بالنگو، سیون اپ دودھ، کچی لسی، انار سفید شیریں، کیلے، تربوز، لوکاٹھ، مالٹا، میٹھا، ایلچی، مسمی کا جوس، مغز کدو یا چہار مغز کی سردائی، دودھ سوڈا، تربوز، تربوز بلینڈ کرکے، لعوق سپستاں

7: ساگودانہ، ساگودانہ اور چاول کی کھیر، اُبلے چاول دہی کی لسی پیڑوں والی، پنیر، کھیر، ٹھنڈا دودھ، اروی، بھنڈی، ثابت ماش، آلو، کیلے کا سالن، سلاد کے پتے، پھلی دار سبزیاں، سیب، ناشپاتی، بگو گوشہ، سنگھاڑے، شکر قندی، ناریل تازہ، پختہ لسوڑھیاں، انڈے کی سفیدی میٹھی، قہوہ بہی دانہ۔

8: مربہ بہی، مربہ سیب، خمیرہ مروارید، دواء المسک بارد جواہر دار، شربت انجبار، قہوہ داڑھی بوڑھ، خسیاندہ ترپھلہ، چنے والا پلاؤ، مٹر پلاؤ، مکئی بھنی ہوئی مکئی کے سٹے، بریانی، دہی بھلے، آلو گوبھی، مٹر، لوبیا، شکر قندی چائے، بہی، بیر سبز، بھنے ہوئے آلو، سنگترے، شربت فولاد لیموں والا ڈال کر لیں۔

کنز العقاقیر

مؤلف

حکیم و ڈاکٹر پروفیسر محمد اشرف شاکر

مفردات

کنز العقاقیر کے نام سے تقریباً [illegible] کی کتاب میں تقریباً آٹھ سو جڑی بوٹیوں پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ یہ کتاب بہت سی سفارشات پر لکھی گئی ہے۔ آج ہی خریدیں اور جڑی بوٹی کے درست مزاج جاننے کیلئے فوراً پڑھنا شروع کر دیں۔ عمدہ کاغذ اور سلیس عبارات میرا مشن ہے... اشرف شاکر

سہولت

مجربات شاکر کے اس ایڈیشن میں یہ سہولت پیدا کر دی گئی ہے کہ ہر نسخہ کے ساتھ اس کا استعمال کس طریقہ سے کریں اور خصوصی طور پر اس کے ساتھ غذائیں کیسی استعمال کرنی چاہئیں جو کہ دوا کی معاونت کرتے ہوئے مزید فائدہ مند ہو جائے اور مریض انسان کو کمک حاصل ہو جائے۔

مصنف

حکیم و ڈاکٹر پروفیسر محمد اشرف شاکر